وج ترکی	ورق طلاء
ورق نقرہ	وائم کا پی سائی
ویرجامین	وئیوری مین
وائیوفارم	وٹامین اے
وٹامین ای	وٹامین بی ۱۲
وٹامین ڈی	وٹامین کے
وٹامین پی	ورق الخیال
وسمہ	وردو

ہ

ہارسنگھار	ہارمون
ہجر	ہڑتال
ہفت برگ	ہلدی
ہلیلہ	ہنسراج
ہیرا	ہیرا کسیس
ہیل خورد	ہیل کلاں
ہیل بوا	ہینگ
ہلیلہ سیاہ	ہلیلہ کابلی
ہلیلہ زرد	ہائڈرو پرائمین
ہائیوسائمس	ہکلیے مین
ہسٹامین	ہیوی میگنیشیا
ہڑتال ورقی	ہیل دانہ
ہیلیونی	ہتھ جوڑ
ہال بٹ آئل	ہیرسے ہیش

ی

یوجیمین	یوہمین
یاقوت رمانی	یبروح الصنم
یخنی	یشب انگوری
یشب کافوری	یاقوت
یاسمین	یوکونین

اصطلاحات

صفحہ نمبر ۴۹ تا ۶۴

مفردات

صفحہ نمبر ۶۵ تا ۴۰۰

مرکبات

صفحہ نمبر ۴۰۱ تا ۵۳۶

اصطلاحات

اصطلاحات

Medical Terms

تصعید Sublimation جامد مادہ کو بذریعہ حرارت بخارات میں تبدیل کرنے کو کہتے ہیں اور ملحق برتن کے اوپری حصہ پر جمع کر لیتے ہیں جو شے برتن کے حصہ سے چپک جاتی ہے اسے Sublimate کہتے ہیں۔

تبخیر Evaporation کسی سیال مادہ سے تھوڑا ہو یا زیادہ بذریعہ حرارت بخارات اڑاتے ہیں برتن کے پیندے میں جو ٹھوس مادہ رہ جاتا ہے اسے Crystal اور اگر دانہ دار ہو تو Granul حبیب کہتے ہیں۔

تقطیر Distillation اس طریقے سے عرقیات یعنی آب مقطر کشید کیے جاتے ہیں۔

تصویل Elutriation کسی معدنی دوا کو خورد بینی کی طرح باریک کرنے کا ایک طریقہ ہے یہ معدنی دوا مثلاً مردہ سنگ، لاجورد وغیرہ کو نیم کوب کر کے پانی میں ایک شب و روز رکھنے کے بعد اس کا پانی نتھار لیتے ہیں اس عمل کو تصویل کہتے ہیں۔

ترشیح Filteration کسی سیال دوا کو فلٹر پیپر، روئی یا کپڑے وغیرہ سے اس طرح چھاننا کہ سیال جزو صاف ہو جائے۔

تنقیع MACERATION کسی دوا کو پانی یا کسی دیگر سیال میں کچھ عرصہ تک بھگو کر رکھنا جو ایک عرصہ کے بعد سیال ہو جائیں چھان لیں۔

تنخیل Sifting کسی دوا کو چھلنی وغیرہ سے چھاننا۔ چھنی ہوئی چیز کو منخول، Sifted کہتے ہیں۔

انحلال Solution کسی جامد کو قابل انحلال Solvent میں حل کرنا جیسے محلول کو سائیڈ کہتے ہیں جو مادہ اس میں حل کیا جاتا ہے اس کو Solute : کہتے ہیں۔

تقشیر Sealing کسی دوا کو پانی یا کسی اور سیال میں حل کر کے دوا کو غلیظ بنا لیتے ہیں پھر سے برتن میں ڈال کر سکھاتے ہیں پھیلنے کے بعد اس کے ریزے بن جاتے ہیں جیسے ... صندل وغیرہ بنایا جاتا ہے۔

مسہلات صفرا Cholagogue وہ دوائیں جو صفرا کا اخراج کرتی ہیں یا جگر میں تحریک پیدا کر کے صفرا کو ... اسی لیے ان کو محرک کبد بھی کہتے ہیں جیسے ریوند ... سیلاس

مسہلات بلغم Phlegmagogue وہ دوائیں جو بلغم کو خارج کرتی ہیں مثلاً غاریقون، صبر، تربد، حب النیل وغیرہ

مسہلات سودا Melanagogue وہ دوائیں جو سوداوی مواد کو خارج کرتی ہیں ... افتیمون ... شاہترہ، لاجورد، ... تخم کیموں وغیرہ۔

مشتہی Appetizer ایسی دوائیں جو اشتہا کو بڑھاتی ہیں جیسے ... چرائتہ، مرچ سیاہ ... وغیرہ

مطفی یا مبرد Refregerent وہ دوائیں جو شدت کی پیاس کو تسکین دیتی ہیں۔ گرمی کو زائل کرتی اور بدن میں برودت
اور تری پیدا کرتی ہیں مثلاً کدو، کھیرا، خرفہ، آلو بخارا، املی، لیمو جوس، سائٹرک ایسڈ، کاہو وغیرہ۔

مضعف باہ Anaphrodisiac وہ دوائیں جو اپنی مخصوص خاصیت سے قوت باہ کو کمزور کرتی یا نقص پیدا
کرتی ہیں جیسے بزرالبنج، دھنیا، کافور، ریحان، ترشیاں وغیرہ۔

مصلح Corigent وہ دوائیں جو دوسری دواؤں کے ساتھ اصلاح کی غرض سے شامل کی جاتی ہیں تاکہ اس کے مضر پہلو
کی اصلاح ہو جائے یا اس کا مزہ بدل جائے جیسے کلوروفارم، میگنیشیا کے ذائقہ کی اصلاح کے لیے اور تقطیر دار چینی یا بادیان شربت
کے مزہ کے لیے ملایا جاتا ہے۔

مصدع Cephalilgic وہ دوائیں جو معدے میں بخارات پیدا کر کے درد سر کا باعث بنتے ہیں یا اس کی تیز بو
سے درد سر پیدا ہو جاتا ہے جیسے مچھلی، وارنش، کلوروفارم، ایتھونیا، قرنفل، عدس، ہلدی، بھنگ وغیرہ۔

شیاف Suppository کپڑے یا دوا کی بتی جو مقامی اثر کے لیے مقعد یا دوسری جگہ رکھی جاتی ہے۔

بخور Fumication دوا کو آگ پر ڈال کر اس کا دھواں جسم یا کسی حصہ جسم پر پہنچانا۔

آبزن Sitz Bath بڑے برتن میں دواؤں کو جوش دیئے ہوئے پانی میں بیٹھنا۔

انکباب Vapour Bath ایسے گرم جوش دیئے پانی جس میں دوائیں ڈالی گئی ہوں اس کے بخارات بدن یا کسی حصہ بدن
کو پہنچانا۔

ذرور Dussting Powder ایک سفوف بنا کر زخم پر چھڑکنا۔

فتیلہ بتی کی شکل کی بتیاں مقامی اثر کے لیے مخصوص جگہ پر رکھنا۔

جرعہ یا سروت Haustus (Draught) یعنی دوا کی خوراک جو صرف ایک بار دی جائے خوش مزہ یا لعاب آمیز ہو

دہو یا طلائے حلقی Collutory وہ نرم دوا جو حلق پر لگانے کے لیے تیار کی جائے۔

بندقہ Bolus انگور کے برابر گولیاں جیسے بنادق البزور وغیرہ۔

منضج Concocti یہ اصطلاح مواد کو پکا کر نکالنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے مثلاً منضج بلغم جو بلغم
کے اخراج کے لیے دی جاتی ہے۔

تسحیق Trituration کسی دوا کو سحق یعنی کوٹ کر سفوف کی شکل میں لانا تاکہ قابل استعمال ہو جائے۔

مقشر Peeling ادویات کے ناقابل استعمال چھلکوں کو الگ کر کے دوا کو قابل استعمال بنانا جیسے بادام مقشر

مطبوخ Decoction کسی دوا کو جوش دے کر اس کے اجزائے موثرہ کو پانی میں حل کر کے استعمال کیا جاتا
ہے۔ اس غرض کے لیے کسی سیال دوا کی تیز آگ کی صورت میں جوش دے کر نکالنا پڑتا ہے جیسے شہد کو جوش

دے کر کف گیر سے اس کو جھاگ اتارتے ہیں۔

تذویب FUSION کسی جامد دوا کو آگ پر پگھلانا۔

رض Contusion اس عمل میں بعض دواؤں کو نیم کوب کرکے کچلا جاتا ہے تاکہ اجزائے موثرہ بآسانی پانی میں نکل جائیں کیونکہ بعض اجزائے موثرہ جوش دینے سے ضائع ہو جاتے ہیں۔

نقوع Infusion دواؤں کو گرم یا سرد پانی میں بھگو کر رکھنا تاکہ اس کے اجزائے موثرہ نکل آئیں کیونکہ بعض اجزائے موثرہ جوش دینے سے ضائع ہو جاتے ہیں۔

ترویق Straining بوٹیوں یا پتوں کا جوشاندہ جو پانی بچے اسے پھاڑ کر چھان لیتے ہیں۔ اسے آب مروق کہتے ہیں۔

تشویہ Roasting کسی دوا کو گرم گرم بھوبل میں دبا کر اس کا پانی نکالنا جیسے آب کدو۔ اس عمل میں کدو پر آٹا لپیٹ کر بھوبل میں رکھتے ہیں، آٹا سرخ ہونے پر نکال کر کدو میں سوراخ کر لیتے ہیں اور اس کا پانی استعمال کیا جاتا ہے۔

تحمیص Torrefaction کسی دوا کو آگ پر رکھ کر شگفتہ کرنا جیسے توتیا، تاج، سہاگہ وغیرہ

تقلیہ Frying دوا کو کسی روغن میں یا بلا روغن کسی خاص غرض کے لیے بھونا جیسے بادام بریان

احراق BURN کسی معدنی دوا کو اتنا تپانا کہ راکھ بننے کے قریب ہو۔

تکلیس Calcination کسی دوا کو اتنا تپانا کہ راکھ کے درجے سے بڑھ کر چونا بن جائے جیسے کشتہ جات

مسکن مقامی Local Sedative ایسی دوا کسی جگہ لگانے سے اعصاب کو بے حس کرکے تسکین درد کا باعث ہو جیسے افیون، کوکین، ایکونائٹ، کاربالک ایسڈ وغیرہ۔

مسکن عمومی Genaral Sedative وہ دوائیں جو عام بدن کے اعصاب پر اثر کرکے بے حس بنا دیں جیسے شراب، کلوروفارم وغیرہ۔

مسمن Fatening جو قوت مغیرہ کو تحریک دے کر خون کی مقدار بڑھا کر بدن میں اجزائے غذائی زیادہ کرکے بدن کو موٹا بنا دیں جیسے پنیر، مغز تخم کدو، ثعلب وغیرہ

قابض Astringent وہ دوائیں جو قوت قابضہ سے رطوبات کو منجمد کرکے قبض و کثافت کا باعث ہوتی ہیں یا مادوں کو روک کر خشکی پیدا کرکے قبض کا باعث بنتی ہیں۔ ایسی دوائیں بطور حابس الاسہال مستعمل ہیں یا خون کو بند کرنے یا رطوبت کو کم کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ مثلاً طباشیر، گل نار، مازو، افیون، ماميثا وغیرہ

سنون Tooth Powder جو دانتوں کو صاف کرنے یا اس کی بیماری رفع کرنے کی غرض سے سفوف بنا کر استعمال کی جاتی ہیں، اسے منجن کہتے ہیں۔

سکوب Douche — وہ دوا مطبوخ جو کسی مقام پر ٹھہر ٹھہر کر دھار باندھ کر ڈالی جائے۔

حمول Pessary کسی دوا سے کپڑا یا بتی آلودہ کر کے اندام میں رکھنا۔

تمریخ Ambrocation تیل یا مالش کی دوا جو اسی غرض کے لیے تیار کی جائے۔

پاشویہ وہ دوا جس میں بوٹیوں کو جوش دے کر اس میں مریض کے پاؤں گھٹنوں تک رکھے جائیں۔ یہ امراض کے لیے مستعمل ہے جیسے سرسام۔

برود کسی سرد دوا یا بیٹ کو تیل میں ڈال کر سرد کرنے کے لیے استعمال کرنا۔

فرزجہ arap n بتی یا کسی اندام نہانی میں رکھنے کی چیز ہے۔

مدر حیض Emmnnogogue ایسی دوائیں جو اپنی خصوصیت سے حیض جاری کرتی ہیں۔ ایسی دوائیں یا مقامی تحریک پیدا کرتی ہیں یا تمام بدن سے حیض جاری کرتی ہیں یا خون کی کمی کو پورا کر کے حیض کے اجراء کا سبب بنتی ہیں جیسے فولاد، مرمکی، پرسیاوشان، جاوتری، بابچی، ریوند وغیرہ

مدمل یا ملحم Cecatrizing Plastic ایسی دوائیں جو زخم کو بھر کر اس میں گوشت پیدا کرتی ہیں جیسے سنگ جراحت، انزروت، دم الاخوین، رال، جوت، موم، بورک، زنک وغیرہ۔

مرخی Emollient ایسی دوائیں جو اپنی ذاتی رطوبت سے جلد و دیگر اعضاء کی خشکی دور کر کے اسے نرم بناتی اور ڈھیلا کرتی ہیں جیسے روغن گل، موم، چربیاں، خطمی، بہیدانہ، ادیم اولیو، بیگنشل گلیسرین وغیرہ۔

مرطب Demulcent وہ دوائیں جو اپنی ذاتی رطوبت سے اعضاء کو نرم کرتی اور ان کی خشکی کو دور کرتی ہیں جیسے روغن کدو، روغن بنفشہ، گلیسرین، ٹراگاکنتھ، بوم ایاکم، لوبیہ، روغن زیتون وغیرہ۔

مرقق Atenuant وہ دوائیں جو اپنی حرارت و قوت ذاتی سے اخلاط میں پھیلاؤ پیدا کر کے اسے رقیق بناتی ہیں جیسے ماء العسل، شکر وغیرہ۔

مسدد Obstruant وہ دوائیں جو اپنی کثافت و غلظت کی وجہ سے مجاری یا اس کی رطوبت کو منجمد کر کے راہ کو مسدود کر دیں جیسے افیون، گوند، کتیرا، کچالو وغیرہ۔

مزلق Lubricant وہ دوائیں جو اپنی لعوبت و غروبت کی وجہ سے عضو کی سطح کو چکنا کر کے اس کی خشکی دور کرتی ہیں جیسے اسپغول، گلیسرین، تخم ریحان، بہیدانہ وغیرہ۔

مسکر NARCOTIC وہ دوائیں جو اپنی تیز کیفیت سے اعصاب کو سن کرتی یا نشہ پیدا کرتی ہیں جیسے شراب، دھتورہ، تماکو، افیون، مورفین وغیرہ

منوم Hypnotic وہ دوائیں جو اعصاب کو سرد کرتی اور دماغی مراکز کو سست کر کے نیند لاتی ہیں جیسے پوٹاشیم

برومائیڈ۔ افیون۔ خشخاش۔ کافور۔ سلفونال وغیرہ۔

منفث بلغم Expectorant وہ دوائیں جو بلغم کو براہ راست یا بالواسطہ رقیق کر کے نکالتی ہیں جیسے اپی کاک۔ بنفشہ ایمونیا۔ عنصل۔ سیلا۔ پوٹاشیم کاربونیٹ۔ [illegible]۔ اصل السوس۔ گاؤزبان وغیرہ

مانع قے _ Antiemetic وہ دوائیں جو اپنے مخصوص اثر سے معدہ پر عمل کر کے قے روکتی ہیں مثلاً [illegible] مستگی۔ پودینہ۔ مرکبات [illegible]۔ برف۔ سیریم آکزلیٹ وغیرہ

مقویات رحم Uterine Tonic وہ دوائیں جو رحم کو طاقت دیتی عضلات و اعصاب رحم کو قوی کرتی ہیں ۔ سے رحم کی کمزوری کے امراض طبعاً اچھے ہو جاتے ہیں کیلشیم۔ آئرن۔ مغز نارجیل۔ مغز پستہ۔ صمغ عربی۔ خصیۃ الثعلب۔ شنگھاڑہ مغز بادام وغیرہ

مضعفات رحم Uterine Depressants وہ دوائیں جو رحم کو کمزور کرتی ہیں جیسے کینابس انڈیکا یا رحم کلورل۔ برومائیڈ۔ ایل۔ الکوحل۔ کافور وغیرہ۔

مقویات خون Heamatic جیسے فولاد۔ سنکھیا۔ کونین۔ نکس وامیکا۔ خبث الحدید وغیرہ۔

معطر Aromatic وہ دوائیں جو خوشبو کی غرض سے مکسچروں یا دیگر دواؤں میں شامل کی جاتی ہیں طبیعت کی مرغوبیت کی وجہ سے خوشبودار ہو جاتی ہیں جیسے سنبل چیرا۔ زرشک۔ زعفران۔ سنبل الطیب۔ جوز الطیب۔ دارچینی۔ کارڈیم سیڈ یوڈیلیٹ۔ منٹ گلوز وغیرہ

دافع نوبت Anti periodic وہ دوائیں جو نوبت کے رفع کرنے کی غرض سے استعمال کرتے ہیں جیسے کرنجوہ ۔ ایمیٹین۔ کونین۔ اینٹی پائرین۔ گلو۔ چرائتہ۔ اینٹی فیبرین۔ اجوائن۔ سنکھیا وغیرہ

مدر لعاب Siala Gogue وہ دوائیں جو منہ کی غدودوں پر تحریک پیدا کر کے ان کے افرازات بڑھاتی ہیں جیسے عاقرقرحا۔ پودینہ۔ عاقرقرحا۔ سرکہ۔ سائٹرک ایسڈ۔ پیلوکارپین۔ تباکو وغیرہ

مانع ادرار لعاب Antisiala Gogue جو غدودوں کے عمل کو سست کر کے لعاب دار غدودوں کے افرازات کو کم کرتی ہیں جیسے پوست۔ [illegible]۔ بوریکس۔ پوٹاشیم کلورائیڈ وغیرہ

مضاد الحمی Antie Pyretic وہ دوائیں جو بخار کی حرارت کو کم کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں مثلاً ایکونائٹ۔ اینٹی فیبرین۔ اینٹی پائرین۔ سوڈا سیلی سلاس۔ کونین۔ زنجبیل۔ جاکٹل۔ جوشاندہ۔ قہوہ۔ زعفران۔ گل بنفشہ وغیرہ

قاتل دیدان حب القرع Tap Worm Killer وہ دوائیں جو خاص کر دیدان حب القرع کو ہلاک کرتی ہیں۔ مثلاً میل فرن۔ مغز تخم کدو۔ پوست بیخ انار۔ بابرنگ۔ کمیلہ وغیرہ۔

قاتل دیدان الخل Thread Worm Killer وہ دوائیں جو چرنوں کو ہلاک کرتی ہیں جیسے سینٹونین۔ نمک

تارپین، افسنتین، پائریتھرم وغیرہ۔

قاتل دیدان حیات Round Worm Killer وہ دوائیں ہیں جو دیدان حیات یعنی کیچووں کو ہلاک کرتی ہیں مثلاً بادرنگ، سینٹونین، کمیلہ، تخم، حنظل وغیرہ۔

دافع تشنج Anti Spasmodic وہ دوائیں ہیں جو تشنج کو دور کرتی ہیں یہ تشنجی امراض میں نوبت کے وقت استعمال ہوتی ہیں مثلاً دھتورہ، سٹرامونیم، ایڈرے نالین، ہینگ، مورفین، [illegible]، برومائیڈز وغیرہ۔

مانعات عرق Anhydrotic وہ دوائیں ہیں جو پسینے کی کثرت کو بند کرتی ہیں جیسے ضیم، ابرفتی، مازو، اجوائن خراسانی، دھتورہ وغیرہ۔

ضد الحموضۃ Antacid وہ دوائیں ہیں جو ترشی یا مادہ کو کم یا معتدل کرتی ہیں جیسے سوہاگہ، نوشادر، چونا، کھار، سپرٹ ایمونیا، سوڈا، پوٹاش وغیرہ۔

ضد القلی Antalkaline وہ دوائیں ہیں جو قلویت یعنی کھار پن کو معتدل کرتی ہیں جیسے انار دانہ، سماق، ایسڈ سائٹرک، ایسڈ ٹارٹرک وغیرہ۔

محرکات نخاع Spinal Stimulant وہ دوائیں ہیں جو نخاع کی تحریک کرتی ہیں اور حس پیدا کرتی ہیں اور اس کے افعال کو تیز کرتی ہیں مثلاً نوشادر، کچلہ، تخم، سٹرکنین، ایتھر وغیرہ۔

مضعف نخاع Spinal Depressant وہ دوائیں ہیں جو نخاع کے فعل کو سست کرتی ہیں مثلاً بھنگ، افیون، کافور، ایتھر وغیرہ۔

تریاق السم یا فادزہر Antidote وہ دوا جو کسی سمی دوا کے اثر کو کیمیاوی یا جسمانی طریقوں سے بے اثر کر دیتی ہے چنانچہ ہر زہر کے لیے الگ الگ تریاقات ہیں۔

مجدد Restorative وہ دوائیں جو نہایت ضعیفی کے وقت یعنی اعضائے عظیم میں قوت بحال کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں جیسے دوائمسک کی ساری، مشک، عنبر، مروارید، جند بیدستر، اسپرٹ ایمونیا، انڈے کی زردی

مولد شیر Galacta Gogue ایسی دوائیں جو بالواسطہ طور پر خون پیدا کر کے مولد شیر ہوتی ہیں یا بلاواسطہ عمل کرتی ہیں، تحریک پیدا کر کے دودھ کے افراز کو بڑھاتی ہیں مثلاً زیرہ، بادیان، سونف، [illegible] وغیرہ۔

مقویات قلب Cardiac Tonic وہ دوائیں ہیں جو دل کی انقباضی و انبساطی رفتار کو اصلی حالت پر رکھ کر قوت دیتی ہیں جیسے کورامین، ڈیجی ٹیلس، برانڈی، سٹروفینتھس، کیفین، مشک، زعفران، جند بیدستر، مروارید، طباشیر وغیرہ۔

مقویات دماغ Cerebral Tonics وہ دوائیں ہیں جو دماغ کو قوی کرتی یا تحریک دیتی ہیں مثلاً [illegible]

مغز بادام، مغز پستہ، دوام، مشک، زنجبیل وغیرہ

مقویات معدہ Gastric Tonics وہ دوائیں جو معدے اور قوت ہاضمہ کو قوی کرتی ہیں جیسے کلمی دارچینی، سونٹھ، زیرہ، جوز، پودینہ، اجوائن، الائچی، مرچ سیاہ۔

محللات اورام Anti Inflamatic ایسی دوائیں جو ورم کو تحلیل کرنے کے لیے مستعمل ہیں جیسے بیلاڈونا، ریٹھا، جوت، صابن، گلسرین، نمک وغیرہ۔

مفرح Exhilarant ایسی دوائیں جو اپنی خاص کیفیت سے دل و دماغ کو خوش رکھتی ہیں جیسے شراب وغیرہ خواہ یہ کیفیت پیدا کر دیں۔ وسکی، برانڈی، اسپرٹ امونیا، سیب، مربہ، مروارید، عنبر، کستوری، کافور، صندل، گلاب وغیرہ۔

مغری Glutinous ایسی دوائیں جو اپنی خاص کیفیت لزوجیت سے اعضاء کو مستحکم کر کے رگوں کا منہ بند کر دیتی ہیں جیسے تخم ریحان، کتیرا، بہیدانہ، خطمی وغیرہ یہ دوائیں پیچش، آنتوں اور منہ کے زخموں کو روکتی ہیں۔

محمر منفط VehicantEpispastic وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے جلد پر زخم ڈالتی ہیں جیسے دیمک، کنتھرائیڈس، بلاذر، بیر بہوٹی، رسکپور وغیرہ

مقئی Emetic وہ دوائیں جو اپنی مخصوص کیفیت سے براہ راست یا بالواسطہ قے لاتی ہیں جیسے اپی کاک، دیسی قے، پھٹکڑی، نمک، تخم مولی، مدار وغیرہ

مبثر Pustulant وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے جلد پر باریک دانے یعنی پھنسیاں پیدا کرتی ہیں۔ مثلاً سم الفار، تیزاب نائٹرک، پودینہ، تیز حار، تیزاب وغیرہ

مصفی خون معدل Alterative ایسی دوائیں جو خون کو صاف کرتی اور اس کے زہریلے مادے کو خارج کر کے طبعی راستے نکالتی ہیں یا زہریلے مادے کے ساتھ مل کر کیمیاوی طور پر بے اثر کرتی ہیں۔ جیسے سارسپریلا، پوٹاشیم آیوڈائیڈ، سنکھیا اور اس کے مرکبات، مغز، منڈی، چرائتہ وغیرہ۔

ملذذ Delicious ایسی دوائیں جو جماع کے وقت عضو مخصوص میں لذت کے لیے لگاتے ہیں جیسے افیون، پودینہ، ... کبوتر کی بیٹ، سونٹھ وغیرہ۔

مضیق Contractive وہ دوائیں جو اندام نہانی کے ڈھیلے اور پھیلے پن کو دور کر کے تنگ کرتی ہیں۔ جیسے مازو، پھٹکڑی، گلنار، ٹینک ایسڈ، دم الاخوین، گلنار، ... وغیرہ

وہ دوائیں جو سرعت انزال کو دور کرتی اور انزال کو روکتی ہیں Overecious

روغن ۔ ارنڈی ۔ زنجبیل ۔ دھتورا ۔ شنگرف ۔ جونک ۔ بلاڈونا ۔ مارفین ۔ پوٹاشیم وغیرہ

ملینات Laxative Aperients وہ دوائیں جو امعاء کی حرکت معمولی تیز کر کے قبض توڑتی ہیں جیسے اسپغول ۔ روغن بادام ۔ روغن بید انجیر ۔ سوڈا سلفاس ۔ مغز خیار شنبر ۔ ماگ ۔ گلقند وغیرہ۔

نفاخ Flatulent ایسی دوائیں جو اپنی کثرت استعمال کی وجہ سے حرارت غریزی کو کمزور کر کے پیٹ کو اپھار دیتی ہیں اور جس طرح پیٹ میں گیس کا باعث نفخ اور درد کرتی ہیں جیسے ماش ۔ چنے ۔ گوبھی ۔ اروی ۔ لوبیا ۔ بھنڈی ۔ آلو وغیرہ

کاسر الریاح Carminative وہ دوائیں جو ریاح کو معدہ اور آنتوں سے خارج کرتی ہیں اور حرارت غریزی کو قوی کر کے اخراج ریح میں مدد دیتی ہیں جیسے سونف ۔ سونٹھ ۔ اجوائن ۔ مرچ سیاہ ۔ پپلی ۔ اسپرٹ امونیا ایرومیٹک ۔ پیپرمنٹ

منبت شعر Hair Growen بال اگانے والی دوائیں ۔ روغن زیتون ۔ کلونجی ۔ روغن آملہ ۔ روغن بیضہ مرغ وغیرہ

ممددات الحدقہ Mydriatics پتلی کو پھیلانے والی ادویہ جیسے دھتورہ ۔ ایٹروپین ۔ ہایوسائمس ۔ برگ تمباکو ۔ کوکین وغیرہ۔

مغذی Nutritive وہ دوائیں جو بدن میں جذب ہو کر غذائیت بخشتی ہیں جیسے روغن ۔ شکر ۔ مقویات ۔ دودھ ۔ شہد وغیرہ۔

مقابل التہاب Couter irritant وہ ادویہ جو سوزش کے مقابلہ میں لگائی جاتی ہیں تاکہ سوزشی مادہ کو دور کر دیا جائے جو کسی مقام پر تکلیف کا باعث بنا ہے جیسے رائی ۔ جمال گوٹہ ۔ مرچ ۔ آئیوڈین ۔ آئیوڈم وغیرہ۔

مسکنات تنفس Respiratory Sedative وہ دوائیں جو تنفس کی تیزی کو تسکین دیتی ہیں جیسے افیون ۔ تمباکو ۔ دھتورہ ۔ ہایوسائمس وغیرہ۔

محرک اعصاب Nervine Stimulant وہ دوائیں جو اعصاب کو بیدار کر کے ان کو عمل کرنے پر آمادہ کرتی ہیں جیسے اسپرٹ امونیا ایرومیٹک ۔ عنبر ۔ مشک ۔ سنبل الطیب ۔ جائفل وغیرہ۔

مسکنات قلب Cardiac Sedative وہ دوائیں جو دل کی بدنظمی کو اعتدال پر لاتی ہیں اور اس کی بے چینی دور کرتی ہیں جیسے ڈیجیٹلس ۔ اسپرٹ امونیا وغیرہ۔

محرک دوران خون Crculatory Stimulant وہ دوائیں جو دوران خون کو تحریک دیتی ہیں اور اس کی رفتار کو قائم رکھتی ہیں جیسے کافور ۔ اسپرٹ امونیا وغیرہ۔

دافعات بدبو Deodorants وہ جو بدبو کو دور کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں جیسے کوئلہ، پوڈر، پوٹاشیم
خانی سول، آیوڈوفام، زنگ وغیرہ
دافع تعفن Disinfectant وہ دوائیں جو کسی مقام کی سڑاند کو دور کرتی ہیں جیسے پوڈر، زنگ کلورائیڈ
تیزاب بورک، پرمنگنیٹ وغیرہ
مانع عفونت Antiseptic وہ دوائیں جو سڑاند کے عمل کو روکتی ہیں جیسے پوڈر، نمک، تیزاب بورک الکحل
غسال Cleanser وہ دوائیں جو عضو کی سطح کو اخلاط سے دھو ڈالتی ہیں جیسے گرم پانی، بورک لوشن
زنک لوشن وغیرہ۔
مہیج، مقوی باہ Aphrodisiac وہ دوائیں جو بالواسطہ قوت مردمی بڑھاتی ہیں جیسے تخم ترب، مغز بادام
فودو، سنگھاڑا، پیاز، تودری، خصیۃ الثعلب، الکحل، اگ للب، خصیۃ گاؤ وغیرہ۔
مجفف، ناشف Desiccant وہ جو رطوبات کو خشک کرتی ہیں جیسے کلینی کیو، بسم تھ ڈرائیڈ، پوست انار،
کیلشیم، ٹیلکم پاؤڈر وغیرہ۔
محلل Resolvent وہ دوائیں جو اپنی قوت محللہ سے مواد کو تحلیل کر کے ورم کو دور کر دیتی ہیں، یہ
مواد کو بذریعہ بخارات اڑاتی ہیں جیسے زرد چوبہ، اکلیل الملک، بابونہ، چاک، گھیکوار، جدری، اودیم آئیوڈائیڈ وغیرہ
محمر Rubefacient وہ دوائیں جو اپنی قوت جاذبہ سے عضو کی جانب زیادہ خون جذب کرتی ہیں اور اسے
سرخ بنا دیتی ہیں جیسے رائی، پوڈر، فلفل احمر، الکحل، رائی سناس وغیرہ
مخدر Anaesthetic وہ دوائیں جو روح کو کثیف کر کے اعصاب کے رشتوں میں نفوذ کرنے سے باز رکھتی
ہیں اور روح نفسانی کے عدم نفوذ کی وجہ سے بے حس ہو جاتی ہیں جیسے شوکران، بیج دھتورہ، افیون، کلورل، پوٹاشیم برومائیڈ وغیرہ
مخرجات جنین و مشیمہ Ecbolic وہ دوائیں جو عضلات رحم پر عمل کر کے مافی الرحم کو خارج کرتی ہیں مثلاً ارگٹ
حنظل، سکڑی وغیرہ۔
منشف Ring Hener وہ دوائیں جو اپنی تاثیر سے سطح عضو کے فضل رطوبات کو دور کر کے اس کو خشک کر دیتی ہیں
جیسے رال، اکلیل الملک، خانی سول، سفوف وغیرہ۔
لاذع، حکاک Irritant وہ دوائیں جو اپنی تیزی سے جلد پر معمولی خراش پیدا کر کے کھجلی پیدا کرتی ہیں مثلاً برگ بچھو بوٹی
خانی سول، سنگرفی وغیرہ
دابق Clammy وہ دوائیں جو اپنی لیس کی وجہ سے اعضاء پر چپک جاتی ہیں جیسے سریش، لاکھ، چو سرخ، زنگ
رادع Repellant وہ دوائیں جو کسی مقام پر اس غرض سے لگائی جاتی ہیں کہ وہاں مواد کا آنا بند کریں مقصود ورم

ایسی دوائیں مواد کو واپس کرتی اور مجتمع مواد کو دور کرتی ہیں جیسے گل نار، سپاری، عرق اسمانی، گشنیز وغیرہ۔

کاوی Caustic وہ دوائیں جو عضو کو اپنی تیزی سے داغ دیتی یا جلا ڈالتی ہیں جیسے سلور نائٹریٹ، آب چونا، چونہ، ہڑتال، سنکھیا وغیرہ۔

حابس الدم Styptic وہ دوائیں جو رگوں کے منہ بند کرکے یا اس پاس کی رطوبات کو منجمد کرکے جریان خون روکتی ہیں جیسے گل بار، کاہو، افیون، مصطگی، دم الاخوین، دماغ کے [illegible]، کاغذ سوختہ، ایلم وغیرہ۔

قابض Astringent وہ دوائیں جو اپنی قوت قابضہ سے اس پاس کی رطوبات کو منجمد کرتی یا آنے والے مواد کو واپس کرتی یا رگوں کو سمیٹ کر تقبض پیدا کرتی ہیں جیسے مازو، گل نار، سماق، افیون۔

دافع خمار Anti Inebriety وہ دوائیں جو نشہ کو دور کرتی ہیں جیسے آلو بخارا، املی، سنگترہ، بادام تلخ، [illegible] دہی وغیرہ۔

عاصر Expressive وہ دوائیں جو اپنی قوت دافعہ و عاصرہ سے عضو کو سمیٹ کر نچوڑ کے طریق پر عضو کے موجودہ مادے کو نکالتی ہیں اور نکالنے کے بعد تقبض پیدا کرتی ہیں جیسے ہلیلہ، بلیلہ، آملہ، کچی گورکھ، ایسڈ [illegible] وغیرہ۔

قاتل دیدان Vermicide وہ دوائیں جو اپنی خاصیت و تاثیر سے دیدان شکم کو ہلاک کرتی ہیں جیسے پوست بیخ انار، سنتونین، چینا پوڈ، افسنتین، تیل [illegible] وغیرہ۔

مخرج دیدان Anthelmentic وہ دوائیں جو اپنی خاصیت سے دیدان شکم کو خارج کرتی ہیں یا ان کی [illegible] کو نکل جانے دیتی ہیں جیسے کمیلا، اودیم، [illegible]، سنتونیا، جلاپ وغیرہ۔

مدر بول Diuretic ایسی دوائیں جو پیشاب کا بہاؤ تیز کرتی اور زیادہ وقت [illegible] ہیں جیسے افیون، بادیان، [illegible]، پوٹاس، [illegible]، پوٹاس [illegible] وغیرہ۔

مقویات اعصاب Nervine Tonics وہ دوائیں جو اعصاب کی ساخت میں طاقت پیدا کرتی اعصاب کو قوی کرکے تمام افعال مخصوصہ اور غیر مخصوصہ کے لیے تیار کرتی ہیں۔ جیسے کچلہ، [illegible]، مغز بادام، زعفران، آملہ، [illegible]، فاسفورس، کونین، کاپر سلفیٹ وغیرہ۔

قاتل جراثیم Parasiticide وہ دوائیں جو جراثیم کو قتل کرتی ہیں جیسے [illegible]، تمباکو، سیماب، سلفر، [illegible] وغیرہ۔

مسہر Vi dant وہ دوائیں جو اعصاب کو گرم کرکے روح کو نفوذ کو آسان بناتی ہیں اور [illegible] کو تیز کرکے بیداری [illegible] ہیں جیسے قہوہ، زعفران، مشک، [illegible]، کونین، [illegible] وغیرہ۔

مفتت حصاۃ Lithon Triptic وہ دوائیں جو پتھری کو توڑتی یا اس کے ٹکڑوں کو دور کرتی ہیں [illegible]

ایسڈ تحلیل کرتی ہیں مثلاً جب الشفت۔ دو قو پوٹاشیم ایوڈائیڈ پتھاس سائٹریس۔ سنگ جیرو ماءالتیب۔ روغن زیتون وغیرہ۔

معرق Diaphoratic وہ دوائیں جو پسینے کی گلٹیوں میں تحریک پیدا کرکے پسینہ لاتی ہیں جیسے کمپیر۔ کافور۔ لونگ قرنفل۔ جائفل۔ زنجبیل۔ سوڈا سیلی سیلاس۔ فیناسٹین۔ انجکشن پائلوکارپین وغیرہ۔

معطس PTARMIC ERPHINE STERNUTATORY وہ دوائیں جو اپنی تیزی کی وجہ سے ناک کی غشاء مخاطی میں سوزش پیدا کرکے چھینک لاتی ہیں جیسے نکچھنی۔ امونیا فورٹس۔ امونیا کاربونیٹ۔ مرچ سیاہ۔ تمباکو۔ عاقر وغیرہ۔

مفتح Deobstruent وہ دوائیں جو اپنی قوت مفتحہ سے رگوں اور مجاری کو کشادہ کرکے سدہ کھولتی ہیں یا رطوبت زیادہ پیدا کرکے صورت کے نقصان کا سبب بنتے ہیں جیسے ریگ ماہی۔ ماءالکاسنی۔ بادیان۔ اجمود۔ سونف۔ ادویہ انیسون کا تیل۔ روغن زیتون وغیرہ۔

محرک یا مہیج STIMULANT وہ دوائیں جو بدنی قوتوں کو برانگیختہ کرکے اعصاب کو بیدار اور تیز کرتی ہیں۔ جیسے زنجبیل۔ ستہ۔ دارچینی۔ شراب۔ اسپرٹ۔ امونیا ایرومیٹک۔ اسپرٹ ایتھر وغیرہ۔

ہاضم Digesti وہ دوائیں جو غذا کے انہضام میں مدد دیتی ہیں اور بھوک بڑھاتی ہیں جیسے سائٹرک ایسڈ۔ ٹنکچر زنجبیل۔ ٹنکچر نکس وامیکا۔ پپسین وغیرہ۔

اکال Corrosive وہ دوائیں جو عضو کو کھا جاتی ہیں اور عضو کو خشک اور تباہ کرکے اس کو بیکار کر دیتی ہیں۔ ایسی دوائیں صرف زائد خراب گوشت کو زخم سے جلانے کی غرض سے لگاتے ہیں تاکہ وہ اس زائد گوشت کو بدن سے الگ کر دے جیسے زنگار۔ نیلا تھوتھا۔ کاسٹک۔ سلور نائٹریٹ وغیرہ۔

جاذب Absorbent وہ دوائیں جو مواد کو لطیف بنا کر اور عضو کو خشک کرکے رطوبات فضلیہ کو دور کرتی ہیں۔ یہ دوائیں زخموں سے زائد رطوبات کو دور کرنے کی غرض سے استعمال کی جاتی ہیں۔ جیسے آئیوڈوفارم۔ بورک۔ زنک آکسائیڈ وغیرہ۔

جالی Detergent Cleaner جلد یا دیگر مقامات جہاں پر فضلات موجود ہوں ان کو صاف کرنا مطلوب ہو تو اس وقت اس قسم کی ادویات استعمال کی جاتی ہیں جیسے ماءالعسل۔ مصری۔ نمک۔ رکفور۔ بورک ایسڈ وغیرہ۔

جامد Solid وہ دوائیں جو پتلے خلطوں کو جما کر سخت بنا دیتے ہیں جیسے گل ارمنی۔ کتیرا وغیرہ۔

حالق Depilator وہ دوائیں جو بالوں کو اڑاتی ہیں جیسے بیریم سلفائیڈ۔ ہڑتال۔ چونا وغیرہ۔

قطور Eye Drop Collyria وہ محلول جو آنکھوں میں ڈالنے کے لیے استعمال کی جاتی ہے۔

غسول العین Eye Lotion وہ محلول جو آنکھوں کے دھونے کی غرض سے تیار کی جاتی ہے۔

شموم تر یا خشک سونگھنے کی دوا۔

نقیع یا منقع دوا کو پانی میں بھگو کر اس کو گھونٹ کر خیرہ نکالنا۔

ضماد Paste گاڑھا لیپ جس کا قوام عضو پر ٹھہر سکے۔

طلاء Paint تر یا پتلی دوا جو کسی مقام پر لگانے کے لیے ہو۔

عطوس وہ دوا جو چھینک لائے مرکب ہو یا مفرد۔

غرغرہ Gargle منہ کے کلی کرنے کی دوا یا حلق میں غرغرہ کرنے کی دوا۔

اکحال Collyrium آنکھوں میں خشک لگانے کا مرکب سرمہ وغیرہ۔

کماد Fomentation تر یا خشک چیز جس سے عضو کو ٹکور دیا جاتا ہے۔

لخلخہ Inhalation تر دوا یا دوا کا لپ جو سونگھنے کے لیے استعمال ہو۔

انجکشن زرق یا پچکاری Injection سے مراد کسی سیال کو مناسب آلہ کے ذریعے جسم میں داخل کرنے کا طریقہ۔

حقنہ، دستور ENAMA کسی سیال دوا کو مناسب آلہ کے ذریعے مبرز میں پہنچانا۔ اس کی کئی اقسام ہیں۔ چنانچہ کبھی حابس کبھی ملین، کبھی دافع تشنج اور کبھی غذائی حقنہ دینے کی ضرورت ہوتی ہے۔

دواسازی کی اصطلاحات

اپ دھات: سونا مکھی، روپا مکھی، مردار سنگ، خبث الحدید، توتیا، سفیدہ، شنجرفی، سندور یہ اپ دھات کہلاتی ہیں۔

اُپلے: انہیں پانچک، دستی بھی کہتے ہیں۔ گائے، بیل اور بھینس کے گوبر کو ہاتھ سے تھاپ کر دھوپ میں خشک کر لیتے ہیں یہی اُپلے کہلاتے ہیں۔

ارنے اُپلے: جنگل میں گائے، بیل، بھینس جو گوبر کرتے ہیں، وہاں پڑا خشک ہو جاتا ہے ان کو اکثر کام میں لاتے ہیں۔ یہی ارنے اپلے یا پانچک دستی کہلاتے ہیں۔

بدرقہ: اس چیز کو کہتے ہیں جس کے ساتھ اصل دوا کھائی جاتی ہے۔ مثلاً کوئی دوا شہد یا بالائی یا مکھن میں ملا کر کھائی جائے تو یہ چیزیں دوا کا بدرقہ کہلاتی ہیں۔ یا کوئی دوا کھا کر اوپر سے دودھ یا عرق پیا جائے تو دودھ یا عرق کو بھی بدرقہ کہتے ہیں۔ اس کا دوسرا نام انوپان بھی ہے۔

پنج لون (پانچوں نمک): نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نمک شور، ریہہ، نمک شیشہ (کاچ لون) یہ پانچ نمک مراد ہیں۔

پنج مول کلاں: بیل، سوناپاٹھ، اروی، گنیاری، پاڈل اور ارنی ان پانچوں درختوں کی جڑوں کو پنج مول کلاں کہتے ہیں۔

پنج مول خورد: سال پرنی، پرشٹ پرنی، کٹائی خورد، کٹائی کلاں اور گوکھرو ان پانچ بوٹیوں کی جڑوں کو پنج مول خورد کہتے ہیں۔

ترپھلا: ہرڑ، بہیڑہ، آملہ ان تینوں پھلوں کا نام ترپھلا ہے۔

ترکٹو: سونٹھ، کالی مرچ، پیپل ان تین چرپری چیزوں کا نام ترکٹو ہے۔

چار تخم: تخم کدو، تخم ریحان، تخم بادرنگ، تخم اسپغول کو چار تخم کہتے ہیں ویدک میں میتھی، ہالون، کلونجی، اجوائن کو چار تخم کہتے ہیں۔

چار مغز: اس سے مراد مغز تخم خربوزہ، مغز تخم تربوز، مغز تخم ککڑی، مغز تخم کدو ہیں۔

پنسل: ایک خاص مصنوعہ کا نام ہے جو بچوں کے لیے بنایا جاتا ہے اس کی شکل [illegible] لکھتے ہیں اور اس کے ساتھ وال نکلی کے پیسوں میں دبائی جاتی ہے اس لیے اس کا یہ نام [illegible]

پھلبند: چاندی، قلعی، سیسہ وغیرہ دھاتوں کو پگھلا کر اس کے ساتھ پارہ ملا کر دست سے رگڑیں تو دونوں مل کر مضبوط ہو جائیں گے۔ اس کو پھلبند کہتے ہیں۔

دشمول: دشمول سے پنج مول خورد اور پنج مول کلاں، دس چیزیں مراد ہیں۔

دھات: دھاتوں سے سونا، چاندی، تانبا، لوہا، رانگا، جست، اور سیسہ یہ سات چیزیں مراد ہیں انہیں فلزات اور ذوی الاجساد بھی کہتے ہیں۔

ذوی الارواح: ان صرف چیزوں کو کہتے ہیں جو حرارت پہنچنے پر بخارات بن کر اڑ جاتی ہیں مثلاً گندھک، پارہ، شنگرف، ہڑتال، سنکھیا وغیرہ۔

ذوی النفوس: ان چیزوں کو کہتے ہیں جس کے ذریعہ فلزات دھاتوں اور ذوی الارواح میں ربط پیدا کیا جاتا ہے مثلاً نوشادر، شورہ، قلمی پھٹکری۔

رس: سبز نباتات کے پانیوں کو کہتے ہیں خواہ ان کو کچل کر نکالا جائے۔ خواہ کولھو میں پیر کر جیسے گنے کا رس۔ اس کے علاوہ ویدک میں بھی رس پارہ کا نام بھی ہے نیز یہ رس دوا کو بھی کہتے ہیں جس میں پارہ شامل کیا جائے۔

رابطہ: خشک دواؤں کے سفوف میں جو سیال ملا کر ٹکیہ بنائی جاتی ہے یعنی جس سیال چیز میں سفوف گوندھا جاتا ہے وہی رابطہ کہلاتی ہے، مثلاً ادرک کا رس، پان کا رس، لعاب بیدانہ، لعاب اسبغول وغیرہ۔

صندلین: اس سے مراد دونوں صندل سرخ و سفید ہیں۔

فلفلین: اس سے مراد دونوں فلفل سیاہ و دراز ہیں۔

قاقلتین: اس سے مراد قاقلہ کلاں (الائچی بڑی) اور قاقلہ صغیر (الائچی چھوٹی) ہیں۔

قوام شکر: اس سے چینی کا قوام مراد ہے جو کسی دوا یا دوا کے پانی کی آمیزش کے بغیر سادہ بنائی گئی ہو، جیسے شربت جیسا قوام بنایا جاتا ہے اسی قوام کو سادہ شربت بھی کہتے ہیں۔

کجلی: گندھک اور پارہ کو باہم کھرل کرنے سے سرمہ کی مانند سیاہ رنگ کا سفوف بن جاتا ہے یہی کجلی کہلاتا ہے۔

لبدی: جب خشک دواؤں کے سفوف کو کسی سیال چیز میں گوندھا جاتا ہے تو اس منجمد سفوف کو لبدی کہتے ہیں۔

مجلوب: یہ لفظ ادرک کے ساتھ بطور صفت کے استعمال کیا جاتا ہے اس سے ادرک دھلا ہوا مراد ہے۔

محلول: جب کوئی خشک چیز پانی یا کسی دوسرے سیال میں گھول دی جاتی ہے اس کو محلول کہتے ہیں۔ جیسے نمک کو پانی میں گھول دیا جائے تو محلول نمک کہلائے گا۔ لیکن جب جواہرات یاقوت زمرد وغیرہ کو عرقیات میں کھرل کیا جاتا ہے تو یہ بھی محلول کہلاتے ہیں مثلاً یاقوت محلول، زمرد محلول وغیرہ۔

مدبر: جب کسی دوا کی کوئی خرابی دور کر دی جاتی ہے تو وہ دوا مدبر کہلاتی ہے مثلاً سہاگہ مدبر، گندھک مدبر وغیرہ اسے شدھ بھی کہتے ہیں۔

مروق: کسی سبز بوٹی کے نچوڑے ہوئے پانی کو جوش کر کے صاف پانی نتھار لیا جاتا ہے یہی آب مروق ہے۔

مصفیٰ: لفظ مصفیٰ اکثر مدبر کے معنی میں استعمال کیا جاتا ہے مثلاً گندھک مدبر کو گندھک مصفیٰ بھی کہتے ہیں۔ جب

اس سے کوئی صاف کی ہوئی چیز مراد ہوتی ہے۔ مثلاً شہد مصفیٰ جس کو آگ میں پگھلا کر ململ میں چھان کر صاف کیا جاتا ہے۔ یا
خود ایلوا مصفیٰ جس کے منہ سے مٹی نکال کر صاف کیا جاتا ہے۔

مقرض: اس سے قینچی سے ریزہ کی ہوئی چیز مراد ہے۔ مثلاً ابریشم مقرض۔

مقشر: اس سے چھلکا اتری ہوئی شے مراد ہے۔ مثلاً بادام مقشر۔

مکلس: کشتہ کی ہوئی شے کو کہتے ہیں مثلاً ابرک مکلس۔

منقی: یہ اس چیز کو کہتے ہیں جس کا بیج نکال دیا گیا ہو۔ مثلاً مویز منقی

موصلین: اس سے مراد دونوں موصلی سیاہ و سفید ہے۔

نغدہ: طوطیا سبز ہوتا ہے کسی درخت کے پتوں کو اکثر کوئی کیڑا گولر سا بنا لیتے ہیں اس میں دوا سے کر کشتہ کی جاتی ہے۔
اسی گلیرے کو گولر یا نغدہ یا عقدہ کہتے ہیں۔

نیم کوب: کسی دوا کو تھوڑا سا کوٹ لیا جائے اس کو نیم کوب کرنا یا نیم کوب کرنا کہتے ہیں۔ جو دوا کوٹی جاتی ہے۔ وہ
نیم کوفتہ کہلاتی ہے۔ مثلاً مغز نیم کوفتہ وغیرہ

ہلیلہ جات: اس سے مراد ہلیلہ کابلی، ہلیلہ زرد اور ہلیلہ سیاہ ہیں۔

ہلیلہ: اس سے مراد صرف ہلیلہ زرد ہوتا ہے۔

اوزان اور پیمانے

جدید عشری اوزان

١٠ ملی گرام	١ سینٹی گرام	١٠ گرام	١ ڈیکاگرام
١٠ سینٹی گرام	ڈیسی گرام	١٠ ڈیکاگرام	١ ہیکٹوگرام
١٠ ڈیسی گرام	١ گرام	١٠ ہیکٹوگرام	١ کلوگرام

عشری اور انگریزی اوزان کا مقابلہ

١ گرین	٠٫٠٦٤٨ گرام (٦٤٫٨ ملی گرام)	١ ملی گرام	٠٫٠١٥ گرین
١٥٫٤٣٢ گرین	١ گرام	١ گرام	١٥٫٤٣٢ گرین
٦٠ گرین (١ ڈرام)	٣٫٨٩ گرام	١ گرام	٠٫٢٥٧ گرام
٤٣٧٫٥ گرین	٢٨٫٣٤٩٥ گرام	١ گرام	٠٫٠٣٥ اونس
	١ اونس	١ کلوگرام	٢ پونڈ ٣ ½ اونس
١٥٤٣٢٫٤٠٠ گرین	١٠٠٠٫٥٠٩٤ گرام	١ ٹن	٢٢٠٤٫٦ پونڈ
٧٠٠٠ گرین (١ پونڈ)	٤٥٣٫٥٩ گرام		

سیالات کے عشری پیمانے

١٠ ملی لٹر	١ سینٹی لٹر	١٠ لٹر	١ ڈیکالٹر
١٠ سینٹی لٹر	١ ڈیسی لٹر	١٠ ڈیکالٹر	١ ہیکٹولٹر
١٠ ڈیسی لٹر	١ لٹر	١٠ ہیکٹولٹر	١ کلولٹر

خانگی پیمانوں کا مقابلہ

پیمانہ	متروکہ مقدار	مروجہ مقدار
ڈراپ		
چائے کا چمچہ (ٹی اسپون فل)	١ فلوئڈ ڈرام	٤ ملی لٹر
کھیر کا چمچہ (ڈیزرٹ اسپون فل)	٢ فلوئڈ ڈرام	٨ ملی لٹر
کھانا کھانے کا چمچہ (ٹیبل اسپون فل)	٤ فلوئڈ ڈرام	١٥ ملی لٹر
شراب کا گلاس (وائن اسپون فل)	٢ فلوئڈ اونس	٦٠ ملی لٹر
چائے کی پیالی (ٹی کپ فل)	٥ فلوئڈ اونس	١٠٠ ملی لٹر

ڈاکٹری پیمانوں اور اوزان کا مقابلہ

ایک منم پانی کا وزن (۶۲ درجہ فارن ہیٹ پر) = ۰٫۹۱۱ گرین

ایک فلوئڈ ڈرام (۶۰ منم) " " " = ۵۴٫۶۸۷۵ گرین

ایک فلوئڈ اونس (۴۸۰ منم) " " " = ۴۳۷٫۵ گرین

ایک پائنٹ (۲۰ فلوئڈ اونس) " " " = ۸۷۵۰ گرین

انگریزی اوزان اور عشری اوزان کا مقابلہ

١/٦٠٠	گرین	=	٠٫١ ملی گرام	١/٥	گرین	=	١٢ ملی گرام
١/٥٠٠	"	=	٠٫١٢ "	١/۴	"	=	١٦ "
١/۴٠٠	"	=	٠٫١٥ "	١/٣	"	=	٢٠ "
١/٣٢٠	"	=	٠٫٢ "	٣/٨	"	=	٢٥ "
١/٢٥٠	"	=	٠٫٢٥ "	١/٢	"	=	٣٠ "
١/٢٠٠	"	=	٠٫٣ "	٢/٣	"	=	۴٠ "
١/١٥٠	"	=	٠٫۴ "	٥/٦	"	=	٥٠ "
١/١٢٠	"	=	٠٫٥ "	١	"	=	٦٠ "
١/١٠٠	"	=	٠٫٦ "	١¼	"	=	٧٥ "
١/٨٠	"	=	٠٫٨ "	١⅓	"	=	٨٠ "
١/٦۴	"	=	١ "	١½	"	=	٠٫١ گرام
١/٥٠	"	=	١٫٢ "	٢	"	=	٠٫١٢ "
١/۴٨	"	=	١٫٢٥ "	٢½	"	=	٠٫١٥ "
١/٣٢	"	=	٢ "	٣	"	=	٠٫٢ "
١/٢٥	"	=	٢٫٥ "	۴	"	=	٠٫٢٥ "
١/٢٠	"	=	٣ "	٥	"	=	٠٫٣ "
١/١٦	"	=	۴ "	٦	"	=	٠٫۴ "
١/١٢	"	=	٥ "	٨	"	=	٠٫٥ "
١/١٠	"	=	٦ "	٨½	"	=	٠٫٥٥ "

۱/۸	گرین	=	۸	ملی گرام		۱۰	گرین	=	۰٫۶۹	گرام	
۱/۶	"	=	۱۰	"		۱۲	"	=	۰٫۷۷۵	"	
	"	=	۱	"		۷۵	"	=	۵	"	
۲۰	"	=	۱٫۳	"		۹۰	"	=	۶	"	
		=	۱٫۶۶	"		۱۲۰	"	=	۸	"	
۳۰	"	=	۲	"		۱۵۰	"	=	۱۰	"	
۴۰	"	=	۲٫۶	"		۴ ڈرام		=	۱۵	"	
۴۵	"	=	۳	"		۱ اونس		=	۳۰	"	
۶۰	"	=	۴	"							

انتباہ: یہ واضح رہے کہ انگریزی اوزان کے مقابلہ میں جو عشری اوزان لکھے گئے ہیں وہ تقریبی ہیں تاکہ معالج کو دونوں کی مقدار کا ادراک کرنے میں آسانی ہو۔

متروکہ پیمانوں اور مروجہ عشری پیمانوں کا مقابلہ

متروکہ پیمانے			مروجہ پیمانے		متروکہ پیمانے			مروجہ پیمانے	
½	منم	=	۰٫۰۳	ملی لٹر	۱۲	منم	=	۰٫۷۵	ملی لٹر
⅔	"	=	۰٫۰۴	"	۱۵	"	=	۱	"
۱	"	=	۰٫۰۶	"	۳۰	"	=	۲	"
۱½	"	=	۰٫۱	"	۴۵	"	=	۳	"
۲	"	=	۰٫۱۲	"	۱ فلوئڈ ڈرام		=	۴	"
۴	"	=	۰٫۲۵	"	۱¼	"	=	۵	"
۵	"	=	۰٫۳	"	۲	"	=	۸	"
۸	"	=	۰٫۵	"	۲½	"	=	۱۰	"
۱۰	"	=	۰٫۶	"	۴	"	=	۱۵	"
÷			÷	÷	۱ فلوئڈ اونس		=	۳۰	"

انتباہ: مندرجہ بالا جدول میں متروکہ پیمانوں کے مقابلہ میں جو جدید عشری پیمانے لکھے گئے ہیں وہ تقریبی ہیں۔

قدیم طبی اوزان

حبہ	= ۱ رتی		مثقال	=	۴½ ماشہ
قمحہ	= ½ 〃		درم خام	=	۱۴ 〃
دانگ (دانق)	= ۲ ۲/۳ 〃		درم پختہ	=	۲۱ 〃
شعیرہ	= ½ 〃		اوقیہ	=	۲½ تولہ تقریباً
قیراط	= ۲ 〃		رطل	=	½ سیر تقریباً
درہم	= ۳½ 〃				

متروکہ دیسی اوزان

۸ چاول	= ۱ رتی		۲ چھٹانک	=	آدھ پاؤ
۸ رتی	= ۱ ماشہ		۴ 〃	=	۱ پاؤ
۱۲ ماشہ	= ۱ تولہ		۸ 〃	=	آدھ سیر
۵ تولہ	= ۱ چھٹانک		۱۶ 〃	=	ایک سیر

دیسی اوزان کا عشری اوزان سے مقابلہ

ایک چاول	= ۱۵ ۵/۸ ملی گرام		۱ تولہ	=	۱۱٫۶۶۴ گرام
ایک رتی	= ۱۲۵ 〃		۵ 〃	=	۵۸٫۳۱۹ 〃
ایک ماشہ	= ۱ گرام تقریباً		۱ سیر	=	۹۳۳٫۱۰۴ 〃

عشری پیمانہائے طول

۱۰ ملی میٹر	= ۱ سینٹی میٹر		۱۰ میٹر	=	۱ ڈیکا میٹر
۱۰ سینٹی میٹر	= ۱ ڈیسی میٹر		۱۰ ڈیکا میٹر	=	۱ ہیکٹو میٹر
۱۰ ڈیسی میٹر	= ۱ میٹر		۱۰ ہیکٹو میٹر	=	۱ کلو میٹر

عشری پیمانہائے طول کا انگریزی پیمانہائے طول سے مقابلہ

۱ ملی میٹر	= ۰٫۰۳۹۴ انچ		۱ میٹر	=	۳۹٫۳۷۰ انچ
۱ سینٹی میٹر	= ۰٫۳۹۳۷ 〃		۱ ڈیکا میٹر	=	۱۰٫۹۳۶۱ گز
۱ ڈیسی میٹر	= ۳٫۹۳۷ 〃		۱ ہیکٹو میٹر	=	۱۰۹٫۳۶۱ گز
		۱ کلو میٹر	= ۰٫۶۲۱۴ میل		

متروکہ انگریزی پیمانہ ہائے طول کا عشری پیمانہ ہائے طول سے مقابلہ

۱ انچ	=	۲۵٫۴ ملی میٹر	۱ گز	=	۰٫۹۱۴۴ میٹر
۱ فٹ	=	۳۰٫۴۸ سینٹی میٹر	۱ میل	=	۱٫۶۰۹۳ کلومیٹر

مفردات کا تحفظ

مفرد دوائیں چاہے وہ کسی نوع (حیوانی، نباتاتی، معدنی) سے متعلق ہوں ان کی قوت تاثیر یا عمدگی کے کم و بیش ہونے کا انحصار ان کے رکھ رکھاؤ پر ہے۔ اگر ان کو بیرونی آب و ہوا سے بچا کر کسی شیشہ کے جار میں رکھا جائے تو زیادہ صحیح حالت میں رہیں گی۔ بے احتیاطی سے رکھنے کی صورت میں ان کی قوت تاثیر جلد ہی ضائع ہو جائے گی مثلاً کافور، مشک جیسی چیزیں جن سے لطیف، خوشبودار اجزاء ہمیشہ اڑتے رہتے ہیں۔ ان کو شیشی میں مضبوطی سے بند کر کے رکھنا چاہیئے اور اس پر مزید احتیاط کے لیے کپڑا باندھ دیں۔

پودینہ، سنبل   وغیرہ خوشبودار چیزوں کو بھی ہوا سے محفوظ ڈبوں میں بند رکھیں ورنہ ان کی بو اڑ جانے سے قوت تاثیر کم ہو جائے گی۔ نمی سے بھی دواؤں کی قوت تاثیر متاثر ہوتی ہے کوئی دوا ہوا سے کھلا ہرگز نہ رکھیں۔ کپڑے یا ٹاٹ کی تھیلی میں بھی دوا محفوظ نہیں رہتی۔ مختلف دواؤں کو ایک ہی ڈبہ میں علیحدہ علیحدہ پڑیوں میں بند کر کے رکھنا بھی مناسب ہے

دواؤں کا ذخیرہ

مرکبات کے لیے دواؤں کا ذخیرہ نہایت ضروری ہے۔ ہماری طب کا زیادہ تر انحصار نباتاتی دواؤں پر ہے۔ اس لیے ہر معالج اور دوا ساز کو ان کے متعلق مکمل معلومات حاصل کرنے کی ضرورت ہے۔ کسی مفرد دوا کے بہتر ہونے کی ایک عام علامت یہ ہے کہ وہ اپنی ظاہری شکل و صورت پر قائم ہو۔ اس کے علاوہ اس کی بو، مزہ اور رنگت وغیرہ تمام علامتیں پورے طور پر اس میں موجود ہوں اور وہ کسی دوسری چیز کی ملاوٹ سے بالکل پاک صاف ہو۔

مفرد دواؤں کی شناخت کے علاوہ ان کے مقام پیدائش سے بھی واقفیت ضروری ہے کیونکہ ایک ہی دوا ایک مقام پر پیدا ہونے والے اجزاء مؤثرہ کے اعتبار سے قوی ہوتی ہیں۔ لیکن دوسرے مقام پر پیدا ہونے والی وہی دوا اپنے افعال و اثرات کے لحاظ سے پہلی دوا کے مقابلہ میں ضعیف ہوتی ہے۔ مثلاً جو اسگند یو۔پی اور بہار کے اضلاع میں ہوتی ہے۔ اس کے اجزاء وغیرہ دکن میں پیدا ہونے والی دوا سے وہ زیادہ قوی ہوتے ہیں۔ اسی طرح [illegible] کے علاقے میں پیدا ہونے والی دوا کتنی ہوتی دوسرے علاقوں میں پیدا ہونے والی بوٹی سے قوی ہوتی ہے۔

مضر و مصلح

بعض مفید ادویہ کو ہم کسی خاص غرض کے لئے استعمال کرتے ہیں تو ان میں نفع کے ساتھ مضرت کا دوسرا پہلو بھی ہوتا ہے۔ اس وقت دانشور معالج کا فرض ہے کہ مضرت کے اس پہلو کو ذہن میں رکھے یعنی اس دوا سے فائدہ بھی حاصل کرے اور اس کے ضرر کی طرح اصلاح بھی کروائے تاکہ ایک مرض کے ازالہ کے ساتھ دوسرے مرض کی حالت نہ پیدا ہو جائے۔

اصلاح کی صورتیں: اصلاح ادویہ کی مختلف صورتیں ہیں:

(۱) بعض اوقات دوا کی اصلاح اس کی کیفیت اور شکل بدلنے سے حاصل ہو جاتی ہے مثلاً بریاں کرنا، سوختہ کرنا، مدبر کرنا، دھونا، گرم کرنا، مقشر کرنا وغیرہ۔

(۲) بعض دفعہ دوا کے طریق استعمال بدل دینے سے مضرت کا پہلو بدل جاتا ہے۔ مثلاً ایک دوا بذریعہ دہن کھانے سے قے لاتی ہے اور معدہ میں کرب پیدا کرتی ہے مگر جب بصورت حقنہ استعمال کی جاتی ہے تو ضرر کا پہلو دور ہو جاتا ہے۔

(۳) بعض دواؤں کو دوسری دواؤں کے ساتھ ملانے سے اصلاح ہو جاتی ہے۔ اس قسم کی دوا کو مصلح کہا جاتا ہے۔ اس کی صورتیں یہ ہیں:

(الف) بعض اوقات دوا مصلح اصل دوا کے ساتھ مل کر اس کے جزو موثر کی حدت کو خفت سے بدل دیتی ہے۔ مثلاً اگر ایک ترش یا کھاری دوا کو پانی کے ساتھ ملا کر استعمال کیا جائے تو اس کا ترشی و کھاری پن کم ہو جاتا ہے اور نقصان کا خطرہ نہیں رہتا۔ پانی کے علاوہ روغن اور شکر، سادہ لعابات مثلاً لعاب صمغ عربی، کتیرا، لیموں کا شربت، شہد، شربت، پانی وغیرہ اسی گروہ میں شامل ہیں۔

(ب) بعض اوقات دوا مصلح مختلف وجوہ کی بنا پر اصل دوا کے ساتھ مل کر ایک نیا مزاج پیدا کر لیتی ہے اس کے عمل اور تاثیر کو کم و بیش بدل دیتی ہے۔ اس کی دو صورتیں یہ ہیں۔

دوا مصلح (۱): دوا مصلح اس مضر جزو پر عمل کرتی ہے جو کسی مرکب القویٰ میں اصل جوہر فعال کے ساتھ ملا ہوتا ہے اس سے اس مضر کی ترکیب مزاجی ٹوٹ جاتی ہے اور جوہر فعال کی قوت قائم رہتی ہے۔

(ب) دوا مصلح براہ راست اصل دوا کے جوہر فعال پر عمل کرتی ہے مثلاً ایک دوا کا جوہر فعال ضرورت سے زیادہ ترش ہے جب ایسی دوا کے ساتھ نمک ملا دیا جاتا ہے تو اس کی ترشی ٹوٹ کر حسب منشا کم ہو جاتی ہے۔

(ج) بعض اوقات دوا مصلح نہ سادہ طور پر دوا کی حدت کم کرتی ہے نہ دوا کے مزاج میں کوئی تغیر پیدا کرتی ہے بلکہ وہ محض بدنی اور عضوی تاثیر کے لحاظ سے متضاد عمل کرتی ہے مثلاً تسکین درد کے لیے ایک دوا مسکن درد کے لئے تو مفید ہے مگر ضعف قلب کا سبب ہے اس لئے اس کے ساتھ مقوی قلب و محرک دوائیں دیں گے تو یہ دوا محرک مصلح کہلائے گی۔

بعض دفعہ خون بند کرنے یا کسی رطوبت کے سیلان کو روکنے کے لئے دوا قابض دی جاتی ہیں یا قابض کی ضرورت ہوتی ہے لیکن اس سے خون اور رطوبت کی بندش کے ساتھ انتڑیوں میں قبض ہو جاتا ہے ایسی حالت میں ملینات سے قبض رفع کی جاتی ہے۔

ادویہ کا بدل

بعض ادویہ کسی مجبوری کی وجہ سے اگر استعمال نہیں کر سکتے تو اس مقصد کے لیے دوسری دوا دی جاتی ہے۔ اس قسم کی ادویہ کو بدل کہتے ہیں۔ اس کی ضرورت اس وقت پیش آتی ہے جب وہ نایاب ہو یا زیادہ قیمتی ہو یا اس میں کوئی مضرت کا پہلو ہو۔ کوئی حقیقی معنوں میں دوسری کا بدل نہیں ہوتی بلکہ بعض کا تو بدل معلوم ہی نہیں۔ بعض ادویہ کا بعض افعال میں بدل ممکن ہے۔ بعض ادویہ کی مختلف قسمیں ایک دوسرے کا بدل ہیں۔

بدل کا مسئلہ نہایت پیچیدہ ہے مثلاً جب ایک دوا کسی مقصد میں دوسری دوا کا بدل ہے تو ضروری نہیں دوسری دوا اس مقصد میں پہلی دوا کے لیے بدل اور قائم مقام ہو مثلاً دہی کا بدل اگر چھاچھ ہے تو ضروری نہیں چھاچھ کا بدل دہی ہو حالانکہ چھاچھ کا بدل کھٹے دودھ کو بتایا گیا ہے۔ اسی طرح مصطگی کا بدل دو جز علک قرار دیا گیا ہے اور [illegible] کا بدل قسط ہے اور قسط کا بدل عاقرقرحا۔ عاقرقرحا کا بدل دار فلفل اور دار فلفل کا بدل زنجبیل۔ ہاں بعض جگہ دار فلفل کا بدل اگر زنجبیل ہے تو زنجبیل کا بدل دار فلفل ہے۔ اصل میں یہ مسئلہ کیمیا کی طرح پیچیدہ ہے۔

مثلاً جس طرح یہ بتانا مشکل ہے کہ کسی معمولی سے ملی دھات کا رنگ کیوں بدل جاتا ہے اسی طرح ہر دوا کے لیے بتانا آسان نہیں ہے البتہ قیاس و تجربہ کی رہبری سے تھا بتایا جا سکتا ہے کہ بعض ادویہ میں کوئی جزو افعال مشترک پایا جائے مثلاً [illegible] سے تیری یا مغز تربوز، مغز تخم پیٹھہ اور اکثر مغزیات میں چند اجزاء مشترک طور پر پائے جاتے ہیں اس لیے یہ ایک دوسرے کا قائم مقام ہیں۔ اسی طرح الائچی چھوٹی اور بڑی، ترنجبین اور شیرخشت، بیضون اور اسی قسم کی دوسری چیزیں ایک دوسری کا بدل ہیں۔ اسی طرح وہ چیزیں بھی بدل ہو سکتی ہیں جن کے اجزاء افعال کو ایک دوسرے سے مختلف ہیں مگر ان کی نوعیت تقریباً یکساں ہے۔ لیکن اس کے باوجود چونکہ ہر دوا کے مخصوص اجزاء کسی دوسری دوا سے الگ ہوتے ہیں اس لیے بعض نازک فرق واقع ہو جاتے ہیں اور ادویہ کے مسئلہ میں وقت پیش آتی ہے بہرحال ادویہ کے بدل سے توقعات محدود رکھنے چاہییں۔

ادویہ کی عمریں

اس کا مطلب یہ ہے کہ دوائیں کتنی مدت تک ایسی حالت میں رہتی ہیں کہ وہ اپنے مخصوص افعال و اعمال صحیح انجام دیتی رہیں۔ ادویہ ایک مسلمہ شدہ امر ہے کہ دوا اسی حالت میں اپنے مطلوبہ افعال و اثرات سر انجام دے سکتی ہے۔ جب تک اس کی ظاہری شکل، رنگ، بو، مزہ، وزن وغیرہ برقرار رہے۔ اسی اصول پر دوا کی عمروں کا تعین کیا جاتا ہے چنانچہ مذکورہ بالا اصول و قواعد کی روشنی میں ادویہ کے تجربات کے بعد نباتی، حیوانی اور معدنی ادویہ کے متعلق جو فیصلے کئے گئے وہ درج کئے جاتے ہیں۔

دوا کی عمر کا دارومدار اس کے ماحول پر ہے چنانچہ تجربات سے پتا چلا ہے کہ معمول مستعمل دوا کو ایک خاص ماحول میں رکھنے سے کافی عرصہ تک قائم رہتی ہیں۔ مثلاً اجزائے طیبہ اور وہ ادویہ جو حیوانی ہوتی ہیں معمولی فضا میں سڑ جاتی ہیں مگر اسباب عفونت سے بچا کر رکھنے میں زیادہ مدت تک کام دے سکتی ہیں۔

اسی طرح کافور جیسی اشیا فضا میں اڑ جاتی ہیں ایسی چیزوں کو شیشے میں بند کر کے ٹھنڈے اور محفوظ مقام پر رکھا جائے تو زیادہ دیر تک قائم رہتی ہیں۔

گلاب کے پھول کی نازک پتیاں جلد مرجھا جاتی ہیں۔ اگر ان کو فضا بند سے رکھا جائے تو تازگی دیر تک قائم رہتی ہے۔ بہر حال ادویہ کی عمر معلوم کرنے کا اصول یہ ہے۔ کہ جب تک دوا کے ظاہری صفات رنگ، بو، مزہ، شکل و صورت، وزن، صفائی، جلد وغیرہ قائم ہیں اور اس کی ہیئت ترکیبی قائم ہے۔ اس سے مطلوبہ آثار صادر ہو سکتے ہیں یہ قانون معدنی، نباتاتی و حیوانی جملہ اقسام پر نافذ ہے۔ ان کے اندر جس قدر کمی واقع ہوگی اسی قدر اثرات میں ضعف آتا رہے گا۔

نباتاتی دواؤں کی عمریں

اس میں نباتات کے پھول، تخم، جڑ، چھال کے علاوہ گوند، دودھ، عصارے اور روغن شامل ہیں۔

پھول: یہ نہایت نرم و نازک ہوتے ہیں ان کے اجزائے مؤثرہ چھ ماہ بعد اپنی قوت زائل کرنے لگتے ہیں۔ اور ایک سال تک قطعی ناقابل استعمال ہو جاتے ہیں۔

پتے: پتے کی قوت اگرچہ پھولوں سے زیادہ ہوتی ہے تاہم یہ بھی ایک سال بعد قابل استعمال نہیں رہتے۔

پھل: ان تمام کے حالات ایک جیسے نہیں۔ بعض اپنے موسم ہی میں اثرات دکھاتے ہیں اور دوسرے موسموں میں قابل استعمال نہیں ہوتے۔ بعض ذخیرہ کرنے پر جلد ہی خراب ہو جاتے ہیں۔

تخم ربیع: مثلاً بادیان، زیرہ، سویا، دھنیہ، تخم کاسنی، تخم کاہو، تخم خشخاش، تخم خیارین، تخم خربزہ، تخم تربوز، تخم حبقی

تخم السی، رائی وغیرہ بعض تخموں میں روغنی اجزا زیادہ ہوتے ہیں مثلاً بادیان، زیرہ، حبّیں ان کی قوت دو تین سال تک قائم رہتی ہے۔ زیادہ روغنی اجزا والے جیسے تخم کدو، تخم تربوز، تخم خشخاش ان کی عمر دو سال سے زیادہ نہیں ہوتی۔ ایک سال بعد ان کی طاقت کمزور ہونے لگتی ہے۔ رائی میں تو ایک سال کے اندر ہی تغیر لگ جاتا ہے اور بطور دوا قابل استعمال نہیں رہتی۔

جڑیں، شاخیں اور چھالیں : شاخیں مثلاً عود، صندل، چینی لکڑی، سفالی، دار، بودا وغیرہ۔ جڑیں مثلاً بیخ کاسنی، بیخ بادیان، بیخ کبر، بیخ اذخر، زرنباد، زنجبیل، عقرقرحا، بہمن، ریوند، سونٹھ، جدوار، قسط، گلو وغیرہ ایک سال تک قائم رہتی ہیں۔ جڑوں کی عمریں دو سال تک ہیں اور ایک سال کے اندر بعض کو گھن لگ جاتا ہے مثلاً سونٹھ، بیخ، بہمن وغیرہ۔ البتہ بعض جڑوں کی عمر دس سال تک ہے مثلاً قسط، جدوار، گلو وغیرہ۔

چھال : چھالوں میں سے اکثر چھالوں کی عمر دو سال تک ہے۔ بعض کی اس سے بہت زیادہ ہے مثلاً دار چینی، دس بارہ سال تک بھی سالم حالت میں رہتی ہیں۔

دودھ : بعض نباتات کے دودھ سوکھ کر رکھے جاتے ہیں اس لیے ان کے ذخیرہ سالوں میں پیدا نہیں ہوتا۔ البتہ بعض منجمد دودھ جن میں نمی کم ہوتی ہے محفوظ رہتے ہیں مثلاً سقمونیا، زنجفر وغیرہ سالہا سال تک کام دیتے ہیں اور قابل استعمال رہتے ہیں چنانچہ سقمونیا کی قوت تیس سال اور زعفران کی چالیس سال باقی رہتی ہے اور افیون کی پچاس سال باقی رہتی ہے۔

گوند : نباتات کے گوند مثلاً گوند ببول، کتیرا، انزروت، حلتیت، دم الاخوین وغیرہ کی قوت تین سال تک قائم رہتی ہے۔

عصارے : نباتات کے عصاروں سے مراد وہ خشک رب ہیں جو بعض درختوں کی کونپلوں، چھالوں وغیرہ کے پانی کو خشک کر کے بنائے جاتے ہیں جیسے اقاقیا، رب السوس، کتھ۔ ان کی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔

روغن : بعض نباتات کے بیجوں سے بذریعہ مشین یا کولہو نکالے جاتے ہیں ان میں بعض سرد ہوتے ہیں جیسے روغن کدو، روغن کاہو، روغن خشخاش۔ ان کی عمریں بہت کم ہوتی ہیں۔ بہت جلد ناقابل استعمال ہو جاتے ہیں۔ بعض گرم ہوتے ہیں مثلاً روغن زیتون، روغن کنجد، روغن سرسوں، روغن السی، روغن نارجیل۔ ان کی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔ روغن بلسان کی عمر زیادہ ہے یہ پرانا زیادہ اچھا سمجھا جاتا ہے۔

حیوانی ادویہ کی عمریں

وہ دوائیں جو جانوروں سے حاصل کی جاتی ہیں مثلاً چربیاں، مغز وغیرہ۔ چربیوں کو آگ پر گرم کرنے کے بعد صاف رکھا جائے تو ایک سال تک صحیح حالت میں قائم رہتی ہیں۔ پتہ دو سال تک خشک کر کے صحیح حالت پر رکھا جا سکتا ہے۔ چربیاں

ایک سال تک قابلِ استعمال ہے۔ مشک کافور جیسی تازہ بہ تازہ استعمال کرنا چاہیے مثلاً عنبر۔ جند بیدستر جیسی حیوانی ادویہ زیادہ دیر صحیح حالت میں رہتی ہیں جب تک خوشبو دیں ان کو قابلِ استعمال سمجھیں۔

معدنی ادویہ کی عمریں

ان میں مختلف قسم کے پتھر اور دھاتیں شامل ہیں:

حجریات (پتھر) مثلاً یاقوت، زمرد، ہیرا، پکھراج، عقیق اور لاجورد۔ ان کی قوت طویل مدت تک قائم رہتی ہے۔

فلزات (دھاتیں) ان کی عمروں میں کمی بیشی ہے۔ بعض دھاتیں آب و ہوا سے کم متاثر ہوتی ہیں۔ مثلاً سونا، چاندی، جست، تانبہ اور سیسہ۔ ان کی عمریں بہت زیادہ ہیں یہ غیر محدود مدت تک قابلِ استعمال رہتی ہیں۔ لیکن بعض آب و ہوا سے زیادہ متاثر ہوتی ہیں مثلاً لوہا۔ ان کی عمریں کم ہوتی ہیں۔ سونے کے مقابلہ میں دوسری دھاتیں کمزور ہیں۔ سونا آب و ہوا سے بالکل متاثر نہیں ہوتا۔ اس لیے سب دھاتوں سے افضل ہے۔ پھٹکڑی، مردار سنگ، روپا مکھی، سونا مکھی۔ ان کی عمریں بہت زیادہ ہیں۔ سفیدہ اور سندور کی قوت پانچ چھ سال قائم رہتی ہے۔ نوشادر کی قوت دو سال تک قائم رہتی ہے۔ گندھک ایک سال کے اندر ہی خراب ہو جاتی ہے۔

مٹی گیرو، ملتانی مٹی، گل ارمنی وغیرہ کی قوت تاثیر کئی سال تک قائم رہتی ہے مگر حجریات کے مقابلے میں کمزور ہیں۔

حجریات (کھرل شدہ جواہرات) کی قوت تاثیر بغیر کھرل کیے ہونے کے مقابلہ میں کچھ مدت کے بعد کم ہو جاتی ہے۔ البتہ معدنیات خواہ وہ دھاتیں ہوں یا پتھر کشتہ کرنے کی صورت میں قوت تاثیر بڑھ جاتی ہے۔ پرانے کشتے جتنے پرانے ہوتے ہیں اتنی ہی ان کی قوت تاثیر بڑھتی رہتی ہے۔

نباتاتی دواؤں کے ذخیرہ کے اوقات

نباتاتی دواؤں کے پتے، پھول، پھل، بیج، چھال اور جڑیں حاصل کرنے کے لیے مندرجہ ذیل باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔

پتے: نباتات کے پتوں کو بطور دوا استعمال کرنے کے لیے ان کے پک جانے پر رنگ بدلنے سے پہلے ہی توڑ کر سکھا کر ذخیرہ کرنا چاہیے۔ لیکن بعض دفعہ نرم و نازک کونپلیں زیادہ مفید و کارآمد سمجھی جاتی ہیں مثلاً برگہ۔

پھول (گل): نباتات کے پھول حاصل کرنے کا بہتر وقت وہ ہے۔ جب ان کا زیادہ حصہ کھل چکا ہو۔ جو پھول پورے طور پر کھل کر مرجھا گئے ہوں اور زمین پر گر چکے ہوں ان کے دوائی اثرات کمزور ہوتے ہیں۔ البتہ بعض پھولوں کی کلیاں بھی زیادہ دوائی اثرات رکھتی ہیں مثلاً غنچہ انار، غنچہ یاسمین۔

پھل اور تخم: پھلوں اور بیجوں کو جمع کرنے کے لیے بہتر وقت وہ ہے جبکہ وہ اچھی طرح پک چکے ہوں لیکن بعض پھل

پکے لینا ہی مناسب ہے مثلاً جوں کی پھلیاں اور کالی مرچوں کو نیم پختہ حالت میں توڑ لینا مناسب ہے۔

چھال و پوست، درختوں کی چھال اس وقت اتار کر خشک کر کے ذخیرہ کرنی چاہیے جبکہ ان پر بہار آنے والی ہو یا بہار آئی ہوئی ہو البتہ جھاڑیوں کی چھال کو اس وقت اتار کر خشک کرنا بہتر ہے جبکہ ان کی بہار ختم ہو چکی ہو۔ خشک کرتے وقت خیال رکھیں کہ وہ بارش میں بھیگنے سے محفوظ رہیں۔

جڑیں و بیخ، نباتات کی جڑیں ہمیشہ جاڑوں کے شروع میں پھل آنے سے پہلے کاٹ کر خشک کر کے جمع کرنا چاہیے۔

گوند و صمغ، گوند اس وقت حاصل کرتے ہیں جبکہ ان کے پھول گرتے ہوں۔ اس کو صبح کے وقت طلوع آفتاب سے قبل یا تھوڑی دیر بعد اتارنا بہتر ہے۔

بوٹیاں، ان کو تر و تازہ حالت اور پوری طرح نشو و نما پانے کے بعد اتارنا مناسب ہے۔

شناخت ادویہ

اس کے لیے چند اصول تحریر کیے جاتے ہیں

دواؤں کی ظاہری شکل ۔ یہ دواؤں کی شناخت میں مدد دیتی ہے دواساز کو معلوم ہو کہ دوا جامد شکل میں ہے یا سیال یا سفوف ہے اور یہ بھی معلوم ہو کہ کسی درخت کا پھول ہے یا پتی یا جڑ یا چھال یا کسی حیوانی یا معدنی قسم سے متعلق ہے۔

رنگ ۔ بعض ادویہ رنگ سے شناخت ہوتی ہیں مثلاً عصارہ ریوند زرد ہوتا ہے دم الاخوین سرخ، طوطیا نیلا، کافور سفید

وزن ۔ یہ بھی شناخت میں مدد دیتا ہے مثلاً شنگرف، مردار سنگ، وغیرہ وزنی ہوتے ہیں طباشیر اور سمندر جھاگ وغیرہ ہلکے ہیں۔

بو ۔ بو ان کی شناخت میں مددگار ہوتی ہے مثلاً مشک، عنبر، کافور، ہینگ، لہسن، اجوائن خصوصیت سے بو سے سونگھ کر شناخت ہو سکتے ہیں۔

مزہ ۔ یہ بھی شناخت میں مدد دیتا ہے بعض دوائیں میٹھی ہوتی ہیں مثلاً ملیٹھی بعض تلخ اور کڑوی مثلاً چرائتہ، ایلوا، بعض چرپری مثلاً فلفل دراز و فلفل سیاہ، بعض کسیلی جیسے مازو اور ہلیلہ وغیرہ۔

مرکبات کی حفاظت

مرکبات میں بعض کو کچھ مدت تک رکھنا ہوتا ہے بعض میں کیڑے پیدا ہو جاتے ہیں باکڑی اور فساد پیدا ہو جاتا ہے۔ اس قسم کی خرابیوں سے محفوظ رکھنے کے لئے کچھ تدابیر عمل میں لانے کی ضرورت ہے۔ مختلف گروہ کی مرکب دواؤں کے لئے حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا چاہیئے۔

اطریفلات: (۱) ان کو برودۂ ملطف ہڑ، بہیڑہ، آملہ ہوتے ہیں جو ٹین، لوہے، تانبے وغیرہ کے برتن میں رکھنے سے ان کو سیاہ کر دیتے ہیں اور خود بھی ان کا اثر قبول کر لیتے ہیں اس لئے ان کو شیشے، چینی یا دھات کے قلعی شدہ مرتبان میں رکھنا چاہیئے۔

(۲) اطریفلات کو جہاں تک ممکن ہو شہد میں بنایا جائے۔ شہد نہ ملنے پر شکر استعمال کی جائے۔

(۳) اطریفلات کو تیار کرنے کے کم از کم چالیس روز بعد استعمال کی جائے جتنے پرانے ہوں اتنے ہی قوی الاثر سمجھے جاتے ہیں۔

(۴) کچھ دنوں تک رکھا رہنے سے اگر خشک ہو جائے تو اس میں شہد مصفی یا قوام شکر ملا کر رکھ سکتے ہیں۔

خمیرہ جات: خمیروں میں گھوٹتے وقت اجزا ہوا زیادہ مقدار میں مل کر ان کو سفید یا سفیدی مائل کر دیتے ہیں اور ان میں خمیر سا پیدا ہو جاتا ہے اس لئے ان کی حفاظت کے لئے مندرجہ ذیل تدابیر پر عمل کریں۔

(۱) خمیرہ کو اتنی مقدار میں بنانا بہتر ہے کہ جو موسم کا بنا ہوا اسی موسم میں ختم ہو جائے۔

(۲) خمیروں کو شیشے کے مرتبان میں رکھا جائے خمیرہ رکھنے سے پہلے ان کو اچھی طرح دھو کر خشک کر لیا جائے۔

(۳) خمیرے کو مرتبان میں منہ تک نہ بھر دیا جائے کم از کم مرتبان کا چوتھائی حصہ ضرور خالی رہنا چاہیئے۔

(۴) خمیرہ بھرنے کے بعد مرتبان کو تشتری یا ڈھکن سے ڈھک کر رکھیں۔

(۵) خمیرے میں ہوا و نمی ہرگز نہ پہنچے۔ یہاں تک کہ اس میں ایک قطرہ پانی گرنے یا گیلا ہاتھ لگے۔

(۶) جب مرتبان سے خمیرہ نکالنے کی ضرورت پیش آئے تو پاک صاف چمچہ سے نکالیں۔

(۷) خمیروں کو خراب ہونے سے محفوظ رکھنے کے لئے ان میں قوام بناتے وقت ست لیموں اور تھوڑی مقدار میں ملائے جاتے ہیں جن کی مقدار خمیروں کے نسخہ میں درج ہے۔

سفوفات: سفوفات کی صورت میں دواؤں کے اجزا منتشر ہو جاتے ہیں اس لئے دوسروں کے مقابلہ میں ان کی عمریں کم ہوتی ہیں، یعنی جلدی خراب ہو جاتے ہیں۔ اس لئے ان کی حفاظت کے لئے حسب ذیل ہدایات پر عمل کرنا ضروری ہے۔

۱۔ سفوفات زیادہ مقدار میں نہ رکھے جائیں خصوصاً جن میں نشاستہ، مغز، شگفتہ اور دیگر مغزیات ہوں ان کو صرف اتنا بنایا جائے جو دو تین ماہ کے لئے کافی ہوں۔

۲۔ سفوفات کو ڈبوں اور برنیوں میں ڈھک کر رکھا جائے۔

شربت

کبھی کبھی شربت سڑ جاتے ہیں یا ان میں چینی جم جاتی ہے۔ اس لئے حسب ذیل ہدایات کی پابندی ضروری ہے

۱۔ قوام درست بنایا جائے۔

۲۔ شربت کو سڑنے (ان میں دانہ پڑنے) سے روکنے کے لئے شکر کے ساتھ لیموں ملا کر قوام بنائیں۔ جب قوام درست ہو جائے تو نظرون تھوڑا تھوڑا پانی میں حل کر کے اضافہ کریں اور جب قوام درست ہو جائے تو آگ سے اتار لیں اور چھان کر برتنوں میں محفوظ کریں۔ ست لیموں اور نظرون کی مقدار مختلف شربتوں میں مختلف ہوتی ہے۔

۳۔ شربتوں کے تحفظ کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ جن بوتلوں یا برتنوں میں شربت رکھا جائے بالکل خشک ہوں اس بات کی احتیاط ہو کہ شربت میں بیرونی نمی نہ پہنچے اور برتنوں پر ہمیشہ کارک لگا رہے۔

۴۔ جن شربت کے نسخوں میں بہی دانہ، سپستان، گوندنی وغیرہ لعاب دار دوائیں ہوں تو ان کا قوام بنانے میں شدید احتیاط کی ضرورت ہے کیونکہ ایسے شربتوں میں رطوبت کی وجہ سے جلد ہی تخمیر کی علامات ظاہر ہونے لگتی ہیں۔ ایسی حالت میں قوام کو کچھ زیادہ دیر تک پکانے کی ضرورت ہے۔

عرقیات

زیادہ دیر رکھا رہنے اور ضروری احتیاط نہ کرنے سے عرقیات میں جالا پڑ جاتا ہے یا ان کو ہلا کر دیکھنے سے ان میں باریک باریک سفید پھٹکیاں سی تیرتی نظر آنے لگتی ہیں ایسی صورت میں سمجھ لیں کہ عرق صحیح حالت میں نہیں رہا اور کچھ دنوں کے بعد ایسا عرق ناقابل استعمال ہو جاتا ہے۔

عرقیات کو اس خرابی سے محفوظ رکھنے کی تدبیر یہ ہے کہ عرق کشید کرنے کے بعد اس میں ایک بوتل عرق دیگچی میں ڈال کر جوش دیں۔ کل عرق جتنی بوتل ہو فی بوتل ۲ گرام کے حساب سے ست لیموں لے کر اس عرق میں حل کر دیں۔ پھر اس تمام عرق کو ملا کر صاف ستھری خشک بوتلوں میں بھر کر اور ڈاٹ لگا کر محفوظ رکھیں۔ یہ عرق ہر قسم کی خرابی سے محفوظ رہے گا۔

گولیاں

ان کی حفاظت کے لئے حسب ذیل ہدایات پر عمل کیا جائے

۱۔ شیشی میں رکھنے سے پہلے گولیوں کو خشک کر لیں۔ گیلی گولیوں کو پھپھوند لگ جاتی ہے۔

۲۔ بعض گولیوں میں ایسے بیسودہ اجزا ہوتے ہیں کہ خشک رکھنے کے باوجود ہوا کی نمی سے نم ہو کر چپک جاتے ہیں۔ ایسی گولیوں پر ان کے رکھنے سے پہلے ہی نشاستہ صاف کھریا مٹی باریک پیس کر چھڑک دی جاتی ہے۔

۳۔ جن گولیوں میں نمک اور شورہ جیسی نمی کو جذب کرنے والی چیزیں ہوں یا کافور جیسی اڑنے والی دوائیں ہوں یا کوئی گولیاں ہوں تو ان پر چاندی کے ورق چڑھا دیتے ہیں یا شکر کا غلاف چڑھا کر شیشی میں ڈال کر ڈاٹ لگا کر رکھتے ہیں۔

معجونات

جوارشات، لبوبات، مفرحات وغیرہ سب کو معجونات ہی میں شمار کرتے ہیں ان کو خراب ہونے سے بچانے کے لئے حسب ذیل تدابیر پر عمل کیا جائے۔

۱۔ معجون کا قوام درست ہو۔

۲۔ جب معجون تیار ہو جائے تو اس کو شیشے یا چینی کے پاک صاف خشک برتن میں سرپوش سے ڈھک کر رکھیں۔ اگر کسی دھات کے برتن میں رکھی جائے تو اس پر قلعی کرا لیں۔

۳۔ معجون کو نمی پہنچنے سے محفوظ رکھا جائے پانی کے چند قطرے بھی اسے خراب کر سکتے ہیں۔

۴۔ صاف اور خشک چمچہ کے ذریعہ مرتبان سے نکالیں۔

۵۔ معجون کا قوام بناتے وقت شکر کے ساتھ ست لیموں شامل کر کے قوام بنایا جائے جب قوام درست ہونے کے قریب ہو تو ست لیموں تھوڑے پانی یا عرق میں گھول کر ملا دیں ایک جوش آنے کے بعد آگ سے نیچے اتار کر دوائیں ملا کر معجون تیار کی جائے، اس طریقے سے معجون ہر قسم کی خرابیوں سے محفوظ رہے گی۔

افعال :۔ مدر بول، معرق، مفتت حصات ۔

مقدار خوراک :۔ ایک سے دو ماشہ تک (۱۵ سے ۳۰ گرین)

پوٹاشیم سائٹریٹ Potassium Citrate

صفات :۔ بے رنگ دانہ دار سفوف یا ڈلیاں۔ ذائقہ نمکین قدرے ترش ۔

انحلال :۔ ۱ حصہ ۱ حصہ پانی میں ۔

افعال :۔ ضد الحموضہ، مدر بول، معرق، ملین، مفتت حصات ۔

مقدار خوراک :۔ ۱۵ سے ۶۰ گرین (ایک ماشہ سے تین ماشہ تک)

پوٹاشیم بائی کاربونیٹ Potassium Bicorbonate

صفات :۔ چھوٹی چھوٹی سفید قلمیں۔ ذائقہ کھاری ۔

انحلال :۔ ایک حصہ ۳ و ۴ حصہ پانی میں ۔

افعال :۔ دافع الحموضہ، مسکن، مفتت حصات، مدر بول۔ مقدار خوراک :۔ ۵ سے ۲۰ گرین (۵ رتی سے ۲ ماشہ تک)

باربی ٹون
BARBITONE

اسمائے قدیم: باربیٹونم ۔ ڈائی ایتھل باربیچورک ایسڈ ۔ میلونوریا BARBITONUM BARBITONE- DIETHYL BARBITURIC ACID MALONURIA
ویرونال ڈائی ایتھل میلونیل یوریا۔ VERONAL DIETHYL MALONYUREA

شناخت: ایک سفید دار سفوف ہے جو کیمیکل ہے جو پانی میں اور الکحل میں حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: سرد

تاثیر و استعمال: مسکن و منوم، اعصابی درد، نیند لانے کی اچھی دوا ہے کھانسی میں بھی مفید ہے۔

مضر: زیادہ دیر استعمال کرنے سے اعصاب کو کمزور کرتا ہے مرکز تنفس کو بند کر کے قاتل ہے۔

مصلح: ہوا، سکون۔

مقدار خوراک: اس کے مرکب مختلف ناموں سے تیار شدہ ملتے ہیں اس کا مرکب نسبتاً بے ضرر

ہے تاہم یہ بھی غفلت و درد سر پیدا کرتا ہے اس کا اثر جلد بھی زائل ہو جاتا ہے۔

مشابہ دوائیں انگریزی۔

SONERYL (BUTOBARBITONE). KEMITHAL. DIPLANTIN SODIUM. LUMINAL. EVIPAN. PENTOTHAL, SODIUM. PROPONAL AMYTAL PHANODORM. THEOMINAL. NIRVANAL. PROMINAL. ALLOBARBITON. UREDOL SOMNIFAINE BROMURAL

برنج کابلی

فارسی: برنگ کابلی، سنسکرت: بڑنگ۔

بنگالی: برنگ، اردو: بائبڑنگ

انگریزی: EMBELIA

لاطینی: EMBELIA ۔

مقام پیدائش: بھارت کے پہاڑی حصوں میں ملتی ہے۔

ماہیت و صفات: یہ ایک سدا بہار جھاڑی کے پھل ہیں جو دو تین انچ لمبے گچھوں میں لگتے ہیں جو

اس پھل جیسے چھوٹے رنگ تک ... ان کے پھل کالے رنگ کے چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں جن پر سرکنڈے پر جھریاں پڑی ہوتی ہیں

ان میں ایک ... خاص ہے جس میں گرم مسالے کی خوشبو اور مزہ چرپرا اور کڑوا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: دافع دیدان، شکم مسہل، دافع شکم

افعال مخصوصہ: ... گرم ... لطیف ... حرارت ... ہم

مصلح: صمغ عربی کتیرا۔

بدل: نصف کمیلہ ہم وزن ریبس

مقدار خوراک: ۳ سے ۵ ماشے

امبریاتی ایمبیلاس **AMMONII EMBELAS**

صفات: سرخی مائل بھورا دانہ دار نمک ہے جس کو شہد میں ملا کر چٹایا جاتا ہے۔

افعال: قاتل دیدان۔

مقدار: ۱۰ سے ۳۰ گرین۔

طریق استعمال: بائبڑنگ تازہ جو چھ ماہ سے زیادہ عرصہ کا نہ ہو باریک کر کے بقدار ۱۰ ماشے رکھیں بقدر ضرورت نہار منہ دہی اور بڑے سے مقوی بنا کر ½ ماشہ تا ۱ ماشہ استعمال کریں۔

بادآورد

عربی: شوکت البیضا۔ انگریزی: **VOLUTARELLA DIVARICATE**

ماہیت: ایک خاردار بوٹی ہے جو شکل اور رنگ و بو سے مشابہ ہے مگر اس کے کانٹے گوکھرو سے لمبے اور یہ اس سے زیادہ سفید ہوتی ہے پتوں کا رنگ بھی سفید ہوتا ہے حنا کے پتوں کی طرح اور دندانہ دار ہوتے ہیں اس کا تنا انگوٹھے کے برابر موٹا، گول، پتلا اور سفید ہوتا ہے بلندی بالشت بھر یا اس سے بڑی ہوتی ہے شاخیں پتلی ہوتی ہیں جن پر بیگنی رنگ کے پھول ہوتے ہیں سوکھنے پر ہوا کے جھونکوں سے اڑ جاتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک

استعمال: پتے، جڑ، بیج۔

افعال و تاثیر: ملطف، محلل، منضج، مدر بول و حیض، دافع حمیٰ سوداوی و بلغمیہ

نفع خاص: دافع حمیات بلغمیہ و سوداویہ۔

مضر: پھیپھڑے اور سر کے لئے

مصلح: پھیپھڑے کو انیسوں کتیرا سر کے لئے تخم کاہو۔

بدل: شاہترہ اور نصف وزن مویز

مقدار: پتے ۱ تا ۳ ماشے، بیج ۹ ماشے، جڑ ۹ ماشے۔

بہی دانہ

QUINCE SEED

عربی حب السفرجل ، انگریزی QUINCE SEED

فارسی تخم سفرجل ۔

ماہیت: بہی کے مشہور پھل میں یہ چھوٹے چھوٹے گول چپٹے سرخی مائل رنگ کے بیج ہیں جن کا ذائقہ پھیکا ہوتا ہے ان پر ایک قسم کا لعابی مادہ ہوتا ہے جس کی وجہ سے پانی میں بھگونے سے پھول جاتے ہیں اور پانی لعابدار بن جاتا ہے۔

مزاج بارد رطب ۔

افعال: مسکن مرلق مغری مرطب۔ لعاب قروح حنجرہ قلاع زبان و مسکن سوزش میں مفید ہے انتصاب نفس و خشک کھانسی میں نافع صفراوی بخاروں میں دافع عطش۔

افعال مخصوصہ: صدر تلیین صدر دفع سعال و سل اصحاب دق دفع زہیر مجی رفع حمیات حارہ و بارد۔

مضر: معدہ

مصلح: شکر بادیان

بدل: اسبغول ۔

مقدار: ۳ سے ۵ ماشے عموماً تین ماشے مستعمل ہے۔ مرکبات میں معمول مطب لعوق، بہی دانہ لعاب پستان، شربت بنفشہ

بابچی

BABCHI SEED

بنگالی بابچی سنسکرت باکچی

انگریزی BABCHI SEED

لاطینی PSORALEA CORYLIFOLIA

مقام پیدائش ہندوستان بھر میں عام ملتا ہے۔

ماہیت: یہ ایک نبات کے بیج ہیں جو شکل میں دانہ مسور کے مشابہ لیکن کسی قدر لمبے رنگ سیاہ گول درخت اور اندر سے سفید ہوتے ہیں ذائقہ تیز اور تلخ ہوتا ہے پتے سبز اور گول ہتھیلی سے چھوٹے ہوتے ہیں ہر پتے کی جڑ سے ایک خوشہ شہتوت کی طرح نکلتا ہے اس میں چھوٹے چھوٹے سفید اور نیلے پھول لگتے ہیں جن کے بعد بیج آتے ہیں جو گول پھلیوں میں پیدا ہوتے ہیں یہ پھلیاں جو کے خوشوں کی طرح تین تین چار چار لگی ہوتی ہیں ان کے چبانے سے زبان میں سختی اجلاق اور زبان کو کاٹتے ہیں۔

مزاج دوم گرم خشک

افعال: مصفی خون دافع برص ودوالہ مسہل ریاح مقوی معدہ

افعال مخصوصہ: اوجاع رنیع امراض سوداویہ تصفیہ خون تحلیل ریاح خارجاً جلد نیع برص بہق خارش وجذام

مضر بہ چشم ومثانہ

مصلح روغنیات آب حجرات

بدل تخم پنواڑ

مقدار ۱ سے ۳ ماشے۔ گیرو کھانڈ کتھہ باکچی گندھک آملہ سار ہم وزن سفوف ان کو لال چٹاپا اور خارش کے مریض کو نافع ہے

ترکیب استعمال: ۵ ماشہ برابر وزن سفوف کریں ایک تولہ رات کو بھگوئیں زلال ہمراہ شربت عناب اور تخم فلفل برانڈی یا سرکہ میں ملا کر ضماد کریں۔

بیل

بیل گری، پکا کھتہ، انگریزی BEAL FRUIT

مغز بیل BENGAL QUINCE

لاطینی AEGLE MARMELOS

پیدائش ہندوپاک، برما۔

ماہیت وصفات: ایک ایسے درخت کا پھل ہے جس کی لمبائی ۵۰ فٹ تک ہوتی ہے یہ پھل بڑے انار گول خربوزہ یا بہی کے برابر ہوتا ہے اس کا چھلکا خام ہونے تک سبز اور نرم بعد میں سخت اور پختہ ہو کر کچھ زردی مائل ہو جاتا ہے پوست اس کا نرم اور مغز بہ سے جلد ٹوٹ جاتا ہے توڑنے پر اندر رطوبت و غلاظت اور اس میں چھوٹے چھوٹے بیضوی بیج ہوتے ہیں جن کے اوپر سے مہک آتی ہے گودا شیریں و ذائقہ دار مغز ادویہ میں مستعمل ہے اسے خشک کر کے رکھتے ہیں جو تیزابیت اور خشک ہونے پر سخت ہو جاتا ہے پھولوں کا رنگ سفید اور اس میں سے شہد کی بو آتی ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس میں ایک جوہر خاص ٹے نین پایا جاتا ہے اور ایک قسم کا لعاب دار جوہر بھی موجود ہوتا ہے کسی قدر شکر بھی ہوتے ہیں۔

مزاج دوم گرم خشک۔

افعال: مقوی معدہ و دماغ دل مجرب قابض حابس اسہال حابس دافع زحیر پرانی پیچش بیل پختہ دافع مجرد استعمال ہوتا ہے اس کا مربہ بھی اسہال کے لئے مفید ہے بیل گری مفرد یا معجون محلل مغز بہی دانہ ہمراہ شکر سفید استعمال کرنا کے سے

اسہال مزمن میں فائدہ ہوتا ہے۔

افعال مخصوصہ: مرض امعاء، ورم امعاء، نفخ، نفخ عام، حبس، قبض، بیل گری امعاء، قبض، رفع اسہال، مرض مزمن امعاء، اسہال مزمن

مخرج ریاح، تحلیلہ۔

مضر: مسدد، مورث بواسیر

مصلح: شکر سفید

بدل: بیدبل۔

بورق

فارسی: تنکار، اردو: سہاگہ

انگریزی: بوریکس، سوڈیم بائی بوریٹ BORAX, SODIUM BIBORATE

لاطینی: BORAX PURIFICATUS

صفات: سہاگہ سفید قلمیں جن پر بعض اوقات سفید سفوف جما ہوتا ہے۔ یہ ہوا لگنے سے جمتا ہے۔ ذائقہ خفیف شیریں لیکن بعد کیفیت کھاری۔

ایک حصہ ۵ حصہ سرد پانی میں حل ہوجاتا ہے اور ہم وزن گلیسرین میں حل ہوجاتا ہے۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: مدر بول و حیض، دافع عفونت، محلل اورام و خفیف قابض

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

حمض البورق، فارسی تیزاب تنکار

ایسڈم بوریکم ACIDUM BORICUM

بورک ایسڈ BORACIC ACID

ہائیڈروجن بوریٹ HYDROGEN BORATE

ماہیت: یہ سہاگہ اور گندھک کے تیزاب کا مرکب ہے جو سفید چمکنے والا سفوف ہے۔ ذائقہ خفیف ترشی مائل کیفیت

خفیف تیزابی۔

انحلال: ایک حصہ ۳۰ حصہ پانی میں حل ہوجاتا ہے اور تین حصہ کھولتے پانی اور ۴ حصہ گلیسرین میں حل ہوجاتا ہے

صفات: یہ قابض و مجفف، دافع تعفن و رادع، زخموں اور سوزشوں میں استعمال کی جاتی ہے

سوزاک و مجرائے الرحم، کان بہنے میں اس کی پچکاری سے فائدہ ہوتا ہے۔ مدر بول و حیض و کاسر ریاح و محلل ہے

مقدار:۔ ۵ سے ۱۰ گرین۔ مسفوف مرہموں وغیرہ میں بطور دافع تعفن مستعمل ہے۔

بیخ کبر

عربی: اصل الکبر

فارسی: بیخ کبر۔ انگریزی: ROOT OF CAPPARIS SPINOSA

ماہیت:۔ یہ ایک جڑ ہے جس کا رنگ سفید مدور [illegible] ہوتا ہے۔ جو سفید رنگ اور لمبی ہوتی ہے اس کا چھلکا موٹا اور چھل کھرے کی مانند ہوتا ہے۔

مزاج: حار یابس

افعال: محلل اورام مسکن درد کاسر ریاح

مقدار: ۵ سے ۷ ماشے۔

بیروزہ

عربی: قنہ۔ فارسی: بیرزد۔ بنگالی: گندہ بروزا۔

انگریزی: RESIN OF PINDUS LONGIFOLIA PINEGUM.

لاطینی: GUMTHUS

صفت و ماہیت:۔ یہ ایک درخت کا گوند ہے [illegible] جو درخت کو شگاف دے کر حاصل کیا جاتا ہے۔ ابتداء میں رقیق اور سفید رنگ کا ہوتا ہے اس کے بعد زرد منجمد اور بعد ازاں سرخ و خشک ہو جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: محلل اورام مجفف منفث و مخرج بلغم مسخن

افعال مخصوصہ:۔ زخم مجرح مشیمہ اور ادرار حیض ورم تحلیل۔

مضر: گردہ و مثانہ

مصلح: روغن بنفشہ کافور۔

بدل: سنگجیں اور [illegible]

مقدار: مسفوف ایک ماشہ

WILD VIOLET — VIOLET FLOWER

بنفشہ

VIOLA — VIOLLETA

عربی: بنفسج   فارسی: ارگواس   یونانی: الیرو

صفات و ماہیت: یہ ایک گھاس ہے جو دو قسم کی ہوتی ہے بستانی و جنگلی پودا ایک بالشت سے ڈیڑھ بالشت بلند ہوتا ہے شاخیں بہت پتلی اور سب ایک جڑ میں سے نکلتی ہیں اس کے پتے مہندی و انار کے پتوں سے مشابہ ہیں مگر درمیان میں سے کسی قدر چوڑے ہوتے ہیں شکل میں مستدیر اور ہر ایک شاخ پر ایک چھوٹا سا پھول ہوتا ہے پھول کی کئی قسمیں ہیں مگر زیادہ تر نیلے اور سماق رنگ کی ہوتی ہیں یہی پھول گل بنفشہ کہلاتے ہیں جن پھول کا رنگ نیلا ہو اور خوشبو دار ہو جو تو مطلق بنفشہ کہلاتا ہے۔

مقام پیدائش: کشمیر و نیپال۔

مزاج: سرد تر بعض گرم تر بتلاتے ہیں

افعال: ملین، ورجاع ملین و مسہل، دافع بخار تسکین حرارت۔

افعال مخصوصہ: امراض سرد میں گل سرخ نزلہ حار و درد سر حار دافع حمیات۔

مضر: مرطوب مزاجوں کو

مصلح: انیسون گل سرخ۔

بدل: گل نیلوفر، رنگ نیلا، مقدار خوراک ۳ ماشے سے ۶ تولہ تک۔ جوشاندہ خمیرہ جات شربت جیسے میں مستعمل ہے۔

BROMUM BROMINE برومین

صفات: سیاہی مائل سرخ رنگ سیماب طبیع سیال، معمولی حرارت پر سرخ دھوئیں دیتا ہے یہ بخارات پھیپھڑوں اور آنکھوں ناک حلق وغیرہ میں سخت خراش پیدا کرتے ہیں برومین گھلانے والی خاص قسم سمندری پانی اور بعض چشموں سے حاصل کیا جاتا ہے۔ انحلال ایک حصہ ۳۰ حصہ پانی میں۔

مزاج: سرد و رطب

افعال و خواص: تمام برومائیڈ معدہ و امعاء میں جا کر سوڈیم برومائیڈ میں تبدیل ہو جاتے ہیں ان کا نظام اعصاب پر مسکن و مضعف اثر ہوتا ہے جو تشنجی امراض مرگی ام الصبیان تشنج نفاسیہ اختناق الرحم و لی کھانسی سعال تشنجی درد حیض و قلت حیض میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے کثرت احتلام میں حسب ضرورت روزانہ دو مرتبہ دیا جانا مفید ہے۔

مضر: مضعف اعصاب

AMMONIUM BROMIDE امونیم برومائیڈ

صفات و ماہیت: چھوٹی بے رنگ قلمیں یا سفوف یا ذرات ذائقہ نمکین۔ انحلال ایک حصہ ۱ حصہ پانی میں

پوٹاشیم برومائیڈ POTASSIUM BROMIDE

صفات:۔ بے رنگ مکعب ٹکڑے یا سفوف ذائقہ چرپرا نمکین

افعال:۔ مسکن اعصاب و منوم

مصلح:۔ روح نوشادر و سپرٹ ایمونیا مرکب الائچی سیال و ٹنکچر کلورل ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

مقدار:۔ ۵ سے ۳۰ گرین۔

سوڈیم برومائیڈ SODIUM BROMIDE

صفات:۔ باریک سفید بے بو مکعب ٹکڑے یا قلمیں ذائقہ نمکین، انحلال

انحلال:۔ ایک حصہ دو حصہ پانی میں قابل حل۔

افعال:۔ خراش دار منوم پر سکون دیتا ہے۔

مقدار:۔ ۵ سے ۳۰ گرین۔

سٹرانشیم برومائیڈ STRONTIUM BROMIDE

صفات:۔ بے رنگ قلمیں یا پرت ہوا سے نمی جذب کرنے والی ذائقہ تلخ کسی قدر نمکین۔

انحلال:۔ ہم وزن پانی میں۔

افعال:۔ مسکن اعصاب و منوم۔ بروموفارم، برومی نال بھی اسکے مرکب ہیں۔ مقدار:۔ ۲۰ آدھ بوند ایک سال کے بچے کو تا ایک بوند

برومی نال

BROMOFORM BROMINAL — BROMIPIN

زرد رنگ کا روغنی سیال جو برومین اور روغن کنجد سے بنایا جاتا ہے۔

مقدار:۔ ۱ سے ۴ ڈرام مرگی کے شدید دوروں میں مفید ہے۔ بطور دافع تشنج اور اخراج بلغم خصوصاً کالی کھانسی کے دوران میں استعمال کی جاتی ہے۔

مضر:۔ ان دواؤں کو زیادہ عرصہ تک استعمال کرنے سے مزمنی اثرات پیدا ہو سکتے ہیں مریض کمزور اور پست ہمت ہو جاتا ہے ذرا سی جسمانی محنت سے تھک جاتا ہے اور چال لڑکھڑا جاتی ہے۔

مصلح:۔ سوڈیم کلورائیڈ برومائیڈ جذب کر کے اس کے استعمال سے علامات رفع ہو جاتی ہیں۔

بخار توڑ

گرنڈیلیا GRINDELIA

صفات: ہلکے سبز رنگ کے چکنے اور دندانے دار سخت پتے ہوتے ہیں شکل بیضوی جڑ ڈنٹھل اور غیرہ شامل ہو کر خوشبودار
مثل بالسم ذائقہ تلخ و حریف۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: محرک مقامی دافع بخار منفث بلغم ودافع تشنج

مقدار: ۱۰ سے ۶۰ بوند۔

ایکسٹریکٹ آف گرنڈیلیا لکوئڈ EXTRACT OF GRINDELIA LIQUID

افعال: منفث بلغم دافع بخار دافع تشنج ٹنکچر آف گرنڈیلیا TINCTURE OF GRINDELIA

مقدار: ایک سے دو ڈرام۔

بیج بند

ویلیتی SEED OF SIDA CARDIFOLIA

مقام پیدائش: ہندو پاک ، دیہات میں زیادہ تر پیدا ہوتا ہے۔

یہ ایک بیج ہے جو شکل پیاز کے بیجوں کی مانند مگر اس سے بہت چھوٹا ہوتا ہے رنگ سرخ و سیاہ مگر سیاہ زیادہ قوی العمل ہوتا ہے اس کے پودے کی شاخیں دو ایک گز تک لمبا ہوتا ہے پتے چکنے کے پتوں کی طرح اور شاخ پر سفید باریک پھول لگے ہوتے ہیں اور چھوٹی چھوٹی گٹھلیاں بیجوں سے بھری ہوئی پیدا ہوتی ہیں۔

مزاج: سرد خشک

افعال و خواص: ممسک و مدر و مغلظ منی ہے پشت و دیگر کو مضبوط کرتا ہے محلل اورام ہے۔

افعال مخصوصہ: مدر و ممسک تغلیظ

مضر: نفاخ دیر ہضم۔

مصلح: شکر سفید۔

بدل: تخم اٹنگن۔

مقدار: تین سے ۵ ماشے۔

بادام تلخ

عربی: لوز المر۔ فارسی: بادام تلخ

ہندی اردو: کڑوا بادام۔ بنگالی: تکت بادام

انگریزی: بٹر آمنڈ۔ لاطینی: ایمگڈالا امارا BITTER ALMOND AMYGDALA AMARA

مقام پیدائش: ایران، افغانستان، شام، مراکو، سسلی، فرانس۔

ماہیت و صفات: اس کا درخت بادام شیریں کے درخت کی طرح مگر تنا اور پھول چھوٹے ہوتے ہیں، رنگ سرخی مائل اور پھول کا رنگ بھی سرخی مائل اور اس میں کچھ خوشبو بھی پائی جاتی ہے پانی کے ساتھ رگڑنے سے خاص طرح کی بو نکلتی ہے جو بادام شیریں میں نہیں ہوتی۔

کیمیاوی تجزیہ: اس میں ۵۰ فیصدی روغن ثقیل ہوتا ہے جو زہریلا نہیں ہوتا اس کے علاوہ ایک خمیر کنندہ مادہ اور جوہر بادام جو ایک تلخ جوہر ہے پائے جاتے ہیں، ان سے ایک خاص قسم کا روغن لطیف حاصل ہوتا ہے یہ ایک قسم کا زردی مائل رقیق سیال ہوتا ہے جس سے ایک خاص قسم کی خوشبو آتی ہے اس کا ذائقہ تلخ اور تیز اور کیفیت مشتعل ہوتی ہے یہ روغن ۳۰ حصہ پانی میں تحلیل ہو جاتا ہے۔ پرسک ایسڈ میں تحلیل ہونے کے بغیر حل ہو جاتا ہے۔

افعال و خواص: بیرونی طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔ محلل، جالی، قاتل کرم

افعال مخصوصہ: سر کے بال، شیر عرق، شیر روغن، مسکن، مقوی کبد، رافع تشنج جنون دقیقہ، شیر دافع خلفت شیر۔

مضر: ہر روغن مجفف و مغیر ہے

مصلح: روغن گل، شکر

بدل: حب المحلب

مقدار: بقدر ضرورت

بادام شیریں

SWEET ALMOND

اردو: بادام، پنجابی و گجراتی: بدام، سندھی: بدامی

عربی: لوز، فارسی: بادام، یونانی: امگدالیا

مقام پیدائش: ایران، مشرق وسطیٰ، پاکستان، کشمیر

حصص مستعمل: مغز اور اس کا چھلکا۔

صفات و ماہیت: اس کا درخت انار کے پیڑ کے برابر ہوتا ہے جس کی چھال سرخ سیاہی مائل ہوتی ہے پتے

پہلے سبز رنگ کے اور پختہ ہونے پر بھورے سفید رنگ کے ہو جاتے ہیں پھول سفید اور ان پر دھبے جو رنگ ارغوانی یا زرد لگتے ہیں ہر پھول میں پانچ پنکھڑیاں ہوتی ہیں پھل تقریباً ایک انچ لمبا اور چپٹا مستطیل شکل کا ہوتا ہے ایک سرا گول دوسرا گول ہوتا ہے سطح پر چھوٹے چھوٹے نشیب بھی ہوتے ہیں مغز چکنا اور میٹھا ہوتا ہے مغز کا رنگ سفید جس کے اوپر سرخ رنگ کا چھلکا ہوتا ہے جو تنا ہو۔

کیمیاوی تجزیہ: ۔ شیریں بادام میں حسب ذیل کیمیاوی اجزاء ہوتے ہیں۔ روغن ثقیل ۵۰ فیصدی (۲) شکر گوندہ ہے۔ ایملشن (۳) اجزائے لحمیہ ۲۰ فیصدی (۴) معدنی نمکیات ۵ فیصدی لیکن اس میں تلخ بادام بالکل نہیں ہوتا یہی سبب ہے کہ اس کو پانی میں بھگونے سے بادام تلخ کے اثرات پیدا نہیں ہوتے جن سے ہائیڈروسیانک ایسڈ بنتا ہے چھلکا مغز روغن استعمال میں آتا ہے۔

مزاج: ۔ گرم تر۔

افعال: ۔ مرطب مقوی اعصاب مولد منی سمین مغذی

افعال مخصوصہ: ۔ امراض سر میں تسکین و ترطیب و تقویت تنویم امراض مخصوصہ تسکین حدت خلط و ذہن میں تقویت باہ و تسہیل تعلیل تحجیف قبض و دفع استرخائے اعصاب تشنج سوختہ جلد و دمامیل خراش حلق۔ روغن سر ترطیب دفع سرسام و تشنج جس میں صداع

مضر: ۔ مضر معدہ، روغن مسدد اشتہا

مصلح: ۔ روغن کا بدل روغن کدو۔

بدل: ۔ بعض افعال میں چلغوزہ یا اخروٹ۔

مقدار خوراک: ۔ پانچ ماشہ تک۔ مرکبات میں جوارش، خمیرہ، لعوق و شربت کی صورت میں استعمال کیا جاتا ہے

بادیان

عربی: رازیانج، **فارسی:** بادیان رازیانہ۔

بنگالی: میٹھا جیرا

لاطینی: PIMPINELLA ANISUM

انگریزی: FENNEL FRUIT

مقام پیدائش: ہندوستان، پاک و ہند، جنوبی یورپ، ایشیا، جاپان۔

حصہ مستعمل: ثمر اور جڑ۔

صفت وماہیت :۔ چھوٹے چھوٹے زرد سبزی مائل بیج ہوتے ہیں جو قدرے خمیدہ اور ان پر خطوط ہوتے ہیں۔
بالائی جانب چھوٹی سی ٹوپی ہوتی ہے جس میں دو دو پتے ہوتے ہیں بو تیز ذائقہ خاص قسم کا مرو شیریں۔ پودے کا طول گز ڈیڑھ گز شاخیں
سر سبز لمبی اور بیچ میں سے جوف ہوتی ہیں چھتری کی طرح سر پر زرد رنگ کے چھوٹے چھوٹے پھول ہوتے ہیں پھر یہاں بیج
پیدا ہوتے ہیں۔

کیمیاوی تجزیہ :۔ سونف میں ایک لطیف جوہر ۳ سے ۵ فیصدی تک ہوتا ہے اس میں انیتھول نامی جزو ہوتا ہے اور فینکون
نامی عنصر پایا جاتا ہے۔

مزاج :۔ گرم خشک۔

افعال :۔ مقوی معدہ و ہاضم کاسر ریاح مدر طمث و بول مولد لبن مقوی دماغ، دافع جو ابیر، جالی

افعال مخصوصہ :۔ شربت میں تلطیف وادرار شیر معدہ تفتیح سدد و تقویت معدہ رفع درد ریاح تلطیف اخلاط تفتیح تحلیل بیکاسر
تحلیل ورم و ریاح تسکین اوجاع بارد و ادرار تفتیح سدد معدہ و ادرار تبعض تفتیح تحلیل زہر برگ جیتر دافع نزول الماء تقویت قوت
باصرہ۔

مضر :۔ امزجہ حارہ

مصلح :۔ کتیرا نیلوفر سکنجبین صندل سفید

بدل :۔ اکثر افعال میں تخم کرفس

مقدار :۔ ۵ سے ۷ ماشے ۔ جوشاندوں عرق اور سفوف کی صورت میں عموماً استعمال ہوتا ہے۔

بیخ بادیان

عربی :۔ اصل الرازیانج ۔ بیخ بادیان

انگریزی FENNEL ROOT

صفت وماہیت :۔ پتلی پتلی نرم و نازک زردی مائل ایک درخت کی جڑ ہے خوشبودار ذائقہ قدرے شیریں۔

مزاج :۔ گرم خشک

افعال :۔ دافع اثرات سموم مدر حیض و بول، محلل ورم و ریاح مسکن اوجاع۔

افعال مخصوصہ :۔ معدہ و جگر، محلل ریاح و تسکین معدہ مفتح سدد تبعض مقوی باہ

مقدار :۔ سات ماشے

مضر :۔ تشنگی پیدا کرتی ہے۔

بدل :۔ بادیان۔

مذبح الجبار

ماہیت: ایک ایسی نبات کی جڑ ہے جو آدمی کے قد کے برابر لمبی ہوتی ہے جس کی شاخیں اگل بھرتی اور پھول سرخ ہوتا ہے۔ بیج چھوٹے چھوٹے جو سرخ قدرے سیاہی مائل۔ اور ریشے دار ہوتی ہے۔ جڑ کا مزہ پھیکا ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: ملک شام میں نہروں کے کنارے اور شہروں پر ہوتی ہیں۔

مزاج: سرد و خشک

افعال: حابس الدم مقوی اعضاء، قابض ممسک۔

افعال مخصوصہ: رحم تقویت اعضاء رفع نزف حیض خون

مضر: معدہ و جگر و گردہ
مصلح: شہد خالص زنجبیل
بدل: ورد خشک ہم وزن جو حقاق گل ارمنی
مقدار خوراک: ۲ ماشے۔

بہمن
SALVIA HAEMOTODES

لاطینی SALVIA HAEMOTODES

انگریزی SALVIA HAEMOTODES

مقام پیدائش: ارمن، خراسان

ماہیت: بہمن کی مولی کی طرح ایک مخروطی جڑ ہے جو کسی قدر ٹیڑھی، ناہموار سخت اور لکڑی دار ہوتی ہے۔ ٹوٹنے

میں شکل سے نرم تر ہے اور خوشبودار ہے باقی حصہ زیادہ سرخ و سیاہی مائل ہوتا ہے اندر سرخی کم ہے سب سے بہتر وہ ہے جو صاف سرخ اور بھاری ہو پودا ایک بالشت سے کم پتے چغندر سے مشابہ چکنے و براق ہوتے ہیں آس پاس کے کنارے کٹے ہوئے ہوتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقوی و مفرح قلب محلل ریاح و بلغم غلیظ مفتت حصات مثانہ و گردہ مقوی باہ و مولد منی مسمن بدن۔

افعال مخصوصہ: تقویت باہ و تحریک منی و انعاظ

مضر: دماغ حارہ۔

مصلح: کتیرا۔

بدل: بہمن سفید تودری

مقدار: ۵ سے ۷ ماشے

بہمن سفید

صفت و ماہیت: یہ سفید رنگ سرخ سے ذرا چھوٹی ہوتی ہے اور ناہموار بھی سرخی سے کم ہوتی ہے اندر و باہر سفید ہوتی ہے اور سرخ کی طرح خوشبودار ہوتی ہے بہتر وہ ہے جو وزنی و بھاری ہو۔

مقام پیدائش: خراسان ارمن۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقوی قلب مسمن بدن محلل ریاح۔ دافع خفقان مقوی باہ و مولد منی

افعال مخصوصہ: مولد منی تقویت باہ

مضر: درد سر پیدا کرتی ہے۔

مصلح: معدہ کے لئے انیسوں درد سر کے لئے عناب اور کتیرا۔

بدل: ہم وزن تودری بہمن سرخ

مقدار: سات ماشے۔

برہمی

INDIAN PENNY WORT بنگالی برہمی شاک، تھل کری، تھل کڑی

انگریزی INDIAN PENNY WORT

لاطینی HYDROCOTYL ASMTICA

مقام پیدائش۔ ہندوپاک میں ندی نالوں کے پاس یا تالاب کے کنارے اور نم ناک جگہ پر پیدا ہوتی ہے۔

ماہیت و صفات۔ ایک بوٹی ہے جس کے پتے گول اور گھوڑے کے سم کی طرح ہوتے ہیں مگر بہت چھوٹے چھوٹے انگلی برابر یا اس سے بھی چھوٹے ٹہنیاں نہیں ہوتی ہر شاخ کے سرے پر ایک پتہ ہوتا ہے شاخیں پتلی پتلی اور بعض نصف فٹ تک لمبی ہوتی ہیں ان کا رنگ سرخ سیاہی مائل اور پتے سبز مگر جنوبی ہند میں زردی کی بھی جھلک ہوتی ہے شاخ کا مزہ کاہو کے پتوں جیسا اور پتوں کا مزہ بہت تلخ اور کسیلا سوکھنے پر کسیلا پن کم ہو جاتا ہے تازہ پتے دبیز اور سوکھنے پر پتلے پڑ جاتے ہیں۔ جڑ باریک تاروں کی طرح اور سفید نکلتی ہے۔ پھول کی کلی ننھی سی رائی کے دانے کے برابر اور زرد ہوتی ہے پھول کھل کر زرد ہو جاتا زرد ہو جاتا ہے۔

مزاج گرم خشک۔

کیمیاوی تجزیہ۔ دوا میں سے ایک سفید تلخ جوہر نکلتا ہے جس میں سے بریمی کی بو آتی ہے اس کے علاوہ گوند ایک تیل بعض جوہر شکر نمکیات اور ابجوہ حقی اور سے پائے جاتے ہیں۔

افعال۔ معدل مقوی ملطف، مفرح، مقوی اعصاب و دماغ انقباض مرکبہ معدہ و جگر محلل ریاح مدر بول۔

افعال مخصوصہ مقوی اعصاب و دماغ و مقوی

مضر۔ حار مزاجوں و کمزوروں کے لئے۔

مصلح۔ کتیرا خشک و شربت شکر۔

بدل۔ دارچینی و الائچی بقدر مناسب

مقدار ۲ ماشے سے ۶ ماشے۔ عرق، سفوف، اقراص کی صورت میں مرکبات میں استعمال کی جاتی ہے بعض کشتہ جات بھی اس سے تیار کئے جاتے۔

بلیلہ

بنگالی بہیڑہ فارسی۔ بلیلہ۔

عربی۔ بلیلج

انگریزی BELERIC MYROBAIANS

لاطینی TERMINALIA BEFFERICA

ماہیت: یہ ایک درخت کا پھل ہے جو گول بادام سے بڑا اور سرا تھوڑا سا چپٹا ہوتا ہے پوست زرد خاکستری رنگ پوست چھلکے سے زیادہ نازک ہوتا ہے درخت بڑا پتے چوڑے اور آم کے پتوں سے لمبے ہوتے ہیں بعض چھوٹے جو اور دو اور اخروٹ سے مشابہ ہوتے ہیں ذائقہ قدرے تلخ اور کسیلا۔

افعال: سرد خشک

افعال و خواص: ملطف، قابض و مقوی معدہ و امعا مسہل سودا و صفرا۔ **افعال مخصوصہ**: تفریح و ملین، اخراج فضول

مضر: ثقل

مصلح: شہد، شکر

بدل: آملہ مقشر بقدر ثلث اور تمر ہندی ہم وزن۔

مقدار: ۳ سے ۶ ماشے۔

بسفائج

انگریزی POLYPUDY لاطینی POLYPODIUM

فارسی: اضراس الکلب، ثاقب الحجر

ماہیت: یہ ایک بوٹی کی جڑ ہے رنگت خاکستری جس میں سیاہی و سرخی کی جھلک پائی جاتی ہے گرہ دار اور ہر گرہ میں باریک ریشے لگے ہوتے ہیں کنکھجورے کے مشابہ اور اس پر ایک رواں بھی ہوتا ہے جھینگے کی طرح سخت اور مضبوط عمدہ وہ رنگ جیسا بہتر وہ ہے جو چھوٹی انگلی کے برابر موٹی اور تازہ ہو۔ باہر سے سرخی و زردی مائل اندر سے مغز پستہ کی طرح سبز مزہ چبانے سے تھوڑی سی تلخی و شیرینی و کسیلا پن لئے ہوئے زبان پر چپچپاہٹ سخت و چیانی ہو تازہ کا رنگ اندر سے پستہ کی طرح اور پرانا سیاہی مائل ہو جاتا ہے وضع سنبرا کی شاخ کی طرح اور پتے بھی ویسے ہی مگر ذرا ان سے موٹی ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مقوی قلب مسہل سودا بلغم مفرح محلل منفث بلغم

افعال مخصوصہ: اخراج بلغم لطیفہ و سودا

مضر: گردہ و سینہ۔

مصلح: اہلیلہ، تربد، پرسیاؤشان۔

بدل: افتیمون نصف کے ساتھ

مقدار خوراک: ۳ سے ۷ ماشے جب اطباء کا مطبوخ ہو تو تاثیر مشترکہ ادویہ میں ڈالا جاتا ہے

بسد

عربی: ناشف قرمز، فارسی: کاد، مرجان تر، ملک

بنگالی: پلا، ڈنگا، پرزلیس۔

صفت و ماہیت: دریائی پودا لال شنگرفی رنگ کے سوراخ دار سخت پتھروں کے چھتہ کی مانند ہوتی ہے یہ مرجان بھی کہلاتی ہے مگر گو سمجھے کہ جڑ نہیں ہے۔

مقام پیدائش: سمندر کے کنارے خصوصاً فرانس، چین، الیپ کے ساحلی علاقے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: حابس الدم، مجفف، جالی، مفرح، مقوی قلب

افعال مخصوصہ: مقوی قلب و مفرح

مضر: گردہ، اکال لاتا ہے۔

مصلح: کثیرا، لعاب، شیرہ گوند

بدل: بسیس، دم میں دم الاخوین

مقدار خوراک: چار رتی سے ایک ماشہ

بابونہ

عربی: بابونج، فارسی: بابونق، اردو: بابونہ

ہندی: بابونہ، انگریزی: کیمومائل COMMOMILE

لاطینی: ANTHEMIDIS FLORIS

مقام پیدائش: ایران، ہندوستان، پاکستان کے بعض حصے اور یورپ

حصہ مستعمل: پھول، جڑ۔

صفات: یہ خود رو جات سے جو بوٹی بھی جاتی ہے پتے چھوٹے باریک اور کسی قدر لمبے ہوتے ہیں شاخیں سبز اور نازک اور باریک ہوتی ہیں قد بقدر ایک بالشت سے ایک ہاتھ تک ہوتا ہے ان کی کثرت سے چھوٹی چھوٹی شاخیں ہوتی ہیں پھولوں کی اکہری اور دوہری گھنڈیاں ہوتی ہیں اکہری قسم کے پھولوں کی رنگت زرد و سفید ہوتی ہے اور وہ گل کی مانند سفید لمبے اور پتلے ہوتے ہیں دوسری قسم کے پھول صرف سفید رنگ ہوتے ہیں دونوں قسم کے پھولوں میں پنکھڑیاں گھنڈی کے

گرم ملکوں میں ایک اور قسم کا پھول نیلا بھی ہوتا ہے جسے اطبا ترمری کہتے ہیں یہ قدر میں گلاب کے پھول کے برابر ہوتا ہے مگر یہ قسم کمیاب ہے ورنہ سب سے بہتر ہے۔

دوسری قسم میں جو مرو ہے وہ چھوٹا اور خوشبو دار ہوا اس میں سے سیب کی سی خوشبو آتی ہے اسے ریحان الثعالب کہتے ہیں ایک اور قسم کو کاتی کہلاتی ہے اس کے پھولوں کی بو اتنی تیز نہیں ہوتی وہ ذائقہ میں بھی پھیکے ہوتے ہیں جو شکل میں اور مخروطی شکل کی ہوتی ہے اور بھی اقسام ہیں جو بابونہ گاؤ اور بابونہ گاؤ چشم کہلاتی ہیں۔

مزاج :- گرم خشک۔

کیمیاوی تجزیہ :- پھولوں میں سے ایک فرّاری روغن قلیل مقدار میں نکلتا ہے جو تیار ہونے پر نیلا ہوتا ہے مگر کچھ عرصہ تک رکھنے سے پیلا پڑ جاتا ہے اس میں تھوڑے سے رال اور ایک تلخ جوہر بھی پایا جاتا ہے۔

افعال و خواص :- مقوی اعصاب و دماغ۔ معرق مدر بول و حیض مسکن محلل و مسکن ورم۔

افعال مخصوصہ کل جلّ :- تفتیح تحلیل تلطیف تسکین درد و تقویہ ، ریاح ، رعشہ دماغ و مصرہ تشنج سدد ، تحلیل ورم خارجاً تسکین درد تحلیل ورم خارجاً۔

مضر :- حلق

مصلح :- شربت انار شہد خالص۔

بدل :- برنجاسف اقحوان ہم وزن

مقدار :- ماشہ تا ۳ تولہ۔

بلاور

عربی :- حب الفہم حب القلب

فارسی :- بلادر۔

انگریزی :- MARKING NUTS

لاطینی :- SEMICARPUS ANACARDIUM

مقام پیدائش :- بھارت کے اکثر حصوں میں۔

صفت و ماہیت :- ایک ہندی پھل ہے جس کا درخت قالسہ کے مشابہ ہوتا ہے تناخیں زمین کی طرف جھکی ہوئی ہوتی ہیں زمین پر جہاں شاخ پہنچتی ہے ریشہ نکلتی ہے پھل نارنجی سے مشابہ کیا سبز رنگ اور پکنے میں سرخ ہو جاتا ہے مزہ شیریں اور کسیلا سر پر ایک جھوٹا ہوتا ہے جو پکنے پر سیاہ ہو جاتا ہے اور اس کے اندر بیج ہوتے ہیں سر پر ایک ٹوپی لگی ہوتی ہے

جو کالا یا زرد کہلاتی ہے۔ بلادر کے جلانے پر شہد کی مانند ایک رنگت کی رطوبت نکلتی ہے جس کو عسل بلادر کہتے ہیں پھل کسی قدر
چپٹا سا اور پرندے کے دل کے مشابہ ہوتا ہے رنگ سیاہ ۔ مغز سفید

افعال ملطف، محلل، مفرح، مقوی اعصاب۔

افعال مخصوصہ رفع امراض بلغمیہ باردہ خارجاً کاوی و بلادر مقوی باہ

مضر: مضر محرق خون

مصلح: روغن گاؤ بادام

بدل: تخم چونالی روغن بلادر پہلی گری مغز خندق۔

مقدار خوراک: مغز بلادر ایک یا دو رتی عسل بلادر نصف چاول سے ایک چاول روغن بلادر بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

بیر بہوٹی

عربی۔ کاغنہ

فارسی۔ کرم مخمل۔

انگریزی ARANIA COCCINA

صفت و ماہیت: یہ ایک مشہور کیڑا ہے جو کہ ابتدائے برسات میں پایا جاتا ہے اس پر سرخ سرخ رواں اس قدر ہوتا ہے کہ مخمل سرخ کی مانند معلوم ہوتا ہے اس کے آٹھ پاؤں ہوتے ہیں بعض اس کو علو رنگ سمجھتے ہیں مگر یہ علو رنگ سے مختلف ہے علو رنگ گول سرخ اور اس پر نقطے ہوتے ہیں بیر بہوٹی پر سیاہ نقطے نہیں ہوتے۔

مقام پیدائش۔ برسات میں عام طور پر ہر جگہ ملتا ہے۔

مزاج گرم خشک۔

افعال مقوی باہ، ممسک، مقوی اعصاب، دافع استرخاء

افعال مخصوصہ تقویت باہ و اعصاب۔

مضر: مضر جگر حارہ۔

مصلح: روغن زرد

بدل: بچھوے یا خرگوش کا دماغ

مقدار خوراک: ایک عدد

بادرنجبویہ

عربی۔ مفرح القلب۔

فارسی۔ بادرنگ بویہ، مرزہ گربہ

انگریزی ARBIAN BALM — NEPATA RUDERAUS

صفت۔ یہ ایک خوشبودار گھاس کی مانند دو قسم کی ہوتی ہے ایک قسم وہ ہے جس کے پتے لطیف اور لمبے ان کی اطراف آرہ کی مانند ہوتی ہیں۔ اس کی ساق پر ریحان کے مشابہ پھول بنفشی مائل سرخی رنگت کے ہوتے ہیں بیج اس کا السی کی مانند ہوتا ہے دوسری قسم گردی مائل بستانی و صحرائی ہوتی ہے پتے سخت چوڑے اور اطراف کے پتوں سے جڑے ہوتے ہیں پھول اس کے سفید بیج کم ہوتے ہیں۔ ذائقہ تلخ۔

مزاج گرم خشک۔

افعال: دافع درد مقوی معدہ۔ مفرح قلب محلل اورام مفتت بلغم۔

افعال مخصوصہ امراض سر رگ تفریح و تقویت روح حواس

مضر: امراض جگر

مصلح: صمغ عربی کتیرا۔

بدل: وزن دو چند ابریشم وزن ثلث پوست اترج۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۷ ماشے۔

برنجاسف

فارسی۔ برنجاسف، بوئے مادران۔ عربی: قیصوم

انگریزی ACHILLEA MILLEFOLIUM

مقام پیدائش۔ جنگل اور سایہ دار جگہ جہاں زیادہ تر بارش ہوتی رہتی ہے۔

صفت و ماہیت۔ یہ ایک بوٹی ہے جو ایک گز لمبی شاخیں اور پتلی پتے چھوٹے اور شاخوں سے لٹکے ہوتے ہیں پھول سونے کے مشابہ چھوٹے زرد اور سفید مائل بہ کبودی ہوتے ہیں یہ بوٹی تھوڑی سی لیس دار اور چیچپی لئے ہوتی ہے اس کی دو قسمیں ہیں ایک وہ جس کے پتے بڑے اور پھول زرد اور دوسری کے پھول سفید اور پتے چھوٹے ہوتے ہیں یہ افسنتین کے مشابہ ہے۔

مزاج گرم خشک۔

افعال: ملطف مفتح مدر بول و حیض مفتت حصاۃ، دافع ...۔
افعال مخصوصہ: امراض سر تحیج سدہ تلطیف مادہ رحم ادرار بول و حیض اخراج جنین
مضر: گردہ
مصلح: انیسون
بدل: درد سر میں بالچھڑ باقی میں انیسون
مقدار: ۵ ماشے۔

پستہ

عربی: ۔ فارسی: پستہ
مقام پیدائش: افغانستان، ایران۔
ماہیت: مشہور پھل ہے جو جنگلی و بستانی دو قسم کا ہوتا ہے بستانی جنگلی سے بڑا ہوتا ہے عمدہ وہ ہے جس کا رنگ سبز ہو مغز بہت ہی نفیس ہوتا ہے قلم بطم کے درخت کے ساتھ لگاتے ہیں۔ چھلکا اتارنے پر جلد خراب ہو جاتا ہے چھلکا پتلا سرخی مائل قدرے تلخ ہوتا ہے پتے مسلنے کے کام آتے ہیں۔
کیمیاوی تجزیہ: اس کے درخت میں رال جیسی ایک چیز پیدا ہوتی ہے
مزاج: معتدل بلحاظ برودت و حرارت خشک
افعال: مقوی ذہن حافظہ دل و دماغ معدہ دافع خفقان مسمن بدن مفتح مقوی باہ، قشر ثانی مفرح و دافع
افعال مخصوصہ: امراض سر مغز تقویت دماغ حافظہ رفع یبوست دماغ امراض مخصوصہ تقویت باہ و گردہ رفع ہزال قشر ثانی
بیرونی معدہ قبض تقویت معدہ رفع فواق و قے کو۔ جو قبض رفع سیلان رحم و کثرت حیض۔
مضر: دیر ہضم مصدع۔
مصلح: شہد خالص۔
بدل: ہم وزن مغز بادام مغز چلغوزہ
مقدار خوراک: مغز ۵ ماشے چھلکا ایک تولہ مقوی معجونوں و مرکبات میں استعمال ہوتا ہے۔

پیرافین

LIQUID PARAFFIN پیرافین لیکوڈ

پیرافین سیال PARAFFINUM LIQUIDUM

صفات و ماہیت: مٹی کا صاف کیا ہوا بے رنگ بے بو چپچپا شفاف روغنی سیال ہے۔

PARAFFINUM MOLLE.

مزاج حار و رطب۔ افعال ملین

مقدار: ½ اونس سے ایک اونس تک۔

سفید پیرافین وائٹ سافٹ پیرافین SOFT PARAFFIN VASE LINE مرہم بنانے میں استعمال کیا جاتا ہے

صفات: نیم شفاف بے بو غلیظ قوام سفید یا زرد رنگ۔

افعال: مانع تشقق جلد

پیتھی ڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ

پیتھی ڈرین ہائیڈرو کلورائیڈ PETHIDINE HYDROCHLORIDE

کیمیاوی تجزیہ: ۱۲۱۴ ایچ ۵ ا سی - ڈو نشول ایسیر ول۔ یہ مقدرہ دوا مارفین کے بدل کے طور پر مارکیٹ میں آئی ہے یہ ایتھائل میتھائل فینائل پیریسے ڈین وغیرہ سے مرکب ہے۔

صفات: بے رنگ قلمی سفوف ذائقہ تلخ یہ خفیف پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: بارد یابس۔

افعال: مخدر مسکن الم

خصوصی مواقع: دافع تشنج عضلات بذریعہ اثرات مرکز دماغ درد کی شدت کو کم کرتی ہے یا ہیوسین کے ساتھ ملا کر زیادہ مؤثر ہے۔

مضر: بعض افراد اس کے استعمال سے متلی و قے ہو جاتی ہے

بدل: مارفین۔

INJECTION PETHIDINE HYDROCHLORIDE

مقدار خوراک: ۵۰ سے ۱۰۰ ملی گرام بقدر ضرورت تحت الجلد یا عضل انجکشن ۲۵ تا ۱۰۰ ملی گرام وریدی ۲۵ تا ۵۰ گرام بذریعہ وریدی کم نقصان کرتی اور کم مستقل ہے۔ انجکشن مختلف طاقت کے ملتے ہیں اسے بقدر ضرورت استعمال کرتے ہیں۔

پائپرزین

پائپےرزین PIPERAZINE

ڈائی ایتھی لین DIETHYLENE

ڈائی امین DIAMINE

ڈائی سپرمین DISPERMINE

صفات: چھوٹی چھوٹی بے رنگ قلمیں پانی جذب کرنے والا سفوف ہے کیفیت کھاری ہلکی ذائقہ ترشی لئے ہوئے

انحلال: ۳ حصہ ۲ حصہ پانی میں حل ہوتا ہے۔

افعال: تقریباً ہی مستقل ہے یورک ایسڈ کو حل کرتا ہے۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ سے کم ۵ سے ۱۵ گرین لیتھیم کاربونیٹ کی نسبت اس کی زیادہ یورک ایسڈ حل کرتا ہے۔

پیپلا مول

فارسی: فلفل مویہ، عربی: اصل الفلفل۔

لاطینی PIPER LONGUM

ماہیت: یہ ایک گرہ دار جڑ ہے جس کی شکل رساؤں کے مشابہ ہوتی ہے رنگ خاکستری مغز سفید ریشہ دار ذائقہ تیز گرم ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: دافع بلغم کاسر ریاح مقوی معدہ

افعال مخصوصہ: معدہ و جگر تقویت معدہ ہضم طعام کاسر ریاح۔

مضر: بصارت اور منی کو کم کرتی ہے

مصلح: مشک عربی صندل سفید

بدل: بعض افعال میں دار فلفل

مقدار: ایک تا دو ماشہ۔

پارا امینو سیلی سیلک ایسڈ

پارا امینو سیلی سیلک ایسڈ PAKA-AMINOSAL.CYLIC ACID.

پیرامی سان، پی اے ایس PARAMISAN. "P.A.S."

صفات :- چھوٹے زرد رنگ کا قلم دار سفوف ہے جو آزاد حالت میں رطوبت کے بغیر پائدار رہتی ہے جو خالص شئے ہے جبکہ اگر
تجارتی زرد رنگ کی شکل میں استعمال میں آتا ہے۔

انحلال :- پانی میں بہت کم صرف ۵ فیصد ہی حل ہوتا ہے۔

فوائد افعال :- دافع بخار جراثیم سل و دق کی افزائش کو روکتا ہے۔

مقدار خوراک :- دن میں ۱۰ سے ۱۵ گرام ۲۰۴ گرام ہر چار گھنٹہ بعد دیا جاتا ہے یہ مختلف کمپنیوں کی طرف سے گولیوں و ٹکیوں کی شکل میں دستیاب ہوتا ہے۔

پیرامی سان

P.A.S. :- سفید رنگ ہے سفید یا قریباً سفید قلمیں یا قلمدار سفوف ذائقہ شیریں و تلخیں۔

انحلال :- دو سو گنے پانی میں حل سوڈیم نمک پانی میں قابل حل لیکن ایتھر اور کلوروفارم میں حل نہیں ہوتا۔

تاثیر و استعمال :- دق کے جراثیم کو ہلاک کرتا ہے سل و دق میں مفید ہے قسم دونوں کی نسبت اکثر اور بچوں کی جوان ہے دافع بخار۔ دافع کھانسی ریاح آنتوں کی سل اور دیگر اقسام سل میں مفید ہے۔

مضر :- بعض اوقات قے اور اسہال نہیں رکھتا معدہ کی خرابی کی علامات پیدا ہوتی ہیں۔

مصلح :- سوڈا بائی کارب وٹامن بی اینٹی ہسٹامین

مقدار خوراک :- ۱۰ گرام روزانہ دن میں چار بار۔

پتھر چھوڑی

بنگالی :- پاتھرچور

عربی :- کاسر الحجر

انگریزی :- COLIUS ZERQMATICUS

صفت و ماہیت :- ایک گھاس ہے جو پتھریلی زمین اور دیواروں پر اگتی ہے پیڑ چھوٹا سا پتے دبیز کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں اس کے چبانے سے زبان کو لذت و شوریت محسوس ہوتی ہے پتھری ہونے کی وجہ سے پتھر چھوڑی کہلاتی ہے یہ پیڑوں کا بھی ہوتا ہے ڈالیاں جڑ میں سے نکلتی ہیں جو تیل سینک کے برابر اور بعض دفعہ اس سے زیادہ موٹی ہوتی ہیں ڈالی موٹی اور جو کا رنگ اودا ہوتا ہے جس میں بال سے بھی زیادہ باریک تار آتے ہیں جڑ زمین کے اندر آدھ بالشت تک گھنی تیل اسکا ودم ہوتی ہے پھول سفید ریشم کی طرح اجزا میں سے بیج پیدا ہوتے ہیں سبز رنگ منسوب ہے۔

مزاج:- مرکب القویٰ

افعال:- نفث حصاۃ، مدر بول۔

افعال مخصوصہ:- گردہ و مثانہ، نفث حصاۃ اور مدر بول۔

بدل:- بعض افعال میں تخم خیارین و کباب چینی

مصلح:- گلقند کا جوشاندہ۔

مضر:- بارد کے لئے۔

مقدار:- ۲ ماشہ سے ایک تولہ۔

پرسیاؤشاں

پنجابی:- ہنسراج۔

فارسی:- جبشان، پرسیاؤشاں

عربی:- شعر الجن۔

سنسکرت:- ہنس راج، ہنس پدی۔

انگریزی MAIDEN HAIRFERN

لاطینی ADIANTUM LANULATUM

صفت و ماہیت:- یہ ایک بوٹی ہے جس کی جڑ زمین میں پھیلی ہوتی ہے برگ رنگ قدرے سخت ہوتی ہے۔ پتے سبز رنگ کے پتوں سے مشابہ لیکن قدرے چھوٹے شاخیں باریک ہوتی ہیں۔ پتے پر بہت سی شیفتیں ہوتی ہیں پرسیاؤشاں میں پھول اور بیج نہیں آتے اور پتے کم چھوٹے ہوتے ہیں۔

مقام پیدائش:- موسم برسات میں خصوصاً اور بعض اوقات نمناک جگہوں پر دوسرے موسموں میں پائی جاتی ہے اس کی پتیاں اور ڈنڈیاں مستعمل ہیں۔ اس کی قوت بہت جلد زائل ہو جاتی ہے چھ ماہ بعد کمزور، سال بعد بیکار ہو جاتی ہے۔

مزاج:- گرم و خشک۔

افعال:- محلل، ملطف، منفث بلغم، منقی رحم، مسہل

افعال مخصوصہ:- امراض سینہ و صدر۔

مضر:- طحال

مصلح:- تخم خیارین و بنفشہ۔

بدل: امراض ریہ میں ہم وزن بنفشہ اور نصف وزن عناب۔

مقدار خوراک ۵ ماشہ تا ۷ ماشہ۔ اس کا جوشاندہ، روغن، شربت استعمال میں آتے ہیں۔

پیلوڈرین

پروگوانل ہائیڈروکلورائیڈ PROGUANILI HYDROCHLORIDUM

کلورگوانائیڈ CHLORGUANIDE

پیلوڈرین PALUDRINE

یہ ایک سفید قلمدار بے بو سفوف ہے۔ اپنے سے ۱۱۰ گنا پانی میں حل ہوجاتا ہے۔

مزاج گرم خشک

افعال: ملیریا کی جملہ اقسام کو دافع ہے اور ان تمام ناخوشگوار اثرات سے مبرا ہے جو کونین اور دوسری دواؤں میں پائے جاتے ہیں۔ رطوبت معدہ کو روک دیتی ہے۔

مضر: وزن اور بھوک کو کم کر دیتی ہے۔

مصلح: دودھ

بدل: میپاکرین ہائیڈروکلورائیڈ MEPACHRINE HYDROCHLORIDE

مقدار خوراک ۱ سے ۳ گرین صبح روزانہ

میپاکرین ہائیڈروکلورائیڈ

ایٹبرین ATEBRIN

کوئیناکرین QUINACRINE

ایریان ERION

ماہیت: یہ خوش ذائقہ زرد قلمدار سفوف ہے، بو اور ذائقہ تلخ، پانی میں قابل حل۔

افعال: ملیریا کو دافع کرتی ہے۔ حاملہ عورتوں کے لئے بہترین دوا ہے، یہ حمل کو نہیں بگاڑتی۔

مزاج گرم خشک

بدل: پیلوڈرین ہے۔

مقدار خوراک ۱ سے ۳ گرین جلد ماہیت مرض ۱/۲ گرین روزانہ

اس کی ایک قسم میپاکرین میتھانوسلفاس ہے MEPACRINE METHANOSUL PHONAS
یہ بھی چمکدار زرد رنگ کا سفوف ہوتا ہے۔ ذائقہ تلخ ہوتا ہے اور ایک حصہ تین حصہ پانی میں قابل حل۔
مقدار خوراک ۱ سے ۵ گرین بطور عضلی انجکشن استعمال ہوتا ہے۔

CHLORO QUINE یہ ملیریا کی جدید ترین دوا ہے۔ اگر پانچ گرین ہر ہفتہ پہلے بھی پانچ گرین ہر ہفتہ برابر دو گھنٹے بعد بعض دوران میں بھی دی جاتی ہے۔ بطور عضلی انجکشن بھی دی جاتی ہے بطور دافع ملیریا مندرجہ ذیل دوا بھی استعمال کی جاتی ہے۔

سوڈیائی فاسفاس ایسڈس

صفات: شفاف سفید قلمیں ذائقہ نمکین ترش پانی میں آسانی سے حل ہو جاتی ہے۔

افعال طبی: مدربول۔ مصلح القوی اعصاب

مقدار: ۲۰ سے ۶۰ گرین ۲ سے ۴ اونس۔

بائی ٹارٹریٹ آف پوٹاشیم

صفات: سفید دانہ دار قلمی ٹکڑے ہیں جن کا ذائقہ خوشگوار ترش ہوتا ہے ایک حصہ دو سو حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

افعال: بطور مدربول ۲۰ سے ۶۰ ماشہ دواء سے ۶۰ گرین تک بطور مسہل ہم وزن ۱ اونس سے زائد۔

پنسلین

PENCILLIN

صفات ماہیت: یہ حیرت انگیز دوا گذشتہ جنگ کے دوران دریافت ہوئی اس سے معالجاتی دنیا میں انقلاب آ گیا یہ قدرتی عضوی تیزاب ہے جو ایک خاص قسم کی پھپھوندی سے حاصل کیا جاتا ہے یہ متعدد اقسام پر مشتمل ہے ان میں سے چار اقسام جو کرسٹلین CRYSTAL ہیں ایف جی کے اور ایکس کہلاتی ہیں ان میں جی جسے زیادہ مستعمل ہے اور جی ایچ تھل پنسلین ہے اور سوڈیم پوٹاشیم اور کیلشیم نمکیات پر مشتمل ہے اور ان میں سوڈیم اور پوٹاشیم اندرونی طور پر دیئے جاتے ہیں کیلشیم خارجاً استعمال ہوتا ہے ان کی عمومی کیمیاوی ترکیب یہ ہے PH ۶ سے PH ۵ پر ملتی جلتی سفوف پانی میں بآسانی حل ہو جاتا ہے اور گھلنے ہوئے پانی اور تیزابی اور عرضی اور الکحل سے ضائع ہو جاتا ہے علاوہ پانی کے یہ سفوف روغنیات میں بھی حل ہو جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: جراثیم کو ہلاک کرنے کے لئے بہترین دوائی ہے جراثیم سٹریپٹو سٹیفائیلو کوکس نمونیا سوزاک وغیرہ میں مستعمل ہے۔

افعال مخصوصہ۔ قاتل جراثیم و دافع التہاب۔

مضر: حساسیت بعض اوقات اس سے بدن پر پتی نکل آتی ہے اور چہرہ سوج جاتا ہے اور ضعف قلب و دوران خون کم ہو جاتا ہے۔

مصلح: برانیفیڈرین۔ ایڈرینالین مانع حساسیت دوائیں۔

بدل: مختلف اقسام آپس میں ایک دوسرے کا بدل ہیں۔

مقدار خوراک: مرض کے لحاظ سے تجویز کی جاتی ہے عموماً ۲ سے ۵ لاکھ یونٹ ایک وقت دی جاتی ہے ہر چھ گھنٹے یا زیادہ گھنٹے بعد دواؤں کی اقسام کے لحاظ سے دی جاتی ہے عضلی یا وریدی انجکشن زیادہ مفید ہیں۔ خون میں مقدار کی سطح برقرار رکھنے کے لئے ۲۴ گھنٹوں میں ۱۰ لاکھ یونٹ تک۔

مرہم، اقراص، انجکشن، مرہم کی شکل میں دستیاب ہے۔ اس کا سفوف کرسٹلائن اور جنرل پنسلین کی شکل میں چھڑکا جاتا ہے دیگر دواؤں کے ساتھ ملا کر مختلف ناموں سے بھی ملتا ہے اور مختلف امراض میں مستعمل ہے۔

جنرل پنسلین کا ایک حصہ ۲۵۰ حصہ پانی میں قابل حل ہے۔ روز مرہ کا مرہم میں ایک ملی گرام یونٹ فی گرام ہوتے ہیں اور مرہم میں ۰.۰۰۵ ملی گرام تک مستعمل ہے۔

پوست نارنج

ORANGE PEEL

فارسی: نارنگ

ہندی: نارنگی

ماہیت: ایک درخت کا پھل ہے جو گول اور خوش نما ہوتا ہے۔ اس کا درخت لیموں کے پتوں سے بڑے اور گہرے سبز پتے اور خوشبودار پھول سفید ہوتے اور بہت خوشبودار، تیز مزہ اور تھوڑی سی تلخی لئے ہوتا ہے پھل زرد رنگ سرخی مائل سطح پر بیشمار ریشے گٹھلیاں اندر ملتی ہیں سفید و الفاظ تلخ و خوشبودار گرم مرطوب ملکوں میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔ پوست اور تخم سرد خشک۔

افعال و خواص: دافع صفرا و سدہ، مفرح، مقوی معدہ، دافع قے و اسہال، پوست دافع استسقاء، مخرج کرم۔

افعال: مقوی معدہ، ہاضم، کاسر ریاح وغیرہ۔

مقدار: ۳ سے ۵ گرام

شربت: ۵۰

SYRUP OF ORANGE

مقدار خوراک: ۲ سے ۴ تولہ

مرکبات تنکچرات ارنج
تنکچرات اورنجان

TINCTURE OF ORANGE

TINCTURE AURANTII

پوٹاشیم پرمیگناس

پوٹاشیم پرمیگناس POTASSII PERMAGNAS

صفات وماہیت: سیاہی مائل ارغوانی رنگ چمکیلی چھوٹی چھوٹی منشوری قلمیں ہیں۔ ذائقہ شیریں قابض اور بغیر بو ایک حصہ ۱۶ حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے۔

مقام: گرم خشک

نقیضات: الکحل، گلیسرین، شکر، امونیا، فیرس سالٹس، آکسی ڈائز ہو جانے والے نباتاتی ادویہ، ہوا کہ اس کے سولیوشن کو لگایا جائے اس سے زخم لگانا ضروری ہے۔

افعال و تاثیر: دافع تعفن، دافع بدبو، بعض حیوانی یا نباتاتی مادے کے ساتھ ملتے ہی اپنا آکسیجن چھوڑ دیتا ہے اسی وجہ سے جراثیم ہلاک ہو جاتے ہیں۔ تریاق برائے سموم افیون و اسٹرکنین، مارفین اور دیگر الکلائڈ سموم ہضم میں اس کا محلول دو گرین فی پائنٹ پلانا مفید ہے۔ مرض سوزاک میں پچکاری کے طور پر اس کا محلول برائے حفظ ما تقدم دیا جاتا ہے۔ دافع تعفن غسل و لشوئے سانپ کے زخموں پر اس کے چھڑکنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

بدل: بعض افعال میں کیلشیم پرمیگنیٹ CALCIUM PERMAGNATE

مضر: خارش پیدا کرتا ہے۔

مقدار: ایک سے دو گرین۔

کیلشیم پرمنگنیٹ

CALCIUM PERMAGNATE

صفات: قرمزی رنگ مستاتی قلمیں پانی میں بآسانی حل۔

مزاج: یابس

مقدار: ایک سے ۲ گرین

افعال: دافع تعفن، دافع تعفن و بدبو دور کرتا ہے

پراوکسائڈ آف آئرن

PEROXID OF IRON مرکب فولاد

صفات و شناخت: لوہے کا مرکب ہے جو بھورے سرخ رنگ کا سفوف ہوتا ہے ذائقہ ندارد و بو ندارد پانی میں غیر حل پذیر ہے تیزاب نمک منفرد حقیقہ میں بذریعہ حرارت حل ہو جاتا ہے۔

خواص و فوائد: جہاں فولاد و لوہے کے مرکب کی ضرورت ہو کام دیتا ہے جیسے ضعف قلب اور جملہ امراض قلت خون۔

مقدار: ۵ سے ۲۰ گرین۔

پرجن

PHENOLPHTHALEIN فینول فیتھیلین

PURGIN پرجن

APERION اے پیریان

DIHYDROXYPHTHALOPHENONE ڈائی ہائیڈروکسی فیتھیلو فینون

LAXION لیکزین

صفات: باریک اور بے ذائقہ سفوف یا سفید قلمی دانے تقلیبی محروم الحلقہ ندارد۔

افعال: مسہل ملین منضج

مقدار: ایک سے دو گرین یا ۶۰ سے ۲۰۰ ملی گرام

چھکنڈا

بنگالی: ایکھ، ہندی: اونگا

علاقائی: [illegible]

انگریزی: PRICKLY CHIEF FLOWER

دھینی CLOTORIA TERNATED

مقام پیدائش: ہر بیدوں اور جنگلوں میں عام ملتی ہے۔

صفت و ماہیت: ایک فٹ سے لمبی گھاس ہے جس کی شاخیں پتلی اور پر چھوٹی چھوٹی مدور سی جھلیاں ہوتی ہیں جو پھول کہلاتی ہیں انہی میں بیج آتے ہیں جو چاول کے دانے سے مشابہ و ملائم ہوتے ہیں پھولوں پر کانٹے ہوتے ہیں جو کپڑوں سے لپٹ جاتے ہیں پتے اور پتوں کا رنگ سبز اور یہ چھوٹے ہونگے۔ پھول سبزی مائل سفید ہوتے ہیں موسم اور اقسام کا ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: جڑ چھوٹی راکھ میں پوٹاس کثیر مقدار میں پائی جاتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مدربول مصفی خون منفث بلغم۔

افعال مخصوصہ: تحلیل ریاح، دافع بلغم، جلد، دافع تعفن، دافع جرب امراض سہ، دافع جذام۔

مضر: دافع اشتہا

مصلح: مرچ سیاہ و شہد

بدل: نامعلوم

مقدار: دو سے چار رتی۔

پوٹاش ٹارٹراس سوڈیم فاسفیٹ

BITARTRATE OF POTASSIUM

POTASSII TARTRAS SODIUM PHOSPHATE پوٹاس ٹارٹراس

صفات: چھوٹی سفید قشری قلمیں کیفیت متعادل۔

انحلال: اپنے مساوی پانی میں۔

افعال: مدربول مسہل۔

مقدار خوراک: ۶۰ سے ۱۲۰ گرین۔ ۳ ماشہ سے ۵ ماشہ تک۔

پارالیلڈی ہائیڈ

صفات: بے رنگ شفاف سیال ہے جس کی بو ایتھر کی مانند اور ذائقہ حریف۔

انحلال: ایک حصہ ۱۰ حصہ پانی میں حل ہوجاتا ہے۔

افعال:- منوم، مسکن، دافع عفونت

مقدار خوراک:- ۱/۲ ڈرام سے ۲ ڈرام۔

سلفونال:- دودھیا خاکی سفوف۔ یا قلمی شکل میں۔

صفات:- سفید شفاف قلمیں یا سفوف ایک حصہ پانچسو حصہ پانی میں اور ۱۵ حصہ کھولتے پانی میں قابل حل۔

افعال:- منوم۔

مقدار:- ۱۰ سے ۳۰ گرین۔ اچھی طرح پانی میں ہلا کر۔

ٹرائیونال و ماہیت:- سفید چمکدار دانہ دار سفوف ذائقہ کسی قدر تلخ۔

افعال:- منوم، مسکن۔ سلفونال سے زیادہ موثر ہے۔

مقدار:- ۱۰ سے ۲۰ گرین۔

ٹیٹرونال:- سفید بے قلمی سفوف۔

افعال:- منوم، مسکن۔

مقدار:- ۱۰ سے ۲۰ گرین۔

تلسی

عربی۔ بادروج، فارسی تره خراسانی

اردو جنگلی تلسی۔ بنگالی نام دیہی تلسی — لاطینی، OCIMUM SANTUM

انگریزی HOLY BASEL

مقام پیدائش پاک و ہند میں عام پیدا ہوتا ہے

حصہ مستعمل پتے اور بیج

صفات و شناخت: یہ تلسی کے پتے ریحان کے پتوں سے مشابہ مگر ان سے چھوٹے ہوتے ہیں اس میں متفرق شاخیں نکلتی ہیں پودا عام تلسی سے چھوٹا اور زمین میں تقریباً سال دو سال رہتا ہے پھول کے گچھے ہوتے پھول کی طرح جو رنگ سیاہ ہوتا ہے بیج چھوٹے اور کسی قدر لمبے ایک انچ کے ۱/۲ حصہ کے برابر اور سیاہ رنگ کے ہوتے ہیں ان کے ایک جانب محراب کا نشان ہوتا دوسری جانب چپٹی ہوتی ہے مزہ چرپرا ہوتا ہے۔ پانی میں بھگونے پر لعاب کی تہ جم جاتی ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس کے تمام اجزا کا عرق کھینچنے سے کچھ پیلا اڑنے والا اور پانی سے ہلکا تیل نکلتا ہے جو پڑا رہنے سے جم جاتا ہے اس کی قلمیں بندھ جاتی ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: تریاق بلغم، منضج بلغم، مفتت حصاة، مقوی باہ، دافع حمیات

افعال مخصوصہ: مدر و معرق، مفرح قلب، مقوی معدہ

مضر: ریہ و معدہ کے لئے

مصلح: سرکہ، حموضات

بدل: ہم وزن کالی یا مرزنجوش

مقدار: ۱/۲ ماشے۔

تخم خبازی

عربی۔ خبازی۔ فارسی۔ نان کلاغ۔ انگریزی COMMON MELLOW

صفات: یہ گول چپٹے بیج ہیں گردہ کی مانند چکنا لعاب دار بھورے یا سیاہی مائل بیج چپٹے گول اور تھوڑے سے گوشت دار خطمی

کے پتوں سے مشابہ مزہ پھیکا پھول خطمی کے پھول سے مشابہ بعض بڑے بعض چھوٹے۔

مزاج سرد تر

افعال مزلق ملین مسکن مادہ

افعال مخصوصہ: تخم امراض صدر، سرفہ، سعال یابس، تحلیل اورام حارہ، ازلاق، انضاج مواد

مضر: معدہ

مصلح: حلویات، رب فواکہ

بدل: تخم خطمی

مقدار: ۵ ماشے تک۔

تخم خرفہ

عربی: بزر بقلۃ الحمقاء، فارسی: تخم خرفہ، تخم فرفخ

بنگالی: لونیا، انگریزی: PERSLANE SEED

لاطینی: PORTALACA OLERECEA SEED.

ماہیت و صفات: ایک پودا دو قسم کا ہوتا ہے بڑا جس کا پیڑ ہاتھ بھر سے کم تنے کی موٹائی میں پیپل کے برابر ہوتی بلکہ اس سے بھی کم اتنی نازک ہوتی ہے کہ آسانی سے ٹوٹ جاتی ہے مگر سرخی مائل رنگ پتے میں تھوڑی سی لعابیت جیسا مادہ رطوبت ہوتی ہے مزہ پھیکا پھول سفید بیج سیاہ رنگ نکلتا ہے۔

دوسری قسم چھوٹی زمین پر بچھی ہوتی ہے بیج اور پتے پہلی قسم سے چھوٹے اور ان میں چکنائی زیادہ ہوتی ہے اور تخم یہ قسم خودرو ہے اس قسم کے پتے جو سے تنے اور شاخوں کا رنگ سرخ ہوتا ہے سرخ تخم خشخاش کے برابر سیاہ رنگ ہوتے ہیں۔

افعال: مسکن مطفی۔

افعال مخصوصہ: تخم امعاء رفع اسہال صفراوی تقویت معدہ جریان خون، ورم، تپ، رفع حرارت ...

مضر: سرد مزاج بلغمی

مصلح: تخم شہد و آب سرکہ

بدل: اکثر افعال میں ...

مقدار خوراک: ۵ سے ۷ ماشے

تربد

عربی، تربد، بنگالی تیوڑی، انگریزی TURPETH

لاطینی TURPETHUM.

صفت و ماہیت: ایک درخت کی جڑ ہے جس کا پھول آسمانی رنگ کا ہوتا ہے یہ لکڑی سے چھوٹے چھوٹے خاکستری رنگ کے ٹکڑے ہیں جو بیچ اور اندر سے سفید ہوتے ہیں ان کا چھال حصہ جلد کھچا ہے جس کی وجہ سے نلکی کی طرح گول بٹے ہوتے ہیں مزہ پھیکا قدرے تلخ۔ دو قسم کا ہوتا ہے سیاہ و سفید سیاہ خارش شدید قسم کی خراش پیدا کرتا ہے۔ اس لئے اس کی بجائے سفید ہی استعمال کرتے ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

کیمیاوی ترکیب: اس میں ایک قسم کا رال پایا جاتا ہے جس کو ٹربیدین کہتے ہیں۔

افعال و خواص: دافع امراض رطبی منقی معدہ و دماغ و تریح سدہ مسہل بلغم۔

افعال مخصوصہ: امراض مفاصل اسہال منقی اخراج اخلاط محرقہ و کرم مقعد، اسہال اخراج بلغم۔

مضر: قلب امعاء بیقراری پیدا کرتا ہے۔

مصلح: روغن بادام شیریں۔

بدل: نا ہلیقوں یا کالادانہ

مرکبات: بنام ربیانی مرکبات جو تنقیہ دماغ کے لئے استعمال ہوتے ہیں ان میں تربد ایک خاص حیثیت رکھتا ہے۔

طباشیر

عربی۔ طباشیر، انگریزی BAMBOO SUGAR — BAMBOO MANNA

بنگالی۔ بنسلوچن

صفت و ماہیت: یہ سفید و شفاف شکل سنگریزوں چھوٹی چھوٹی ناہموار جیسی چمکیلی قدرے تلخ ڈلیاں ہیں جو ایک خاص قسم کے پرانے بانس جس کو نر بانس کہتے ہیں حاصل کی جاتی ہیں یہ شروع میں ایک تیل رطوبت ہوتی ہے جو بتدریج منجمد ہو کر ڈلیوں کی شکل اختیار کر لیتی ہے بہتر وہ ہے جو شفاف سفید اور صاف ستھری ہو یہ بھی بتایا گیا ہے کہ بانس کے جلنے پر یا جنگل میں آگ لگ جانے پر بانسوں کے جلنے پر طباشیر نکل آتی ہے۔

مقام پیدائش۔ رنگ پور، سلہٹ، مرشد آباد کے علاقے۔

کیمیاوی تجزیہ:۔ ۰.۷٪ سیلیکیٹ اور ۰.۳٪ کیلشیم ہوتا ہے

مزاج:۔ سرد خشک۔

افعال:۔ مفرح۔ مقوی دل، مسکن، قاطع صفراوی، قابض اسہال دموی، دماغ گرم، دل، جگر، معدے کو طاقت دیتی ہے۔

افعال مخصوصہ:۔ امراض لثہ و دہان قبض، رفع بثور دہن، صداع حار تحلیل تخفیف رطوبات، رفع حمل، اسقاط، تسکین ثوران اخلاط

تقویت اعصاب قبض کی رفع حمل کرنی و دیگر حیات وغیرہ۔

مضر:۔ امزجہ رطبہ۔

مصلح:۔ مرزنجوش

بدل:۔ تخم خرفہ بریاں ہم وزن، نصف وزن سماق یا گل مختوم صندل سفید

مقدار خوراک:۔ ایک سے ۲ ماشے۔

تخم کشوث

فارسی: تخم برش۔

انگریزی:۔ SEED OF VITIS CORNOSA.

صفت و ماہیت:۔ یہ ایک بیل کے بیج ہیں جو چھوٹے اجوائن خراسانی سے مشابہ ہوتے ہیں جو تقریباً گول سرخ زردی مائل یا زرد سفیدی مائل چپٹے ہیں مزہ تلخ بجز تھوڑا ورد ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال:۔ مقوی و مفتح سدہ معدی و کبدی و اعصاب ملطف کاسر ریاح۔

افعال مخصوصہ: معدہ و جگر مفتح سدہ و تلطیف کے لیے طبیعی تحلیل و ادرار

مضر:۔ مثانہ: تلی پھیپھڑا ثقل پیدا کرتا ہے۔

مصلح:۔ مثانہ کے لیے جو طحال کے لیے سکنجبین پھیپھڑے کے لیے کاسنی و شہد و تلی کے لیے کتیرا۔

بدل:۔ تخم کاسنی، جنگلی برنجاسف۔

مقدار خوراک:۔ ۵ ماشے تک۔

تال مکھانہ

بنگالی۔ کلستا، کولیکا، گجیا کھاڑا

انگریزی LONG LEAVED BALARIA

لاطینی HYGROPHILLA ASTERCANTHA

صفت و ماہیت:۔ ایک پودے کے بیج ہیں جو تقریباً سے بیج سے لانبے چپٹے خاکستری رنگ تودری کی مانند طبلہ چکنے ہوتے ہیں اس کا پودا ایک گز لمبا شاخیں جڑ سے جمی ہوتی ہیں کاسنی کے پتوں کی طرح اور روئیں دار پھول پھولتا اور کاسنی کے پھول سے بڑا ہوتا ہے اس کی گرہوں میں پھول کی طرح کانٹے ہوتے ہیں۔

کیمیاوی تجزیہ:۔ اس میں بڑی قسم کے روغن برآمد ہوتے ہیں جو روغن ثقیل و خفیف کہلاتے ہیں

مزاج:۔ سرد و تر

افعال:۔ مولد منی مقوی باہ مفرح مغلظ۔

افعال مخصوصہ:۔ جریان تقلیل تغلیظ منی امساک۔

مضر:۔ نفاخ و دیر ہضم۔

مصلح:۔ شہد خالص شیرہ و قند سفید

بدل:۔ تخم ستاور تودری۔

تنبول

فارسی تنبول، اردو۔ پان۔

انگریزی BETEL

لاطینی BETEL ROOT

بنگالی پان BETEL

صفت و ماہیت:۔ ہرے رنگ دار چھوٹے چوڑے پتے جن کی بالائی سطح صاف ہوتی ہے ذائقہ خوشبودار تلخ ہوا زیادہ تر جو استعمال ہوتی ہے جس کا معمولی رنگ سرخ انسپق مائل سفیدی ساخت تقریباً ریشہ دار رگ دار بو تیز مرغوب ذائقہ تلخ۔

لعاب دہن کا مسہل دافع تعفن منہ کی محلل اورام دافع بخار مسہل مقوی اعصاب دافع تشنج۔

افعال : مخصوص صدر، بلغم، تحلیل کرش۔ رفع سیلان رطوبات تحلیل ریاح و ورم امالہ مواد فروج، مصدع سر، رفع رطوبات اور امالہ

مواد تسکین درد تحلیل، تلیین ورم خارجاً۔

مضر : امراض حارہ

مصلح : کتھہ چھالیہ، پھل خورد

بدل : سورنجان

مقدار : رب ایک سے تین رتی، سفوف سہ رتی سے ایک ماشہ۔

تمن امریکی

لوبیلیا LOBELIA

صفات : اس پودے کا تنا کھوکھلا اور چھال دار ہوتا ہے شاخیں بھی کھوکھلی ہوتی ہیں اور یہ بھی کھوکھلی ہوتی ہیں رنگت زعفرانی پتے روئیں دار اور دندانہ دار جن پر رواں ہوتا ہے پھل غدے سے دو حصوں میں منقسم بیج بھورے رنگ کے چھوٹے چھوٹے بو ناگوار تیز ذائقہ خراش کن۔

مزاج : گرم تر۔

افعال : دافع تشنج، معرق، مدر بول، مضعف قلب

مضر : دل کے لئے۔

مصلح : ٹنکچر سٹرامونیم ایفیڈرین

بدل : نامعلوم

مقدار خوراک : ۱ سے ۳ گرین۔

TINCTURE OF LOBELIA ETHEREAL

مقدار : ۵ سے ۱۵ بوند

افعال : دافع تشنج معرق مدر بول۔

تخم بارتنگ

عربی : بذر لسان الحمل

فارسی : تخم بارتنگ۔

انگریزی SEED OF PMAJOR

صفت و ماہیت : بھیڑ بکری کی زبان کی طرح پتے چوڑے بڑے سبز رنگ کے لمبے اور تھوڑے سے چوڑے ہوتے ہیں تنا گز بھر کے قریب لمبا اور سرخ رنگ ہوتا ہے اس میں پتلی پتلی شاخیں لگتی ہیں جن کے سرے پر سبز رنگ کے پھول لگتے ہیں بیج گول سیاہ رنگ کے چھوٹے چھوٹے لعاب دار ہوتے ہیں اس کی جڑ کو در مثانی انگلی برابر اور گچھے ہوتے ہیں دوسری قسم کے پتے پہلی قسم سے چھوٹے اور بیج نسبتاً بڑے ہوتے ہیں تیسری قسم کے پتے پہلی قسم کے پتے کی طرح مگر چھوٹے اور کھردرے ہوتے ہیں رنگ سیاہی مائل اس پر گاؤ زبان کی طرح سفید نقطے ہوتے ہیں قسم اول زیادہ بہتر ہے ۔ ورنہ تینوں مستعمل ہیں ۔

مزاج سرد و خشک

افعال و خواص : قابض مسکن مغلظ تفتیح سدہ

افعال مخصوصہ : امراض معدہ و جگر و امعاء تخم معدہ و جگر تقویت کبد حبس خون امعاء دافع تپ حبس خون آب برگ سبز مروق تقویت و تبرید معدہ و جگر قبض

مضر : ریہ طحال

مصلح : شہد قابض

بدل : تخم حماض

مقدار : تین یا پانچ ماشے ۔

تخم کتان

عربی ۔ بزر کتان ، فارسی ۔ بزرک

بنگالی ۔ بزر کتان

انگریزی LINSEED — COMMON FLAX SEED

لاطینی LINASEMINA — LINUM

صفت و ماہیت : یہ ایک نبات ہے جو گز بھر کے قریب لمبی پتلے پھول بھورے گچھے ، اخروٹ برابر اور بیج سے بھرے ہوتے اور بیج اس کا چھوٹا تھوڑا سا چوڑا لمبا اور اس کے پوست سے السی کی طرح چھڑے جاتے ہیں ۔

مزاج گرم خشک ۔

افعال و خواص : مدر بول حیض منفث بلغم نضج محلل ۔

افعال مخصوصہ : تخم جنجم رنج رعاف دمعہ و جوش ارش تنکیس درد تحلیل جلد خارجاً صدر درد یہ جلاء انفلاق ملین تحلیل ورم اول میں

محرم و زائد وجع المفاصل تحلیل اورام تسکین اعصاب رفع نفث الدم و سعال یابس تفریح ۔

مضر:۔ ضعف بصر۔

مصلح:۔ کتیرا و خشخاش شہد خالص ۔

بدل:۔ تخم خطمی بعض افعال میں

مقدار خوراک:۔ ۶ ماشے تا ایک تولہ

تخم کدو

عربی:۔ بزر القرع

فارسی:۔ تخم کدو دراز

صفت و ماہیت:۔ یہ ایک مشہور نبات ہے جس کے پتے بڑے بڑے ہوتے ہیں اس کا پھل زرد مائل سرخی ہوتا ہے بیج لانبے چپٹے قدرے سفیدی کدو دراز کے تخم ہیں ۔

مقام پیدائش عام ملتا ہے ۔

افعال:۔ مسکن حرارت، مدر بول، منوم، مقوی دماغ، مسمن بدن ۔

افعال مخصوصہ و مستعملہ:۔ اسہال اور ادرار رفع سوزش بول و کثرت احتلام تبرید اعضائے تناسل ۔ اورام حارہ حمیات حارہ تسکین عطش اور رفع حمیات حارہ و دق ۔ مربہ تقویت دماغ تسکین درد سر بعد حرارت دماغ ۔

مضر:۔ ثقیل نفاخ مورث قولنج ۔

مصلح:۔ [illegible] ۔

بدل:۔ ککڑی

مقدار خوراک:۔ ۵ سے ۷ ماشے

تخم کاہو

عربی:۔ بزر الخس، فارسی تخم کاہو ۔

انگریزی SEED OF LACCLICA SATIVA

صفت و ماہیت:۔ یہ جنگلی اور بستانی دو قسم کا پودا ہے جس کا درخت ایک گز تک بلند ہوتا ہے بیج چھوٹے چھوٹے لمبے سفید چھوٹے چپٹے رنگ کے ہوتے ہیں ۔

مزاج سرد خشک۔

افعال مسکن رادع مبرد منوم

افعال مخصوصہ:۔ تخم سر رفع صداع تحذیر تنویم و اطلاء حصفہ شیر خارجاً غیر منفشر کی رفع کی نمی لیے سالی سرتنویم ترکیب میں درد کا حل چشم تسکین درد خشی۔

مضر بادہ رشن نسیان

مصلح معطگی شہد خالص

بدل بعض افعال میں خرفہ

مقدار ۲ ماشے۔

توتیا

عربی۔ توتیائے اخضر۔

فارسی۔ توتیا۔ اردو۔ نیلا تھوتھا۔ سندھی تو تیو ساڑھا۔

انگریزی۔ کاپر سلفیٹ COPPERSULPHATE

لاطینی۔ کیوپر سلفیٹ CUPRI SULPHATE

صفات:۔ گہرے نیلے رنگ کی ڈلیاں ہوتی اور بے بو ہوتی ہیں ذائقہ کسیلا اور تیز، ایک حصہ پانی میں قابل حل

افعال:۔ قابض خفیف معفن اطون قاتل جراثیم زہر قاتل دافع

افعال مخصوصہ:۔ امراض لثہ دہان، دہ بیان لثہ، قیح لثہ، واسیہ سوزاک چشم، رفع لحم زائدہ جلد بعد انتکاۃ۔

مضر:۔ زہر ہے۔

مصلح دیسی گاؤ روغنیات۔

مقدار خوراک:۔ یہ دوا بیرونی طور پر خارجاً یا آنکھ میں مستعمل ہے۔ خوردنی طور پر نہیں دیا جاتا۔

تربوز

عربی۔ بزالبطیخ ہندی۔

فارسی۔ چھ واندہ۔

ماہیت:۔ مشہور پھل ہے اس کی بیل پھیلی ہوئی اور پتے چوڑے ہوتے ہیں ریتلے حصوں میں بویا جاتا ہے چھلکا سبز کا

ہرا کسی کا سبزی مائل کسی کا سفید و چکنا گودا اکثر سرخ یا کچھ سفیدی سی جو پیلا یا سفید ہوتا ہے سرخ پختہ اور عمدہ اور شیریں ہوتا ہے بیج سفید سرخ سیاہ ابلق ہوتے ہیں۔

مزاج: بارد رطب۔ دوا میں مغز تخم مستعمل ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: اس کے بیجوں کے مغز میں سے پیلے رنگ کا تیل نکلتا ہے

خواص و افعال: مسکن صفرا و دم۔ مدر بول۔ ملین طبع مبرد

افعال مخصوصہ: مغز تخم سرخ حیب تقویت و تبرید دماغ تسکین صداع ادرار بول حمی رفع حمی محرقہ غب خالص دق آب حمی رفع حمیات حارہ و دق۔

مضر: طحال معدہ یا
مصلح: گلقند آفتابی شہد خالص نمک۔

بدل: دیگر افعال میں

مقدار: مغز تخم پانچ ماشے۔

تخم خیارین

افعال مخصوصہ : زہر یلے کرب کے اثر جانے میں تکلیفی حلق کے ساتھ استعمال ہوتی ہے مرض نمونیا و سوزاک میں دیگر مرکبات سے بہتر دوا جراثیم سرسام حمیچی کے امراض میں بھی فائدہ مند ہے۔

مقدار : ابتدا میں ۳۰ گرین بعد میں ۱۵ گرین ہر چار چار گھنٹہ بعد بطور ورید ی انجکشن ۵ سے ۳۰ گرین۔

سلفا تھیا زول سوڈیم

SULPHATHIAZOLE SODIUM

تھیا زول

سیا زول

صفات : سفید یا زرد کا ایک سفوف ہے بے بو ذائقہ ایک حصہ ۲۰۰ حصہ پانی میں قابل حل۔

تاثیر افعال مخصوصہ : جراثیم ہیجیدہ بعض تقریبی التہاب ترقوہ سوزش گولا کوکس آنتوں کی خرابی میں استعمال کی جاتی ہے۔

مقدار : ۱۵ سے ۳۰ گرین۔

سلفا میزا تھین

SULPHAMEZATHINE

سلفا میتھا زین

سلفا ڈائی ماٹی ڈین

صفات : سفید بلیک ہے اور سفوف ذائقہ تلخ اقراص کی شکل میں مستعمل ہے۔

افعال مخصوصہ : نمونیا۔

مقدار : بچاریں ۳۰ گرین پھر ۱۵ گرین ہر چار گھنٹہ بعد۔

سلفا گانے ڈین SULPHAGUANIDINE

صفات: سفید سوزنی سفوف ہے بے بو بے ذائقہ روشنی سے گہری رنگت اختیار کر لیتا ہے ایک حصہ ایک سو حصہ پانی میں قابل حل

مقدار: ۲۰ سے ۶۰ گرین۔ افعال: دافع جیف، زہریر جراثیم، تقرحی التہاب قولون، آنتوں کی جراحت سے پہلے یا بعد میں دیتے ہیں

سلفا سیکسیڈین SULPHASENIDINE

صفات: سفید زردی مائل سفوف معمولی طور پر پانی میں قابل حل۔ روشنی پڑنے پر سیاہ ہو جاتا ہے

افعال: دافع التہاب جراثیم قولون۔ زہریر جراثیم۔

سلفا پائرے ڈین

صفات: زردی مائل سفوف جو روشنی سے سیاہ ہو جاتا ہے۔ ذائقہ معمولی تلخ۔ بو نہیں ہوتی۔

انحلال: ایک حصہ تین ہزار حصہ سرد پانی میں، اور ایک حصہ سو حصہ کھولتے پانی میں قابل حل ہے۔

مقدار خوراک: ابتداء میں ۶۰ گرین تک دی جا سکتی ہے۔ بعد میں ۱۵ گرین ہر چھ گھنٹے بعد۔ پروٹینیٹ سیرپ ... مقدار ۳۰ گرین

نسبتاً کم زہریلا ہے۔ پرونٹوسیل سالیوبل — نیوپرونٹوسیل

سٹرپٹوزون	بطور عضلی انجکشن ۵ سے ۱۰ سی سی روزانہ بذریعہ تنقیع عضلی یا وریدی
سالیپٹین	۵ سے ۱۰ سی سی تک تحت الجلد عضلی یا وریدی تنقیع۔

سلفونے امائیڈ SULPHONAMIDE — سٹرپٹوسائیڈ STREPTOSIDE

پرونٹولین PRONTOLIN — سلفانل SULPHANIL

صفات: بے رنگ قلمیں یا سفید قلمدار سفوف۔ ذائقہ قدرے تلخ بعد میں قدرے شیریں۔ بو نہیں۔

انحلال: ایک حصہ ۲۰۰ حصہ پانی میں اور نصف حصہ گرم پانی میں قابل حل ہے۔ مقدار: ابتداء میں ۳۰ گرین بعد میں ہر چھ گھنٹے بعد ۱۵ گرین

سلفا سیٹا مائیڈ SULPHACETAMIDE — البوسائیڈ ALBUCID

صفات: سفید یا زردی مائل قلمدار یا باریک سفوف۔ ذائقہ تلخ۔ بو نہیں ہوتی۔ ایک حصہ ۱۵۰ حصہ پانی میں قابل حل ہے۔

سلفا سیٹا مائیڈ سوڈیم SULPHACETAMIDE SODIUM

صفات: سفید یا زردی مائل قلمدار سفوف۔ ذائقہ تلخ۔ بو نہیں۔ ایک حصہ ڈیڑھ حصہ پانی میں قابل حل ہے۔ اس کے آنکھوں کے قطور خفیف اور تیز ۱۰ فیصدی، ۲۰ فیصدی اور ۳۰ فیصدی مستعمل ہیں۔ افعال: دافع تعفن، قاتل جراثیم سمیہ۔

ہائیڈرو کلورو تھیازائیڈ HYDROGHLROTHIAZIDE — ایسیڈریکس ESIDREX

مقدار: ۲۵ ملی گرام دن میں دو بار۔ استسقائے لحمی، ورم، اور حالت قلبی استسقاء، گردہ و جگر میں مفید ہے۔ اس دوران ساتھ گرین تک پوٹاشیم کلورائیڈ استعمال کریں۔

سٹریپٹومائی سین

ماہیت: کیمیاوی مرکب ہے رنگ سفید سفوف ہے بو یا خفیف بو ذائقہ ہلکا تلخ پانی میں بآسانی حل ہو جاتا ہے نیز ہلکے تیزابی محلول میں بھی قابل حل ہے یہ عضلی تلقیح کی صورت میں بہت جلد جذب ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۰.۵ گرام سے ایک گرام تک بذریعہ انجکشن۔ دو لاکھ یونٹ سے دس لاکھ یونٹ تک پنسلین سے ملا کر بھی دیا جاتا ہے۔

سٹریپٹومائی سین کیلشیم کلورائیڈ STREPTOMYCIN ET CALCIUM CHLORIDE

سٹریپٹومائی سین ہائیڈروکلورائیڈ STREPTOMYCIN HYDROCHLORIDE

ماہیت: سفید ہے بو یا خفیف بو ذائقہ ہلکا تلخ نیم گرم پانی میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے اس سے انجکشن تیار ہوتا ہے۔

مقدار خوراک: ½ سے ایک گرام روزانہ اس کے ہر ملی گرام میں ۷۰۰ یونٹ طاقت ہوتی ہے

ڈائی ہائیڈرو سٹریپٹومائی سین DIHYDROSTREPTOMYCIN HYDROCHLORIDE

STREPTOMYCIN SULPHATE

ماہیت: پانی میں حل ہو نے والا سفید سفوف ہے۔

مقدار خوراک: ½ گرام سے ایک گرام۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: اورام باطنی عفونی تپ۔ جراثیم سل۔ ضعف المعدہ سیلان عفونی وغیرہ میں مفید ہے۔

افعال خصوصی: جراثیم دق۔ جراثیم توری۔ جراثیم چیچک۔ جراثیم انفلوئنزا میں موثر ہے کالی کھانسی میں بھی مفید ہے دق دماغی سرسام۔ کلہ دق حلقی نیز آنتوں۔ ہڈیوں جوڑوں کی تمام اقسام دق میں شافی دوا ہے جراثیم دق کو بے حس کر دیتا ہے پی اے ایس اور آئی این ایچ کے ساتھ زیادہ موثر ہے طاعون میں سٹریپٹومائی سین اور سوزاک میں ڈائی ہائیڈرو زیادہ موثر ہے۔

مضر اثرات: سر میں چکر۔ بہرہ پن جلد پر سرخ دانوں کا نمودار ہونا۔

انتباہ: اس کا بے سوچے استعمال مناسب نہیں جب تک مکمل تشخیص نہ ہو جائے ان دواؤں کو سرد و خشک جگہ رکھنا چاہئے اگر تھوڑی مقدار میں نہ ہو تو ایک ہی ٹوٹی میں تمام دوا انجکشن استعمال کیا جائے۔ سٹریپٹومائی سین اور سٹریپٹومائی سین کیلشیم کلورائیڈ آپس میں متناقص ہیں پنسلین اور سلفا کے ساتھ اس کے مرکبات ملا کر بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔

سوڈا

سوڈیائی ایٹ پوٹیشی ٹارٹراس SODII ET POTASSII TARRATE TARTRATE

صفات :- بے رنگ قلمیں یا سفید قلمدار سفوف ، ذائقہ نمکین اور سرد ٹھنڈا ، ایک حصہ ۱٫۵ حصہ پانی میں قابل حل ۔

کیمیاوی ترکیب :- NaK C4H 4O6 4H 2O

استعمال :- مدر بول ، مسہل ۔

مقدار :- ۲ سے ۴ ماشے ۔

سوڈیم سلفیٹ

SODIUM SULPHATE

صفات :- بے رنگ شفاف قلمیں ، مزہ نمکین اور تلخ ، چند پانی کے قطروں میں قابل حل ، ہوا لگنے سے شفافیت جاتی رہتی ہے

کیمیاوی ترکیب :- NA 2 SO4 1H2 O

استعمال :- مدر صفرا ، نمکین مسہل

مقدار خوراک :- ۲ سے ۴ ماشے ۔

سوڈیم فاسفیٹ ایسڈ

ACID SODIUM PHOSPHATE

یہ سوڈیم فاسفیٹ اور فاسفورک ایسڈ کے باہمی عمل سے حاصل ہوتا ہے ۔ بے رنگ قلمیں یا قلمدار سفوف ہے ، بو

ذائقہ ترش اور نمکین ۔ چوگنا پانی میں قابل حل ۔

کیمیاوی ترکیب :- 1 Na 2 HPO4 12H 2O

مقدار خوراک :- ۱ سے ۴ ماشے ۔

سوڈیائی کلوریس

SODII CHLORAS

نک طعلم / کلورس مالٹ ۔

صفات :- بے رنگ شفاف قلمیں یا سفید قلمدار سفوف بے بو ، ذائقہ نمکین ، تین گنا سرد پانی میں قابل حل ۔

انگریزی :- SODIUM-CHL.RIP

کیمیاوی ترکیب :- NaCl96CKC103CCCCl2a49ClMHOOC-C

افعال:۔ مدر طمث لطیف محرک جگر دافع تعفن۔

افعال خصوصی:۔ کالرا اور رطوبت پانی کی کمی میں دیتے ہیں

بڑی بڑی ڈلیاں ذائقہ نمکین۔ ایک حصہ پانی میں قابل حل۔

مقدار:۔ ۵ رتی سے ۲ ماشے۔

سوڈیم سنی میٹ

SODIUM CINNAMATE

صفات:۔ سفید دانہ خوشبودار سفوف ذائقہ خفیف کھاری۔

افعال:۔ محرک کریات بیضا دافع سرطان قاتل جراثیم۔

مقدار ایک سے ۱/۲ رتی۔

سداب

جنگلی۔ اسپند تلخ۔

عربی۔ تیمین ز مرزی۔

انگریزی۔ GRADENRUE

صفت و ماہیت:۔ ایک نبات ہے جس کی بلندی دو گز تک ہوتی ہے بستانی پہاڑی اور جنگلی تین اقسام کی ہوتی ہے سب سے بہتر بستانی ہے پتے چھوٹے نہایت بدبودار اور اس کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں ساق چھوٹی اس کی نبات بڑی بڑی شاخیں لگتی ہیں ان شاخوں پر بہت سی چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں ہوتی ہیں جن کی انتہا پر چھوٹے چھوٹے سر لگے ہوتے ہیں۔ پتے پر غبار کسی قدر سفید رنگ کا ہوتا ہے۔ پھول زرد و سبز رنگ۔

مزاج:۔ گرم خشک

افعال:۔ کاسر ریاح مقوی معدہ مسکن مدر بول دافع سمیت مجفف

افعال مخصوصہ:۔ امراض معدہ و جگر رگ معدہ تحلیل تفتیح رفع درد بطنی مقعد شل معدہ اوجاع تحلیل ریاح تفتیح سدہ الاخلاط فضول مقعد شل معدہ اوجاع تحلیل تفتیح رفع درد بطنی

مضر عرق اخلاط معدہ۔

مصلح: سکنجبین افسون ۔

بدل: ۔

مقدار خوراک ۔ ۱ سے ڈیڑھ ماشہ بعض کے نزدیک تین سے پانچ ماشے

سنبل الطیب

فارسی: سنبل الطیب

پنجابی: بلی لوٹن ۔

انگریزی ۔ VALERIAN RHIZOMA

لاطینی ۔ VALERIAN RHIZOMA

صفات: ایک نبات ہے۔ انگلی برابر اکر دیتی جس میں نہ پھول آتا ہے نہ پھل۔ بے شمار ریشے لگے ہوتے ہیں جڑ اس کی نہا
سخت ہوتی ہے دو قسم کی ہوتی ہے ایک سیاہ دوسری سرخ۔ سیاہ زیادہ خوشبودار ہوتی ہے بہتر وہ ہے جو تازہ ہو اور رنگ سرخ
سیاہی مائل ہو خوشبو تیز اور کالائی اور کسی طرح نگی نہ معلوم ہو بال چھوٹی ہو۔ تا اثر تین سال ۔

افعال: ہاضم، دافع تشنج، کاسر ریاح، مدر طمث، مقوی اعصاب، منفتح سدد ۔

افعال مخصوصہ: امراض معدہ، جگر معدہ، تقویت، تحلیل سدہ جگر، تفتیح تحلیل ادرار حیض، تقویت ۔

مضر: گردہ ۔

مصلح: رطبا خیز

بدل: ڈیڑھ گنا اذخر کی بجائے ان تجربات پر بست ... سنبل رومی ۔ مقدار خوراک: ۱ سے ۳ ماشے ۔

AMMONIATED TINCTURE OF VALERIAN

مقدار: ۲۰ سے ۶۰ بوند ۔

افعال: کاسر ریاح، دافع تشنج، مدر طمث حیض ۔

زنک ویلری اینیٹ

ZONIC VALERIANATE

افعال: مقوی اعصاب، دافع تشنج، دافع اختناق الرحم ۔

مقدار: نصف سے ۱ ۱/۲ رتی۔ ایک سے ۳ گرین ۔

سماق

فارسی: تترک۔ ترتری۔

عربی: سماق۔ حماق الابطین حقرب

انگریزی SUMASH

لاطینی RHUS CORIATIA

صفت وماہیت: یہ ایک درخت کا پھل ہے جو دو گز تک بلند ہوتا ہے بعض کے خیال میں انار کے برابر ہوتا ہے پتے لابنے اور مائل بسرخی ہوتے ہیں اور ان پر روان ہوتا ہے کنارے آری کے دانتوں کی طرح کٹے اور پھول چھوٹا پھل خوشوں کے اندر ہوتے ہیں پھل گوکھرو کے پھل کے برابر مگر چپٹا مسور کے دانے کی طرح ہوتا ہے پھل پر ایک پوست جس کا مزہ ترش ہوتا ہے پھل جتنا پکتا ہے ترشی بڑھ جاتی ہے پھل کا عصارہ نکال کر خشک کرکے بھی کام میں لاتے ہیں تروہ پھل ہی مستعمل ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مسکن مقوی قلب مقوی معدہ۔ قابض۔ حابس۔

افعال خصوصی: امراض معدہ۔ جگر گردہ تقویت معدہ رفع سیلان خون سے قے واسہال صفراوی۔

مضر: معدہ۔ جگر سرد۔

مصلح: انیسون۔ مصطگی رومی۔

بدل: سرکہ اقاقیا۔ امبرون۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۷ ماشے۔

سوہانجنہ

جنگلی: سہنجنہ۔ سہجنہ۔ دو منجنہ۔

انگریزی۔ HORSE RADISH TREE

لاطینی۔ GUILAMDINA MORANGA

صفت: درخت بیس فٹ سے اونچا ہے جس کا تنا سیدھا اور گولائی میں چار پانچ فٹ ہوتا ہے اس میں بڑی بڑی شاخیں نکلتی ہیں چھال بھورے رنگ کی ہوتی ہے اس میں گہری دراریں ہوتی ہیں پتے املی کے پتوں کی طرح مگر اس سے بڑے ہوتے ہیں زرد سفید سرخ تین قسم کے پھول آتے ہیں پھولوں سے شہد کی طرح تیز خوشبو آتی ہے پھلیاں ۹ سے ۱۸ انچ لمبی شکل ہوتی ہیں۔ انگلی کے برابر موٹی ان میں سے چھوٹے تخم نکلتے ہیں ذائقہ تلخ۔ تخموں سے نیلا سبز اور سرخ تیل بیجوں میں سے ۲۶ تولہ صاف تیل نکلتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: محلل ریاح۔ مسہل۔ ہاضم۔ مسکن۔ مفتت حصاۃ گردہ و مثانہ۔ مشتہی۔ مقوی اعصاب۔

افعال مخصوص: ورم تحلیل کر۔ مفتت حصاۃ و مدر حیض، کاسر ریاح۔ قاتل دیدان۔ مشتہی۔ سوزاک میں، استسقا میں مفید ہے۔

مضر: اچھا گرم کو مضر ہے۔ ضعف قلب

مصلح: دہنیا کی سیم۔ باقی نارنگی۔

بدل: نامعلوم۔

مقدار خوراک: تخم ایک ماشہ۔

سنگ بصری

ہندی: کھاپر۔

فارسی: سنگ بصری۔

عربی: حجر الکحل۔

انگریزی: BLACK JACK — ZINC ORE

کیمیائی: ZINC SULPHIDE

صفت و ماہیت: یہ سیسے کی کان کی خاک و سنگ ریزوں سے تانبا اور سیسہ جب اکٹھے وقت بجلی کے زور کشش میں جمع ہو کر جم جانے سے تیار ہوتا ہے۔ جیسے عرق سے بھی جست پگھلنے کا تیزاب پاک محلول حل کر دیتے ہیں اور ایک صورت ہونے پر چھان کر میں آنچ دیتے ہیں جب کہ اس پر جھاگ دکھائی دیتی ہے۔ جب اس کو چھان کر میں آنچ دیتے ہیں اور جھاگ اٹھنے پر آنکڑ رکھ لیتے ہیں اور اس طرح تھیں بند ہو جاتی ہیں ذائقہ کسیلا اور تلخ بے بو ہوتا ہے۔ رنگ خاکستری۔

مزاج: سرد خشک

افعال: مقوی بدن ضعیف۔ قابض مقوی اعصاب۔
افعال مخصوصہ: امراض چشم۔ تقویت روح باصرہ۔ حفظ صحت چشم۔ رعاف بخفقان روح خارج۔
مضر: سدہ پیدا کرتا ہے۔
مصلح: شہد۔
بدل: شادنج اور قلیمیا۔ عفص شہد خالص۔
مقدار خوراک: ۱ سے ایک ماشہ۔ زیادہ مقدار میں قے آور ہے۔

ست گلو

صفت و ماہیت: گلو کا نشاستہ ہے سفید اور معمولی تلخ ہوتا ہے۔ یہ تازہ گلو سے اس طرح تیار کیا جاتا ہے کہ تازہ گلو کو دھو کر کوٹ کر تھوڑا سا صاف پانی ملاتے ہیں اور پھر چھان کر گلو کا پانی علیحدہ کرتے ہیں۔ پانی مٹی یا چینی کے برتن میں ڈال اس پر کپڑا باندھ دیتے ہیں۔ خشک ہونے پر محفوظ کر لیتے ہیں پانی کو آگ پر جوش دے کر بھی خشک کر کے تیار کر لیتے ہیں مگر اول الذکر بہتر ہے ایک اور طریق بھی ہے کہ تازہ گلو کو دھو کر اور چھیل کر چھوٹے ٹکڑے کر کے رات بھر پانی میں بھگو دیں پھر مل کر صاف کریں اور دھوپ میں خشک کر لیں۔

مزاج: سرد۔
افعال: دافع بخار مقوی۔ قاطع صفرا۔
افعال مخصوصہ: بخار۔ تپ حیات۔ سوزش
مضر: اس میں کوئی خاص مضرت نہیں۔
مصلح: تباشیر۔
بدل: گلو۔ مقدار: ۲ سے ایک ماشہ۔

سنگدانہ مرغ

فارسی۔ چینہ دان
عربی۔ قانصہ شاہک

انگریزی۔ GIZZARD

صفت و ماہیت: یہ معدہ اور آنتوں سے علیحدہ چیز ہے پرندہ جو دانہ نگلتا ہے پہلے سنگدانہ میں نرم ہو لیتا ہے پھر پوٹے میں ہو جاتا ہے جسے معدہ کہتے ہیں سنگدانہ کو چیرنے پر اس میں کبھی کبھی کنکریاں اور بجریاں کانچ کے ٹکڑے ملتے ہیں۔ سنگدانہ بہت سخت گول اور چپٹا ہوتا ہے گھڑی کی سی وضع رکھتا ہے رنگ اوپر سے بیگنی کا سا اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے

مزاج: تمام پرندوں کے مطابق جس کا ہو۔

افعال: قابض۔ مقوی معدہ مقوی امعاء۔

افعال مخصوصہ: کبد دافع ضعف کبد معدہ تقویت قابض۔

مضر: قولنج کا مورث ہے۔

مصلح: سرکہ نمک۔

بدل: ایک طائر کا دوسرے طائر کا بدل ہے۔

مقدار: ایک ماشہ۔ معجون سنگدانہ مرغ مشہور قرابادینی مرکب امعاء اور معدہ کی تقویت و قبض کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔

سقمونیا

سقمونیا محمودہ۔

سیکمونی ریزن۔ SCAMMONY RESIN

صفات: ایک نبات کا رس ہے جو ایشیا میں ملتا ہے آسانی سے ٹوٹ جاتا ہے اس کا پودا تین چار گز تک بلند۔ اس کی شاخیں زمین پر پھیلی ہوتی ہیں۔ شاخوں پر رطوبت ہوتی ہے جو ہاتھوں پر لگنے سے چپکتی ہے شاخیں بڑی گرہ دار اور نرم ہوتی ہیں پتوں کی وضع عشق پیچاں کی سی پھول سفید گول اور اندر سے کھوکھلے ہوتے ہیں بو تیز اور ناگوار جڑ سے مختلف طریق سے حاصل ہوتی ہے ولایتی سقمونیا صاف شدہ ٹکیاں ہیں ذائقہ تلخی خفیف کسیلا۔ خالص زرد رنگ ہاتھ سے جلد جدا ہو جاتا ہے۔

افعال: مسہل قوی۔ مدر صفرا۔ قاتل دیدان و مخرج دیدان۔

افعال مخصوصہ: اسہال، اخراج بلغم و صفرا۔

مضر: محرب۔ مضر قلب و احشاء۔

مصلح: گلاب خالص۔

بدل: ڈیڑھ ماشہ ایلوا اور نصف وزن ہلیلہ زرد۔ دو مثقال گلاجی کی چھال۔

مقدار:۔ ایک سے چار رتی۔

سفوف سقمونیا مرکب:۔ COMPOUND POWER OF SCAMMONY

زنجبیل ایک تولہ، سقمونیا سہ تولہ، سفوف بنا کر نصف سے دو ماشہ تک استعمال کریں۔

سیندور

بنگالی۔ سیندور۔

فارسی۔ شنگرف، زراوک، سندریس۔

عربی۔ اسرنج، اسریج، اسرنج۔

انگریزی:۔ RED OXIDE OF LEAD

لاطینی:۔ PLUMBUM OXIDUM

صفت و ماہیت:۔ یہ زردی مائل سرخ سفوف جو وزنی ہوتا ہے رانگ اور سفیدے سے بناتے ہیں۔ پہلے جب شنگرف سے رنگت میں کم سرخ مگر اس سے مشابہ بے مزہ اور بے بو اور مثل سیسہ کے پیاہوا آگ میں نہ جلے زیادہ بہتر ہے۔

مزاج:۔ سرد خشک۔

افعال:۔ قاتل دیدان، حابس الدم

استعمال مخصوص:۔ امراض جلد، زخم ناسور، جلد تنقیہ، اعمال قروح خارجاً۔

مضر:۔ سم قاتل

مصلح:۔ موم، روغن کدو

بدل:۔ چند سیسہ سرد قلاں۔

مقدار خوراک:۔ صرف خارجاً مستعمل ہے۔

سلاجیت

بنگالی۔ شلاجتو۔

عربی۔ حجر الموسیٰ۔

انگریزی۔ STONE LAC — ASPHALT

لاطینی۔ STYRAX PRAEPRATUS

صفت و ماہیت: یہ ایک قسم کی سیاہ منجمد رطوبت ہے جو گرمیوں میں پہاڑوں سے تراوش پاکر منجمد ہو جاتی ہے ایسے پہاڑ جن میں سیسہ، تانبہ، سونا، چاندی وغیرہ کی کانیں ہوتی ہیں۔ رنگ سیاہ ذائقہ پھیکا اور قدرے تلخ ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقلل مدر، مقوی گردہ و مثانہ۔

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ مقوی باہ و اعصاب و اعضاء

مضر: گرم مزاجوں اور ریہ۔

مصلح: مصطگی رومی، کتیرا۔

بدل: جندبیدستر و قطران۔

مقدار خوراک: چار رتی۔

سیوتی

بنگالی۔ سے اُتی

فارسی۔ گل مشکیں

عربی۔ گل نسرین

انگریزی۔ CHINA ROSE

صفت و ماہیت: مشہور درخت ہے بستانی اور جنگلی دو قسم کا ہوتا ہے بستانی کا پھول سفید بعض زعفرانی اور بعض زرد و صندلی مائل ہوتا ہے۔ برابر اور گلاب کے پھول کی طرح مگر اس سے چھوٹا ہوتا ہے اس کے عرق میں خوشبو کم آتی ہے بخلاف اس کے جنگلی کا پیڑ گلاب کے پیڑ کے مشابہ اور خاردار اور بستانی کے پیڑ سے کسی قدر بڑا ہوتا ہے پھول کے بعض کا رنگ سفید بعض کا مثل بستانی کے پھول سے بڑا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: عموماً گل مستعمل ہے۔ مفرح قلب، محلل اورام، مقوی دماغ، ملطف۔

افعال مخصوصہ: امراض لثہ و دہان و قلب۔ تحلیل، تلطیف اورام، تقویت، تفریح، گل سوختہ رفع رطوبت، تسکین، تحلیل و تقویت

مضر: دماغ اور سینہ حلق۔

مصلح: گل سرخ، روغن بادام۔

بدل: گل کا پھول یا بنفشہ کا پھول۔ اس کے پھولوں کا گلقند اور تیل بھی تیار کیا جاتا ہے۔

سنا

سنا، برگ سنا، بھنگانی، سنا مکی۔

سنا فولیم **SENNAE FOLIUM**

سنا لیوز **SENNA LEAVES**

مقام پیدائش: حجاز، مدراس، سندھ، گجرات، یوپی، بمبئی میں موسم ربیع میں پائی جاتی ہے۔

صفات و ماہیت: سنا کا پتا ایک انچ سے کسی قدر زیادہ نشتری شکل یا کسی قدر بیضوی نوکدار نیچے کی جانب کا کنارہ غیر مساوی ثابت پتلا اور کاغذ کی طرح جسم میں خفیف زردی لئے ہوئے نیچے کی سطح پر نہایت باریک روئیں اور قریب قریب بالکل صاف بو مخصوص بھکی اور چائے کی مانند اور ذائقہ گندہ سا۔ سنا اور تیل لانے والا ہندوستانی سنا ہوتا ہے اس سے کچھ بڑا ہوتا ہے اس کی اور بھی اقسام ہیں جن میں کچھ فرق ہوتا ہے۔

افعال: مسہل، مسکن، منقی دماغ۔

افعال مخصوصہ: اسہال، اخراج اخلاط غلیظہ و لزجہ۔

مضر: مغص

مصلح: گل سرخ، روغن بادام

بدل: ریوند، شاہترہ یا سفوف ریوند چینی، ہلیلہ زرد کی تمام مقام ہندوستانی سنا

مقدار: دو ماشے تک۔

مرکبات: معجون سنا **CONFECTION OF SENNA**

افعال: مسہل۔ مقدار: ۲ سے ۴ ماشے۔

شربت سنا **SYRUP OF SENNA** ملین ہے مقدار: ۲ سے ۴ ماشے۔ سفوف سنا کی دو سے چار ماشے مستعمل ہے۔ جوشاندہ سیاہ۔ بلیک ڈراٹ **BLACK DRAUGHT**

مقدار: ۲ سے ۴ ماشے۔

سیکرین

سیکرین

لاطینی: گلوسائیڈم GLUSIDUM

گلوکوسائی مائیڈ GLUCUSIMIDE

انگریزی: سیکرین SACCHARIN

کیمیاوی نام: BENZOYLSULPHONIMIDE

صفات و ماہیت: یہ کولتار سے حاصل کی جاتی ہے۔ در اصل یہ جوہر شکر نہیں بلکہ سفید قلمیں یا قلمدار سفوف ہے۔ ذائقہ نہایت شیریں کھانڈ سے تین سو گنا شیریں۔ ایک حصّہ چار سو گنا سرد پانی میں تحلیل، ایک حصّہ ۲۸ حصّہ گرم پانی میں تحلیل ہے۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: بعض محلولات کو میٹھا کرنے کے لئے مستعمل ہے

مقدار: ½ سے ۲ گرین۔

سیکرین سوڈیم — سفید قلمی سفوف ہے، بے حد میٹھا

افعال: یہ محلولات کو میٹھا کرتے اور موٹاپا کم کرنے اور ذیابیطس میں استعمال کیا جاتا ہے جو جسم کو غذائیت نہیں پہنچاتی۔

بدل: شکر۔

سپستان

بنگالی: بہوارہ، جاتی۔

فارسی: سپستان

عربی: سبستان، دبق، ابو لق مخاط

انگریزی: NARROW LEAVED SUPISTAN

لاطینی: CARDIA ANGUTI — FOLIA

صفت و ماہیت: یہ قریب قریب بیر اور سعد کے بیر کے برابر ایک درخت کا پھل ہے دو قسم کا ہوتا ہے، ادنیٰ مائل سرخ رنگ خشک ہونے پر خفیف سے ڈوکڑ اور جھریدار ہوتے ہیں، ذائقہ پھیکا خام حالت بلکہ مسلم ہونے پر شیریں ہو جاتا ہے۔ درخت اوسط لمبا قد کا جس کا میٹھا یا کچھ مزا ہوتا ہے چھوٹی چھوٹی شاخیں سرخی مائل ہونے رنگ کی ہوتی ہیں اس کے جھونے پتے چکنے

ہوتے ہیں اس پر سفید رنگ کے پھولوں کے گچھے اور ہرے رنگ کے پھلوں کے گچھے لگتے ہیں پھل پکنے پر نرم و ملائم ہو جاتے ہیں۔ ان کا چھلکا موٹا اور چپکنے والے گودے سے بھرا ہوتا ہے اس کی گٹھلی میں ایک دو دانے ہوتے ہیں اور اس میں چکنائی ہوتی ہے۔

مزاج: معتدل۔

افعال: مسکن، منفث، ملین، مدر۔

افعال مخصوصہ: امراض صدر، تلیین صدر، رفع سعال یابس، تصفیہ صوت، جگر، دافع خفقان، بلغم، رفع سعال یابس۔

مضر: مصدع جگر۔

مصلح: عناب، برگ گل سرخ۔

بدل: خطمی، عناب۔

مقدار: ۱ تولہ تا ۲ تولہ۔

سرس

بنگالی: سرشی، کالو جھلا سرش۔

فارسی: درخت زکریا۔

عربی: سلطان الاشجار۔

لاطینی: ALBEZIA AMARA

انگریزی: ACACIA SPECIOSA۔

ماہیت: یہ ایک بہت بڑا درخت ہے جس کی بلندی ۴۰ سے ۵۰ فٹ تک ہوتی ہے۔ اس کا تنا بہت چوڑا ہوتا ہے۔ اس کی چھال آدھا انچ موٹی اور باہر سے بھورے رنگ کی اور اس میں بہت سی چھوٹی بڑی دراڑیں ہوتی ہیں۔ اس میں خوشبودار اور سفید پھول لگتے ہیں۔ اس کی پھلیاں ۸ سے ۱۰ انچ لمبی اور ۱ انچ چوڑی اور پتلی، بھورے پیلے رنگ کی ہوتی ہیں جن میں ۸ سے ۱۲ تک بیج نکلتے ہیں۔ اس کے پتے سبز اور بیج بھورے سرخی مائل ہوتے اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: جالی، مقوی، منقی، مقوی باہ۔

افعال مخصوصہ: برگ سبز امراض لثہ و لسان، برگ سبز کشیدہ دندان تسکین درد، تقویت دندان و لثہ، تخم امساک، تقویت قلب، رفع ورم۔

مضر:- تلخیہ امراض بالیہ۔

مصلح:- روغن زرد، نبات سفید۔

بدل:- تخم ترہ تیزک اور رائی سفید۔

مقدار خوراک:- تخم دو تا چار ماشہ، چاول ۵ تا ۱۰ ماشے۔

سیکران

بنج سیکران۔

فارسی:- بنگ دیوانہ۔

اردو:- اجوائن خراسانی۔

انگریزی HYOSCYAMUS

لاطینی : HYOSCYAMI

صفات:- یہ بنج نامی ایک چھوٹے سے پودے کے بیج ہیں جو خودرو بھی ہے اور باغات میں بھی بویا جاتا ہے۔ پتے بہت سبز ہوتے ہیں طول مختلف بعض وقت ایک بالشت تک بھی لمبے ہوتے ہیں گردے کی شکل یا بیضوی شکل کے ہوتے ہیں تنا لیس دار رنگت سبز، ذائقہ سے تلخ اور بو ناگوار قدرے سا تند تیز اجوائن سے کسی قدر مشابہ عام طور پر اور جلدی پہچان اجوائن کی ہوتی ہے شناخت ہو بایک سرواں۔

مزاج:- سرد خشک

افعال:- مخدر، مسہل، منوم، مسکن، دافع تشنج دماغ۔

افعال مخصوصہ:- امراض معدہ، دفع درد معدہ، امراض مخصوصہ اسہال تحلیل منی۔

مضر:- دماغ۔

مصلح:- شہد خالص لیموں۔

بدل:- افیون، اجوائن دیسی اور خشخاش سیاہ۔

مقدار خوراک:- ایک ماشے تک

مرکبات:- EXTRACT HYOSCYMAUS

مقدار:- آدھ سے دو گرین

ٹنکچر ہائیوسائمس TINCTURE HYOSCYAMUS مقدار:- دس سے تیس بوند۔

ہائیوسائن ہائیڈروبرومائیڈ HOSCINE HYDROBROMIDE مقدار:- ۱/۱۰۰ سے ۱/۵۰ گرین

زیرجلدی انجکشن INJECTIO HYOSCINAE HYPODERMICA

ایک جزو آب مقطر میں ایک گرین۔ مقدار: ۵ سے ۱۰ قطرہ۔

ہائیوسائمین سلفیٹ HYSOCYAMINE SULPHATE مقدار: ۱/۲۰۰ سے ۱/۱۰۰ گرین۔

افعال: مخدر، مسکن، مسکن الم، دافع تشنج۔

سم الفار

تیزاب الہلک۔

فارسی: مرگ موش۔

اردو: سنکھیا، ہندی: سنکھل کھار۔

لاطینی ACIDUM ARSENIOSUM

انگریزی ACIDUM. ANHYDRIDE

آرسینس ایسڈ۔ ARSENIOUS ACID

وائٹ آرسینک۔ WHITE ARSENIC

صفات: سفید بڑے بڑے چمکدار ٹکڑے یا شفاف ڈلیاں ہوتی ہیں۔ سنکھیا رکھنے سے دانہ دار ملی ہو جاتی اور اس پر تہہ جم جاتی ہے پانی میں بہت کم حل ہوتی ہے کئی قسم کی ہوتی ہے۔ سفید، سیاہ، سرخ، زرد وغیرہ۔

انحلال: سو حصہ سو پانی میں دانہ دار سنکھیا گیارہ حصہ اور ڈلیاں تیرہ حصہ حل ہوتی ہے۔ سرخ کو کوئلہ پر ڈالنے سے لہسن کی سی بو آتی ہے

مدت: سربمہر رکھنے سے اس کی قوت باقی رہتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: محلل، دافع بخار، مصفیٰ خون۔

افعال مخصوصہ: امراض مخصوصہ، تحلیل، تقویت باہ، جذب طرقات، تنظیم کر، تفریح بخار۔

مضر: زہر قاتل ہے۔

مصلح: روغن زرد، گھی۔

بدل: دوسری اقسام، اکسید سرسٹا، بلیاں۔

مقدار: ۱/۴ چاول۔

مرکبات :۔ فولرز سلوشن **FOWLER'S SOLUTION**

دیگر نام :۔ لائیکر آرسینیکیلس۔ **LIQUOR ARSENICALIS** رنگ سرخی مائل۔ صاف شفاف۔ ذائقہ بے کیفیت کھاری

مقدار :۔ ۲ سے ۸ منم۔

افعال :۔ مصلح۔ دافع امراض زہریہ۔ مقوی اعصاب۔ مصفیٔ خون۔ مدر طمث۔

محلول سم الفار ہائیڈروکلوریک **HYDROCHLORIC SOLUTION OF ARESNIC**

صفات :۔ بے رنگ سیال۔ کیفیت ترش

افعال :۔ مصلح۔ مدر طمث۔ دافع امراض زہریہ۔ پلیولا آرسیٹیکا **PILULA ARSATICA** نسخۂ حب

۱/۲ رتی۔ مرچ سیاہ ۱/۲ ۵ رتی۔ جوز مائل۔ ا رتی۔ گوند کے لعاب میں مرچ سیاہ کے ساتھ گولیاں بنا کر استعمال کریں۔ ملیریا و زہریہ میں

مفید ہے۔ نیز سلورسان۔ سلفرسنیال۔ ایسی ٹارسل۔ ایٹشائیمن وغیرہ بھی مفید مرکبات ہیں۔

SALVARSAN (S.A.B.) NEO ARSPHENAMIN

سجی

بنگالی :۔ ساجی کھار۔

فارسی :۔ اشخار۔

عربی :۔ نطرون۔

انگریزی :۔ **SODIUM CARBONATE**

صفت و ماہیت :۔ یہ سفید اور سیاہ دو قسم کی کھار ہے جو اشنان وغیرہ بوٹیوں کو جلا کر حاصل ہوتا ہے جلانے پر رطوبت نکل کر یہ جم جاتی ہے۔ رنگ بھورا مائل سیاہ و سفید ذائقہ تیز شور سا ہوتا ہے۔

مزاج :۔ گرم خشک

افعال و اعمال :۔ ہاضم۔ منفث بلغم

افعال مخصوصہ :۔ مقوی معدہ۔ ہاضم طعام۔ قاطع بلغم۔

مضر :۔ ایک درم زہر قاتل ہے اور نہایت مضر۔

مصلح :۔ گھی۔ مسکہ۔ اشیاء چرب اور ترش ادویہ۔

بدل :۔ طبی کتب میں کہیں نہیں ملا۔

مقدار :۔ ایک سرخ۔

سوڈا بائی کارب

SODIUM BICARBONATE سوڈیم بائی کاربونیٹ

صفات:۔ سفید رنگ۔ سفوف یا چھوٹی بے قاعدہ قلمیں۔ ذائقہ خفیف کھاری ایک حصہ ۱۲ حصہ سرد پانی میں قابل حل۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ دافع، مفتح جگر۔ دافع الحموضت۔

افعال مخصوصہ:۔ معدہ، جگر، ہاضم و مقوی۔ مفتح، مقئی۔ گھیر، بیض، دماغ کی پیچش ورم میں مفید ہے۔

مضر:۔ زائد مقدار میں دینے سے معدہ کو مضر پہنچاتا ہے۔

مصلح:۔ ترش اشیاء۔

مقدار خوراک:۔ ۵ سے ۲۰ گرین۔

سوڈیم کلورائیڈ

SODIUM CHLORIDE

COMMON SALT کامن سالٹ

SODII BICARBONAS

نمک طعام۔

SODII CHOLORIDUM

صفات:۔ چھوٹے چھوٹے سفید دانے یا شفاف قلمیں شش پہل ڈلیاں ایک حصہ تین حصہ پانی میں قابل حل

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ دافع الحموضت۔ مقوی محرک کی۔ معدہ۔

افعال مخصوصہ:۔ ہاضم و کاسر ریاح۔ مسہل، جلا، مقوی ذہن، آنکھ کو مفید۔

مضر:۔ دماغ ۔ خارش کا موجب۔

مصلح:۔ مغز بادام اور اشیائے بارد۔

بدل:۔ نمک سنچر۔

مقدار:۔ ۱ سے ۲۰ گرین۔ ایک ماشہ سے تین ماشے۔

سمندر سوکھ

ہندی۔ سمندپات۔ پنجابی۔ گگ۔

انگریزی ARGY ROISPECIOSA لاطینی CONVOLVULUS ARGENTEN

صفات :- یہ رائی کے دانے کے برابر بلکہ اس سے بھی بڑے سیاہ رنگ اور چکنے بیج ہیں بہت بڑی بیل ہوتی ہے اس کی شاخوں اور پتوں کے نیچے سفید نرم ریشمی روئیں ہوتے ہیں پتے برگ تنبول کی طرح گول دو تین انچ لمبے ہوتے ہیں اکثر اتنے چوڑے اور ضخیم ہوتے ہیں مگر ان کی پشت بہت سی رگیں رکھتی ہیں۔ روئیں والی جانب روئی کی طرح سبز ہوتے ہیں پھول بڑے پھول کی طرح اور اس سے چھوٹا ہوتا ہے اس کا رنگ سرخ سیاہی مائل ہوتا ہے اور باہر سے سفید اور بیگنی جامنی کی طرح روئیں دار پھل تمبل کی طرح اور پانچ اور قدرت میں پتا ہوتا ہے جس میں چار بیج ہوتے ہیں ان بیجوں سے تیل نکالا جاتا ہے لیکن اس کا پھیکا ہوتا ہے۔

مقام پیدائش :- ہندوپاک۔

مزاج :- پہلے درجے میں سرد و تر۔

خواص :- تخم ممسک مغلظ منی۔

افعال خصوصی :- امراض مخصوصہ مرداں مغلظ منی امساک۔ رفع جریان و سوزاک۔

مضر :- دیر ہضم

مصلح :- شہد خالص۔

بدل :- تخم سرواں۔

مقدار :- دو ماشے۔

سنگ جراح

فارسی۔ شکر سنگ۔ سنگ زخم۔

عربی۔ حجر الاعرابی۔

انگریزی۔ SOAP STONE

لاطینی۔ SILICATE OF MAGNESIA

صفت و ماہیت :- یہ ایک قسم کا سفید سے وزنی چکنا پتھر ہے جس میں زیادہ بہتر ہوتا ہے جو کہ زخموں میں بھی کام آتا ہے اس لئے اس کا نام سنگ جراحت رکھ دیا۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: حابس الدم، قابض، مجفف، جالی۔

افعال مخصوصہ: امراض اندرون دہان، دافع قلاع، مخفف جریان دم، مسدد، مجفف قروح، حابس دم۔

مضر: امراض مثانہ۔

مصلح: روغن گل۔

بدل: [illegible]۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۳ ماشے۔

سمندر جھاگ

بنگالی: سمندر پھینا۔ فارسی: کف دریا۔

عربی: زبد البحر۔

انگریزی: CATTLE FISH BONE

لاطینی: SADIA OFFICINALIS

صفت و ماہیت: یہ ایک بحری جانور کی پیٹھ کی اوپر کی ہڈی ہے جو کہ بحیرہ قلزم اور بحیرہ عرب نیز فارس میں ملتی ہے یہ جانور ایک بالشت کا ہوتا ہے اس کے منہ کے نیچے چوڑا ہوتا ہے جس کے اندر دم گوشت ہوتا ہے اس گوشت میں سیاہ رنگ رطوبت بھری ہوتی ہے یہ جانور مرنے کے بعد جب ساحل پر پڑا رہتا ہے تو عرصہ بعد اس کا گوشت اور کھال گل سڑ کر ہڈیاں رہ جاتی ہیں اسے سمندر جھاگ کہتے ہیں۔ رنگ سفید جالی دار اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔ ماہی گیروں کے ذریعے بھی حاصل ہو جاتا ہے علاوہ اقسام کے ہوتی ہے بہترین وہ ہے جو سفید اور ہلکا اوپر سے چکنا اندر سے کھوکھلا تہ در تہ ہو۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص: جالی مقوی۔

افعال مخصوصہ: امراض رفع غبار چشم جلا بصر۔

مضر: سر۔

مصلح: روغن کدو۔

بدل: مہرہ۔ ارنی۔ ورمنہ۔

مقدار: بقدر ضرورت۔

شنگرف

بنگالی، ہنگل۔ فارسی، شنگرف۔ عربی، زنجفر، شجرف

انگریزی، SULPHIDE OF MERCURY-CINNABAR

لاطینی SULPHUNATHUM HYDRARGYRUM

یہ ایک سرخ رنگ کا مادہ ہے جو مشہور معدنی شے ہے۔ پارے اور سونے اور گندھک کی کانوں سے نکالا جاتا ہے پارے اور گندھک کو ملا کر متعدد طریق سے تیار بھی کیا جاتا ہے۔ بہتر وہ ہے جس کی ڈلیاں بڑی سرخ اور سیاہ ہوں اور اس میں گندھک کی بو نہ آئے۔ اس کی طاقت بڑھانے کا طریق یہ ہے کہ اس کے دو تولہ بھر کے پانچ ٹکڑے کر کے ایک سلاد سے صاف کپڑے میں سی کر ہنڈیا کے بیچ میں رکھ کر اس ہنڈیا کو نمی دے کر جنگلی اپلوں کی آنچ دیں کہ ہنڈیا اچھی طرح سے پک جائے اور اوپر سے کچھ جل بھی جائے۔ جب وہ بالکل سرد ہو جائے تب اس کو پوٹلی سے نکال کر دوسرے ہنڈیا میں رکھ کر اسی طرح سے آنچ دے دیں۔ اس طرح سو مرتبہ آنچ دے کر تیار کر لیں۔ اس طرح قوت اور بھی بڑھانی ہو تو بطور لہسن میں رکھ کر سو ۱۰۰ آنچ دیں۔ اس طرح پیاز میں رکھ کر سو ۱۰۰ آنچ دیں یہ تیار شدہ ۱/۲ سے ایک چاول تک دیں۔

مزاج: گرم خشک

خواص و فوائد: بعض جاذب رطوبت کو جذب کرتا ہے مسقط زخم و دافع جذام مقوی باہ محلل۔ اس کے مرکبات سکتہ، فالج، استرخاء، اختلاط و ہذیان، جذام اور امراض سوداوی کو دافع ہیں۔

استعمال کے مخصوص مواقع و افعال: امراض مخصوصہ، تقویت باہ، جملہ اعمال قروح، رفع آتشک و جذام۔

مضر: در ورثہ خفقان و خناق۔

مصلح: شیر خالص۔

بدل: در شیشہ مغسول بقدر مناسب۔

مقدار: ۱/۲ چاول سے ایک رتی تک۔

شہد

بنگالی، مدھ۔ فارسی، انگبین۔ عربی، عسل۔

انگریزی، HONEY

لاطینی، MEL — HUNIG

مخصوص قسم کی مکھیاں بعض نباتات کے برگ و گل میں سے ایک قسم کا رس چوستی ہیں جو ان کے معدہ میں جا کر شہد میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ دانہ دار، چکنی اور مزہ شیریں، خوشبو لطیف، بہترین وہ ہے جو چھتے سے ٹپک کر نکالا جائے اس میں موم وغیرہ ملا ہوا ہوتا ہے۔ عمدہ رنگ سرخ شفاف کا لعاب خوش مزہ اور آگ سے ملانے سے گاڑھا ہو جاتا ہے۔

کیمیاوی ترکیب: دو حصے انگوری شکر نیز ایک قسم کی شکر کے علاوہ موم اور دیگر جوہر، سلفیٹ، کلورائیڈ، فاسفیٹ وغیرہ پر مشتمل ہوتا ہے سیاہ، سبز یا کوئی ملا جلا جز نہیں ہوتا۔

شہد خالص ہونے کے لئے انڈین فارماکوپیا حسب ذیل ہے۔ وزن فی ملی لیٹر ۱.۳۵ گرام سے کم نہ ہو۔ تیزابیت ۱۰ گرام میں NAOH ¼ ML ۴ سے زیادہ نہ ہو۔ AZO DYE (مصنوعی رنگ کی ایک قسم) موجود نہ ہو۔
نوعی مسائلی تحویل (SPECIFIC ROTATION) +۰.۱ سے -۳.۰ تک۔
کلورائیڈ کی مقدار ۰.۰۰۵ حصے فی ملین سے زیادہ نہ ہو۔ سلفیٹ کی مقدار ۲۵۰ حصے فی ملین سے زیادہ نہ ہو۔
مصنوعی تحویل شکر (انورٹ شوگر) FIEHE'S TEST منفی ہونا چاہئے۔ خارجی رنگ، حیوانی تہہ، نشاستہ اور ڈکسٹرین نہ ہو راکھ ۰.۵ فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ FIEHE'S TEST (شہد میں INVERT SUGAR (مصنوعی گلوکوز اور فرکٹوز) شناخت کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ شہد کا آبی محلول (تناسب ۱:۵) ... ایک ملی لیٹر کے ... ایتھر کے ساتھ اچھی طرح تیزی کی جائے۔ اس کو گرم کرنے سے ایتھری سطح علیحدہ ہو جاتی ہے اس میں سے ۱ ملی لیٹر کی سفید چینی کی پیالی میں ڈال کر ایتھر کو اڑا دیا جائے۔ بچ رہنے والے مادہ میں RESORCINOL کے تیزابی محلول (تناسب ۱:۱۰۰ ملی ہائیڈروکلورک ایسڈ کے محلول میں ایک گرام RESORCINOL) کا ایک قطرہ ملانے سے سرخ نارنجی یا سرخی مائل جو ... رنگ پیدا ہونا چاہئے۔ زیادہ سے زیادہ ہلکا نارنجی گلابی رنگ نمودار ہو سکتا ہے جو تیس سیکنڈ میں غائب ہو جاتا ہے۔

ہمارے ہاں شہد خالص کا منتخبہ ذیل معیار ہے۔ رطوبت ۲۰ فیصد سے زیادہ نہ ہو، راکھ ۰.۵ فیصد سے زیادہ نہ ہو گنے کی شکر ۱۰ فیصد سے زیادہ نہ ہو۔ تحویل شکر ۶۰ فیصد سے کم نہ ہو۔ FIEHE'S TEST منفی ہو۔

مزاج: تازہ شہد گرم خشک۔

خواص و فوائد و محل استعمال: مصفی مواد ردیہ، دافع سدہ، مقوی باہ، جلائے بصارت، مسہل، دافع سعال، حلق جلا اکلیل۔

افعال مخصوصہ: منضج رطوبات، دافع جملہ امراض باردہ، چشم جلا، مقوی بصر، منقی، مقوی تحلیل، ملیّن لطیف، مقوی معدہ، دافع ریاح، استسقا، اوجاع باردہ، احتراق، منقی بلغم و فساد خون۔

مضر: امراض حارہ، معدہ حار محرق۔

مصلح: ترشی، سرکہ، انار ترش، کتیرا۔

بدل: انگور اور مویز کا رس۔ مقدار خوراک دو سے ایک تولہ تک۔

شبت

فارسی: شبت

اردو: سوا، سویا۔

انگریزی: DILL FRUIT

لاطینی: ANETHI FRUCTUS

صفات: یہ ایک مشہور نباتات ہے، جس کے پتے چھوٹے اور باریک سونف کے پتوں کی طرح ہوتے ہیں۔ اس میں ایک خاص قسم کی خوشبو آتی ہے۔ ساق ایک گز تک اونچی اور پھول چھتردار ہوتا ہے۔ رنگ زرد و سفید ہلکا، تیز کڑوا چرپرا۔

طبیعت: گرم خشک۔ قوت دو برس تک رہتی ہے۔

خواص و افعال: برگ، پتے کا سر پر لیپ محلل اورام ہاضم۔ تخم مسدد قاطع ریاح ادرار ابول و سعال یابس منفث حصات محلل اورام منوم۔

افعال مخصوصہ: آب برگ سبز، اخراج مواد۔ تخم معدہ اور ادرار تحلیل طحال اور ادرار تحلیل تقویت۔ تخم اخراج مواد۔

مقدار: ۲ سے ۳ ماشے۔

تخم شبت

صفات: بیضاوی شکل، پشت ابھری ہوئی طول میں ایک انچ کا چھٹا حصہ، رنگ سوجی جیسا بھورا، کنارے پتلا چھلکے کی مانند ہلکا زرد، خوشبودار اور ذائقہ کسی قدر تلخ۔ ہر بیج دو حصوں پر مشتمل ہوتا ہے اور ہر حصہ پر پانچ خطوط شاہ ہوتے ہیں۔ لیکن ان سے اس طرح شناخت کیا جا سکتا ہے اس کے عرض میں دونوں طرف باریک جھلی کے پر جیسے لگے ہوتے ہیں گویا اس طور پر اس میں ۷ فیصدی ایک اڑ جانے والا روغن ہوتا ہے جس کی بو تیز خوشبو سے مخصوص ہے۔

طبیعت: گرم خشک

خواص و فوائد: کاسر ریاح بیاسے بادہ اسوجہ منفث حصات مدر بول ہاضم منضج حل۔

افعال: تخم معدہ اور ادرار تحلیل عدم تحلیل تقویت طحال ادرار اخراج مواد بلغمی

مضر: دماغ چشم معدہ گردہ۔

مصلح: کافور، لیموں و اشمودوں کا رس، اور مزاجوں کے لئے شہد یا دارچینی یا اگنگ برائے مزاج حار۔

بدل:۔ روغن شبت

مقدار:۔ ۲ ماشے۔

روغن شبت

ڈرل اوکل۔ اولیم انیتھائی۔ OLEUM ANETHI

افعال:۔ ملطف و حار محلل اورام دافع تعفن و کاسر ریاح۔

افعال مخصوصہ:۔ کاسر ریاح۔

افعال:۔ رحم حیض دافع تشنج مسکن کاسر ریاح۔

مقدار:۔ ایک سے ۲ ماشے۔

شیلم

فارسی۔ گندم دیوانہ۔ جیہار۔

انگریزی۔ ارگٹ آف رائی۔ ERGOT OF RYE ERGOT

لاطینی۔ ERGOTA

صفات و ماہیت:۔ ایک دانہ ہے جو جو سے باریک اور چھوٹا ہوتا ہے میں تلخی اور رنگ سرخی مائل ہوتا ہے پودا اس کا گیہوں کے پودے کے مشابہ اور اسی کے کھیت میں اگتا ہے جو ہر قدر پتلا اور سخت ہوتا ہے بعض کہتے ہیں کہ جانے کے بعد پہلے مائل بہ زردی ہو اور بعد میں مائل بہ سرخی ہو جاتا ہے اور اس میں تھوڑا کھٹا پن ہو اور چکنے لگے، اس کا روغن بھی روغن گیہوں کی طرح تیار کیا جاتا ہے۔ دانے تقریباً اسطوانی یا کچھ مثلث جیسا ہوتا ہے ایک انچ لمبے نوک دار ہوتے ہیں بیرونی رنگت سیاہ بنفشی اندرونی سفیدی مائل ارغوانی بو ذائقہ نامرغوب۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

خواص و فوائد:۔ محلل ورم محلل صلابت۔ دافع نزف حابس الدم معین ولادت۔

افعال مخصوصہ:۔ دافع اوجاع و صلابت مجمل ولادت حابس دم۔

مضر:۔ چکراتا ہے اور اعضاء کو سست و بے حس کرتا ہے۔

مصلح:۔ گھی اور مادہ دودھ ترش۔

بدل:۔ بکھیرو۔

ریپ سیلم ایجولیٹ آف ارگٹ کلوئڈ

سحوت ئیم ارگوٹی پرے پیریٹا EXGOTAE PRE PARATA

ہائیپوڈرمک انجکشن آف ارگٹ HYPODER MIC INJECTION OF ERGOT

امونی ایٹیڈ ٹنکچر آف ارگٹ AMMONIATED TINCTURE OF ERGOT

ارگٹو امین ٹارٹریٹ یا فیمرجن ERGOT AMINETARTRATE—FEMER GIN

BELLEFGAL ارگٹ فنابار بی ٹون کا مرکب ہے۔

عصبی دردوں حیض کے اوجاع میں مفید ہے۔

ERBOLIN یہ اقراص بھی سیلان خون کے لئے مفید ہیں۔

شاہترہ

بنگالی۔ اکشت پاپڑہ۔ فارسی۔ شاہترہ

عربی۔ شاہترج۔

انگریزی۔ FUMARIA

ماہیت:۔ یہ ایک مشہور گھاس ہے جو دو قسم پر مشتمل ہے ایک کے پتے دھنیے سے مشابہ چھوٹے اور گہرے خاکستری رنگ پھول بنفشی اور چھوٹا دوسری قسم کے پتے اس سے چوڑے اور بڑے پھول کا رنگ سفید مزہ دونوں اقسام کا تلخ اور ساتھ تھوڑی سی تیزی۔ سبز اور تازہ زیادہ بہتر ہیں عموماً گیہوں اور جو کے کھیتوں نیز باغات میں خود رو پیدا ہوتی ہے۔

طبیعت:۔ مرکب القویٰ اور حرارت میں معتدل

افعال و خواص:۔ مفتح سدہ جگر و طحال۔ مقوی معدہ و جگر مسہل اخلاط ثلاثہ دافع مصفی خون مدر بول بہق بثور دافع یرقان

افعال مخصوصہ:۔ امراض جلد احتراق خون بہق جلد احتراق خون تحجر فراق، احتراق سودا۔

مضر:۔ جگر ریہ۔

مصلح:۔ کاسنی۔

بدل:۔ نصف وزن۔

مقدار خوراک:۔ آب مروق ۲ تولہ، ۵ سے ۷ چپیاں ۷ ماشہ تنتوع الاطریفل میں مستعمل ہے۔

شادنج

فارسی۔ شادنہ، شیدنہ۔

عربی۔ حجر الدم، حجر الطور۔

صفت و ماہیت:۔ جلدی سے ٹوٹنے والا پتھر ہے کئی اقسام کا ہوتا ہے سرخ زرد سفید خاکستری تیرہ مائل بسیاہی خشخاشی سرخ اور زرد نقطوں دار ابلق، سرخ عدسی بہتر ہوتا ہے خاکستری رنگ سب سے ناقص ہے مسور کی شکل اور توڑنے پر اندر سے سرخ ہوتے ہیں ذائقہ پھیکا۔

مزاج:۔ سرد خشک۔

افعال:۔ مجفف، رادع، قابض، مقوی اعصاب، مندمل، حابس الدم۔

افعال مخصوصہ:۔ امراض صدریہ۔ اندمال قروح، حبس سیلان خون۔

مضر:۔ امراض شانہ۔

مصلح:۔ کتیرا۔

بدل:۔ سنگ مقناطیس سوختہ اور دم الاخوین اور رسوت۔

مقدار:۔ دو ماشہ۔

شورہ

بنگالی۔ سورا، فارسی۔ شورہ قلمی، عربی۔ شورۃ البقر

انگریزی۔ POTASSIUM NITRATE

لاطینی۔ POTASSIUM NITRAS

صفت و شناخت:۔ بکھاری زمینوں کا کھار ہے یہ نمک دریا کی طرح دانہ دار ہوتا ہے اگر اس میں پانی ڈال کر پکا کر اس میں باریک تیلیاں سینکیں رکھ دیں اور جالیں تو سرد ہو کر قلمیں بندھ جاتی ہیں پہلی قسم شورہ غیر قلمی اور دوسری شورہ قلمی کہتے ہیں۔ شفاف دانہ دار ہے بو ذائقہ نمکین منہ میں رکھنے سے سرد معلوم ہوتا ہے پانی میں قابل حل۔ آنچ دینے سے پگھل جاتا اور آگ پر ڈالنے سے چنگاری نکلتی ہے

مزاج: گرم خشک

خواص و فوائد: مفتح سدہ و مخرج مواد ردیہ بلغمی، مدر بول و حیض۔ و یرقان میں نافع۔ گرمی کو پیدا کرنے والا اور بالوں کا دور کرنے والا بتایا گیا ہے۔ جدید طب میں دوران خون کو کم کرتا اور مقامی طور پر مہیج ضعف قلب سے بطور مدر بول و معرق

افعال و استعمال مخصوصہ: امراض گردہ و مثانہ۔

مضر: مرارہ و گردہ۔
مصلح: شہد خالص، کتیرا۔

بدل: بہمن ابیض۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۰ گرام۔

شورہ کا تیزاب

صفات: شورہ اور گندھک کا تیزاب اور پانی ملا کر کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔ بے رنگ سیال ہوا کے مقابلے نمایاں اور اکال بخارات نکلتے ہیں تانبے پر ڈالنے سے سرخ رنگ کے بخارات نکلیں گے ڈائلیوٹ میں وزن حساب ہوتا ہے۔ کھاری دوائیں اور شراب مقطر اس کے۔

خواص و فوائد: اکال بیرونی طور پر آتشک کے زخموں پر مستعمل ہے۔

شہتوت سفید

صفات: ایک درخت کا پھل ہے لمبا سفید رنگ شیریں مزہ۔ بہتر بڑا اور شاداب ہوتا ہے یہ پھل قلمی ہے جو قلم سے لگتے ہیں۔ درخت تیس چالیس فٹ تک اونچا ہوتا ہے۔ تنا کافی اور گولائی میں سات آٹھ کبھی دس بارہ فٹ ہوتا ہے چھال سفید اور بھورے رنگ کی ہوتی ہے جاڑوں میں اس کے پتے گر جاتے ہیں اور فروری مارچ میں پتے نکلتے ہیں پھر شاخ کے الگ ڈالیوں پر اسی موسم میں نکلتے ہیں پھل اپریل مئی میں آتا ہے اعلیٰ شہتوت کی ایک قسم نہایت اعلیٰ ہوتی ہے درخت پر پرندوں کی بھیڑ ہوتی ہے۔

مزاج: گرم تر۔

خواص و فوائد: مولد اخلاط صالح و مولد خون معتدل۔ دافع یبوست مفتح سدہ۔

افعال مخصوصہ: مقوی دل، مقوی باہ و حلق دافع ورم۔

مصلح: ... مقوی باہ مادہ مواد بر حلق و لسان۔

بدل: شہتوت سیاہ۔

شہتوت سیاہ

صفات :- سفید کی طرح طول اور بعض اس سے بھی موٹا اور دانہ دار ہوتا ہے ابتدا میں سرخی یا سیاہی مائل جو جب پک کر سیاہ پڑ جاتا ہے بہت ترش اور پک کر چاشنی دار بلکہ شیریں غالب آجاتی ہے۔ بہتر وہ ہے جو بہت بڑا اور شاداب ہو تو سیاہ شیر تلخی و ترشی دونوں طرح کا ہوتا ہے۔

طبیعت :- مائل بہ یا دوسرے درجہ میں سرد اور معتدل۔

خواص و فوائد :-

مضر :- ریہ اور پھیپھڑہ
مصلح :- شکر اور شہد۔

بدل :- شہتوت سفید۔

شیر خشت

فارسی :- شیر خشک، شیر خرب، عربی :- من علی السماوی۔

انگریزی :- MANNA

لاطینی :- MANNA

صفات :- ایک قسم کا منجمد شیریں رس ہے جو موسم گرما میں ایک درخت کے پتوں تنے اور شاخوں کی چھال سے خود بخود رس کر جم جاتا ہے لیکن تنے کی چھال میں اوزار سے شگاف دینے سے زیادہ رستا ہے۔ رنگ دودھ کی طرح زیادہ سفید ہوتا ہے جدید تحقیق یہ ہے کہ یہ ستہ کا منجمد رس ہے۔ رنگ سفید قدرے زردی لئے خوشبودار ذائقہ شیریں ٹکڑے ایک انچ سے چھ انچ تک طول میں ایک سے دو انچ عرض میں ناہموار سفید اور بآسانی سفوف ہو جانے والے ایک جانب سے گیہوں رنگت میں زردی مائل بو خفیف سی متلانے والی ذائقہ شیریں۔

مقام پیدائش :- جنوبی یورپ، ایشیائے کوچک، ایران و خراسان۔

کیمیاوی ترکیب :- اس کا جزو اعظم ہے جو ۴۰ سے ۶۰ فیصد ہوتا ہے اس کے علاوہ شکر ہوتی ہے۔ شراب مقطر کے جوش دینے سے حاصل ہوتا ہے ٹھنڈا ہونے پر چمکدار قلمی شکل میں حاصل ہوتا ہے پانچ حصہ پانی میں قابل حل معمولی بھی تیار کرتے ہیں اصل سفید چکنی زبان پر رکھنے سے ٹھنڈک پیدا کرتی ہے۔

طبیعت :- گرم تر۔

خواص: ملین بلا ۔ مخرج صفرا ۔ مسہل بلغم ۔ مخرج اخلاط سوداوی ۔ مسکن سدہ جگر و طحال ۔ دافع خشونت حلق ۔

مضر: معدہ مسہل اور معدہ سے میں پیاس پیدا کرتا ہے ۔

مصلح: بادیان، گلاب ۔

بدل: ترنجبین ۔

مقدار: ۲ سے ۴ تولہ ۔

شکاعی

فارسی: چرچہ ، کاکیلو ۔

عربی: شوکۃ البیضاء و ذو ثلث شوکات ۔

صفت و ماہیت: ایک زرد رنگ نباتات ہے جو سبزہ زرد خاردار ہوتی ہے دو اقسام کی ہوتی ہے ۔ ایک کا پھول سفید شاخیں باریک اور اونچی ہوتی ہیں رنگ سفید ٹہنیاں چھوٹی چھوٹی دوسری کا پھول نیلا شاخیں موٹی موٹی اور ٹہنیاں بہت کم ہوتی ہیں رنگ سبزی زردی مائل ہوتا ہے ۔ اصل شکاعی کا اطلاق دوسری قسم پر ہی ہوتا ہے ۔ اس کا پھول نیلا زردی مائل بیج چار یک دو گونہ خاکستری و شیریں ہوتے ہیں ساق شلث لمبی اور پیچ ہوتی انگلی سے کم موٹی ہوتی ہے پتے خرنوب کی پتوں جیسے اور ہر پتے سرے پر کانٹا لگا ہوتا ہے ۔ تازہ جوہر اور پھل مستعمل ہے ۔

مزاج: گرم خشک ۔

خواص و فوائد: ملطف بلغم ۔ تفتیح سدہ ۔ نافع برائے بارد امراض معدہ و جگر ۔ دافع حمی مفید برائے قولنج اور حصر علل لطیف جگر معدہ و طحال ۔

افعال مخصوصہ: محلل ریاحات ۔

مضر: ریہ کو ۔

مصلح: ریہ کے لئے صمغ عربی اس کے لئے شہد ۔

بدل: بادآورد ۔

مقدار: ڈیڑھ ماشہ

شکر تیغال

فارسی: تیغال ، شکر لیسہ ، قند تیغال ، شکر سخت ۔

عربی۔ شکر تیغال۔

صفات و شناخت۔ ایک کیڑے کا گھر اور تیغال ہے یہ کیڑا بڑی مکھی اور بھیڑ کی طرح ہوتا ہے۔ اپنے اوپر غلاف بناتا ہے اور اسی میں مر جاتا ہے اور بعض دفعہ سوراخ کے ذریعے نکل بھی جاتا ہے تازہ شیریں زیادہ ہوتا ہے۔ بعض میں شیرینی کم ہوتی ہے اس کیڑے کے نام پنجابی تغال، شکر تیغال ہے کیونکہ شکر کیڑے کو تیغال کہتے ہیں۔ ذائقہ شیریں، رنگ سفید۔

خواص و فوائد۔ ملین صدر، محرق بلغم، دافع خشونت صدر، مسہل صدر، مسکن حدت اخلاط دافع، گلے کی خشکی اور معدہ سے درد و خشکی کو رفع کرتی ہے۔

افعال مخصوصہ۔ امراض صدریہ

مضر۔ کثرت پیدا کرتی ہے اور معدہ کو ڈھیلا کرتی ہے۔

مصلح۔ سکنجبین

بدل۔ نبات سفید

مقدار۔ ایک تولہ۔

شکر الفواکہ

شکر الفواکہ

فارسی شکر میوہ جات

انگریزی۔

درجہ۔

طبعی۔ سرد درجہ دوم

اردو۔ پھلوں کی شکر

صفات۔ سفید زردی مائل سفوف شیرینی شکر سے زیادہ لیکن ذائقہ شیریں۔

افعال۔ ملطف، مولد حرارت غریزی۔

مقدار۔ حسب ضرورت۔

صعتر

بنگال:- بنجو شش۔

فارسی:- اوشن۔ اشین۔ اواشنہ پودینہ کوہی۔

عربی:- صعتر۔ ابرجلہ۔

انگریزی:- ORIGANUM VULGARE

صفات و ماہیت:- ایک گھاس کے پتے ہیں متعدد اقسام ہیں بستانی صحرائی۔ کوہی۔ بستانی کا پتا گول۔ صحرائی کا پتا طولانی اور چھوٹا اور نازک پہاڑی کا پتا چوڑا اور گول جس کے پتے سیاہ ہوں اسے صعتر فارسی کہتے ہیں جملہ اقسام کا مزہ تیز خوشبودار۔ پھول سب کا نیلا۔

مقام پیدائش:- خراسان، پاک و ہند۔ خراسانی اچھی ہے۔

مزاج:- گرم خشک۔

خواص و فوائد:- محلل ریاح، ملطف، یابس جسمی ہیں۔

افعال مخصوصہ:- امراض معدہ، مقوی معدہ، ہضم طعام، تفتیح سدد، تحلیل ریاح، دفع بواسیر ریحی۔

مضر:- ریہ۔

مصلح:- سرکہ خالص۔

بدل:- پودینہ

مقدار خوراک:- ۳ سے ۵ ماشے۔

صندل سفید

بنگال:- رکت چندن۔

فارسی:- صندل سرخ

عربی:- صندل احمر۔

انگریزی:- RED SANDAL WOOD

لاطینی:- PETROCARPAS SANTALANUS

صندل سفید و سرخ:

مقام پیدائش: میسور، کورگ، بمبئی، راجستھان، یوپی، دکنی بھارت۔

صفت و ماہیت: صندل کے درخت کی لمبائی ۴۰ فٹ تک ہوتی ہے بارہ مہینے ہرا بھرا رہتا ہے ذائقہ تلخ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ تنے کی گولائی تین فٹ تک ہوتی ہے ٹہنیاں چکنی اور لٹکی ہوئی پتے پتلے اور ایک دوسرے کے آمنے سامنے لگتے ہیں پھول ابتدا میں گچھے دار گہرے رنگ کے بغیر بو والے ہوتے ہیں پھل خوشے کالے رنگ کے ان میں ایک ایک بیج نکلتا ہے اس کے تنے کے حصے کی لکڑی کچھ پیلی بھورے رنگ کی اور بہت خوشبودار ہوتی ہے قوت میں برس تک رہتی ہے بہتر نہایت خوشبودار ریشہ سخت اور چرب ہوتی ہے۔ صندل کیڑا سے محفوظ رکھتا ہے سب سے اعلیٰ صندل وہ ہے جو جڑ کے ریشوں سے اوپر اور زمین کے نیچے رہتا ہے اور رنگ گہرا ہوتا ہے بیجوں میں سے تیل نکالا جاتا ہے یہ تیل صاف اور پیلے رنگ کا ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک

فوائد و افعال: مفرح، مقوی قلب و معدہ، مواد کا بعض تحلیل اورام حارہ، مصفی خون، دافع شورش، مسکن عطش، دافع بخار، دافع ریح، مسکن۔

مضر: قوت باہ۔

مصلح: شہد۔

بدل: نصف وزن کا۔

مقدار: ۲ سے ۳ ماشے۔

صندل سرخ

عربی: صندل احمر، ہندی: لال چندن۔

مقام پیدائش: کرناٹک، مدراس، بمبئی، بنگال۔

ماہیت: اس کا درخت نسبتاً سفید سے چھوٹا ہوتا ہے اور اکثر پتھریلی زمینوں گرم اور خشک ملکوں میں ہوتا ہے لکڑی میں سے آئل نکالا جاتا ہے درخت مثل صندل سفید مگر لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے۔ بہتر سرخ تیز صاف کم ریشہ ہو۔

فوائد: افعال میں سفید سے کم۔

افعال مخصوصہ: سفید۔ امراض سر میں تجزیر تحلیل ورم، تسکین درد، دافع امراض قلب تفریح و تقویت قلب، جلد تصفیہ خون ورم تحلیل برائے گرمی دفع اکثر حمیات و دافع امراض سوداویہ۔ سرخ: سرخ مثل صندل سفید جلد تسکین ورم قبض برائے گرمی احتراق مثل سادہ صندل سفید۔

مصلح :- شہد یا مصری ۔

مضر :- باہ و آواز اور ریہ کو ۔

بدل :- نصف وزن کافور اور پیاری بعض کے نزدیک سفید صندل ۔
مقدار خوراک :- ایک سے ۲ ماشے ۔

صندل کا تیل

یہ ایک سیماب طبع روغن ہے جو سرخ یا سفید صندل سے کشید کیا جاتا ہے ہلکا زرد رنگ کسی قدر گاڑھا تیز خوشگوار شل صندل ذائقہ تیز اور چرپرا شراب خالص میں قابل حل جزو اعظم جوہر صندل ۔

فوائد :- مانع بارہ عفونت و سکن مفید بارہ سوزاک و مانع سیلان ۔
مقدار خوراک :- کیپسول میں دو تین بوند سوزاک میں ۵ سے ۱۰ بوند ۔

عنب الثعلب

بنگالی۔ کاکی ماچی عربی۔ عنب الثعلب۔

فارسی۔ روباہ تریک، تاج ریزی، انگور روباہ

انگریزی BUTTER SWEET — NIGHT SHADE

لاطینی SOLANUM NIGRUM۔

صفات و شناخت:۔ ایک روئیدگی ہے جس کے پودے چھوٹے چھوٹے ہوتے اور برسات میں اگتے ہیں بستانی جنگلی اور پہاڑی پر سہ اقسام پر مشتمل ہے مطلق عنب الثعلب سے مراد بستانی ہے پودے کا ارتفاع زمین سے ایک فٹ تک بلند ہوتا ہے شاخیں بکثرت پھیلی ہوئی ہیں پھول سفید پھل انگوروں کی شکل میں تقریباً چنے کی مقدار میں ہوتے ہیں ثمر پہلے سبز پھر کچھ زرد سرخی و سیاہی مائل ہوتا ہے بیج چھوٹے چھوٹے گول سفید رنگ کے ہوتے ہیں بعض پھل سیاہ بھی ہوتے ہیں مگر ان میں تلخی ہوتی ہے بہترین سبز و تازہ ہوتا ہے

کیمیاوی تجزیہ:۔ اس کے تمام اجزاء میں ایک قلم دار جوہر پایا جاتا ہے جو سولینین کہلاتا ہے یہ الکلائیڈ ہے اس کی نازک وبے رنگ قلمیں سوئی جیسی بن جاتی ہیں بے بو ہوتا ہے اس میں ہلکی تلخی زائقہ ہوتا ہے اس میں ایک اور جوہر بھی ہے جسے ڈیکامارا کہتے ہیں یہ گلوکوسائیڈ ہے۔ پہلے تلخ اور بعد میں شیریں معلوم ہوتا ہے الکحل اور ایسٹک ایسڈ میں حل ہو جاتا ہے۔

مزاج:۔ سرد خشک۔

خواص و فوائد:۔ قوت ماسکہ، دافعہ اور محللہ تینوں پائی جاتی ہیں۔ محلل اورام، دافع خناق، ملطف، منضج القائم مسکن اسہال مخصوص صعدہ، امراض گوش خشک حلق، دوغ، تحلیل حیض صداع، مثل حلق، رحم، رفع ہیجان خون، رطوبت تحلیل ورم، آب برگ سبز گوش تسکین درد تحلیل افراط۔

مضر:۔ مضر معدہ

مصلح:۔ سرد و تر اشیاء

بدل:۔ کاکنج

مقدار خوراک:۔

عصارۂ ریوند

عربی فرنگی۔ انگریزی EXTRACT RHEI

صفات و ماہیت:- ایک درخت کا رال ملا ہوا گوند ہے۔ اسکی ڈالیوں پتوں اور پھل یا درخت کے تنے کو شگاف دینے سے زرد رنگ کا رس ٹپکتا ہے۔ جسے دھوپ میں خشک کر لیتے ہیں درخت کی چھال لمبی ہوتی ہیں مخروطی یا بعض اوقات گول سطح پر سیدھی لکیریں اور اچھی طرح سے یا کم و بیش آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ چپکے یا ملے ہوئے ٹکڑے سے بے جوڑ معلوم ہو جاتی ہے اور ٹوٹی ہوئی سطح صاف اور چمکدار اور رنگت میں سرخ و زردی مائل صفوت کی رنگت خوب صورت ذائقہ خراش دار پانی کے ہمراہ رگڑنے سے زرد رنگ کا سیال بنتا ہے شراب اور پانی کے ساتھ پے در پے ملانے سے حل ہو جاتا ہے کیمیاوی تجزیہ اس کا جو ایک الکحل میں حل ہوتی ہے گوند ۲۰ سے ۲۵ فیصدی ہوتی ہے گوند ۲۰ سے ۵۰ حصہ ان رکھنے سے مشتمل ہو جاتا ہے قوت دس برس تک رہتی ہے۔

مزاج:- گرم خشک

افعال:- اخلاط۔ مدر دافع تقوہ فالج، سہل قوی گرم محرک حرکت۔

افعال مخصوصہ:- اسہال، محرک حرکت امعاء، ملین۔

مضر:- آنتوں اور معدہ

مصلح:- روغن بادام۔

بدل:- راوند گوند۔

مقدار خوراک:- رتی سے ایک ماشہ حسبِ طبیعت سے دو گرین تک نسخہ مسہلہ ریوند ۲ گرین، دائی کا پودینہ ۲ گرین، سوڈا بائیکاربونیٹ ۲ گرین کیلومل ۲ گرین، ان کی ۲ خوراک بنا لیں۔ ان کی ایک خوراک ایک دو گھنٹہ بعد۔ یہ اطفال کو مفید ہے۔

عود ہندی

فارسی:- عود ہندی۔ عربی:- عرقی۔

انگریزی:- EAGLE WOOD

لاطینی:- AEQUILARIA AGALLOCHA   AMYRUS AEQUILARIA.

صفات و ماہیت:- ایک درخت کی شاخ ہے جو بہت عظیم اور ٹہنیاں، ڈالیاں اس کی ٹیڑھی ٹیڑھی اور غیر مستوی اور تھوڑی ناہموار ہوتی ہیں جتنا مختلف ہو کچھ عرصہ تک زمین میں گاڑتے ہیں اس کے بعد اسے نکال کر اسے صاف کرتے ہیں اور یہ عود عرقی کہلاتی ہے اس کا عطر بھی نکالتے ہیں سیاہ مٹیالا رنگ سخت وزنی قدرے تلخ ہوتی ہے۔

مزاج:- گرم خشک۔

افعال:- ملطف۔ مفتح سدہ اور مفرح و مقوی قلب اور مقوی اعصاب اور ان کے دماغی عمل ریاح خارج، دافع عفونت، مانع عفونت

افعال مخصوصہ:- عود عرقی جیسے دو سہال تخفیف رطوبات۔ تقویت معدہ و جگر۔

مضر:۔ امزجہ حارہ۔
مصلح:۔ کافور گل سرخ۔
بدل:۔

عشبہ

فارسی۔ عشبہ۔ عربی۔ عشبہ النار، عشبہ مغربی۔
انگریزی:۔ SARSAPRILLA
لاطینی:۔ SARSA RADIX.
مقام پیدائش:۔ وسط امریکہ۔
صفات و شناخت:۔ جدید تحقیق ایک بیلدار درخت کی جڑ ہے پتے چوڑے، سبز اور بعض نوکدار رگیں ان میں نمایاں ہوتی ہیں پتوں کے پاس سے ڈنڈیاں نکل کر ان میں چھوٹی چھوٹی کلیاں آتی ہیں جو کھل کر پھیل جاتی ہیں پتوں کی جڑ سے تار نکلتے ہیں جو سہارے پر جا کر بل کھا جاتے ہیں ان میں اکثر جڑیں گچھے دار، اور عموماً پنسل کے قریب موٹی ہوتی ہیں رنگت بھوری مائل اور اوپر بہت سے نشانات بنے لگے رہتے ہیں بو ندارد، ذائقہ گوند کا سا چبانے سے بہت خفیف تلخ اور کسی قدر خراش دار۔ بہتر وہ ہے کہ جس کی شاخیں نہ زیادہ پتلی ہوں نہ موٹی اور سرخ نیم رنگ اور یہی جب توڑیں تو اندر کا گودا سفید ہو۔
کیمیاوی تجزیہ:۔ اس میں ایک معتدل جوہر ایک لطیف روغن اور رال و نشاستہ شامل ہیں۔
مزاج:۔ گرم خشک۔
خواص و فوائد:۔ مصفی، مخرج سودا۔
افعال مخصوصہ:۔ احتراق خون۔
مضر:۔ امزجہ حارہ۔ مانع امراض صدد ریہ۔
مصلح:۔ روغن بادام۔
بدل:۔ چوب چینی۔
مقدار خوراک:۔ دو ماشے۔

عناب

فارسی۔ سیلانہ۔ عربی عناب۔ انگریزی:۔ JUJUBE لاطینی JUJUBA

صفات و ماہیت۔ ایک درخت کا پھل ہے جو بیری کے درخت کے برابر ہوتا ہے۔ اس کے پتے بیری کے پتوں سے تھوڑے اور لمبے ہوتے ہیں اور درخت کی چھال کا رنگ سرخ اور لکڑی بھی سرخ اور نیم رنگ ہوتا ہے اس کا پھل ہوتے ہیں یہ پھل بیری درخت سے ذرا بڑا اور بہتر وہ ہے جو بڑا اور پکا اور سرخ رنگ گودہ دار شیریں ہو۔ اس کی قوت بھی پانچ برس تک قوت و مال تک قائم رہتی ہے۔ نیپال۔ ... عراق میں اکثر ہوتا ہے۔

مزاج۔ گرمی و سردی میں معتدل۔ بعض سرد اور بعض گرم بھی کہتے ہیں۔

افعال و استعمال۔ ملطف بعض خون۔ مسکن دماغ

افعال مخصوصہ۔ امراض چشم و حلق۔

مضر۔ نفاخ۔ مضر معدہ و ...

مصلح۔ ... خاص۔

بدل۔ بہیدانہ۔

مقدار خوراک ... دانے۔ ... دیگر دواؤں کے ساتھ اس کا جوشاندہ معمول مطب ہے۔

عاقر قرحا

بنگالی۔ ... فارسی۔ ...

عربی۔ عود القرح۔ عقر قرحا۔ عاقر قرحا۔

انگریزی۔

لاطینی۔ PYRETHRUM RADIX

صفات و شناخت۔ ایک بوٹی کی جڑ ہے اس کے پودے کی شاخیں ... ہوتی ہیں اور ایک جڑ سے بہت سی شاخیں نکلتی ہیں اور ... سے ہوتی ہیں۔ تمام پھل ... ہوتا ہے۔ جڑ انگلی کے برابر موٹی ... اور بیری ... ہوتی ہیں اس کے بیچ ... ہیں جن پر کوئی ... نہیں ہوتا ... چار انگل لمبے ... موٹے ... کی شکل کے گول ... ہے۔ رنگ ... کی ایک چھال سی ہوتی ہے ... سطح کھردری اور ... سے توڑیں ٹوٹ جاتی ہے۔ ... خاص ... اس کو منہ سے چبانے سے ... لگتی ہے۔ تمام منہ اور حلق میں ... ہوتی ہے۔ بہتر وہ ہے جو سخت تیز اور ... ہو۔ اندر سے سفید ... ہو۔ قوت ... تک قائم رہتی ہے

خواص و فوائد۔ ... مسدد۔ مخرج فضلات ...

افعال مخصوصہ۔

مضر: مدر ہے۔
مصلح: کتیرا۔
بدل: اسراحی بچھ۔
مقدار: دو ماشہ سے پانچ ماشہ۔
نسخہ: لیوتی ماترونی، وشاد ایک رتی، ایم ایک رتی۔

عقیق

عربی عقیق یمنی - انگریزی CORNELION.

صفات: رنگین چمک دار منسوب معدنی پتھر ہے جو صاف اور شفاف ہوتا ہے اس کا معدن یمن میں ہے عدم کے کنارے بھی ملتا ہے مگر یمنی ہے جو سخت ہوتا ہے سرخ زرد سفید اور سیاہ کئی رنگ کا ہوتا ہے دوا اس کے علاوہ انگوٹھیوں میں بھی مستعمل ہے۔ سب سے اعلیٰ قسم سرخ اور شفاف پائی جاتی ہے۔ اس کے بعد زرد ہے مختلف رنگ کے طبقات ... رکھتے ہیں جس جزو کو عرقی میں کاٹتے ہیں تو خطوط اس کے نگینے کی سطح پر مدور غیر مدور معلوم ہوں اس کو ... ہیں جس میں سفید یا دو رنگ

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مفرح و مقوی قلب، دافع خفقان حابس، مقوی معدہ ... مقوی بصر۔

افعال مخصوصہ: چشم تقویت بصر، قلب تفریح و تقویت قلب۔

مضر: گردہ، حلق۔

مصلح: گردہ کے لئے کتیرا، حلق کے لئے مغز کدو۔

بدل: رنگے کی جڑ اور کہربا۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ یا کم، کشتہ عقیق دو رتی تک۔

عفص

فارسی - مازو - اردو - ماجو پھل۔
انگریزی گال   لاطینی: گالا

صفات: ایک ایسے درخت کا پھل ہے جو درخت بلوط سے مشابہت رکھتا ہے اس کی شاخوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا سوراخ کر کے اپنا انڈا رکھتا ہے اس سوراخ میں سے رطوبت نکل کر ایک گولی کی شکل میں جم جاتی ہے جسے مازو کہتے ہیں یہ سخت وزنی اور گول

ہوتی ہے قدرے مختلف یعنی قطر اس کا آدھا انچ سے ایک انچ تک ہوتا ہے۔ سطح پر زیادہ سے زیادہ چھوٹے چھوٹے ابھار ہوتے ہیں ان کے مابین سطح بھی صاف ہوتی ہے۔ رنگت اوپر سے نیلگوں سبز اور اندر سے لدوی مائل یا سفید بھورا پن لئے ہوتا ہے۔ بیچ میں اندر ایک چھوٹا سا غار ہوتا ہے۔ ذائقہ کسیلا۔ ایک دوسری قسم اوپر سے نیلگوں اور اندر سے اس میں سوراخ نہیں ہوتا۔ دوسرے سفید اور ہلکے ہوتے ہوتے ہیں۔ اچھا مازو وہ ہے جو سبز اور ہلکا ہو۔

کیمیاوی تجزیہ: مازو میں ۵۰ تا ۷۰ فیصد ٹینک ایسڈ اور ۲ فیصد گیلک ایسڈ اور چپچپا مادہ اور شکریات ہوتے ہیں۔ ٹینک ایسڈ اور گیلک ایسڈ مازو کا جوہر اور تیزاب ہیں۔ ٹینک ایسڈ چمکدار پرت یا ہلکے زرد رنگ کی ڈلیوں میں ملتا ہے۔ ذائقہ قابض کسیلا۔ اس میں ہلکی بو ہوتی ہے۔ پانی اور شراب میں قابل حل، خالص ایتھر میں بہت کم حل ہوتا ہے۔ گیلک ایسڈ سوئی کی مانند اور ریشم کی طرح ملائم ہوتی ہیں رنگت قریب قریب سفید اور ہلکی زرد ہوتی ہے۔ ۱۰۰ حصہ ٹھنڈے پانی اور تین حصہ گرم پانی اور شراب مقطر میں حل ہو جاتا ہے قوت قبض اس میں کم تاثیر رکھتی ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

خواص و فوائد: قابض، حابس الدم، ناشف رطوبات، مقوی۔

افعال مخصوصہ: امراض لثہ و لسان و رحم۔ لثہ و لسان: تقویت لثہ، دفع قلاع و رطوبت دہن، سنون اور مرہم میں بکثرت مستعمل

مضر: صدر۔

مصلح: صمغ عربی، کتیرا

بدل: انار کا چھلکا، جفت بلوط، ساق، گل دھاوا، ہلیلہ زرد

مقدار: ۳ ماشے

عنصل

عربی: اشقیل۔

فارسی: پیاز دشتی۔

اردو: کانڈا۔

لاطینی: SCILLA

انگریزی: SQUILL

صفت و ماہیت: مشہور بوٹی کی جڑ ہے۔ اس کے پتے معمولی پیاز کی طرح مگر چوڑائی میں کم، پھول سفید اور لمبا ہوتا ہے۔ کسی قدر خراش دار ایک دو انچ کا، پھول نیم شفاف رنگ و ذائقہ تلخ، سفید سندوری مائل یا پیلا بھورا بو کچھ نہیں ذائقہ تلخ۔ جنگلی پیاز

سے فراہم ہوتا ہے اور بحر ہند کے کنارے پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مدر بول، مخرج بلغم، مقی، منفث، محلل، مفتح۔

افعال خصوصی: دماغی امراض، استرخاء چشم، ضیق النفس، سعال، مخرج رطوبات ریہ، ثقل سماعت میں مفید ہے۔

مضر: مثانہ اور آنتوں کو نقصان رساں ہے۔

مصلح: نمک اور پانی سے کئی بار دھو کر، سرکہ کے ساتھ کھانا۔

بدل: ریٹھا، رائی اور شہد۔

مرکبات

VINEGAR OF SQUILL ACETUM SCILLAE

مقدار خوراک: دس سے تیس بوند

اکسی مل عنصل OXYMEL SCILLAE SYRUPUS SCILLAE

مقدار خوراک: نصف تا ایک ڈرام۔

ٹنکچر عنصل

مقدار خوراک: پانچ سے تیس بوند

PILL OF IPECAC WITH SCILLA

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ گرین

COMPOUND PILL OF SQUILL

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ گرین۔

عود صلیب

فارسی: فاوانیا۔ عربی: عود صلیب

انگریزی: PAEONIA EMODI

لاطینی: PAEONIA OFFICINALIS

صفت و ماہیت: یہ ایک جڑ ہے جس کے درخت کی ساق دو بالشت کے قریب لمبی ہوتی ہے اور اس پر چھوٹی سی شاخیں ہوتی ہیں ساق کے سر پر بادام کی طرح غلاف ہوتے ہیں، ہر غلاف میں انار کے دانوں کی طرح لال لال دانے نکلتے ہیں اور ہر دانے میں پانچ یا چھ

پھر جو بیج ہیں چھوٹے رنگ کی سیاہی مائل ہوتی ہیں پتے کاہو یا شاہترہ کے پتوں کی طرح اور چکنے اور کھردرے ان کناروں کے بیچ میں
پھول گلاب کے پھول کی طرح اور نیلا ہوتا ہے اس کی نیلا ایسے ہی زرد رنگ کا زیرہ ہوتا ہے جیسا گلاب کے پھولوں میں پایا جاتا ہے
افعال و فوائد:۔ قاطع سیلان خون کا روکنا اور ہیضہ، حابس البطن مسکن عطش اطفال دافع حمی۔

افعال و استعمال مخصوصہ:۔ جمی۔ دافع حمیات حادہ و یرقان و دق۔

مضر:۔ ثقیل۔

مصلح:۔ شہد خالص۔

بدل:۔ شربت انار یا آملہ۔

کرویز

فارسی۔ کشنیز۔

اردو۔ دھنیا۔

انگریزی۔ CORIANDER FRUIT

لاطینی۔ CORIANDER FRUCTUS

صفات:۔ چھوٹے گول دانے ہیں کہ اوپر کی جانب نوکیلے دانے جڑے ہوتے ہیں قطر ایک انچ کا رنگ زرد مٹیالا ہیں
سبز ہوتے یا سبز اور سخت ہوتا ہے پیٹ پر بہت باریک دھاریاں ذائقہ خوشگوار اور خوشبودار اور چبانے سے خوشبو تیز ہے اس کے
پتوں کی خوشبو اندر مغز کی خوشبو سے زیادہ ہوتی ہے اور تیزی بھی زیادہ ہے سبز کشنیز وہ ہے جس کو ساگ کہتے ہیں اور خوشبو تیز ہوتی ہے

یہ سبزی مائل کچھ گول ہوتے ہیں پھول سفید اور ننھا سا چھتری دار ہوتا ہے خوشبو آتی ہے

مزاج :- گرم خشک۔

خواص و فوائد :- معطر، مفرح، دافع تبخیر، ریاح، مقوی معدہ و دل و دماغ، دافع خفقان۔

افعال مخصوصہ :- امراض سر خشک میں، حتیٰ کہ تنویم، تسکین درد، منع تبخیر، حلق، قطع سیلان خون، معدہ، منع تبخیر، تقویت معدہ، حبس اسہال، امراض گرم کی تسکین، حدت صفراوی، ریاح کی حبس، درد شکم، برگ سبز اسکا اسہال تسکین و دفع حار، دل، قے، صفراویہ و قلاع حار مضمضہ کے طور پر بھی، ریاح کی جبس، حمیات صفراویہ۔

مضر :- مصدع نسیان مضر باہ۔

مصلح :- سکنجبین و شہد خالص۔

بدل :- تخم کاہو، تخم خشخاش۔

مقدار خوراک :- ۵ ماشے۔

OIL OF CORIANDER

افعال :- کاسر ریاح مقوی معدہ۔

مقدار :- ایک سے تین بوند۔

کہربا

فارسی :- کہربا، کاہ ربا

عربی :- مصباح الروم، صمغ البحر، صمغ الحور۔

انگریزی :- AMBETUM RESIN - AMBER SUCOMUM

وطبی :- ORIENTAL ANIME

صفت و ماہیت :- ایک سخت چمکدار شے ہے جس میں ذرا بے مزہ رنگ زرد سرخ اور شفاف ہوتا ہے ذائقہ پھیکا اور خوشبودار بہتر وہ ہے جو سخت شفاف اور براق طلائی رنگ ہو اور ہاتھ سے ملیں اور گرم ہو جائے تو لیموں کے اس کی سی خوشبو آئے اور گھاس کے تنکے ریشم اور روئی کو اٹھاتے اس میں تنکے اور گھاس اپنی طرف جذب کرنے کی خاصیت ہوتی ہے۔

مزاج :- حار یابس، معتدل۔

افعال و خواص :- مفرح، مقوی قلب، حابس الدم، مانع استقاط حمل، دافع مفرح۔

افعال و استعمال خصوصی :- امراض مسعدہ یہ مدمع، حابس نفث الدم، جس خون۔

مضر :۔ سدد ح ۔ آواز کو نقصان پہنچاتا ہے

مصلح :۔ سرکہ اور روغن سرکہ کے ساتھ پکانا آواز کے لئے بھی مانع ۔

بدل :۔ سفید مرچ اور روغن گل و اصل السوس ۔

مقدار :۔ ۲ ماشہ ۔

کٹائی خورد

بنگالی ۔ کنٹ کاری ۔

عربی ۔ شوکۃ العقرب خرطم ۔

انگریزی ۔ GUILANDINA

لاطینی ۔ FIBRIFUGE PLANT

صفت و ماہیت :۔ خاردار بوٹی ہے جس کا پتا زمین پر بچھا ہوتا ہے پتے بہت چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں اور سارے درخت میں کانٹے بھرے ہوتے ہیں۔ ڈالیاں کثرت سے آتی ہیں۔ پھل سپاری کے برابر ہوتا ہے پھل کچا سفید اور اودے رنگ کا ہوتا ہے پک کر زرد ہوتا ہے پھول اودے رنگ کے ہوتے ہیں ذائقہ تلخ و تیز ہوتا ہے ۔

مزاج :۔ گرم خشک

افعال :۔ مصفی خون ۔ منفث و مخرج بلغم ۔

استعمال و افعال خصوصی :۔ مفید دافع بلغم و امراض صدر۔ تپ ۔ علت حصاۃ و سدہ بول ۔

مضر :۔ محرب ۔

مصلح :۔ سکنجبین ۔

بدل :۔ اونٹ کٹارا ۔

مقدار :۔ سفوف ایک سے ۲ ماشہ ۔ جوشاندہ ۵ سے ۷ تولہ ۔ ماشہ ۔ شہد خالص کے ساتھ چٹانے سے کھانسی رفع ہو جاتی ہے

کرچی

کرچی کی چھال

کرچی

کڑا سالی بارک ۔ CONESSI BARK.

کرچی بارک۔ **KURCHI BARK**

نوٹ شناخت:۔ یہ ہندوستانی نبات ہے اس کو جوشاندہ و خیساندہ بطور دوا استعمال کرتے ہیں۔ اس کا پوست پیچش میں مفید ہے

اس لئے اسے HOLARRHENA — ANTIDYSENTERICA بھی کہتے ہیں

نقوع کرچی INFUSION, KURCHI کرچی کی چھال کو صاف کر کے دس گھنٹے پانی میں بھگویا جاتا ہے

لیکن پانی کو تمام رات بھگونا چاہیے۔

مقدار:۔ ۲ سے ۴ ماشہ۔

خلاصہ کرچی سیال LIAUID EXTRACT OF KURCHI

خلاصہ کرچھال:۔ یہ مساوی الوزن الکحل میں بھگونے سے بنتا ہے۔

خوراک:۔ ایک سے دو ڈرام دن میں دو تین بار۔

افعال:۔ ہر قسم کی پیچش میں مفید ہے۔

کرچی بین:۔ KURCHIBIN کرچی الکلائیڈ کے ساتھ مختلف اجزا کا ایک مرکب ہوتے ہیں۔

مقدار:۔ ایک سے دو گرین روزانہ تین تا دس روز تک استعمال کرتے ہیں جیسے بطور دافع پیچش۔

کرچی سین KURCHICINE تحت الجلد پچکاری کے ذریعے شدید پیچش میں مستعمل ہے۔

مقدار:۔ انجکشن ۰٫۳ سے ۰٫۶ گرام۔

افعال:۔ دافع پیچش۔ دوران حمل میں بے خطر استعمال ہو سکتی ہے۔

کنگنی

فارسی:۔ ارزن

عربی:۔ دخن۔

صفات و شناخت:۔ ایک قسم کے غلے کا دانہ ہے باریک اور گول اور فصل خریف میں پیدا ہوتا ہے اوپر چھلکا سا اندر دانہ زرد رنگ کا ہوتا ہے چھلکے کا رنگ سفیدی مائل اور چھلکا نازک ہوتا ہے دانے سے جلدی جدا ہو جاتا ہے۔ موٹی کنگنی میں ۴ فیصد پروٹین اور اکثر تین فیصد تیل نکلتا ہے

مزاج:۔ سرد و خشک بعض کے نزدیک گرم خشک۔

افعال:۔ حابس شکم قابض ہے۔

افعال و استعمال خصوصی:۔ یہ مسدد حابس شکم و قابض مولد منی۔

افعال: حابس الدم، حابس الاسہال، قابض مجفف۔

مقدار: ۳ سے ۵ گرام۔

کرفس

بنگالی: راندھونی۔

فارسی: کرفس۔

عربی: بزرالکرفس۔

انگریزی: PASLY

لاطینی: APIUM INVOLERATUM

صفت و ماہیت: انیسوں کے مشابہ ایک بوٹی کا بیج ہیں۔ رنگ زرد سبزی مائل اور ذائقہ تیز چرپرا اور قدرے خوشبودار ہوتا ہے۔ یہ پودا پاک و ہند میں بکثرت پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: کاسر ریاح، مشتہی، مفتت حصاة، معرق، مدر بول و حیض۔

استعمال و افعال خصوصی: ریح سرد، رفع جملہ امراض بارد، معدہ تقویہ اشتہا تحلیل تفتیح کسر ریاح۔ تقویت معدہ مثل بچہ دانی اور ادرار بول۔

مضر: مرضعہ۔ مصروع حاملہ۔

مصلح: انیسوں، مصطگی۔

بدل: کرفس۔

مقدار خوراک: ۲ تا ۵ ماشے۔

کاک جنگھا

بنگالی: کاک جنگھا۔ کاؤلی۔

فارسی: پائے زاغان تخم

عربی: اجل الغراب، حرز الشیاطین، رجل الطائر۔

لاطینی: LEEHIRTA

صفت و ماہیت :- اس کا پودا ایک گز بلند ہوتا ہے شاخیں باریک شش پہلو زرد ہوتی ہیں پتے دو دو بالمقابل اور کھردرے ہوتے ہیں پھول چھوٹا نیلگوں ہوتا ہے اس میں ایک چھوٹی سی پھلی لگتی ہے جو سونف کے دانے کے برابر ہوتی ہے اس کے اندر دو چھوٹے چھوٹے تخم نکلتے ہیں جو تخم کاکنج کے مشابہ ہوتے ہیں اور ذائقہ کڑوا ہوتا ہے۔

مزاج :- گرم خشک۔

افعال :- محلل، کاسر ریاح، مسقط حمل۔ بدل :- کندش

مقدار :- ۵ سے ۷ ماشے۔

کوکین

COCAINE COCAINA

ایک جوہر مؤثر (الکلائیڈ) ہے جو ایریتھروکسی لم کوکا کے پتوں سے حاصل کیا جاتا ہے ۱۸۸۴ء میں اولاً اعمال جراحی میں استعمال کی گئی۔ بے رنگ قلمیں ہے بو ذائقہ تلخ جو زبان کو سُن کرنے والا۔ پانی اور گلیسرین میں حل نہیں ہوتی لیکن ۳ حصے روغن زیتون اور ۱۰ حصے الکوہل یا تین حصے ایتھر میں حل ہو جاتی ہے۔

مزاج :- بارد یابس۔

افعال :- مخدر۔

افعال استعمال خصوصی :- ناک، کان، مجری بول، مقعد خصوصاً آنکھ کے اعمال جراحیہ کے لئے مستعمل ہے۔

مضر :- ہضم، دوران علامات تسمم۔

بدل :- یوکین، نوو کین۔

کوکین ہائیڈروکلورائیڈ COCAINE HYDROCHLORIDE بے رنگ شفاف قلمیں ہے بو ذائقہ کڑوا سُن کرنے والا پانی گلیسرین اور الکحل میں قابل حل۔

مقدار خوراک :- ۱/۸ سے ۱/۴ گرین۔

ڈسکس آف کوکین DISCS OF COCAINE اس کی ہر ٹکیہ میں ۱/۲۰۰ گرین کوکین ہوتی ہے جو رفع درد کے لئے آنکھ میں ڈالا کرتے ہیں۔

سپازی ٹریا کوکین دیں یا حلق کی خراش درد رفع کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔

اور کوکین مقامی تخدیر پیدا کرنے والی دوا ہے جو شریانوں کی باریک شاخوں کو سکیڑنے کا اثر بھی رکھتی ہے۔ اس کے اس کے استعمال سے چھوٹے چھوٹے اعمال جراحیہ بلا احساس درد کئے جاتے ہیں

۲۰ گرام میں ایک حصہ اور خام میں چھاؤں میں ترو تازہ شدہ حالت ہے۔ ۱۰۰ فیصدی گوگل روغن کا بیا بہ ذکر کے ساتھ بطور مطلع جا سکتا ہے لیکن آج کل زیادہ تر گوگل روغن علیحدہ استعمال کیا جاتا ہے جو اکسیر ہے اس کے ثبات سے آرام ہوتا ہے اس لئے گوگل مختلف ناموں سے بازار میں ملتا ہے

کباب چینی

فارسی۔ کباب چینی کبابہ۔

اردو۔ سرد چینی، پتیل چینی۔

انگریزی۔ CUBEBS

لاطینی۔ CUBABAE.

صفت و ماہیت: ایک بیل ہے جس کے گچھے پھلوں کو کباب چینی کہتے ہیں اس کے پتے ریحان کے پتوں سے ملتے جلتے ہیں، پھول سفید زردی مائل اور سخت زمینوں میں پیدا ہوتا ہے پھل گول اور قد ایک انچ کا چوتھا حصہ سیاہ رنگ کا جو راکھ کی مائل بھورا ہوتا ہے اور پیچھے چھوٹا ڈنٹھل لگا رہتا ہے ذائقہ گرم خوشبودار کسی قدر تلخ و تیز۔ آج کل ادویات میں کباب چینی سے اڑنے والا تیل نکالتے ہیں جو بے رنگ یا ہلکا سبز زردی مائل ہوتا ہے جس کی بو اور ذائقہ کباب چینی سا ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک۔

خواص و فوائد: ملطف ریاح۔ مفتح سدد۔ حابس و دافع خفقان۔ مدر بول۔ مقوی۔ دافع قولنج

استعمال و افعال: مخصوص طور پر لثہ و لسان تلطیف، جلد تسکین درد دندان، ریح قولنج بارد، معدہ کی تقویت معدہ و احشاء

مضر: مثانہ۔

مصلح: مصطگی، صندل۔

بدل: دار چینی الائچی و ... اسارون، درد حلق کے لئے عاقر قرحا جگر کے لئے ہیں۔

مقدار خوراک: سفوف ۳ سے ۵ ماشہ روغن ۲ سے ۵ بوند۔

مرکبات: تنکچر کبابہ، ٹنکچر آف کیوبیبز TINCTURE OF CUBEBS

مقدار: ۱/۲ سے ایک ڈرام۔

افعال: کاسر الریاح مدر بول۔

روغن کباب چینی OIL OF CUBEBS

افعال: مدر بول، دافع تعفن اعضاء بول، دافع سوزاک۔

گوگرد رسب

فارسی۔ آذرساز

اردو۔ اولرساز

انگریزی۔ PARCIPITATED SULPHUR

ملک آف سلفر MILK OF SULPHUR.

صفات:۔ بھورے رنگ کا زردی مائل سفوف جس میں کرکراہٹ نہیں ہوتی۔

افعال:۔ قاتل جراثیم۔ مسہل ملین۔

استعمال و افعال خصوصی:۔ معدہ و جگر۔ کاسر ریاح۔ جاذب رطوبات تحلیل ورم۔

مضر:۔ امزجہ حارہ و دماغ

مصلح:۔ شربت بنفشہ۔

مقدار:۔ ۳۰ سے ۶۰ رتی۔ مشہور مرکبات مرہم، قرص، معجون لعوق و سفوف گوگرد و سلفر ہیں۔

CONFICTIO SULPHURIS CHESEA PENSIONER.

SULPHUR LOZENGES.

SULPHUR OINTMENT.

JEPHSON'S POWDER

PASTILLUS SULPHURIS.

کلوروفارم

کلوروفارم CHLOROFORM

کلوروفارم CHLOROFORMUM

TRICHLORO — METHANE

METHANYLTRICHLORIDE

صفات:۔ بے رنگ جلد اڑنے والا سیال ہے۔ بالخصوص خوشگوار ایتھر کی مانند۔ ذائقہ شیریں اور جلن پیدا کرنے والا دو سو حصہ پانی میں قابل حل ایتھر اور الکحل کے ہمراہ ہر حجم میں حل ہو جاتا ہے۔ باعتبار حجم صرف ایک حصہ جس قدر خالص کلوروفارم کو حرارت دیں تو اڑ جانے کے بعد کوئی شے باقی نہیں رہتی نہ کسی طرح کی بو۔

مزاج:۔ بارد۔ رطب۔

کیمیاوی تجزیہ:۔ کلوروفارم کلورینیٹڈ بجھا ہوا چونا الکحل آب مقطر کو ملا کر حرارت دینے سے بنتا ہے۔

خواص و فوائد:۔ خالص کلوروفارم کو جسم پر رکھنے سے خراش و جلن پیدا ہوتی ہے لیکن اگر اس کو خوب پانی میں استعمال کیا جائے تو گرم شیریں ذائقہ محسوس ہوتا اور اس سے لعاب دہن کی تراوش زیادہ ہو جاتی ہے۔ مسکن ہے تشنجی کھانسی و درد سرطان میں تسکین کے لئے دیا جاتا ہے۔ ہیضہ و قولنج و اختناق الرحم و کزاز میں نافع ہے۔ مقوی معدہ و کاسر ریاح ہے۔

مقدار:- ۵ سے ۲۰ بوند۔ سوزاک میں روغن صندل کے ساتھ ملا کر دینے سے سوزش خفیف کر کے تسکین رہتی ہے مگر اب یہ علاج کم اور متروک ہو گیا ہے۔

کبریت و مرکبات

فارسی۔ گوگرد۔

اردو۔ گندھک۔

بنگالی۔ گندھروگ۔

انگریزی۔ SULPHUR

صفات:- زرد رنگ کا بھاری معدنی مفرد عنصر ہے۔ ذائقہ پھیکا کرکرا بو مخصوص تیز کی آگ سے جلدی جل جاتا ہے۔ قوت تین برس تک رہتی ہے۔

مزاج:- گرم خشک۔

افعال:- قاتل جراثیم۔ ملین مجفف محلل۔ مسدل جاذب رطوبات۔

افعال مخصوصہ:- زرد دافع سموم، مجفف جروح والقروح، دافع یرقان، جلد جرب وداد۔

مضر:- معدہ۔

مصلح:- دودھ۔ بنفشہ۔

بدل:- مختلف اقسام ایک دوسرے کی۔

گوگرد مقصد۔ سلفر سبلیمیٹم SULPHUR SUBLIMATUM

سلفر سبلیمائیڈ SULPHUR SUBLIMED

فلاورز آف سلفر FLOWERS OF SULPHUR

صفات:- زرد سبز مائل پھیکی لئے ہوئے کرکرا سفوف جس میں بو اور ذائقہ نہیں ہوتا۔

انحلال:- کاربن ڈائی سلفائیڈ میں۔

افعال:- ملین قاتل جراثیم دافع خارش مجفف محلل مسہل۔

مقدار:- ۱۰ سے ۳۰ رتی۔ ۲۰ سے ۶۰ گرین۔

تحریک معدہ و امعاء، دافع تسکین درد و غثیان عمل جراحی میں دوران بالخصوص سونگھاتے ہیں تاکہ مریض بیہوش ہو جائے لیکن یہ کام ایک ماہر اور مستند سرجن ہی کر سکتا ہے ورنہ معمولی بے احتیاطی سے اچھے خاصے مریض کی موت ہو جاتی ہے۔ اتبہ اکثر CHLOROFORM کے استعمال سے یہ خطرہ کم ہو سکتا ہے یہ دوائے انگریزوں کی اصلاح کے تحت دیا جاتا ہے

ایکوا کلوروفارم AQUACHLOROFORM استعمال مخصوص دردو مسکن و مقوی و دافع اسہال و ریاحی۔

خوراک :۔ نصف سے ایک اونس۔

SPIRIT OF CHLOROFORM اسپرٹ کلوروفارم ایک حصہ الکحل و تیس حصے، محرک اور دافع تشنج ہے۔

خوراک :۔ ۵ سے ۲۰ منم۔

انجکشن آف کلوروفارم انجکشن طریقہ جاری کلوروفارم۔ خوراک ۵ سے ۱۵ منم

مصلح :۔ ہر شے کے کھانڈ۔

مضر :۔ جگر گردہ

خوراک :۔ ۵ سے ۱۵ منم۔

کاکنج

فارسی :۔ عروس در پردہ۔

انگریزی :۔ PUNEERIA COAGULAUS.

صفات و شناخت :۔ ایک نبات ہے جس کا پیڑ باعتبار قد کے کر یا آٹھ فٹ تک اونچا ہوتا ہے اس کی شاخیں نازک اور خوشنما ہوتی ہیں پتے ترش شکل دار دو تین تین شاخوں والے ذرا کردار مرچ جیسے جس کی رنگت ہلکی سبز ہوتی ہے پھول خوب صورت بنفشی رنگ کے چھوٹے چھوٹے دانے کوے کے برابر جو پہلے سبز پھر زردی مائل بہ سرخی اور اس کے بعد سرخ شفاف ہو جاتے ہیں اور پتوں کے گر جانے کے بعد خوشوں کی شکل میں لٹکتے رہتے ہیں۔ صرف ثمر مستعمل ہیں کاکنج کا پیڑ تین قسم بستانی جنگلی اور کوہستانی کا ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ :۔ اس میں دو جوہر ہوتے ہیں ایک تلخی الکلائیڈ جو پانی میں حل نہیں ہوتا۔ دوسرے ڈینکے مادہ جو لعاب و گوندایڈ ہوتا ہے

مزاج :۔ سرد و خشک

خواص و فوائد :۔ دافع یرقان۔ مدر بول۔ مسکن

استعمال و خواص :۔ امراض گردہ و مثانہ۔ حب ادرار بول۔ دافع قروح گردہ و مثانہ وغیرہ و جملہ امراض حارہ

مضر: موجب احتراق اعضاء۔

مصلح: گلقند آفتابی۔

بدل: اجوائن خراسانی، الموکبرا کے بیج۔ مغز چلغوزہ۔

مقدار خوراک: ۱ سے ۲ ماشے۔

کف الثعلب ڈی ٹال

کف الثعلب

فارسی۔ دستانہ روباہ۔ پنجہ روباہ

لاطینی۔ ڈیجی ٹیلس۔ DIGITALIS

انگریزی۔ DIGITALIS

صفات: یہ نبات کے پتوں کا خالص جوہر سا پیٹ ہے۔ پتے بیضوی الشکل چار سے بارہ انچ طویل ڈنٹھل کے قریب نارنج کی طرح ایک چھوٹی سی پتی بھی ہوتی ہے کنارے دندانے دار اوپر کی سطح سبز اور خفیف روئیں دار نیچے کی سطح قدرے زرد جس پر روئیں اوپر کی سطح سے زیادہ ہوتی ہے سطح لکیروں سے ذرا ابھرا ہوا ہوتی ذائقہ تلخ نامرغوب۔

تحقیقات: ڈیجیٹالن، ڈیجیٹوکسن اور ڈیجیٹالیین ٹیٹ اس سے سفوف اور ٹنکچر تیار ہوتے ہیں۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: مدر، مقوی قلب

مضر: دل کی حرکت کو سست کرتا ہے۔

مصلح: سپرٹ امونیا ارومیٹک۔

مقدار: ½ سے ۱½ گرین۔

مرکبات: انفوزن ڈیجی ٹیلس - INFUSION DIGITALIS

مقدار: ۵ سے ۱۵ بوند TINCTURE DIGITALIS

سفوف اوراق کف الثعلب: ڈیجی ٹیلس پاؤڈر DIGITALIS POWDER

مقدار خوراک: ۲ سے ۱۰ گرین۔

ذرا وجوہر کف الثعلب: انجکشن ڈیجی ٹیلین INJECTION DIGITALIN

مقدار: تحت الجلد یا جلدی $\frac{1}{120}$ سے $\frac{1}{30}$ گرین تک۔

ڈیجاکسن DIGOXIN یہ ڈیجی ٹیلس کے پتوں کا خاص جوہر اساسی ہے بے رنگ ہوتا ہے اور اس کی چھوٹی چھوٹی قلمیں بے بو ذائقہ تلخ۔

افعال: مقوی قلب۔ مدر بول۔

مقدار خوراک: ½ سے ۱ ملی گرام یعنی ¼ ملی گرام دن میں دو بار۔

کلونجی

بنگالی۔ مگریلا، موٹا کالے جیرے۔

عربی۔ حبۃ السوداء

فارسی۔ شونیز۔

انگریزی۔ BLACK CUMIN

لاطینی۔ NIGELLA SATIVA

صفات و شناخت: ایک گھاس کا بیج ہے سونف کے پودے کے مشابہ جس کی شاخیں بالشت بھر یا اس سے بھی بڑی اور پتلی ہوتی ہیں پتے سویا کے پتوں کی طرح بلکہ ان سے بھی پتلے اور چھوٹے خشخاش کے پتوں جیسے اور پھول ان سے چھوٹے ہوتے ہیں پھول زرد سفیدی مائل اور بعض میں نیلے پن کی بھی جھلک ہوتی ہے بیج غلاف میں ہوتا ہے رنگ سیاہ شکل تیز اندر کا گودا سفید ہوتا ہے بہتر وہ ہے جو تازہ وزنی موٹا تیز اور چرپرا ہو۔

مدت استعمال: قوت سات برس تک رہتی ہے مثل بیج۔

مقام پیدائش: پاکستان میں عام پایا جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص و فوائد: محلل ریاح مفتح، مسہل اخلاط، مدر بول و حیض و لبن۔ قاتل کرم شکم، محلل ورم، مقوی معدہ، دافع نفخ شکم۔

افعال و استعمال مخصوصہ: امراض رحم۔ مدر بول و حیض، مخرج جنین، بچہ دانی، دافع یرقان، مقعد، دافع بواسیر و درد کمر، باضم و کاسر ریاح اور بخار و درد دست کی دافع بتایا گیا ہے۔

مضر: گرم مزاجوں اور اعضائے بول میں سوزش۔

مصلح: کتیرا، شہد، کاسنی، تخم خیار۔

بدل: زیتون کا گوند، تخم ارشاد، سرخ، انیسون نصف وزن، سونف کے بیج۔

مقدار: ۲ ماشے۔

روغن کا بھی ہر دو قسم کا ہوتا ہے کالے رنگ کا اڑنے والا دوسرا سفید۔

افعال وخواص: مقوی باہ و مشتہی۔ مقوی اعصاب۔ دافع نسیان۔

کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ، ٹیٹرا کلورا ایتھی لین

کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ CARBON TETRACHLORIDE

صفات: ایک بے رنگ فراری سیال ہے جس کی مخصوص بو کلوروفارم کی مانند ہوتی ہے ذائقہ جلن پیدا کرنے والا سونگھنے میں قوی زہر ہے روشنی لگنے سے رفتہ رفتہ تحلیل ہو کر خراب ہو جاتا ہے پانی میں حل نہیں ہوتا۔

افعال: قاتل کرم۔

مقدار: ۲ سے ۴ بوند صرف ایک خوراک دینے کے بعد دو تین ہفتہ تک دوا نہیں دی جاتی۔ ایک سال کے بچے کو دو بوند اس سے اوپر ہر عمر کے لئے دو بوند بڑھادیں۔

طریق استعمال: مقررہ مقدار دودھ میں ملا کر اچھی طرح ہلا کر دیں اور تین گھنٹہ بعد ۲ تولہ میگنیشیا گرم پانی میں حل کر کے پلا دیں احتیاطاً جگر کی حفاظت کے لئے ایک ایک گلاس گلوکوز سے میٹھا کر کے شربت کی طرح دیں۔ کیلشیم کی کمی کی صورت میں پہلے کیلشیم لیکٹیٹ کھلائیں یا شربت اور مریض کو پلائیں۔

مضر: جگر۔

مصلح: گلوکوز۔

ٹیٹرا کلورو ایتھی لین TETRACHLOR AETHYLEN

پرکلورا ایتھی لین PERCHLORETHYLENE

مقدار: ۱۵ سے ۲۵ منم صرف ایک بار میگنیشیا سلف کے تیز محلول کے ساتھ دیا جاتا ہے۔

نسخہ: کاربن ٹیٹرا کلورائیڈ ۲ منم آئل آف چینوپوڈیم ۱۵ و ۲ پاؤڈر ایکیشیا۔ مکسچر کلوروفارم ایک اونس۔

افعال: قاتل کرم خصوصاً کب دوم۔

ترکیب: میگنیشیا ۴ تولہ کا محلول بنا کر تین بوند ڈالیں اچھی طرح ہلا کر پلائیں۔

کندر

بنگالی۔ کندر۔ کنہ رو کھنی۔

فارسی۔ کندر۔

عربی۔ کندر لبان شیح۔

انگریزی OLIBANUM

لاطینی۔ BOSWELIA THURIFERA.

ایک خاردار درخت کا گوند ہے جو دو تین گز اونچا ہوتا ہے پتے زخم کے پتوں کی طرح پھلیں ان سے ذرا چھوٹے پھل مزہ خفیف تلخ خوشبودار بہتر تازہ دم اور وہ جو اوپر سے سفید اور زرد ہو جتنا پرانا ہو سرخ ہو جاتا ہے آگ میں جلد مشتعل ہو جاتا ہے۔

مقام پیدائش:۔ یمن، عمان، حجاز، بھارت کے صوبہ دکن۔ قوت تیس برس تک قائم رہتی ہے۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

خواص و فوائد:۔ منقی رطوبت، نفسی و حیوانی، محلل ریاح، حابس دم، سیلان زخم، دافع نسیان، قابض، قاتل کرم، جالی، مفرح، مقوی باہ، مفرح، مدر حیض و مسقط جنین

افعال مخصوصہ:۔ امراض گردہ و مثانہ، تخفیف قروح، قبض، دافع ذیابیطس و مقوی باہ۔

مضر:۔ محرق خون و بلغم۔

مصلح:۔ شہد سفید۔

بدل:۔ مصطگی۔

مقدار خوراک:۔ ۱ سے ۲ ماشے۔

کلورم فینی کال

تجارتی نام CHLORAM PHENICOL کیمیاوی مرکب ہے انگریزی نسخہ

ماہیت:۔ سفید قلمی سفوف ذائقہ نہایت تلخ ۱ حصہ پانی میں قابل حل الکحل میں آسانی سے حل ہو جاتا ہے ایتھر اور ایتھائل ایسیٹیٹ میں بھی حل ہو جاتا ہے۔

افعال و خواص:۔ یہ اینٹی بائیوٹک اور دافع تعفن ہے بول بجا تپ محرقہ، کالی کھانسی، خسرہ اور ورم مجاری البول، اسہال و سوزاک، نمونیا، انفلوئنزا، سوزاک میں نافع ہے۔ میں بصورت مرہم استعمال ہوتی ہے۔

افعال و استعمال مخصوصہ:۔ تپ محرقہ، کا تعفنی بخار، کالی کھانسی، نمونیا، متعفن اورام۔

مضر:۔ بلا شک

مصلح:۔ حیاتین بی مرکب و حیاتین بی کمپلیکس

(CHLOROMYCETINE).

CHLORAM PHENICOL SYRUP

(CHLOROMYCETIN).

بدل :۔ ایروماٹی سین۔

مقدار خوراک :۔ ۵ سے ۱۵ سے ایک گرام تک۔ بچوں کے لئے یہ دوا بصورت شربت استعمال کی جاتی ہے خوراک ۵ سے ۲۰ ملی گرام فی خوراک یا عمر کے لحاظ سے اس سے کم اس کے ساتھ وٹامین بی کمپلیکس ضرور دیتے ہیں۔

کمرکس

فارسی۔ صمغ پلاس۔

عربی۔ صمغ پلاس۔

انگریزی۔ BENGAL KINO

صفت و ماہیت :۔ یہ تراوش خشک وصعات کا گوند ہے رنگت سرخ و سفید و سیاہی مائل ہوتی ہے یہ گوند ڈھاک درخت میں سے نکلتا ہے۔ تنے میں شگاف دے کر جوس نکل کر جم جاتی ہے اس منجمد شدہ رطوبات کو کمرکس کہتے ہیں اس کے بیج پلاس پاپڑہ اور پھول گل ٹیسو کہلاتے ہیں ذائقہ پھیکا۔

مزاج :۔ سرد خشک۔

خواص و افعال :۔ مسکن جیس حابس قاطع جریان و سیلان ، دافع سرعت مغلظ۔

افعال مخصوصہ :۔ امراض مخصوصہ تغلیظ۔ تسکین حدت منی۔ امساک رحم رفع سیلان

مضر :۔ امراض طحال۔

مصلح :۔ عناب ولاکھ۔

بدل :۔ موچرس

مقدار :۔ ۱ تا ۳ ماشہ۔

گل گاؤزبان

عربی۔ ورد لسان الثور

انگریزی۔ ECHIUM FLOWER

صفات و ماہیت: سیاہ اور مائل بہ زردی کا رنگ گل انار سے چھوٹا اور لمبا ہوتا ہے گاؤزبان کے سب سے زیادہ لطیف حصہ ہے اور بات گاؤزبان سے حاصل کیا جاتا ہے۔ خراسان و گیلان میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم تر۔

خواص و فوائد: مفرح مقوی ارواح و اعضائے رئیسہ و حواس مخرج اخلاط لطیف۔

استعمال و افعال خصوصی: قلب تقویت و تفریح تقویت اعضائے رئیسہ و حرارت عزیزی تفریح قلب

مضر: محلل۔

مصلح: صندل سفید۔

بدل: برگ گاؤزبان اور ابریشم

مقدار خوراک: ۳ ماشے ½ تولہ۔ ۳ تا ۹ ماشہ۔

برگ گاؤزبان: یہ سبز رنگ مائل سفید نقطہ دار کھردرے گاؤزبان کے پتے اور ڈنڈیاں ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: ملطف مفرح۔

افعال خصوصی: صدر و صدریہ ربو ضیق النفس جیسے تپ دق خشونت صدر وغیرہ اکثر امراض سوداویہ الفاج تقلب تفریح تقویت حرارت عزیزیہ۔ امعاء ربو زحیر سوزش ازالہ تقویہ امعاء کی ربو حمیات ذات الریہ تفریح تقویت۔ برگ سوختہ قروح دہن خشک۔ لسان قلاع ربو قلاع قروح دہن و حلق۔

مضر: محلل۔

مصلح: ابریشم۔ بالنگو۔

بدل: برگ کا بدل گل گاؤزبان۔

مقدار: ۳ ماشہ سے ½ تولہ ہمراہ ماشے استعمال ہوتا ہے۔

گلو

بنگالی۔ گلانچا، گلنچ۔

انگریزی۔ IVYCREEPER TINOSPORA CORDIFOLIA

لاطینی MANISPERMUM GLAPRUM

صفت و ماہیت۔ ایک مشہور بیل دار درخت ہے جس کی بیل درختوں پر چڑھتی اور بہت لمبی ہوتی ہے مزہ کڑوا ہوتا ہے پتے پان سے مشابہ ہوتے ہیں پرانی گلو میں پھول اور پھل بھی آتے ہے پھول چھوٹے چھوٹے پیلے رنگ کے ہوتے ہیں پرانی ہونے پر ڈنڈی پر ایک پتلا سا سفید رنگ کا جی سی اور پتے کاغذ کی طرح کا چھلکا جدا ہوتا الگ دکھائی دیتا ہے جس کے اندر ہرے رنگ کی ڈنڈی ہوتی ہے۔

مزاج۔ گرم خشک۔

خواص و افعال۔ مسکن، دافع حمیات، مصفی خون، مدر بول، مقلل منی۔

استعمال و افعال خصوصی۔ دافع حمیات جفیہ مرکبہ و مزمنہ و دق بست معتدل، دافع حمیات مزمنہ۔

مضر۔ امراض حارہ۔

مصلح۔ دانہ الائچی طباشیر۔

بدل۔ ست جوشاندہ کا بدل ہے

مقدار خوراک۔ ۲ سے ۳ ماشہ یا ۶ ماشہ۔

گوند کیکر

بنگالی۔ بابلیر گوں۔

عربی۔ صمغ عربی۔

انگریزی۔ GUM ACACIA — GUM ARABIC

لاطینی۔ GUM ACACIAE

صفت و ماہیت۔ یہ سفید یا زردی مائل سفید نیم شفاف نرم ببول کے درخت کا گوند ہے۔

مزاج۔ معتدل۔

افعال۔ مسکن، مجفف، مغری، قابض۔

استعمال و افعال خصوصی: مصفی و مدر، دافع سوداء، اخراج بلغم جیسے ورم تلی، صداع امراض مخصوصہ میں جریان سوزاک و استرخا

مضر: معدہ و امعاء۔

مصلح: کتیرا، فلفل سیاہ۔

بدل: کتیرا۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۲ ماشے۔

گھونگچی

بنگالی: کونچ۔

فارسی: چشم خروس۔

عربی: عین الدیک

انگریزی: DEAD TREE

لاطینی: JAQUIRITY

صفت و ماہیت: ایک بیلدار درخت کے بیج ہیں جو آس پاس کے درختوں پر پھیل جاتا ہے پتے املی کے پتوں کی طرح اور ان سے چھوٹے ہوتے ہیں مزہ ان پتوں کا میٹھا ہوتا ہے اس بیل میں پھلیاں لگتی ہیں جو بتھوے کی پھلی کی طرح ہوتی ہیں اور پکنے کے بعد پھٹ جاتی ہیں ان پھلیوں سے بیضوی شکل کے براق بیج نکلتے ہیں یہی گھونگچی کہلاتے ہیں یہ دانے چھوٹے بیضوی اور چکنے ہوتے ہیں اسے سنار یا جوہری بطور وزن استعمال کرتے ہیں پتے سبز اور بیجوں کا رنگ شوخ سرخ سفید ایک سرے پر سیاہ نشان ہوتا ہے ذائقہ قدرے شیریں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقوی اعصاب و باہ، مغلظ و مولد منی مانع قوت۔

استعمال و افعال خصوصی: سفید قوت باہ مقوی، سرخ تحلیل ورم جذب و تقویت باہ تنبیہ خارجاً۔

مضر: معدہ، مضر امراض حارہ۔

مصلح: کتیرا، شیر گاؤ۔

بدل: منقی

مقدار خوراک: سفوف ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ۔

گوکھرو

بنگالی۔ گوکھری۔

فارسی۔ خارخسک، اخواس العجوز، خفرقا العجوز

انگریزی۔ SEED OF SMALL CALTROPS

لاطینی۔ TRIBULUS TERRESTRIS

صفت و ماہیت: یہ ایک بیلدار بوٹی کا خاردار پھل ہے اس کے تین کنارے ہوتے ہیں پتے چنے کے پتوں سے مشابہ سفیدی مائل لمبے قدرے گول اور گچھے دار ہوتے ہیں کچا پھل سبز رنگ اور پک جانے پر پیلا ہو جاتا ہے اور خشک ہو کر مٹیالا ہو جاتا ہے۔ پھول زرد اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے خورد اور کلاں دو قسم پر مشتمل ہے اور جنگلی و بستانی دونوں مقام پر پایا جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔ مرکب القویٰ۔

افعال: مدر حیض و بول۔ مفتت حصات۔

مقام پیدائش: ہند و پاک کے اکثر مقامات خصوصاً ریگستانی علاقے۔

افعال و خواص مخصوصہ: خورد گردہ و مثانہ: مفتت حصاۃ، تفتیح اور ادرار بول، ورم تحلیل، درد ادرار امراض مخصوصہ تقویت باہ، دفع سوزاک۔ کلاں: گردہ مثانہ جلد اور ادرار درد ع عام اور ورم شامل خورد۔

مضر: مصر

مصلح: روغن گاؤ، شیر گاؤ۔

کیمیاوی تجزیہ: پھلوں میں ایک جوہر پایا جاتا ہے جس میں الکلائیڈ کی خصوصیات ہوتی ہیں علاوہ ازیں پھلوں میں مادہ اور رال بھی ہوتا ہے معدنی اجزا کی بھی بڑی مقدار پائی جاتی ہے مختلف کشتہ جات میں استعمال ہوتا ہے۔

بدل: تخم خیارین

مقدار خوراک: ۵ تا ۷ ماشہ۔

گل ارمنی

عربی۔ طین ارمنی۔

انگریزی۔ BOLUS ARMENIA RUBRA

لاطینی۔ BOLOS

صفت وماہیت:۔ ایک خوشبودار شے ہے اس کا رنگ سرخ و زردی چمکدار سا ہوتا ہے۔ نرم اور کچھ چرب ہوتی ہے اس میں تھوڑا سا چیپ بھی ہوتا ہے جس سے زبان کو چپکتی ہے بہتر وہ ہے جو صاف خالص سنہرے رنگ کی ہو اور زبان کو چپکے

مزاج:۔ سرد خشک۔

خواص وفوائد:۔ قابض، حابس، مندمل زخم، مقوی قلب، ملطف، مجفف۔

استعمال وافعال خصوصی:۔ رعینی، رفع ہیضہ، اورام تحلیل، جسم چشم تسکین درد و زوال قروح تحلیل، حلق جلی ورم تحلیل، ردع صدر ودیہ، رفع ہیضہ، وصل قطع ترشح الدم، ردع، شدید، تحلیل اورام حارہ، تحلیل رفع جذام، ردع تحلیل خلاجہا

مضر:۔ طحال۔

مصلح:۔ مسطگی، گلاب خالص۔

بدل:۔ گیرو، ملتانی

مقدار خوراک:۔ ۳ ماشہ تک۔

گندنا

فارسی۔ گندنا، کاورخ۔

عربی۔ کراث۔

انگریزی۔ LECKONION

لاطینی۔ ALLIUM PORUM

صفت وماہیت:۔ پیاز کے پودوں کی طرح اس کی لمبی لمبی اور گول شاخیں ہوتی ہیں اس لئے اسے پہاڑی کہتے ہیں پتے پیاز کی طرح تیز و بدبودار ہوتا ہے شاخ کے سرے پر بیج اور پھول لگتے ہیں۔ بیج اور پھول بھی پیاز کی طرح ہوتے ہیں رنگ سبز پھول سرخ و سفید ہوتا ہے ذائقہ تلخ، جنگلی و بستانی دو طرح ہوتا ہے پہاڑی بھی ہوتا ہے

مزاج:۔ گرم خشک۔

خواص وفوائد:۔ مسکن، جالی، مقوی باہ، مسہل، مدر بول و حیض۔

افعال خصوصی:۔ اورام مقعد، تحلیل، ریاح اخراج، تنقیہ رطوبات، رفع بواسیر۔

مضر:۔ دریہ، معدہ

مصلح:۔ شہد خالص۔

بدل:۔ پیاز۔ مقدار:۔ ۳ ماشہ تک۔

گڑمار

بنگالی۔ میراشنگی

لاطینی۔ GYMNEMA SYLVESTRIS.

صفت و ماہیت:۔ اس کا پودا جنگلی گرم صوبوں اور خاص کر دکن میں پھیلتا ہے شاخیں کثرت سے ہوتی ہیں پتے دو دو پیچھے پیپل کے مشابہ ہوتے ہیں اس میں چار انگشت کے برابر پھلیاں لگتی ہیں جن میں کپاس کی شکل سفید ریشہ سا بھرا ہوتا ہے اس میں پھول نہیں آتا۔ اس میں تھوڑی سی تلخی ہوتی ہے علاوہ پتوں سے تری ہوتی ہے اور مدت تک کئی سال تک قائم رہتی ہے اس کے پتوں کو چبا کر گڑ یا کوئی اور شیرینی کھائیں تو مزہ محسوس نہ ہوگا۔

مزاج:۔ گرم خشک

افعال:۔ دافع زہر قاطع سمیات و مشنات قاطع شکر بول۔

افعال و استعمال خصوصی:۔ ذیابیطس شکری۔

مصلح:۔ اس کا تیل ہے۔

مقدار خوراک:۔

گل سرخ

بنگالی۔ گولاپ

فارسی۔ گل سرخ

عربی۔ ورد احمر

انگریزی۔ ROSE.

صفت و ماہیت:۔ مشہور درخت کا پھول ہے خوشبودار اور سرخ رنگ۔ مزہ میں تلخی تیزی اور قبض اور تھوڑی سی شیرینی ہوتی ہے خشک ہونے پر تلخی کم ہو جاتی ہے تازہ میں ہے خشک میں نہیں اس کے پیڑ کے پھول کو موسم سے قبل تراش دیتے ہیں۔ بستانی و جنگلی دو طرح کا ہوتا ہے۔

مزاج:۔ مرکب القویٰ۔

افعال:۔ مقوی معدہ و امعاء معین مسکن۔

کیمیاوی تجزیہ:۔ اس میں ایک روغن دوسرا ٹینک ایسڈ و گیلک ایسڈ یہ اجزا ہوتے ہیں۔

افعال و استعمال خصوصی :۔ مدر حیض تحلیل اورام حار، ... قطوراً تقلب اخراج مواد تقویت رنگ ... معدہ حیض، مدر تحلیل ... بلغم رقیق گلاب عاقبی، ... تسکین تفریح تقویت دماغ رفع درد سر قلب، مدر تحلیل تفریح، تقویت معدہ جگر، اخراج فضول تسکین عطش کسر ریاح ... رفع ... تحلیل ... حمی عتیقہ ... اسہال اخراج بلغم رقیق۔ روغن گل ... مدر تحلیل تقویت خارجاً ... تسکین درد ... تحلیل خارجاً ... تحلیل، مدر تخفیف حیض اسہال ... جلد ... قروح، رفع قبض اسہال اخراج اخلاط ... قلب تفریح تقویت، گل قند معدہ تحلیل ملین تقویت معدہ حمی تلیین ... تسکین حرارت و عطش ... اسہال اخراج [illegible]

مضر :۔ محرک ... [illegible]

مصلح :۔ انیسون، ... روغن ... نبات سفید۔

بدل :۔ [illegible]

مقدار خوراک :۔ ۵ سے ۷ ماشے تک۔

گل ملتانی

فارسی :۔ گل ملتانی۔

عربی :۔ طین

انگریزی :۔ MULTANCLAY

صفت و ماہیت :۔ یہ گل بہت ملائم زردی مائل سفید ایک مٹی ہے جو سرد ہونے پر کام آتی ہے۔

مزاج :۔ سرد خشک

افعال :۔ مسکن حابس الدم

استعمال و نفع خصوصی :۔ دافع درد و [illegible]

مضر :۔ امعا [illegible]

مصلح :۔ [illegible]

بدل :۔ نامعلوم

مقدار خوراک :۔ ۲ ماشے سے ایک تولہ تک بقدر حاجت۔

گل ٹیسو

فارسی۔ گل پلہ۔

صفت و ماہیت: ڈھاک کے درخت کے پھول ہیں کئی رنگ کے ہوتے ہیں بعض زردی مائل بہ سفیدی بعض نیلے بعض خالص سفید ہوتے ہیں وضع شیر کے ناخن کی سی، مزہ قدرے تلخ۔ یہ درخت جنگل میں ہوتا ہے پھول جب کھلتا ہے تو بہت رونق ہو جاتی ہے اور اس قدر پھولوں کے گچھے لگتے ہیں کہ ہر ایک شاخ گلدستہ معلوم ہوتا ہے

مزاج: سرد و خشک۔

افعال: مسکن، محلل، مدر بول و طمث قابض۔

استعمال خصوصی: امراض انثیین گل تیلی تحلیل ورم خارجا۔

مضر: قابض۔

مصلح: نمک یوریہ۔

بدل: گل بابونہ۔

مقدار خوراک: سات ماشے۔

گل داؤدی

فارسی۔ گل داؤدی۔

عربی۔ باسوم۔

انگریزی۔ CHRYSANTHEMUM

صفت و ماہیت: رائی کے پتوں کے مشابہ پھول ہے جس میں سے برخلاف کی سی خوشبو آتی ہے نسرین کی طرح ہوتا ہے درخت کی بلندی ایک گز تک ہوتی ہے رنگت متعدد اقسام زرد سفید و مائل بہ کبود ہوتی ہے ذائقہ تیز و تیز، لعاب ہوتا ہے

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مفتت حصاۃ، مدر بول و حیض، محلل ریاح۔

نفع خاص: تعب، مفرح قلب معدہ محلل خلق

مضر: گرم مزاجوں کو

مصلح :۔ معلوم نہیں ہو سکا۔

بدل :۔ اکثر افعال میں یہ تجاسف

مقدار خوراک :۔ دو تا ۴ ماشہ۔

گئو لوچن

بنگالی۔ گائے رون۔ گرو رچنا

فارسی۔ گائے روین۔ سنگ گاو۔

عربی۔ حجر البقر۔

انگریزی۔ GALL STONE OF A COW

لاطینی۔ BOSTOROUS PIGMENTUM YELLOW

صفت و ماہیت :۔ ایک پتھری ہے جو گائے کے پتے میں سے نکلتی ہے انڈے کی زردی کے برابر بعض گول بعض چپٹی بعض لمبی اور بعض کھردرا ہوتی ہے، نکالنے پر انڈے کی زردی کی طرح نرم پیاز کے چھلکوں کی طرح پرت دار ہوتی ہے بعد میں جرم گراں بہے چونے کی طرح سخت ہو جاتی ہے رنگ سیاہ بعض پر زرد اور بعض پر سیاہ نقطے اور ذائقہ تلخ و چپکا ہوتا ہے۔

مزاج :۔ گرم خشک

افعال :۔ مسکن۔ مدر بول و جیض محلل۔

استعمال :۔ افعال خصوصی یہ چشم مقوی بصر محلل ورم عام مستعمل ہوتا ہے۔

مضر :۔ گرم مزاجوں کو۔

مصلح :۔ کتیرا اور سرد اشیاء

بدل :۔ بدل اس کا کتب متقدمہ میں موجود نہیں۔

مقدار :۔ ایک تا ۲ رتی۔

گل گوگل

بنگالی۔ جوا چو ہیر بپچھ

عربی۔ الغرا۔

انگریزی SHOE FLOWER PLANT — CHINA ROSE

لاطینی HYBISCUSSYRICUS AGATI GLANDIFLORA

صفت و ماہیت: ایک درخت کا پھول ہے جو انار کے درخت کے برابر خوب پھیلاؤ دار ہوتا ہے پتے شہتوت کے پتوں کی طرح اور پھول انار کے پھولوں کی طرح مگر اس سے بڑا اور بھاری ہوتا ہے پھول کی پتیاں انار کی پتیوں سے چوڑی اور موٹی ہوتی ہیں پھول بعض سرخ بعض سفید ہوتے ہیں اور کچھ بھی پھول کی رنگت کی ہوتی ہے۔ بعض پھولوں کی رنگت جوگیا بھی دیکھی گئی ہے سرخ پھول مستعمل ہے جو سوکھ جاتی ہے تو اس میں سے شراب کی سی بو آتی ہے۔

مزاج: سرد و تر۔

افعال: مسکن مفرح مسکن عطش۔ مقوی قلب۔

استعمال نفع خصوصی: امراض قلب۔ رفع خفقان و تفریح قلب۔

مضر: امراض بارده۔

مصلح: نبات سفید۔ فلفل سیاه۔

بدل: بعض افعال میں گل بابونہ۔ گل گاؤزبان۔

مقدار: ایک تولہ اس سے زائد۔ شربت دو تولہ تک۔ شربت گڑہل عام طور پر رفع خفقان و تفریح و تقویت قلب میں دیا جاتا

گلیسرین

انگریزی GLYCERINE

لاطینی GLYCERINUM

صفات: میٹھا سفید شفاف گاڑھا سیال جو چربی اور تیلوں کو شاخ اکلی کی مدد سے پھاڑ کر حاصل کی جاتی ہے جب کہ روغن یا چربی سے کار صابن تیار کیا جاتا ہے تو اس عمل سے گلیسرین بھی حاصل ہوجاتی ہے جسے علیحدہ کر لیتے ہیں پانی اور الکحل میں حل ہوجاتی ہے۔

مزاج: گرم و تر۔

افعال: ملین ملطف محلل۔

مقدار خوراک: ایک سے دو ڈرام۔

مرکبات: سپاسٹری گلیسرین طاقت ۱۰۰ گلیسرین رفع قبض

کے لئے مستعمل ہے۔

بورو گلیسرین، بیلاڈونا گلیسرین، ٹینک ایسڈ گلیسرین، کجیسرین آف بوریکس گلیسرین آف سٹارچ اس کے مرکبات ہیں جو منہ کا ورم، گلے اور جلد وغیرہ کے لیے مستعمل ہیں۔ شیافات حقنہ کے لئے وید میں لوگ استعمال کرتے ہیں اور بعض پچکاری بھی دی جاتی ہے پھٹے ہوئے ہونٹوں، خشک جلد کے استعمال کے علاوہ جلن وغیرہ دافعہ مرہموں کے ساتھ دیتے ہیں۔

گل نیلوفر

فارسی: گل نیلوفر۔

عربی: کرنب الماء، حب العروس، ورد نیلوفر۔

لاطینی: NYMPHOEA LOTUS -

انگریزی: WATER LILY -

صفت و ماہیت: یہ ایک نبات کے پھول ہیں جن کی رنگت زیادہ تر سفید تیز نیلی ارغوانی رنگ کی ہوتی ہے۔ اس کا پودا پانی میں ہوتا ہے۔ مطلق نیلوفر سے نیلی قسم مراد ہے اور سفید جس پر اوپر پانچ پتیاں سبز اور اندر تمام پتیاں بہت سفید اور صاف ہوں، سب قسموں سے بہتر ہے یہ پھول رات کو کھلتا اور دن کو بند ہو جاتا ہے۔ پتیوں کے جھڑ جانے پر گول پھل ظاہر ہوتا ہے۔ پھل کے اندر بیج ہوتے ہیں جن کا رنگ سیاہ ہوتا ہے گول اور چھوٹے ہوتے ہیں جو کھردری اور کاجو کی طرح اوپر کا پوست سیاہ رنگ جلدی کی طرح زرد ہوتا ہے۔

مزاج: سرد و تر۔

افعال: مسکن، مفرح، منوم، مسکن صفرا۔

افعال و استعمال خصوصی: گل تسکین حرارت، تقویت دماغ، رفع امراض گرم جیسے نزلہ، تقویت قلب، رفع خفقان حار، گلی رفع حمیات حار، جریان، ترطیب بدن، تسکین عطش، دافع آب، شیاف تازہ، گلی رفع کی روغن دیگر حمیات حارہ و عرق، تقلب، رفع خفقان و امراض گرم، گلی رفع کی جدری و حصبہ و حمیات صفراویہ، خیساندہ تسکین۔

مضر: باہ و مثانہ۔

مصلح: شہد خالص۔

بدل: کنول کا نفاخ۔

مقدار خوراک: ۵ ماشہ تا ۷ ماشے۔

گیرو

بنگالی۔ گری ماٹی۔

فارسی۔ گلِ سرخ

عربی۔ طین احمر۔ طین مغرہ۔

انگریزی۔ OCHRE RED LUMBER STONE RED OCHRE

لاطینی۔ RED CHALK

صفت و ماہیت: یہ سرخ سیاہی مائل اور ہموار مٹی ایک قسم کی سخت مٹی ہے مزہ پھیکا ہے دو قسم کی ہوتی ہے سرخ تیرہ اور خالص اسے سونا گیرو اور سرنا گیرو کہتے ہیں (۲) کم رنگ سرخ اور غیر صاف اسے سنگ گیرو بولتے ہیں عمدہ وہ ہے جو صاف اور پانی میں ڈالنے سے پھول جائے۔

مقام پیدائش: زیادہ تر گوالیار کے علاقہ جات میں پائی جاتی ہے۔

خواص و افعال: مسکن حابس الدم۔ رادع۔

استعمال و افعال خصوصی: درد چشم، نافع ورم و درد حابس الدم معوی، حابس طمث۔ امعاء، قاتل کرم۔

مضر: گردہ و امعاء۔

مصلح: شہد و دیگر شیرینی۔

بدل: شادنج اور گل ارمنی۔ چہارم گیرا۔

مقدار خوراک: ۱ ماشہ سے ۳ ماشہ تک۔

گلوکوز

سکر العنب

فارسی۔ شکر انگوری۔

انگریزی۔ GRAPE SUGAR.

دیگر نام۔ DEXTROSE

لاطینی۔ گلوکوز۔ GLUCOSE

اردو۔ انگور کی شکر۔

صفات: یہ ایک شکر ہے جس کا رنگ سفید ذائقہ شیریں اور سفید دودیا مائل سفوف یا سفید قلمیہ شکل ہے جو پانی کی ایک
دوگنی مقدار میں تیزی سے حل ہو جاتی ہے اور دوسری بعض شکروں کے بدل میں پائی جاتی ہے اسے شکر انگوری بھی کہتے ہیں پانی میں آسانی
سے حل ہو جاتی ہے۔

مزاج: گرم و تر ہیں۔

افعال منافع: مقوی مولد حرارت ملطف مغذی۔

افعال خاص: یہ شکر یادداشت کی کمی میں مفید ہے ضعف رقت پستی میں بذریعہ تنفیذ ۱۰/۱۵٪ انجکشن ... سی سی کا بذریعہ وریدی
تنفیذ دیا جاتا ہے جگر کے افعال کی درستی میں مفید ہے

مقدار خوراک: حسب ضرورت۔

لعل

فارسی ۔ لعل بدخشان

عربی ۔ لعل ۔

انگریزی ۔ RUBY

صفت و ماہیت :- مشہور عام قیمتی پتھر ہے یاقوت کی قسم کا مگر اس سے نرم اور گول اور چپٹا ہوتا ہے رنگ سرخ چمک دار فائدہ پھیکا ۔

مزاج :- معتدل ۔

افعال :- مفرح ۔ مقوی قلب ۔ مقوی بصر ۔

استعمال افعال خصوصی :- قلب مفرح ۔ مقوی چشم ۔ مقوی بصر ۔

مضر :- باہ مضر ۔

مصلح :- کیوڑہ گلاب کا عرق ۔

بدل :- یاقوت رمانی ۔

مقدار :- ایک سرخ سے کم ۔

لوبان

عربی ۔ حصی اللبان ۔

فارسی ۔ حسن لبہ ۔

اردو ۔ لوبان ۔

لاطینی ۔ BENZOINUM

انگریزی ۔ بینزوئن ۔ BENZOIN

گم بنجمن ۔ GUM BENJAMIN

صفت و ماہیت :- درخت سٹیراکس کی خوشبودار رال ہے درخت مذکورہ کی چھال میں شگاف دینے سے ایک سیال حاصل ہوتا ہے جسے ہوا میں خشک کر لیتے ہیں اس کی شکل پر شل دانوں کی شکل میں بھوری سرخی مائل باہر سے شفاف [illegible] سال سے ٹوٹنے والے ڈلے ہیں جو حرارت سے نرم ہو جاتے ہیں نا لاکھ کچھ نہیں حرارت پہنچنے سے نرم ہو جاتا ہے اور بخارات نکلتے ہیں

جلنے پر خوشبو دیتا ہے اس لئے برائے دفع جراثیم بھی جلاتے ہیں یہ تھوڑا سا شراب مقطر میں حل ہو جاتا ہے

مزاج: گرم خشک

افعال: منفث بلغم، مدر بول، دافع تعفن، محرک جگر، دافع بخار۔

استعمال افعال خصوصی: معدہ و جگر سست تنقیہ و اخراج فضول کسر ریاح تحلیل۔

مضر: بامزاج حارہ۔

مصلح: روغن بنفشہ، لعاب تخم خشخاش۔

بدل: رومی مستگی۔

مقدار خوراک: ۱ رتی سے ۶ رتی۔ ست لوبان ۱/۲ سے ایک رتی۔

مرکبات: کمپونڈ ٹنکچر آف بنزوئن TINCTURE OF BENZOIN Co

مقدار: نصف سے ایک ڈرام۔

ACIDUM BENZOICUM

BENZOIC ACID

بینزوئک ایسڈ

صفات: ہلکی بے رنگ سوزنی قلمیں خفیف لوبانی۔

انحلال: ایک حصہ ۴۰۰ حصہ سرد پانی اور ایک حصہ ۱۰ حصہ کھولتے ہوئے پانی میں حل ہو جاتا ہے اگر پانی میں تھوڑا سا

بوریکس یا سوڈیم فاسفیٹ ملا دو تو آسانی سے حل ہو جاتا ہے

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

افعال: دافع حرارت، منفث بلغم، مدر بول، محرک جگر۔

AMMONIUM BENZOATE

صفات: بے رنگ چپٹی دار قلمیں جو ہر لحاظ ایک حصہ ۱۲ حصہ پانی میں حل ہو جاتا ہے

مقدار: ۵ سے ۱۵ گرین۔

SODIUM BENZOATE

صفات: سفید رنگ بے بو سفوف دانہ دار قلمیں ذائقہ شیریں۔ ایک حصہ تین حصہ پانی میں قابل حل۔

افعال در مدربدل۔ دافع عفونت۔
مقدار ۔ ۵ سے ۱۰ رتی۔

لاجورد

فارسی۔ لاجورد **Lapis**
عربی۔ اللازورد **Lazule**
انگریزی۔

صفت و ماہیت: مشہور پتھر ہے جو کہ سخت صاف اور چمکدار براق ہو اس پر طلائی نقطے ہوں اس کی نیلاہٹ میں سرخی و سبزی کی جھلک ہو اور اس کی رگوں میں سفیدی نہ ہو۔ اس کی پہچان کے متعدد طریق ہیں جن میں سے دو ایک یہ ہیں۔ (۱) تھوڑا سا پیس کر دو پتر پر ملیں اگر کپڑا رنگین ہو جائے تو مصنوعی ہے (۲) گرم تانبے کے پتر پر باریک پیس کر کے چھڑک دیں اگر تھوڑی دیر میں حل ہو جائے یا سیاہ ہو جائے تو مصنوعی ہے۔ اس کے اجزائے ترکیبی میں سوا اور گندھک شامل ہے۔ اس کا شعر میں پیدا ہوتا ہے
مزاج: بعض مفصول گرم خشک بعض نے سرد خشک بھی کہا ہے۔
افعال: در حال مفرح۔ مقوی قلب۔ مدر حیض مسہل۔
افعال و استعمال خصوصی: دافع احتراق خون۔ اسہال۔ احتراق۔ رفع امراض سوداویہ اخراج سوداویہ و تنقیہ بدن از فضول۔ اسہال اخراج سودا و دیگر اخلاط غلیظہ سفوفاً و حبوباً۔
مضر: معدہ۔ مکرب و متلی۔
مصلح: مصطگی۔ کتیرا۔
بدل: حجر ارمنی۔ لعاق الذہب
مقدار خوراک: ایک سے ۲ ماشہ۔

لفاح

بیروح
فارسی۔ مردم گیاہ۔
اردو۔ ابنا بجھی۔
سندھی۔ اکری۔

انگریزی۔ بلاڈونا **Balladonna**

لاطینی۔ بلاڈونا۔ **Belladonna**

صفات:۔ پتے دھتورے یا اجوائن کے پتوں کے مشابہ شاخوں پر ترتیب وار ایک کے پیچھے ایک لگے رہتے ہیں اور دو کے پتے ایک دوسرے کے مقابل طول ۲ سے ۸ انچ شکل بیضوی کنارے سالم اور صاف شاہ پیالی صورت گول گول ہوتی نیچے کی طرف جھڑا ہوا شکل۔

امتیاز:۔ دھتورہ کے پتیاں زیادہ جھریلا اور اجوائن خراسانی کے پتوں پر روئیں ہوتا ہے

کیمیاوی صفات وغیرہ:۔ اس میں اصل جوہر ایٹروپین ۰.۲ سے ۰.۵ فیصدی ہے جو کہ ایٹروپین میں تبدیل ہوجاتا ہے

افعال:۔ مقلل تیز مقلل افراز عرق مدر بول مجفف مانع تشنج قوی زہر۔

مزاج:۔ سرد و خشک۔

افعال خصوصی:۔ امراض چشم ربو اختناق ضیق النفس تسکین درد۔

مضر:۔ سمی اثرات رکھتا ہے

مصلح:۔ روغن بادام، روغن بنفشہ۔

مرکبات

مقدار:۔ ۵ سے ۳۰ ملی گرام۔

جوہر افعان ایٹروپین سلفیٹ **Atropine Sulphate** بے رنگ قلمیں بے بو اور تلخ۔

مقدار:۔ ۱/۲۰۰ سے ۱/۶۰ گرین۔ ۱/۲ ملی گرام سے ایک ملی گرام تقویت ۱ کا محلول آنکھ میں ڈالتے ہیں مرکبات۔

افعال:۔ آنکھ کی پتلی کو پھیلاتا ہے۔

لکوئڈ ایکسٹریکٹ آف بلاڈونا **Liquid Extract of Belladonna**

مقدار:۔ نصف تا ۳ منم۔ یہ گرم کے تیل یا الکحل یا گلیسرین کے ساتھ بطور طلا استعمال کرتے ہیں۔

لودھ

بنگالی۔ لودھا، لودھ کا شجر پٹیا لودھ۔

انگریزی۔ **Lodh Tree**

لاطینی۔ **Simplo-Co-So-Rasumosa**

مقام پیدائش:۔ بنگال، آسام کے جنگلات اور کوہ نیپال۔

صفت وماہیت:- یہ ایک درخت کا پوست ہے اس درخت کا پھول مہوے کے پھول کی مانند ہوتا ہے یہ گجراتی و کوہستانی دو قسم کا ہوتا ہے لودھ گجراتی اندر و باہر سے سرخی مائل یہ سفیدی و صاف ہوتا ہے یہی لودھ پٹھانی کہلاتا ہے کوہستانی قسم کے باہر سے سبزی مائل اندر سے سرخ ہوتا ہے لودھ پٹھانی کا پھول سفید زرد القصہ سے تلخ ہوتا ہے درخت کی اونچائی بیس فٹ تک ہوتی ہے چھال کھردری اور بہت چھید دار اور سفید رنگ کی ہوتی ہے پتے ۳ سے ۱۰ انچ لمبے انڈے کی وضع کے اور کنگرے دار ہوتے ہیں اور خوشبودار پیلے پھول لگتے ہیں پھل آدھ انچ لمبا گول ہوتا ہے گٹھل سخت [illegible] جس میں ایک یا دو بیج ہوتے ہیں۔

مزاج:- گرم خشک بعض سرد خشک کہتے ہیں۔

افعال:- مجفف، حابس الدم، مسکن، رادع جالی۔

افعال واستعمال خصوصی:- تنقیہ چشم رفع رمد و مادہ اکثر امراض چشم ضعف لثہ۔ رفع سیلان

مضر:- امراض حارہ

مصلح:- آب کاسنی سبز۔

بدل:- بعض افعال میں ہلیلہ زرد۔

مقدار خوراک:- ایک تا تین ماشے۔

میگنیشیا

لاطینی **Magnesia Levis**

انگریزی **Light Magnesia**

Light Magnesium Oxide

صفات: رنگ بہت ہلکا سفید سفوف ہے بو، ذائقہ پھیکا، پانی میں حل نہیں ہوتا، لیکن ہلکے تیزابی محلول میں بآسانی حل ہو جاتا ہے۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۰ گرین بطور دافع ترشی معدہ اور ۲۰ سے ۶۰ گرین بطور ملین۔

افعال: ضد الحموضہ، ملین، مانع تکون حصاۃ، محلل اورام قناۃ غذائی۔

مزاج: سرد خشک۔

میگنیشیا پانڈروسا **Magnesia Ponderosa**

ہیوی میگنیشیا **Heavy Magnesia**

ہیوی کلسائنڈ میگنیشیا **Heavy Calcined Magnesia**

صفات: سفید سفوف ہے بو، ذائقہ قدرے کھاری، یہ لائٹ میگنیشیا سے ساڑھے تین گنا بھاری ہوتا ہے۔

انحلال: ایک حصہ ۱۰۰۰۰ حصہ پانی، ہلکے تیزاب میں حل ہو جاتا ہے۔

افعال: ضد الحموضہ، ملین، مانع تکون حصاۃ۔

مقدار: چار رتی سے ۸ رتی۔ ۱۰ سے ۶۰ گرین۔

میگنیشیا سلفاس **Magnesii Sulphas**

ایپسم سالٹ **Epsom Salt**

کیمیاوی تجزیہ: میگنیشیم کاربونیٹ اور ہلکے سلفیورک ایسڈ کا مرکب ہے۔

ماہیت: بے رنگ قلمیں جو بڑے گرم خشک ہوا کی سفید تہ جم جاتی ہے، بے بو، ذائقہ سرد تلخ و تیز۔

افعال: مسہل۔

مقدار: ۶۰ سے ۱۲۰ گرین، ۶ ماشے سے ۱ تولہ۔

مجیٹھ

سنسکرت: منجشٹھا — فارسی: فوۃ الصبغ

عربی: فوۃ عروق احمر.

انگریزی: **Red Wood-Indian Maddar**

لاطینی: **Rubia Munjit-Rubia Cardifolia**

صفت وماہیت: مجیٹھ سرخ رنگ کی جڑ ہوتی ہے جس کا مزہ تیز بقدرے تلخ ہوتا ہے۔ پھل اور پتے گول ہوتے ہیں۔ پھل پتوں کے درمیان لگتے ہیں اور پک کر سیاہ پڑ جاتے ہیں اور ان میں بیج بھی ہوتے ہیں۔ پتوں کے کناروں پر چھوٹے چھوٹے کانٹے ہوتے ہیں۔

افعال: مدر حیض وبول.

استعمال وافعال خصوصی: جلد سیاہ وسفید معدہ تقویت معدہ، تابعض مدر.

مضر: سرد مزاج، درد سر پیدا کرتی ہے، مثانہ کی مضر ہے، پیشاب میں خون لاتی ہے.

مصلح: سرکہ، وپھیپھڑے.

بدل: بنفشہ وچرہ.

مقدار خوراک: ۲ سے ۵ ماشہ.

مواد ملونہ

کرم دانہ

کاکس کی کاکس **Coccus** **Cochineal.**

صفات: بیضاوی شکل نیچے سے ذرا چپٹے یا مقعر اور اوپر سے ذرا محدب چھوٹے کیڑے ہوتے ہیں۔ ان کا سفوف ... ہوتے ہیں
رنگ بھورا سیاہی مائل، سفوف بنانے پر سرخ رنگ کا ہوتا ہے۔

مواد ملونہ کے طور پر مستعمل ہے۔

ٹنکچر کوکائی **Tinctura Cocci**

ٹنکچر آف کوچینیل **Tincture of Cochineal**

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۵ منم. مکسچروں کو خوش رنگ بنانے کے لیے.

امرنتھم **Amaranthum**

صفات: سرخی مائل بھورا سفوف.

افعال: بطور مواد ملونہ مستعمل ہے۔

مختلف مرکبات کو خوش رنگ بنانے کے لیے.

مازو

بنگالی: ماجو

فارسی: مازو

عربی: عفص

انگریزی: Oak Gall

لاطینی: Gall

صفت و ماہیت: ایک درخت کے پھل ہیں جو گول چھوٹے بیر کے برابر ہوتے ہیں۔ اس کی شاخوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا سوراخ کر کے اپنا انڈا رکھتا ہے۔ اس سوراخ سے رطوبت نکل کر ایک گرہ کی شکل میں جم جاتی ہے، جس سے گانٹھیں پیدا ہو جاتی ہیں جسے مازو کہتے ہیں۔ یہ سخت وزنی اور گول ہوتا ہے۔ اس کا قطر ... یا اس سے کچھ زیادہ ہوتا ہے۔ سطح پر ابھار ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ سطح بھی صاف ہوتی ہے۔ رنگت اوپر سے نیلگوں سبز، اندر زردی مائل یا سفید بھورا ہوتا ہے۔ اندر ایک چھوٹا سا خانہ ہوتا ہے۔ ذائقہ کسیلا اور قدرے تلخ۔ اچھا مازو وزنی اور اوپر سے نیلگوں ہوتا ہے۔

مزاج: سرد و خشک

افعال: قابض، مجفف، حابس الدم۔

استعمال و افعال خصوصی: امراض لثہ و لسان و رحم۔ تقویت لثہ، دافع قلاع و رطوبت رحم، سنونا۔

مضر: صدر، حلق۔

مصلح: صمغ عربی

بدل: اندر کا چھلکا جفت بلوط، مائیں خرد و کلاں، چھالیہ زرد۔

مقدار خوراک: ۱ تا ۳ ماشہ

مصل جمرہ خناق کزاز

Anti-Anthrax Serum

ماہیت: جمرہ خبیثہ کے لحمات کا مرکب ہے جو حیوانات کے سیرم کی صورت میں حاصل ہوتا ہے۔ جلد کے نیچے، عضلے، ورید میں سی سی فوائد: یہ عموماً تیس سے چالیس یونٹ ورید کی انجکشن کے ذریعہ دیا جاتا ہے۔ بقدر ضرورت دوبارہ۔ عموماً ایک ہی انجکشن سے خراب قسم کی پھنسی رفع ہو جاتی ہے۔

مصل جراثیم خناق — Diphtheria Antitoxin Serum

خاصیت: زردی مائل بھورا سیرم یا سبزی مائل زرد شفاف جو کچھ مدت کے بعد زرد و صیا رنگ میں تبدیل ہو جاتا ہے۔ عموماً بے بو یا خفیف بو والا۔ خشک سفوف کا رنگ زردی مائل یا زرد بھورا۔ سفوف یا پرت۔

محلل: ایک حصہ ۔ پانی میں۔

طاقت: ذاتی سیرم ایک سی سی میں ۵۰۰ یونٹ۔ خشک دس ہزار یونٹ ایک گرام میں۔

مقدار خوراک: بطور حفظ ماتقدم ۵۰۰ سے ۲۰۰۰ یونٹ۔ بطور علاج ۱۰۰۰۰ ہزار سے ۱۰۰۰۰۰ تک۔ مرض کے شروع میں دس ہزار یونٹ۔ شدت مرض دیکھتے ہوئے دوسرے دن بیس ہزار، حتیٰ کہ ایک لاکھ تک استعمال کرتے ہیں۔ بذریعہ عضل تیغ ورید میں تیغ کی صورت میں سو جند سوڈیم کلورائیڈ ملاتے ہیں۔ خوراک پوری دیں۔

مضر: دمہ یا الرجی کی صورت میں نہ دیں۔ جلد پر ایک یونٹ سے ردعمل دیکھ لیتے ہیں۔

مصلح: ایڈرینے لین۔

مصل ضد کزاز — Tetanus Anti-Toxin

ماہیت: یہ جراثیم کزاز یا اس کے مشتقات سے حاصل کیا جاتا ہے۔

طاقت: ایک سی سی میں کم از کم پانچ سو یونٹ۔ خشک ایک گرام میں تقریباً پانچ ہزار یونٹ۔ تیار شدہ ایک سی سی میں کم از کم پندرہ سو یونٹ۔ خشک ایک گرام میں ساڑھے سات ہزار یونٹ۔

مقدار خوراک: بطور حفظ ماتقدم ایک سی سی جس میں ۱۵۰۰ یونٹ ہوتی ہے۔ بطور علاج تیس ہزار یونٹ۔ ایک سی سی میں پچاس ہزار یونٹ تک بطور انجکشن ۲۰۰۰ ایک یونٹ کو ۰۰۰۳ کے برابر یونٹ شمار کرتے ہیں۔

مصل مخلوط گیس گنگرین — Mixed Gas gangrene Antitoxin

طاقت: ایک سی سی میں ایک ہزار یونٹ

ایک سی سی ۱۰۰۰ یونٹ سیپٹی کم،

خشک سیرم ایک گرام سیپٹی میں ۱۰۰۰۰ یونٹ۔

ایک گرام سیپٹی کم ۱۵۰۰۰ یونٹ۔

مقدار خوراک: حفظ ماتقدم میں دس ہزار یونٹ۔

سیپٹی کم ۱۰۰۰۰ یونٹ۔

بطور علاج تیس ہزار یونٹ۔

سیپٹی کم پندرہ ہزار یونٹ۔

مصل لبثور لبنیہ ذو شطاریہ Vaccine Acnes

ایک سی سی میں ۵۰ ملین یا ایک سو ملین یا ایک ہزار ملین عصیات حب الصبا موجود ہوتے ہیں۔ بطور حفظ ماتقدم ۵ ملین سے ایک ہزار ملین تک تین دن سے دس دن تک وقفہ کے ساتھ۔

مصل ذو شطاریہ Dysentery Vaccine

ایک سی سی V.W.X.Z.Z قسم کے ایک سو ملین جراثیم ہوتے ہیں۔ بطور حفظ ماتقدم پہلی خوراک نصف سی سی دوسری خوراک جس ۵ دن بعد۔ ۳ سے ۷ دن بعد ہے، ایک سی سی تیسری خوراک ایک سی سی اتنی ہی مدت بعد۔

مصل حمی اصفر Yellow Fever Vaccine

صفات: ہلکی زردی مائل سفوف جو کہ ہلکی پرت دار دانہ دار ہوتا ہے۔ پانی یا سیلائن محلول میں استعمال کے وقت حل کر لیتے ہیں۔

بطور تحت

مصل غدہ عنقودیہ صدیدیہ Staphy Lococcus Toxoid

ماہیت: یہ جراثیم عنقودیہ صدیدیہ کا عمل یا اشتقاقی مرکب ہے۔ جو کیمیاوی طور پر اس کو ان جراثیم کے   کے خلاف قوت حاصل کرنے کی غرض سے استعمال کیا جاتا ہے۔ اس کو خالص یا مناسب مقدار سوڈیم کلورائیڈ کے محلول میں ملا کر استعمال کرتے ہیں۔

صفات: خالص محلول ان ڈائیلیوٹیڈ، کا رنگ زردی مائل ہے۔ جس میں کسی قسم کے ذرات نہیں ہوتے۔

غیر خالص: صاف بے رنگ یا سفیدی مائل سیال۔

مقدار: انجکشن ۰.۰۵ ملی لیٹر آہستہ آہستہ بڑھا کر ۱ سی سی تک دیں۔ بذریعہ

افعال: تمام عوارضات جو عنقودیہ صدیدیہ کے جراثیم سے پیدا ہونے کے لیے قوت   پیدا کرتی ہے۔

مصل داء الکلب ہیضہ طاعون محرقہ

ماہیت: مصل داء الکلب، غیر حرکت دماغی مادہ جس میں دیوانے جانور کے وائرس کاربالک ایسڈ کے ساتھ مخلوط ہوتے ہیں۔

Rabies Vaccine

صفات: سفید یا سفیدی مائل قدرے جھاگ دار سیال جس میں بہت خفیف فینول کی بو ہوتی ہے تحت الجلد انجکشن کے ذریعہ ۲ سی سی سے ۱۰ سی سی، ۷ سے ۱۴ دن تک حسب ہدایت دیں۔

مصل ہیضہ Cholera Vaccine

ماہیت: یہ ویکسین خالص منفعل ہیضہ کے جراثیم کا مجموعہ مرکب ہے۔ ایک سی سی میں آٹھ ہزار ملین۔

بطور حفظ ما تقدم، پہلی خوراک نصف سی سی، دوسری خوراک ۱ سے ۲ ہفتوں کے بعد ایک سی سی۔

مصل طاعون **Plague Vaccine**

ایک سی سی میں دو ہزار ملین طاقت۔

بطور حفظ ما تقدم، پہلی خوراک نصف سی سی، دوسری خوراک ایک ہفتہ سے تین ہفتے کے وقفہ کے ساتھ ایک سی سی۔

مصل حمی طیفوریہ **T.A.B. Vaccine** **T.A.B.C. Vaccine**

ایک سی سی میں ہزار ملین جراثیم ٹائیفائیڈ۔

۱ سی سی میں ۵ قوے ۵۰۰ ملین عصیات پیرا ٹائیفائیڈ **A**

۱ سی سی میں ۵ قوے ۵۰۰ ملین عصیات پیرا ٹائیفائیڈ **B**

الکوحل والی، حفظ ما تقدم کے طور پر تحت الجلد پہلی پچکاری ½ سی سی دوسری خوراک ۷ سے ۱۰ دن کے وقفہ سے ½ سی سی۔
غیر الکوحل والی، ½ سی سی پہلی خوراک، دوسری خوراک ۷ سے ۱۰ دن تک وقفہ کے بعد ایک سی سی۔

طریق استعمال اسی طرح ہے جیسا کہ اوپر تحریر ہوا۔

مصل عنقودیہ عقدیہ

ٹائیفس ویکسین **Typhus Vaccine**

صفات، معمولی جھاگ دار سیال کچھ دنوں بعد رسوب بیٹھ جاتا ہے جو ہلانے کے بعد پھر حل ہو جاتا ہے۔ خوراک بذریعہ تحت الجلد پچکاری ۱م سے ۱۵ منم۔

فوائد، ٹائیفس کے خلاف قوت مناعت پیدا کرنے کے لیے دو یا تین خوراکیں ہفتہ عشرہ بعد استعمال کریں۔

ہوپنگ کف ویکسین

بطور حفظ ما تقدم، دس ملین عصیات شہقیہ ایک ایک ماہ کے وقفہ سے دیں۔ اس سے مرض حملہ نہیں کرتا اور مرض پھیلنے کا اندیشہ ہوتا ہے۔

مصل عنقودیہ صدیدیہ **Vaccine Staphylococc**

ایک سی سی میں سو ملین سے ایک ہزار ملین جراثیم عنقودیہ صدیدیہ موجود ہوتے ہیں۔

بطور حفظ ما تقدم، دس ملین سے ایک ہزار ملین تک تین سے سات دن کے وقفہ کے ساتھ۔

افعال، جرب، التہابات اور بثور سینہ میں مفید ہے۔

معمل عقدیہ صدیدیہ **Streptococcal Vaccine**

اس کی خوراک ۵ ملین سے آہستہ آہستہ سو ملین تک بڑھاتے ہیں۔

فوائد: حدوثی عقدیہ صدیدیہ حمرہ، خشیہ قوبا، ورم اضدادی گوش، سوزش مثانہ و حوض گردہ اور قبل حمل کی تدابیر میں مفید ہے۔

مرقشیشا

فارسی: سنگ فضہ۔

اردو: سونا مکھی، روپا مکھی

لاطینی: بزموتھیم **Bismuthum**

انگریزی: بزمتھ **Bismuth**

صفت و ماہیت: سفید چمکدار، قدرے سرخی مائل دھات ہے جو سونے کی کانوں سے نکلتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص: بسبب سمیت اس کا داخلی استعمال ممنوع ہے۔ خارجاً ادویہ کو تحلیل کرتا ہے، قابض بھی ہے۔

مرکبات

بسمتھ آکسی کاربونیٹ **Bismuth Oxycarbonate**

صفات: سفید رنگ کا وزنی سفوف، پانی میں حل نہیں ہوتا۔ لیکن نائٹرک ایسڈ اور مساوی المقدار پانی میں حل ہو جاتا ہے اور جھاگ پیدا کرتا ہے۔

افعال: قابض، مسکن معدہ، دافع الحموضہ، دافع تعفن۔

مقدار: ۵ سے ۲۰ گرین، ۱/۲ سے ۱۰ رتی تک۔

بسمتھ سیلی سلیٹ **Bismuth Salicylate**

صفات: بھاری سفوف، بے رنگ، بے بو۔

افعال: مسکن معدہ و امعاء، دافع تعفن، دافع الحموضہ، قابض۔

مقدار: ۵ سے ۲۰ گرین، ۱/۲ رتی سے ۱۰ رتی۔

صفات: سفید رنگ سفوف، پانی میں حل نہیں ہوتا لیکن نائٹرک ایسڈ ڈائلیوٹ میں حل ہو جاتا ہے۔

افعال: دافع الحموضہ، قابض، مسکن معدہ و امعاء۔ مقدار: ۵ گرین سے ۲۰ گرین، ۱/۲ سے ۱۰ رتی۔

بنگالی : رس مچال

عربی : زرنیخ احمر

انگریزی :

لاطینی :

صفت و ماہیت : یہ سرخ رنگ کی ایک معدنی چیز ہے جس میں خفیف سی زردی ہے اس کا رنگ سرخ اور زرد ملا ہوا ہوتا ہے

مزاج : گرم خشک۔

افعال : اکال محلل۔

مقدار خوراک : اندرونی طور پر مستعمل نہیں ہے۔

ملک انجکشن

Lactolan-Aolan

صفات : سفید اور عطر دار دودھ سر بمہر بند دستیاب ہوتا ہے۔

مزاج : حار و رطب۔ **Sterile Milk-Injection (Yatren-Casein)**

افعال : تپ مفاصل مزمن۔ اورام باطنی، سوزاک، رعشہ، خارش، خنازیر، دمہ، قرحی تنقیہ میں مستعمل ہے۔ بذریعہ عضلی انجکشن۔

مقدار خوراک : ۲ تا ۱۰ سی سی کے انجکشن ہوسکتے ہیں۔ عموماً ۵ سی سی دیا جاتا ہے۔

موصلی سیاہ

بنگالی : تال مول

فارسی : موصلی سیاہ

انگریزی : **Murdannia Scapiflora**

لاطینی : **Hyproxis Orchioides** **Asparagus Sarmentosus**

صفت و ماہیت: اس کا پودا موصلی سفید سے اونچا ہوتا ہے لیکن اس کا تنا اصل چھوٹا ہوتا ہے۔ جڑ کا رنگ سیاہ اور شکل میں ۱۰
ایک تہائی انگشت کے برابر لمبی ہوتی ہے۔ اوپر سے ہموار اور سیاہ، اندر سے خالی۔ ذائقے کی سی بو آتی ہے مگر کڑوی نہیں۔ اس کا پودا
زمین سے پھوٹتے وقت تاڑ اور کھجور کے پیڑ کی شکل کا ہوتا ہے۔ ایسے ہی اس کے پتے ہوتے ہیں۔ پھول اس کا زرد سنہری اور بیج گھونگا،
جڑ ہی مستعمل ہے۔

مزاج: گرم خشک

خواص و فوائد: مغلظ منی، مقوی باہ۔

افعال و استعمال خصوصی: مغلظ منی، تقویت باہ، رفع جریان، تحلیل ریاح گردہ۔

مضر: کوئی خاص مضر نہیں۔

مصلح: شکر، خیر گوڑ۔

بدل: موصلی سفید۔ مقدار خوراک: چھ ماشہ۔

موصلی سفید

فارسی: موصلی سفید، بنگال: ساوہ موصلی۔

لاطینی: **Hypoxis Orchioides**

صفت و ماہیت: ایک نبات کی جڑ ہے جو پیاز کے چھلکے کی طرح لمبا ہوتا ہے مگر لمبائی زیادہ اکثر ہوتا ہے۔ بعض پتے پیاز کے پتوں
سے چوڑے ہوتے ہیں۔ جڑ سے نکلتے ہیں۔ پتے کی چوڑائی ۲ سے ایک انچ اور لمبائی ۹ سے ۱۰ انچ ہوتی ہے۔ موصلی سفید چھوٹے چھوٹے
ٹکڑوں میں دستیاب ہے۔ رنگ سفید و شفاف، ذائقہ لعاب دار و پھیکا ہوتا ہے۔ پھول سفید جوہی کے پھول کی طرح اور بیج میں
ایک ہی ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

خواص: مولد و مغلظ منی، مقوی باہ۔

استعمال و افعال خصوصی: مغلظ منی، تقویت باہ، دفع جریان، تحلیل ریاح گردہ۔

مضر: چنداں مضر نہیں۔

مصلح: شکر، خیر گوڑ۔

بدل: موصلی سیاہ۔

مقدار: ۹ ماشہ۔

مرداسنگ

فارسی: مرداسنگ۔

اُردو: مرداسنگ۔

لاطینی: پلمبائی اکسائیڈیم Plumbi Oxidum

انگریزی: Lead Oxide

صفات: صاف زرد براق اور بھاری، سرخی مائل۔ ذائقہ پھیکا۔ مزاج: بقول بعض معتدل و سرد خشک۔

افعال: خارجاً مختلف مراہم میں جلد و زخم کے لئے مجفف، قاتل جراثیم، دافع خارش، خارش زخم۔ مرہم داخلیون مشہور مرکب ہے۔

اندرونی طور پر قابض، قاتل کرم شکم۔

استعمال و افعال خصوصی: جلد کی تخفیف و اندمال قروح خارجیہ۔

مضر: سمیت۔

مصلح: روغن بادام۔

بدل: سیندور۔

مقدار خوراک: ایک ماشہ تک۔

انگوائنٹم ڈایا کیلائی Unguentum Diachyli.

مرہم داخلیون ہیبراز آئنٹ منٹ Hebra's Ointment

ترکیب: لیڈ پلاسٹر ۱۰ حصہ، آئل آف روشنہ ایک حصہ، ایمپائل وم حصہ۔ سب کو پگھلا کر ملیں یہی تیار ہے۔

استعمال: نار فارسی، قروح، جرب، ابلا قین پاؤں کے تلووں میں بکثرت پسینہ آنے کو روکنے کے لئے مفید ہے۔

مشک طرامشیع

فارسی: پودینہ خشک

انگریزی: Flea - Mint

لاطینی: Menthapoligium

صفات: ایک نباتات ہے جس کی لمبائی ایک فٹ یا کم و بیش۔ پتے پودینہ کے پتوں سے چھوٹے اور بیضوی، شاخیں زرد رنگ والی۔ ذائقہ تلخ اور تیز، بو تیز، پھول سرخی مائل بنفشی، بعض زردی مائل بھی ہوتے ہیں۔ اس کی بو سے پسو بھاگتے ہیں تشنا زمین ہے۔

چھپا ہوا ہوتا ہے۔

کیمیاوی تجزیہ: جدید تحقیق سے اس میں ایک لطیف روغن ہوتا ہے جسے بطور محرک اور مدر حیض استعمال کیا جاتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مدر بول و حیض، کاسر ریاح، ہاضم، مقوی معدہ۔

استعمال و افعال خصوصی: امراض بلغم، مدر بول و حیض، منقی رحم۔

مضر: امراض مثانہ۔

مصلح: صمغ عربی، کتیرا۔

بدل: پودینہ جنگلی، سوسن کی جڑ۔

مقدار خوراک: سفوف ۱ ماشہ، جوشاندہ ۷ ماشہ۔

مائیں کلاں

بنگالی: جھاؤ گاچھ

فارسی: گز

عربی: طرفا

انگریزی: Tamarix

صفت و ماہیت: ایک جھاڑ دار بہت گھنا درخت ہے۔ لکڑی گرہ دار اور بہت مضبوط ہوتی ہے۔ پتے سرو کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں۔ یہ درخت مازو خاندان سے تعلق رکھتا ہے۔ پھل کو مائیں کلاں کہتے ہیں۔ یہ پھل مائیں خورد سے بڑا، پھولا ہوا اور گرہ دار پیلا ہوتا ہے اور لونگ کی طرح خوشبودار ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سبز و سرخی مائل اور ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: قابض، مجفف، محلل، مسکن۔

استعمال و افعال خصوصی: سینہ سفید، زخم، دافع نفث الدم، محلل ورم طحال۔

مضر: امعاء۔

مصلح: شہد۔

بدل: مائیں خورد۔

مقدار: ۱ ماشہ۔

مروڑ پھلی

بنگالی: آنت مروا۔

فارسی: انگشت پرگشت۔

عربی:

انگریزی: **Indian Screw Tree**

لاطینی: **Helicterus Isora**

صفت و ماہیت: ایک درمیانہ درخت کی پتلی سیاہی مائل بھورے رنگ کی پیچ دار شکل کی پھلیاں ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: قابض، دافع تشنج۔

افعال و استعمال خصوصی: امراض امعاء، رفع مغص و درد شکم، اخراج بلغم، تحلیل و تلطیف اخلاط۔

مضر: امعاء۔

مصلح: حب الصنوبر

بدل: ایلوا

مقدار خوراک: ایک سے چار ماشے سے دو ماشے۔

مشک

بنگالی: مرگ نابھ

فارسی: مشک

عربی: مسک

انگریزی: **Musk**

لاطینی: **Moskus**

صفت ماہیت: مشک ہرن کی تھیلی میں پایا جاتا ہے جو عام ہرن سے کچھ چھوٹا ہوتا ہے۔ جس کے سینگ سور کی طرح ہوتے، ہر ایک سینگ میں ایک شاخ ہوتی ہے، دُم نہیں ہوتی، اس کی کھال کے بال اور سیٹھے کی مانند ہوتے ہیں۔ مشک ایک جھلی دار تھیلی میں ہوتا ہے جو زیر جلد ناف اور اعضائے تناسل کے درمیان پائی جاتی ہے ناف کے قریب ہونے کی وجہ سے نافہ کہلاتا ہے۔ نافہ کی شکل

گول یا قدرے بیضوی قریب دو دو انچ قطر کے ہوتی ہے۔ سطح اندر سے صاف لیکن باہر کی طرف نافے کے بیچ میں ایک سوراخ ہوتا ہے اس نافہ کے اندر بہت سے خانے ہوتے ہیں جن میں مشک کے ذرے جمع رہتے ہیں۔ جاڑوں میں ہرن کی خصیت پر سے یہ نیچے اترتا ہے اور اس میں سے نکلا مشک حاصل کی جاتی ہے۔ مشک بے ڈول دانے ہیں سیاہ رنگ سرخی مائل لمس تند و بخیت ہے جسے تیز اور جلد پھیلنے والے خاص طرح کی خوشبو اور ذائقہ تلخ کسیلا۔ جسے نافہ کہتے ہیں گول یا قدرے بیضوی ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: چین، تاتار، ہمالیہ کے پہاڑ۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: ملطف، مفرح، محرک و مقوی اعصاب و قلب و دماغ۔

استعمال و افعال خصوصی: سر، تقویت دماغ و حواس ظاہری و باطنی۔ قلب تقویت و تفریح۔ ضعف اوجاع باردہ، امراض الضعف باہ

مضر: مصدع امزجہ حارہ۔

مصلح: طباشیر، کیوڑہ، عرق گلاب۔

بدل: دو گنا عنبر، ڈیوڑھا ساذج ہندی۔ اعصاب سر کی جند بیدستر، بعض نے زعفران بدل قرار دیا ہے۔

مقدار: ۱ سے ۴ گرین۔ ۱ رتی سے ۲ رتی۔

میعہ سائلہ

بنگالی: شلارس

عربی: میعہ سائلہ

انگریزی: **Liquid Storax**

لاطینی: **Storax Benzoin**

صفت و ماہیت: یہ ایک درخت کا گوند ہے جو اس سے تراوش پانے کے بعد شہد کی طرح غلیظ ہو جاتا ہے۔ سیال صورت میں میعہ سائلہ اور خشک ہو جانے پر میعہ یابسہ کہتے ہیں۔ اس کا درخت بین سے مشابہ ہوتا ہے۔ رنگ بھورا زردی مائل اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔ خوشبو عنبر کی سی ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: منفث بلغم، دافع تعفن، محلل و جاذب مسکن۔

استعمال و افعال خصوصی: امراض صدر، سرفہ، سعال بلغمی۔ میعہ یابسہ خشک سائیدہ، ومع درد سینہ بشکل لعوق رطوبات،

مضر: حار مزاج کو۔

مصلح : مصطگی رومی، کتیرا۔
بدل : روغن زیتون، جند بیدستر۔
مقدار : ۹ رتی سے ۱ ماشہ۔

مائیں خورد

فارسی : شورگز۔
عربی : اثل
صفت و ماہیت : جھاؤ کی قسم سے ہے، پھل جھاؤ سے چھوٹا ہوتا ہے وضع غیر خشت، اور گول چنے کے برابر، بعض اس سے بڑا، رنگ بھورا زردی مائل اس کے اندر دانے ہوتے ہیں، بہتر وہ پھل ہے جو چھوٹے چھوٹے اور اس میں جیسے ہوئے ہوتے ہیں۔
مزاج : سرد خشک۔
افعال : حابس، جالی، مجفف، ممسک۔
استعمال و افعال خصوصی : اسہال، ضعف جگر، ضعف معدہ، نکسیر، مفرد وی، خون حابس رحم، اسقاط حمل۔
مضر : سر
مصلح : روغن
بدل : مازو، گلنار۔
مقدار : ۵ ماشہ سے ۱۲ ماشہ۔

مامیران

فارسی : پیلا رنگ مامیران۔
انگریزی : Coptis, Teeta
لاطینی : Caltha Palustris
صفت و ماہیت : لمبی اور انگلی کے برابر موٹی ایک درخت کی جڑ ہے، اس کی لمبائی ۲ بالشت کے برابر یا اس سے بھی زیادہ ہوتی ہے بعض پر گرہیں ہوتی ہیں، چھال کا رنگ زرد و سرخی مائل اور اندر سے جتنی پرانی ہوتی ہے، سیاہی مائل ہوتی ہے، مزہ تلخ، ذائقہ میں پھیکا اور سخت ہوتا ہے
مقام پیدائش : ملیٹ۔

مزاج : گرم خشک

افعال : جالی ، مقوی بصر ، کاسر ریاح ، مدر بول ۔

استعمال و افعال خصوصی : امراض معدہ و جگر ، تقویت معدہ ، رفع ہیضہ و استسقاء ۔

مضر : امزجہ حارہ ۔

مصلح : گلاب خالص ، کاسنی وغیرہ ۔

بدل : گندنا ۔

مقدار : ۱ تا ۳ ماشہ

محدبہ (کدوئے شیریں)

فارسی : کدوئے شیریں ۔

اردو : میٹھا کدو ۔

انگریزی : **Melon Pumpkin**

لاطینی : **Cucarbitae**

صفت و ماہیت : ایک قسم کا کدو ہے ، بعض کا رنگ اوپر سے زرد ، بعض کا سرخی مائل ہوتا ہے ، اس کا گودا اندر سے زرد یا سرخی مائل ہوتا ہے ۔ بعض اتنا بڑا ہوتا ہے کہ گھڑے کے برابر قد و قامت ہوتا ہے ۔ پختہ ہونے پر مزے میں شیریں ہوتا ہے ۔ اس لیے اسے میٹھا کدو بولتے ہیں ۔

مزاج : سرد و تر

افعال : مفرح ، مولد منی ، محسن بدن ، مبرد ۔

استعمال و افعال خصوصی : نفخ عام ، رفع حرارت ، مرض انحدار ثقیل قوام ، مقوی تخم ، سرد ، رفع حرارت وغیرہ ، تقویت دماغ ، جگر ، رفع امراض حارہ ، جلد ، رفع جوش صفراوی ، تسکین و ترطیب حلق ، حمی ، رفع حمیات صفراویہ و دموی ، مسکن و تسکین ادماغ حارہ ، ترطیب و رفع تشنج یبسی ، روغن بیج تم ترطیب جسم ۔

مضر : نفاخ ثقیل ، مولد بلغم ، معدہ ۔

مصلح : قرنفل ، زیرہ ، گرم مصالحہ ، سونٹھ ، ادرک ۔

بدل : کدوئے دراز ۔

مقدار : بقدر حاجت ۔

تخم کدوئے شیریں — Melon Pumpkin Seed

صفات: مرطب، مبرد، قاتل حب القرع۔

ماہیت: بیج مسطح بیضوی، ایک سرا نوکدار، دوسرا گول، بیرونی پوست قدرے سخت، سفید، اندر اس کے مغز سفید۔

استعمال و افعال خصوصی: حل مغز۔

بدل: مصلح، مغز، دیسی مرچیں۔

طریق استعمال: تازہ مغز بقدر دس تولہ صبح نہار منہ دودھ کے ساتھ کھلائیں۔ تین گھنٹے بعد روغن بید انجیر پلائیں کیڑے نکل جائیں گے۔

روغن کدو — Red Foard Oil

صفات: مذکورہ بالا تخم سے نکالا جاتا ہے بقدر سوا تولہ دو دو گھنٹہ بعد نہار منہ دینے سے کیڑے مر جاتے ہیں۔ تین گھنٹہ بعد روغن بید انجیر ۲، ۴ تولہ۔

مقدار خوراک: اڑھائی تولہ۔

مرجان

بنگالی: پلا سنگا پروال

فارسی: مرجان۔ کامرخوک۔

عربی: مرجان۔

انگریزی: Red Coral - Coral

لاطینی: Corail - Corallium

صفت و ماہیت: سخت پتھر کی مانند ایک شے ہے جو سمندر سے درختوں کی شاخوں کی مانند نکلتا ہے۔ اس کی جڑ کو بسد کہتے ہیں جو سرخ ہوتی ہے۔

مزاج: سرد خشک

افعال: قابض، مجفف، حابس الدم۔

استعمال و افعال خصوصی: بسد، امراض صدر، نفث الدم، جریان خون، تفریح، تقویت قلب و دماغ۔

مضر: گردہ۔

مصلح: صمغ عربی، کتیرا۔ مقدار خوراک: ایک ماشہ، کشتہ مرجان ایک رتی تا دو رتی۔

مقل

بنگالی: گگلو

فارسی: بوئے جہودان۔

عربی: مقل ازرق، مقل یہود، مقل صقلی۔

انگریزی: **Gum Gugal**

لاطینی: **Balsam Odandron Mukul**

صفت و ماہیت: ایک درخت کا گوند ہے۔ اس درخت کے پتے نیم کے پتوں کی مانند اور پھول چھوٹا پانچ پنکھڑیوں والا ہوتا ہے۔ اس کا پھل بیر کے برابر گول سرخ ہوتا ہے جس کو گلبا کہتے ہیں اور اخروٹ کی طرح سخت ہوتا ہے۔ اس کا رنگ سیاہ و سرخ زردی مائل اور پھول بادامی ہوتا ہے۔ اس کے پھل میں لیس دار، شیریں اور عفوصت ہے۔ درخت کھجور کے درخت کی طرح ہوتا ہے۔ موسم برسات میں اس میں گوند نکلتا ہے۔ اس کا ذائقہ تلخ ہوتا ہے۔

مزاج: گرم و خشک۔

افعال: جالی، مجفف، ملطف، محلل اورام، مسہل بلغم۔

استعمال و افعال خصوصی: امراض مقعد، ریاح بواسیر، تحلیل، تجفیف رطوبات، اسہال، اخراج بلغم، مقوی معدہ و جگر۔

مصلح: زعفران خالص، کتیرا۔

بدل: دوچند مرمکی یا ایلوا ۴ حصہ۔

مقدار: ایک یا ڈیڑھ ماشہ۔

موچرس

بنگالی: سیتلا رش۔

انگریزی: **Gum Silk Cotton Tree**

لاطینی: **Acacia Moschatus**

صفت و ماہیت: درخت سیمبل کا گوند ہے، جس جگہ پر کیڑے کھا جاتے ہیں یا اس میں سے نکلتا ہے۔ اچھی چھال پر لگا ہوا۔ نکلنے سے خوش نما۔ ابتدا میں یہ گوند سفید گہرا اور لیس دار ہوتا ہے لیکن خشک ہونے پر سرخ رنگ کے گول گول ٹکڑوں کی

شکل اختیار کر لیتی ہے۔ رنگ سرخی مائل سیاہ، ذائقہ کسیلا اور لیسدار ہوتا ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: قابض، مجفف، حابس الدم۔

استعمال افعال خصوصی: ورم، ریح، سیلان رحم، قبض حبس۔

مضر: مخشی معدہ۔

مصلح: کتیرا، بہیل محرور۔

بدل: نا معلوم

مقدار خوراک: ۱ ماشہ۔

صبر

صبر: صبر

لاطینی: Aloe

انگریزی: Aloes

صفات: ایلوا کے درخت کے پتوں کو ان کی جڑ کے نزدیک آہستہ سے کاٹنے سے جو رس نکلتا ہے اسے خشک کر لیتے ہیں۔ یہ زرد و زعفرانی تیرہ سرخ رنگ، صاف، براق، لیسدار، جلدی ٹوٹنے والا اور سخت ہوتا ہے۔ توڑنے پر اس کے ذرے بکھر جاتے ہیں، وزنی اور بہت کڑوا ہوتا ہے۔ ہوا میں کھلا رہنے سے رنگت میں چمک آتی ہے۔ ٹوٹی ہوئی سطح صاف معلوم ہوتی ہے۔ بعض صورتوں میں صبر سقوطری کم و بیش غیر شفاف اور جگر کے رنگ کا ہوتا ہے۔ جیسے جیسے کہ ایلوا کچھ پرانا ہوتا جاتا ہے اور لکڑیوں سے خالص ہو خوشبو آتی ہے اور اس میں تیزی بھی زیادہ مزہ پیدا ہوتا ہے۔ گرم پھونک لگانے پر تو بھیڑ بکری کے گوشت کی سی بو نکلنے لگتی ہے۔ چکنا ہونا گوار، ذائقہ نہایت تلخ۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مسہل، محرک کبد، ناشف رطوبات معدہ و امعاء، کاسر ریاح، مفتح سدد جگر، قاتل دیدان شکم۔

استعمال و افعال خصوصی: درد سر، تقویت دماغ، تنقیہ دماغ، دفع مالیخولیا، گرمی، تقویت معدہ، تحلیل معدہ و جگر، تلیین طبع، قاتل کرم۔

مضر: بواسیر، معدہ و امعاء۔

مصلح: کتیرا، گل سرخ، مصطگی رومی۔

بدل: ریوند چینی، سورنجان، دستوں کے لیے تھوڑی سی سقمونیا۔

مقدار خوراک، ۲ گرین سے ۵ گرین، ۱/۱۰ ماشہ سے ۱/۴ ماشہ،

مرکبات :-

حب صبر ملین، پل ایلوز **Pill Aloes**

مقدار خوراک، ۲ رتی سے ۴ رتی۔ ۴ گرین سے ۸ گرین۔

پل ایلوز اینڈ آئرن **Pill Aloes and Iron**

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ گرین۔

صبر حقیقت

افعال: ملین و کاسر ریاح۔

مقدار: ۴ سے ۸ گرین

مطبوخ صبر مرکب و مطلث ملین

مقدار خوراک، سوا تولہ سے ۲ تولہ

حب صبر و مرکی

مقدار: ۴ سے ۸ گرین مدر طمث۔

افعال: ہاضم، مقوی معدہ۔

مقدار: ۲ سے ۴ گرین۔

صبر کے جوہر مصفیٰ - ایلوائن

صفات: باریک سوزنی گچھے، رنگ زرد، ذائقہ تلخ، بو ندارد۔

انحلال، ایک حصہ ۹۰ حصہ آب سرد میں۔ گرم پانی میں زیادہ مقدار میں حل ہو جاتا ہے۔

افعال، مسہل، محرک جگر، مدر طمث۔

مقدار: ۱/۲ سے ۲ گرین۔

مروارید

بنگالی، مکتا

فارسی، مروارید

عربی، دُرلولو

انگریزی، Pearls

لاطینی: Margrata Motiprone

صفت و ماہیت: یہ چھوٹے چھوٹے سفید و شفاف گول دانے ہیں، جو خشخاش کے برابر یا اس سے بڑے ہوتے ہیں۔ یہ صدف سے حاصل کیے جاتے ہیں۔ یہ صدف کے اندر پیدا ہوتا ہے۔ اوّل اوّل باریک دانے پیدا ہوتے ہیں پھر بڑھتے جاتے ہیں۔ جب حد کو پہنچ جاتا ہے تو اس کا تعلق صدف سے کم رہ جاتا ہے، اور انگلی سے چھونے پر جدا ہو جاتا ہے۔

مزاج: معتدل۔

افعال، جالی مجفف، مقوی بصر، مقوی قلب، مفرح حابس الدم۔

استعمال و افعال خصوصی، امراض چشم، مطول رفع بیل و قروح چشم، تقویت بصر اکتحالاً، قلب تفریح، تقویت قلب و ارواح و قوی باطنی، رفع خفقان و دیگر امراض قلب۔

مضر، مثانہ۔

مصلح، شہد

بدل، صدف صادق۔

مقدار، مسحوق نصف رتی۔

مرکبات

خمیرہ مروارید

افعال، مسکن، مفرح، مقوی قلب و ارواح، رفع خفقان و دیگر امراض قلب۔

مقدار، ۳ تا ۵ ماشہ۔

مرمکی

فارسی، مر

اردو: بیجا بول

انگریزی: Myrrh

لاطینی: Myrrha

صفات: بے قاعدہ دانے یا ڈلیاں، رنگ سرخی مائل زرد، جس پر ایک سفید دھول چڑھی رہتی ہے۔ بو خوشگوار، ذائقہ تلخ۔

افعال: مسکن، محرک رحم، مدر طمث، کاسر ریاح، مجفف رطوبت معدہ۔

استعمال و افعال خصوصی: ورم، کاسر ریاح، تقویت بصر، امراض سر، ضیق النفس، نزلہ، رفع ضعف معدہ۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرین، ½ رتی سے ۱ ماشہ۔

مزاج: حار یابس۔

مضر: مثانہ

مصلح: سرد و تر اشیاء۔

بدل:

مرکبات: Tincture of Myrrh — Pill Aloes and Myrrh

ٹنکچر مر۔

مقدار خوراک: ½ سے ۲ ماشہ، نصف یا ایک ڈرام۔

حب صبر مر

مقدار خوراک: ۴ سے ۸ گرین، ۲ رتی سے ۴ رتی۔

مویز

فارسی: مویز۔

عربی: زبیب۔

انگریزی: Raisins

صفت و ماہیت: ایک قسم کے انگور ہیں، جو قریباً ایک انچ لمبے، بعض سرخ یا سیاہی مائل، مزہ شیریں، خوشبودار ہوتے ہیں اور بیل کے درخت پر خشک ہو جاتے ہیں۔ بہتر وہ ہے جو موٹا شیریں اور کم بیج والا ہو اور زیادہ خشک نہ ہو۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: ملین، منضج، مقوی۔

استعمال و افعال خصوصی: مشتہی، مسمن، تقویت دماغ، دفع امراض باردہ، معدہ، مدر، دفع سعال، تقویت حشفہ، انعاظ مولد باردہ، معدہ و محلل، تسکین، دفع غلیان خون و صفرا، تسکین بلغم، تحلل ریاح، تقویت معدہ، قبض، اسہال، مشل معدہ۔

مضر: امعاء، حار مزاج والوں کو۔

مصلح: سکنجبین، ترش میووں کا رس، تخم خشخاش، اس کے لئے کتیرا، گرم کے لئے عناب و سکنجبین، احتراق خون کے لیے مناسب۔

بدل: شنش۔

مقدار: ۹ دانہ سے ۱۱ دانہ تک۔

منڈی

بنگالی: منڈی، قصل کروی، محرمشی۔

فارسی: کمادریوس، گل منڈی، آب حیات۔

لاطینی: **Sphoeranithus Indicus**

صفت و ماہیت: ایک مشہور دیسی بوٹی ہے، جس کی شاخیں زمین پر پھیلی ہوتی ہیں، جنگلوں میں پانی کے پاس اور کھیتوں میں اگتی ہے پتے پودینہ سے مشابہ سبز و سفید رنگ دار ہوتے ہیں، اس کی شاخوں پر بیلگوں گھنڈی کے مشابہ پھول (گل منڈی کے نام سے مشہور ہیں) اس میں کسی قدر گلاب کے مشابہ خوشبو ہوتی ہے، مزے میں تھوڑی سی تلخی، سیاہ منڈی اور چھوٹی منڈی دو اقسام کی ہوتی ہے۔ جبا منڈی کے پتے چھوٹے اور سر گول کنگرہ دار ہوتے ہیں۔ رنگ سرخ، گلابی، سیاہ یا زرد، خوشبو تیز۔

مزاج: گرم تر۔

افعال: مصفی خون، مفرح، مقوی اعضائے رئیسہ، مقوی باہ، مقوی بصر۔

استعمال و افعال خصوصی: امراض سر، تنقیہ، تقویت دماغ کابوس، مراق وغیرہ میں، دفع امراض سوداویہ، احتراق خون، دفع امراض سوداویہ، تصفیہ خون، ورم خصیہ، جوز احتراق، تصفیہ و تولید خون صالح۔

مضر: امزجہ حارہ۔

مصلح: سرد و خشک ادویہ۔

مقدار: ۷ ماشہ۔

مرکبات: عرق منڈی، حلوہ شامل ہیں اس سے کشتہ جات بھی تیار کیے جاتے ہیں۔

نبات سفید

سکر نبات

فارسی: شکر قند

اردو: کھانڈ چینی

بنگالی: جورا چینی

سندھی: کھنڈ

انگریزی: شکر **Sugar**

لاطینی: سکریم **Saccharum**

صفات: سفید دانہ دار مٹھاس اور حلاوت والی ہیں، ذائقہ شیریں، پانی میں قابل حل۔

افعال: ملطف، مصلح، مولد حرارت۔

افعال استعمال و خواص: چشم، رفع غبار چشم و ظلمہ و غیرہ، جلا بصر لگانا، زخم جلاء تلطیف، تحلیل، زخم ناک۔

مضر: مثانہ، دیر ہضم۔

مصلح: خشخاش، جوارش کمونی۔

بدل: شکر انگوری۔

مقدار: بقدر ضرورت۔

نیم

بنگالی: نیم گاچھ، نیم

فارسی: نیب

عربی: نیم

انگریزی: **Margosa Tree ·Nim Tree**

لاطینی: **Melia Azadirachta**

صفت و ماہیت: مشہور درخت ہے جس کی سب چیزیں کام آتی ہیں، چالیس پچاس فٹ بلکہ اس سے بھی بلند ہوتا ہے، تنا چوڑا اور سیدھا، اگر کوئی چوٹ سے زخمی ہو تو لگتی ہے، اس کی چھوٹی شاخوں میں زرد عنب رنگ کے پھول بہت سی شاخیں لگتی ہیں۔

نوک دار تیز والے پتوں کے جوڑے ہوتے ہیں۔ پتے خم دار کنگروں کنارے والے شکل آری کے ایک طرف سے چوڑے دوسری طرف سے تنگ ہوتے ہیں۔ اس پر سفید اور چھوٹے پھولوں کی ڈالیاں آتی ہیں اور رات کو اس میں سے شہد کی سی خوشبو آتی ہے۔ پھل پک کر کچھ شیریں ہو جاتا ہے۔ گوند جب کم ہوتی ہے اور تخمی بھی ہوتی۔ یہ ٹھنڈے پانی میں حل ہو جاتا ہے گوند صاف، چمکدار اور گہرے رنگ کا ہوتا ہے
درد، چھال، جڑ، پھول، گوند سب مستعمل ہیں۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: قابض، مسکن، دافع تعفن، مصفی خون، قاتل جراثیم۔

افعال، استعمال خواص: امراض جلد، برگ سبز گل، قرحہ، تصفیہ خون، رفع اکثر امراض سوداوی و دموی، جلد رفع قروح و جذام و خارش۔

مضر: امراض باردہ۔

مصلح: روغن۔

بدل: بکائن۔

مقدار خوراک: سبز پتے، چھال، چھ ماشے، ایک سیر، تیل، ۵ قطرے۔

چھکنی

پنجابی: چھکنی، چھکنی۔

عربی: عود العطاس۔

انگریزی: Sneezt Wort

لاطینی: Gentipeda Minuta

صفت و ماہیت: ایک جنگلی بوٹی ہے جو سبز زردی مائل ہوتی ہے اس کا پھول زرد، اور دنیہ وغیرہ اور زمین پر پھیلتی رہتی ہے۔
اس کے پتوں کو مسل کر سونگھنے سے بہت زیادہ چھینکیں آتی ہیں۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مدر حیض، مسہل، دافع ریح الفاسد۔

استعمال و نفع خواص: امراض دماغ، ناک میں مسعوط، چھینکیں لاتی ہے۔

مضر: بدبو، سوزش، کرب و خشکی، حدت پیدا کرتی ہے۔

مصلح: کتیرا، دودھ، روغن زرد۔

بدل: مرزنجوش، سیاہ مرچ۔
مقدار: ایک ماشہ تا دو ماشہ۔

نعناع

فارسی: پودینہ
اردو: پودینہ
انگریزی: Peppermint
لاطینی: Mentha Piperita — Menthol

صفات: پودینہ کے مشابہ ایک سرد بوٹی ہے دراصل یہ بھی ایک قسم کا پودینہ ہے جس کو عربی میں نعناع کہتے ہیں۔ یہ قسم عام طور پر دستیاب [illegible] ہوتا ہے۔ ان کے پتے چھوٹے، ان پر چھوٹی [illegible] کی طرح روئیں ہوتا ہے۔ بستانی مزہ دار ہوتا ہے اس کے پتے چکنے اور چوڑے ہوتے ہیں۔ اس کی خوشبو کی وجہ سے مسالے میں شریک کرتے ہیں۔ جن کا رنگ سبز سیاہی مائل ہوتا ہے۔ پودینہ سے ایک قسم [illegible] مستعمل پتے، پھول، رنگ، خوشبو تیز اور خوشگوار، ذائقہ تند و تیز زبان پر سرد۔

افعال: ہاضم، محلل، دافع تشنج، کاسر ریاح، محرک، مسکن۔
استعمال و افعال بخواص: امراض معدہ، تقویت معدہ، دفع قے، عرق سے تحلیل، تلطیف، کاسر ریاح، تفتیح سدہ و بلغم، دافع قے و غثیان، محلل، تحلیل، تلطیف، دفع تشنج۔

مضر: مورث سوزش حلق۔
مصلح: تخم کرفس۔
بدل: پودینہ دشتی۔
مقدار: برگ ۳ تا ۵ ماشہ، جوشاندہ ۵ ماشہ۔

مرکبات: جوہر نعناع،
افعال: کاسر ریاح، ہاضم، مخدر مقامی
مقدار: ۱/۲ گرین سے ۲ گرین

عرق نعناع: Peppermint Water
افعال: ہاضم، کاسر ریاح۔
مقدار: ۲ تولہ سے ۴ تولہ۔

روغن نعناع،

افعال: کاسر ریاح، مقوی معدہ، مسکن، دافع تشنج

مقدار: ۲ سے ۵ قطرے۔

ناگ کیسر

بنگالی: ناگ پھل

فارسی: نارمشک

عربی: لسان العصافیر

انگریزی: Meusa Ferra

لاطینی: Ocrocorpus Longifulium

صفت و ماہیت: بنگال کے پیڑ کی کلی کو خشک کر کے استعمال کرتے ہیں، یہی کلی ناگیسر (ناگ کیسر) کہلاتی ہے اس پودے کا پھول بہ رنگ کے مشابہ ہوتے ہیں آتے ہیں، رنگ سرخی مائل سیاہ اور خوشبودار ہوتا ہے۔ درخت بڑا، شاخیں متفرق، پھول سفید، پھلی زرد، پھل کالی مرچ کے برابر، مزہ تلخ۔ پتے صاحب کے سر کی طرح، پھول بھی ایسا ہی ہوتا ہے۔

مقام پیدائش: بنگال۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مقوی قلب، محرک باہ، معین ہضم۔

استعمال و افعال خواص: امراض مخصوصہ، تقویت باہ، جذب رطوبات رحم، خشک۔

مضر: حار مزاج۔

مصلح: اشیاء باردہ۔

بدل: بالچھڑ، صندل۔

مقدار: ۳ تا ۵ ماشہ۔

نگند باوری

لاطینی: Barringtonia Gierten-Vitexnigando

صفت و ماہیت: ایک نباتات ہے جو والشت بھر لمبی ہوتی ہے پتے چھوٹے، پودینے کے پتوں کی طرح دو اقسام ہیں ایک نگند

دوسری کو نگندھ باری کہتے ہیں دوسری قسم کا پتا بیل سے زرد چھوٹا پھول تلسی کے پھول کی طرح ہوتا ہے۔ نگندھ باری کا مزہ تیکھا۔ گلاب سے زیادہ خوشبو دار ہے۔

مزاج: بعض نے گرم تر اور بعض نے سرد بتایا ہے۔

افعال: مسکن محرق۔

استعمال، افعال خواص: دماغ مصفی خون۔ دافع شیر۔ دد، دمام۔ ددالی سیت۔

مضر: دید۔ صورت غشی وکرب۔ خناق اور درد شکم پیدا کرتی ہے۔

مصلح: کتیرا۔ اطراف دود۔ دود۔ عقاد درد حق زرد۔

بدل: سرس کے بیج اور سیاہ مرچ۔

مقدار: ایک تولہ۔

نمک سانبھر

بنگالی: سامبر لون

فارسی: نمک آب گیر

عربی:

انگریزی: **Lake Salt**

صفت و ماہیت: یہ نمک راجپوتانہ کی مشہور جھیل سانبھر کے پانی کو خشک کر کے تیار کیا جاتا ہے۔ دوسرے نمکین پانیوں سے بھی حاصل کیا جاتا ہے۔ ذائقہ شدت سے تیز و خوشگوار۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: کاسر ریاح۔ ہاضم۔ قاطع لزوجات۔

افعال، استعمال، خواص: امراض معدہ۔ تنقیہ معدہ۔ ہضم طعام۔ تحلیل ریاح۔ اخراج بلغم۔

مضر: محرق خون۔

مصلح: سرد و تر اشیاء۔

بدل: دوسرے نمک۔

مقدار: ۳ ماشہ۔

نمک سنگ و نمک لاہوری

فارسی: نمک سنگ۔

عربی: ملح الحجر

انگریزی: Rock Salt کیمیاوی نام:

صفت و ماہیت: یہ کھیوڑا اور کالا باغ کی کانوں سے نکلتا ہے۔ یہ سفید یا سرخی مائل دونوں قسم کا ہوتا ہے۔ ذائقہ تیز و شور نمکین ہو

مزاج: گرم خشک۔

افعال: کاسر ریاح، مشتہی طعام، ہاضم۔

استعمال و افعال خواص: امراض معدہ، تنقیہ از خلط بلغم، کاسر ریاح، تلطیف اخلاط لزجہ، رفع بدہضمی۔

مضر: مورث حکہ۔

مصلح: سعتر فارسی۔

بدل: نمک سیاہ و ملح بحری۔

مقدار: چھ ماشہ تا ایک تولہ۔

نمک سیاہ

بنگالی: بٹ لون

عربی: ملح اسود۔

انگریزی: Black Salt

صفت و ماہیت: یہ نمک کچی اور سینڈھا نمک سے مصنوعی طریقہ پر تیار کیا جاتا ہے۔

مزاج: حار یابس۔

افعال: کاسر ریاح، مقوی معدہ، ہاضم۔

افعال و استعمال خواص: ہاضم طعام، کاسر ریاح، رفع درد شکم۔

مضر: مقل منی۔

مصلح: سرد و تر اشیاء۔

بدل: نمک لاہوری۔ مقدار: ایک سے دو ماشہ۔

نشاستہ

فارسی: انگوردن۔

عربی: نشا، نشاستج، لباب البر۔

انگریزی: Starch

لاطینی: Amylum

صفت و ماہیت: یہ آٹے کی مانند سفوف قدرے دانہ دار ہوتا ہے جو گیہوں، جوار اور چاول سے حاصل کیا جاتا ہے۔ بلا ذائقہ پانی میں حل نہیں ہوتا۔ اور پانی کے ہمراہ حرارت دینے سے پھیلتا ہے۔

کیمیاوی ترکیب: نشاستہ اور گلوٹین سے مرکب ہے۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مسکن، مغلظ منی۔

استعمال و افعال خواص: صدر و ریہ، نفث الدم، رفع سل و دق، حمی، رفع دق و سل و حمی تنفس۔

مضر: وریہ، ہضم، ثقیل منی۔

مصلح: قند، گلقند۔

بدل: دھوئے ہوئے اور بھگوئے ہوئے چاول یا مکئی کی بھارق۔

مقدار: ایک تولہ۔

نارجیل دریائی

بنگالی: نارکول۔

فارسی: نارگیل دریائی۔

انگریزی: Sea-Coconut

صفت و ماہیت: ایک دریائی درخت کا پھل ہے جس کا درخت ناریل کے درخت کی طرح ہوتا ہے۔ پھل لمبا اور دو دو جڑواں پیوستہ ہیں اس کے تین پوست ہوتے ہیں۔ دوسرا پوست ناریل کے پوست سے بھی سخت ہوتا ہے تیسرا پوست مغز سے ملا ہوتا ہے۔ مغز بھی موٹا سخت اور کم ریشہ ہوتا ہے۔ وہ ناریل سے زیادہ موٹا ہوتا ہے۔ کھوپرے سے اس میں چکنائی کم ہوتی ہے۔

مقام پیدائش: بھارت کے جنوبی جزائر میں پیدا ہوتا ہے۔

مزاج: مرکب القویٰ۔

افعال: مقوی بدن، دافع سمیت وحافظ قوت تریاقیہ، مقوی معدہ۔

استعمال وافعال خواص: تقویت رحم حار، تقویت حرارت غریزی، دفع حیض، تقویت معدہ۔

مضر: امراض حارہ۔

مصلح: گلاب خالص، شیر گاؤ۔

بدل: نارجیل۔

مقدار: چار رتی۔

زرکچور

بنگال: گندھ وتسی۔

فارسی: زرنباد

عربی: عرق الکافور۔

انگریزی: Long Zedoary

لاطینی: Curcuma Zedduria

صفت وماہیت: ایک نبات کی جڑ ہے جس میں تیز خوشبو ہوتی ہے۔ رنگ اوپر سے بھورا میلا اور اندر سے زردی مائل ہوتا ہے۔ مزہ خفیف تلخ اور سونٹھ کی سی تیزی ہوتی ہے۔ جو شکل میں شرقی لیے ہوتا ہے خوشبو کم ہوتی ہے۔ پتے سطح کے قریب ہوتے اور ہاتھ کے ذرا لمبے ہوتے ہیں۔ ہلدی کے پتوں سے مشابہ اور ادرک کے پتوں سے لمبے اور چوڑے ہوتے ہیں۔ پتوں کے درمیان ایک ڈنڈی سی نکلتی ہے جس کے سر پر پیلے زرد اور گلابی رنگ کے پھول آتے ہیں۔ جڑ پکنے پر پتے سوکھ جاتے ہیں۔ وضع ہلدی کی گرہ کی سی ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: کاسر ریاح، مقوی معدہ وجگر، منفث بلغم حال۔

استعمال وافعال خواص: امراض معدہ وجگر، تحلیل سدہ، کاسر ریاح، جمیع قے، تقویت جگر۔

مضر: معدہ کو۔

مصلح: صندل سفید، گل قند۔

بدل: زرنباد اور درونج، نصف وزن بالجوز۔ مقدار: ۱ ماشہ تا ۳ ماشہ

نوشادر

کیمیاوی نام: امونیم کلورائیڈ Ammonium Chloride

کلورائیڈ آف امونیم

صفات و شناخت: معدنی و مصنوعی دو طرح کا ہوتا ہے۔ بے رنگ بے بو، ذائقہ تیز، سفوف یا ڈلیاں، انحلال ایک حصہ تین حصہ سرد پانی میں۔

مقام پیدائش: معدنی بخارا، مصر، تبت اور مصنوعی متعدد طریق پر حاصل اور کوئلہ گیس کے ... سے مشتق ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: محلل، منفث بلغم، مدر بول

استعمال و افعال و خواص: نوشادر مدر بول، امراض طحال، تفتیح، دافع عظم طحال، کاسر ریاح۔

مضر: احشاء

مصلح: روغن زرد گاؤ

بدل: ...

مقدار: ۵ سے ۲۰ گرین

مرکبات:

لائیکوار امونیا سائٹریٹ Liquor Ammonia Citrate

افعال: مبرد، معرق، مدر بول

مقدار: ۲ سے ۸ فلوئیڈ ڈرام

سپرٹ امونیا ایرومیٹکس Spirit Ammonia Aromaticus

صفات: خوشبودار تیز و تند، سفید سیال۔

افعال: محرک، دافع عفونت، مدر بول، دافع تشنج، کاسر ریاح۔

مقدار: ۵ سے ۲۰ منم

لائیکوار امونیا فورٹس Liquor Ammonae Fortis

صفات: تند بو، بے رنگ، کھاری سیال۔

افعال: منفث، محرک، شدید۔

لائیکوار امونیا ایسی ٹیٹس Spirit Ammonia Acetatis

افعال: محرک، مدر بول، منفث، معرق۔

مقدار: ۲ سے ۶ فلوئڈ ڈرام

امونیم کاربونیٹ Ammonium Carbonate

صفات: تند تیز بو والے بڑے بڑے بے قاعدہ ٹکڑے، جن پر ہوا سے سفید تہہ جم جاتی ہے۔ ایک حصہ چار حصہ پانی میں حل ہوتا ہے۔

افعال: مدر عرق، منفث، مقی، مدر بول۔

مقدار: ۳ سے ۵ گرین

وج

فارسی: اگر ترکی

بنگالی: سفید بچ

عربی: عود الوج

انگریزی: Sweet Flag Root

صفت ماہیت: ایک بوٹی کی گرہ دار جڑ ہے جس کی موٹائی چھوٹی درمیانی انگشت کے برابر ہوتی ہے اس کے پتے نرگس کے ہم شکل اور مسل کر سونگھنے سے تیز بو آتی ہے۔ اس کا رنگ سرخی مائل سفید، ذائقہ تلخ اور خوشبودار ہوتی ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: مجفف، دافع ریاح، مدر بول و حیض، ملطف بلغم، مقوی باہ۔

استعمال و افعال خصوصی: امراض عصبیہ، مرگی، فالج، لقوہ، رعشہ، جذب مواد خارجاً۔

مضر: امزجہ حارہ۔

مصلح: گلاب خالص۔

بدل: ونگ، دارچینی۔

مقدار: ایک ماشہ تا ۳ ماشہ۔

ہائیڈرا جرم

فارسی: سیم آب، اردو: پارہ،

عربی:

انگریزی:

لوک صلوۃ

صفات: یہ ایک سفید دھات ہے جو مرکیورک سلفائیڈ سے حاصل ہوتی ہے۔ ایک چمکدار نقرئی سفید وزنی سیال حرکت پذیر اور بسہولت چھوٹے چھوٹے ذرات میں تقسیم ہو جاتا ہے۔ گرم کرنے پر بہت جلد اڑ جاتا ہے پانی اور الکحل میں قابل حل ہونا ذرا اثر نہیں رکھتا۔

مزاج: سرد و تر۔

افعال: قابض، مقوی، مقوی اعصاب، تقویت قوت باہ، مجفف۔

افعال مخصوصہ: امراض معدہ و جگر، تقویت قوت باہ، جلد، تجفیف قروح و رجا۔

مضر: حلق، گردش، دماغ۔

مصلح: شیر خالص۔

بدل: حل کیا ہوا اور بھو نا ہوا ہم وزن۔

مرکبات

گرے پاؤڈر

صفات: خاکی رنگ کا سفوف۔

ترکیب: مرکری ۳۳ حصہ، ڈیکروز ایک حصہ، پریپرڈ چاک ۶۶ حصہ

افعال: دافع بد ہضمی و یرقان، دافع اسہال، دافع ورم

مقدار خوراک: ۱ سے ۵ گرین۔ ایک سال کے بچے کو ۱/۲ سے ۱ گرین

ریڈ آکسائیڈ آف مرکری

صفات: نارنجی رنگ کا سفوف، قوی مخرش ہے

مرہم سیماب

فوائد: قشنگ میں مفید ہے۔

ریڈ آیوڈائیڈ مرکری

صفات: سرخ دانہ دار سفوف۔

افعال: دافع تعفن، قرحہ سخت مندمل۔

مقدار: $\frac{1}{4}$ سے $\frac{1}{2}$ گرین۔

ییلو مرکیورک آکسائیڈ

صفات: زرد رنگ کا سفوف۔

افعال: قاتل جراثیم، دافع تعفن، دافع سل و دق

مقدار: ایک حصہ، دو حصہ وزلین میں، مرہم

ہلیلہ سیاہ

بنگالی: ہریتکی۔

فارسی: ہلیلہ سیاہ

عربی: اہلیلج اسود۔

انگریزی: Myrobalans

لاطینی: Terminalia Chebula

صفت و ماہیت: درخت ہلیلہ کے پھل ہیں جو گٹھلی پیدا ہونے سے قبل گر پڑتے ہیں یا علیحدہ ہو جاتے ہیں یہی ہلیلہ سیاہ کہلاتے ہیں۔ بہتر وہ ہے جو سیاہ سخت اور بھاری ہو اور کڑوا نہ ہو۔

مزاج: سرد خشک۔

افعال: مقوی دماغ، مسہل سودا، قابض، مصفی خون۔

استعمال افعال خصوصی: سر درد، دفع مالیخولیا و لقوہ وغیرہ میں اخراج سوداء، تقویت چشم، رفع کدورت چشم، تقویت لثہ، رفع لثہ دامیہ سفوفاً، احتراق تنقیہ و تصفیہ خون، اسہال اخراج سوداء۔

مضر: جگر۔

مصلح: شہد خالص، روغن بادام۔

ہم وزن ہیڑہ اور قبض کے لئے نصف وزن مازو چہارم حصہ حب الآس۔

ماشے سفوف جوشاندہ ۳ سے ۵ ماشہ۔

ہلیلہ زرد

بنگالی۔ ہریتکی۔

فارسی۔ ہلیلہ زرد

عربی۔ اہلیلج اصفر

انگریزی Myrobalans

لاطینی Terminalia Chebula

صفت و ماہیت: درخت ہلیلہ کا پھل ہے جس میں گٹھلی ہوتی ہے پک کر رنگ زرد ہو جاتا ہے پھول سفید یا پیلے رنگ کا ہوتا ہے بہتر وہ ہے جو کہ زرد اور چھوٹی گٹھلی والی ہو۔

مزاج: سرد و خشک۔

مقام پیدائش: بھارت میں گجرات پر دیگر گھاٹ۔

افعال: قابض، مقوی چشم، مقوی معدہ، مسہل سودا

استعمال و افعال خصوصی: امراض سر، بواسیر، سر، ریح صرع و سدہ دور، تقویت بصر، جالا بصر، ریح مدہ سیلان درد و ریح تقویت چشم اسہال اخراج صفرا۔

مضر: مورث انقباض و قولنج۔

مصلح: عناب، سپستان۔

بدل: ہلیلہ سیاہ، تخم کثوث، افسنتین۔

مقدار: ۵ سے ۷ ماشے۔

ہائیڈروجن پرآکسائڈ

Hydrogen Peroxide Solution Liquor Hydrogenii Peroxidi

صفات: بے رنگ بے بو سیال ذائقہ قدرے ترش۔

افعال: دافع عفونت و تعفن، قاتل جراثیم، مصفی خون۔ اسی کا دھاوا زخموں کو صاف کرنے کے لئے مستعمل ہے جلد کو صاف بالوں کو بھورا کرتی ہیں۔ بعض محلولات حسن افزا میں بھی ملاتے ہیں۔

مقدار خوراک :- ۵ سے ۱۰ بوند بشکل خفیف شدہ محلول اس کے ۱/۱۰ محلول کے چند قطرے دیا نے کے لئے زہر کو بے اثر کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔

مضر :- اس کے محلول کا انجکشن خطرناک ہے۔

ہرتال گئودنتی

بنگالی :- ہری تال۔

عربی :- زرنیخ ابیض

فارسی :- زرنی، زرنیخ ورقی۔

انگریزی :- Opriment

لاطینی :- White Arsenic Sulphidum

صفت و ماہیت :- چمکدار سفید ڈلیاں ہیں۔ معدنی شے ہے جو جمادات دخانی اور گندھک سے مرکب ہے۔ سب سے بہتر ہرتال طبقی ہے دوسرے گئودنتی مستعمل ہے۔

مزاج :- گرم خشک۔

افعال :- حابس الدم، قابض، منفث بلغم۔

افعال خصوصی :- مصفی الدم، محرک خارش کو مفید، دافع بیرگی دافع ہے۔

مضر :- مورث قروح، حرق، قتال۔

مصلح :- حلیلہ، روغن بادام، اور شیرہ اسبغول۔

بدل :- نصف وزن سیسل

مقدار خوراک :- کشتہ ایک رتی۔

ہالی بٹ لیور آئل

ہالی بٹ لیور آئل Halibut Liver Oil

ماہیت :- ایک روغن ہے جو تازہ یا محفوظ شدہ مچھلی سے نکالا جاتا ہے۔

صفات :- زردی مائل سنہری رنگ، خیال رہے مچھلی جیسی لیکن سڑا ہوا نہیں ہوتا، ذائقہ مچھلی جیسا۔

مزاج :- گرم تر۔

افعال: مقوی ذہن، منعشی، مسہل، تپ دق، سل اور کمزوری اور ورم غدود اور گٹھیا میں نافع ہے۔

استعمال خصوصی فوائد: کھانسی، سل اور دق میں مفید ہے۔

مقدار خوراک: ایک سے آٹھ ڈرام، ایک گرام میں ۱۰۰ سے ۲۰۰ وٹامین ڈی یونٹ ۱۵۰۰ سے ۲۰۰۰ تک وٹامین اے ہوتے ہیں۔

ہالون

بنگالی: ہالم۔

فارسی: تخم اسپندان۔

عربی: حب الرشاد، حرف۔

انگریزی: Garden Cress

لاطینی: Lapidium Sativum

صفت و ماہیت: یہ نبات بری و بستانی دو قسم پر مشتمل ہے بستانی حب الرشاد کہتے ہیں تخم اس کا سفید سرخ گول ہوتا ہے ذائقہ تند و تیز ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک۔

افعال: دافع بلغم، مفتت بلغم، مسہل، مشتہی۔

استعمال افعال خصوصی: امراض مخصوصہ، تخم، رفع استرخا، تقویت باہ و اعصاب تسکین تحلیل۔

مضر: مصدع، مکرب۔

مصلح: ترش اشیاء۔

بدل: ہر دو اقسام ایک دوسرے کا بدل ہیں۔

مقدار: دو ماشہ۔

ہرتال

بنگالی: ہرتال۔

عربی: زرنیخ طبقی۔

انگریزی۔ Yellow Arsenic Sulphidum

صفت و ماہیت:۔ ایک معدنی چیز ہے جو ڈلی کی شکل میں ہوتا ہے سنکھیا اور گندھک کا مرکب ہے یہ گندھک کی طرح
آگ پر جلتی ہیں جو کئی زرد سرخ سفیدی مائل سبز سیاہ پانچ قسم کی ہوتی ہے۔

مزاج:۔ گرم خشک

افعال:۔ اکال۔

استعمال افعال خصوصی:۔ جلد دافع خارش جرب مفید برائے بالخورہ۔ قاتل کرم۔

مضر:۔ مولد اخلاط فاسدہ معفن جسم۔

مصلح:۔ پوست بلیلہ زرد۔ گرم پانی۔ روغن گاؤ

بدل:۔ چونا بعض افعال میں گندھک۔

مقدار:۔ کشتہ دو چاول۔

ہیراکسیس

فارسی۔ زاک سبز۔

عربی۔ زاج اخضر۔

انگریزی۔ Ferri Sulph

صفت و ماہیت:۔ یہ ہلکے سبز رنگ کا زردی مائل قلم دار معدنی ذائقہ کسیلا روتی اور قابض ہوا میں کھلا رکھنے سے اکسی
ڈائز ہو کر بھوری سفیدی مائل ہو جاتی ہے پانی میں قابل حل لیکن الکحل میں حل نہیں ہوتا اس کو مضبوط ڈاٹ والی بوتل میں
رکھیں۔ دوا میں استعمال سے پہلے سفید حصہ جو اسفوف کھرچ دیں۔

مزاج:۔ گرم خشک۔

افعال:۔ مجفف۔ قابض۔ حابس دم۔

استعمال افعال خصوصی:۔ ریشہ دندان تجفیف۔ تقویت ریح لثہ واسیہ اخراج کرم سفوفاً۔ مرہم اکال تجفیف و تنقیہ قروح

مضر:۔ محرق۔ اکال معدہ و امعاء۔

مصلح:۔ شہد خالص دودھ۔

بدل:۔ مرکبات فولاد

مقدار:۔ ۱/۲ سے ایک رتی۔

چند مشہور مرکبات ودمکوار فیری آکسائیڈ

خوراک: ۵ سے ۱۰ منم۔ اس کا ایک حصہ سادہ شربت ۲ حصہ۔

سرپ فیری آکسائیڈ

خوراک: ۱/۲ سے ایک ڈرام۔ شربت خاک یا اور سل طفلی کے لئے مفید ہے۔

ہیٹنس سرپ — شربت آہن اور کونین کیلا کا مرکب۔

مقدار: ۱/۲ سے ایک ڈرام۔

افعال: دافع الیس الدم۔

یاقوت کبود

فارسی: یاقوت نیلگون

عربی: یاقوت کبود۔

انگریزی: Saphire

لاطینی: Saphirus

صفت و ماہیت: مشہور قیمتی پتھر ہے۔ رنگ نیلا چمکدار اور ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔

مزاج: گرم خشک

افعال: مقوی بصر، مقوی اعضاء رئیسہ، دافع زہر۔

افعال و استعمال و خواص: مشہور معدنی و قیمتی پتھر ہے۔ رنگ نیلا چمکدار، ذائقہ پھیکا ہوتا ہے۔

مضر: مثانہ۔

مصلح: عنبر۔

بدل: یاقوت۔

مقدار: چار رتی سے ایک رتی تک

یاقوت

بنگالی: مانک

فارسی: بجرمان یاقوت۔

عربی ، یاقوت۔

انگریزی ، Ruby

لاطینی : Rubinus

صفت و ماہیت ، مشہور پتھر ہے ۔ رنگت کے لحاظ سے مختلف قیمت میں سرخ بہتر ہے۔

مزاج ، گرم خشک ۔ بعض نے معتدل بھی قرار دیتے ہیں۔

افعال : موثر قلب و مفرح۔

استعمال و افعال خصوصی : امراض قلب ، تفریح و تقویت قلب و حرارت غریزیہ۔

مضر : چنداں مضر نہیں۔

مصلح : عنبر اشہب

بدل : زمرد

مقدار : ۲ رتی

یشب

فارسی ، سنگ یشم

عربی : حجر الیشب ۔

انگریزی ، Agate

صفت و ماہیت ، شفاف قسم کا پتھر ہے ۔ مختلف رنگوں کا ، سبز زردی مائل ، صاف سفیدی مائل ۔ جتنا صاف ہو بہتر ہے۔

مزاج ، سرد خشک ۔

افعال ، موثر دل و دماغ ۔

استعمال و افعال خصوصی ، امراض قلب ، تقویت قلب ، رفع خفقان وغیرہ۔

مضر ، مثانہ ۔

مصلح : شہد خالص

بدل : سونا

مقدار ، ایک ماشہ ۔

اطریفل

اطریفل تین پھلوں (تری پھل) کا مرکب ہے جن سے مراد ہڑ، بہیڑہ اور آملہ ہیں۔ اس میں یہ تین پھل ضرور شامل ہوتے ہیں اس لئے اس کا نام اطریفل رکھا گیا ہے اس کی کئی اقسام ہیں جو ناک، دماغ، آنکھ اور کان کی بیماریوں میں خاص طور سے مفید ہیں یہ دافع قبض اور مقوی معدہ اور امعاء ہیں۔

اطریفل کو لمبی دیر تک استعمال نہیں کیا جاتا۔ اگر اس کا استعمال ضروری ہو تو ہر تین چار ہفتہ بعد چار پانچ دن کا وقفہ دے دیتے ہیں۔

رکھ رکھاؤ: اطریفل کو تیار کر کے شیشے، چینی یا مٹی کے برتن میں رکھنا چاہیئے۔ دھات کے برتنوں میں ہرگز نہ رکھیں اگر ایسی ضرورت پیش آئے تو اسے قلعی کرا لینا چاہیئے۔

اطریفل اسطوخودوس

نسخہ:-

اسطوخودوس	١٠٠ گرام
افتیمون	١٠٠ گرام
آملہ خشک	١٠٠ گرام
بسفائج	١٠٠ گرام
پوست بہیڑہ	١٠٠ گرام
پوست ہلیلہ زرد	٢٠٠ گرام
گل سرخ	١٠٠ گرام
سنا	١٠٠ گرام

ہلیلہ سیاہ	١٠٠ گرام
مویز منقی	١٠٠ گرام
شکر سفید	٣ کلو
ست لیموں	٣ گرام
گھی	١٢٠ گرام

ترکیب تیاری: پہلی دو دواؤں کو کوٹ کر ٥٠ نمبر کی چھلنی سے چھان کر گھی سے چرب کریں۔ مویز منقی کو پانی سے دھو کر میل کچیل صاف کریں پھر ان کو ایک لٹر پانی میں پکائیں جب وہ اچھی طرح گل جائیں تو آگ سے اتار لیں ٹھنڈا ہونے پر ہاتھوں سے مسل کر چھلنی نمبر ١٠ میں چھانیں تاکہ ان کا تمام گودا چھن جائے اور چھلنی میں صرف چھلکا اور گٹھلیاں رہ جائیں اب اس چھنے ہوئے گودے میں شکر سفید ست لیموں مقررہ مقدار میں اور پانی ضرورت کے مطابق ڈالتے رہیں اور لکڑی کے گھوٹنے (ڈوئی) سے چلاتے رہیں۔ پس اطریفل تیار ہے ٹھنڈا ہونے پر اس کو شیشے یا چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ٥ گرام سے ١٠ گرام رات کو سوتے وقت پانی ٧ ملی لٹر سے کھائیں۔ کھٹی چیزوں کے استعمال سے پرہیز کریں۔

فوائد: دماغ کو فضلات سے پاک صاف کرتا، معدہ و آنتوں کو تقویت بخشتا، قبض کو دور کرتا۔ دائمی نزلہ میں خصوصیت سے مفید ہے۔ مسلسل استعمال سے بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتا یا وقت سے پہلے سفید ہونے والے بالوں کو سیاہی عطا کرنے میں ثابت ہے۔

اطریفل افتیمون

نسخہ:

افتیمون	۵۰ گرام
آملہ خشک	۱۰۰ گرام
دیسوں	۳۰ گرام
بسفائج	۱۵ گرام
پوست بہیڑہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
تربد سفید (نسوت سفید)	۵۰ گرام
چینی ککڑی	۳۰ گرام
سنا	۵۰ گرام
نمک سانبھر	۳۰ گرام
گھی	۵۰ گرام
قوام شکر سفید	۱ کلو ۵۰۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام یہ اطریفل رات کو عرق شاہترہ یا پانی ۱۰۰ ملی لیٹر کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: وحشت جنون میں مفید ہے۔ نیز مالیخولیا میں بھی نافع ہے۔

اطریفل دیدان

نسخہ:

افتیمون	۳۰ گرام
اسطوخودوس	۳۰ گرام
آملہ خشک	۵۰ گرام
بابڑنگ	۱۰۰ گرام
بچ	۳۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
پوست بہیڑہ	۵۰ گرام
تربد سفید (نسوت سفید)	۵۰ گرام
ترمس	۳۰ گرام
حب النیل (کالا دانہ)	۵۰ گرام
رائی	۳۰ گرام
سعد کوفی (ناگرموتھا)	۳۰ گرام
تخم حنظل (اندرائن کا تخم)	۳۰ گرام
قسط تلخ	۵۰ گرام
کمیلہ	۵۰ گرام
نمک سیاہ	۳۰ گرام
گھی	۱۰۰ گرام
قوام شکر سفید	۲ کلو ۵۰۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام ہمراہ آب ۱۰۰ ملی لیٹر روزانہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ تین روز استعمال کے بعد چوتھے روز قرص جین دو عدد پانی سے دیں۔

فوائد: پیٹ کے کیڑوں اور کیچوؤں کو مار کر نکال دیتی ہے۔

اطریفل زمانی

نسخہ:

آملہ خشک	۲۵ گرام
بنسلوچن	۲۵ گرام
برادہ صندل سفید	۲۵ گرام

پوست بہیڑہ	۵۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۲۰۰ گرام
تربد سفید	۲۰۰ گرام
دھنیا خشک	۲۰۰ گرام
سقمونیا	۲۰ گرام
سناء	۱۵۰ گرام
کتیرا	۵۰ گرام
گل بنفشہ	۱۵۰ گرام
گل سرخ	۵۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۱۵۰ گرام
سپستان	۲۰۰ گرام
عناب	۴۰ گرام
روغن ارنڈی	۱۰۰ گرام
شکر سفید	۵۰۰-۷۵۰ گرام
ست لیموں	۲ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: روزانہ رات کو ۵ گرام سے ۱۰ گرام پانی یا دودھ سے کھائیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا اور آنتوں کے خراب مواد کو خارج کرتا ہے۔ مالیخولیا، نزلہ و زکام، دردسر و ترشیح میں مفید ہے۔

اطریفل سنائی

نسخہ:

آملہ خشک	۱۰۰ گرام
پوست بہیڑہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
سناء	۱۰۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۱۰۰ گرام
قوام شکر سفید	[illegible] گرام
گھی	۵۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۵ گرام سے ۱۰ گرام شب رات کو سوتے وقت ہمراہ آب تازہ یا دودھ سے کھائیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا، مالیخولیا، پرانے دردسر اور شقیقہ میں مستعمل ہے۔

اطریفل شاہترہ

نسخہ:

آملہ خشک	۱۰۰ گرام
پوست بہیڑہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۵۰ گرام
سناء	۱۵۰ گرام
شاہترہ	۱۵۰ گرام
گل سرخ	۲۰ گرام
گھی	۱۲۰ گرام
مویز منقیٰ	۱۵۰ گرام
شکر سفید	۷۵۰ گرام
ست لیموں	۲ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۵ گرام سے ۱۰ گرام ہمراہ آب سادہ سوتے وقت یا صبح کو دیں۔ ترشی و گرم غذا

اور گوشت سے پرہیز۔

فوائد: اطریفل خشک، خارش اور فساد خون میں مفید ہے۔

اطریفل صغیر

آملہ خشک	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۱۰۰ گرام
گھی	۷۰ گرام
قوام شکر سفید	۱ کلو ۵۰۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام ہمراہ آب رات کو سوتے وقت دیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: دماغی امراض، دردِ سر اور قوت حافظہ کو بڑھاتا ہے بواسیر میں بھی مفید ہے۔

اطریفل غددی

نسخہ:	اسطوخودوس	۵۰ گرام
	افتیمون	۱۰۰ گرام
	ہلیلہ خوردہ	۳۰ گرام
	آملہ خشک	۷۰ گرام
	انیسون	۳۰ گرام
	بالچھڑ	۳۰ گرام
	بسفائج	۵۰ گرام
	پوست ہلیلہ	۷۰ گرام
	تج	۳۰ گرام
	تربد سفید	۷۰ گرام
	حب النیل	۳۰ گرام
	چینی کلونجی	۳۰ گرام
	زرنباد	۳۰ گرام
	سناء	۳۰ گرام
	غاریقون	۳۰ گرام
	لونگ (قرنفل)	۳۰ گرام
	مصطگی	۳۰ گرام
	نوشادر	۳۰ گرام
	ہلیلہ سیاہ	۱۵۰ گرام
	غدود گوسفند	۵۰ گرام
	قوام شکر سفید	۱ کلو ۵۰۰ گرام
	گھی	۱۲۵ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۵ گرام ہمراہ آب سوتے وقت دیں۔ ترشی سے پرہیز کریں۔

فوائد: بواسیر خونی و بادی کو مفید ہے۔

اطریفل کبیر

نسخہ:	آملہ خشک	۵۰۰ گرام
	اندرجو شیریں	۲۰ گرام
	بادیان	۲۰ گرام
	بہمن سرخ	۲۰ گرام

پوست بہیڑہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
پیپل کلاں	۱۰۰ گرام
تخم خشخاش سفید	۵۰ گرام
تل سفید مقشر	۵۰ گرام
تودری سرخ	۵۰ گرام
تودری زرد	۵۰ گرام
جاوتری	۵۰ گرام
چینہ کلی	۵۰ گرام
حب قلقل	۵۰ گرام
سونٹھ (زنجبیل)	۵۰ گرام
شقاقل مصری	۵۰ گرام
مرچ سیاہ (فلفل سیاہ)	۵۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۱۰۰ گرام
ترنجبین خراسانی	۲۰۰ گرام
گھی	۲۰۰ گرام
شکر سفید	۵ کلو ۲۰۰ گرام
ست لیموں	۹ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک وترکیب استعمال: ۱۰ گرام یہ اطریفل رات کو سوتے وقت دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر یا پانی ۱۰۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: دماغ اور معدے کو قوت دیتا ہے۔ نزلہ کو دور کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ بواسیر میں مفید ہے۔

اطریفل کشمشی ۱

نسخہ: آملہ خشک	۱۰۰ گرام
پوست بہیڑہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
دھنیا خشک	۳۰۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۱۰۰ گرام
گھی	۵۰ گرام
کشمش	۳۰۰ گرام
شکر سفید	۱ کلو ۵۰۰ گرام
ست لیموں	۹ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک وترکیب استعمال: ۱۰ گرام رات کو پانی سے کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: مقوی دماغ ومعدہ، اگر گرمی کی وجہ سے سر میں درد، رقت اور جریان کی شکایت ہو تو اس کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کی نالی کی سوزش کی اصلاح کرتا ہے۔

اطریفل کشنیزی

آملہ خشک	۲۵۰ گرام
پوست بہیڑہ	۲۵۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۲۵۰ گرام
گھی	۲۰۰ گرام
قوام شکر سفید	۲ کلو ۵۰۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام رات کو ہمراہ آب تازہ، یا پانی کے ساتھ کھائیں۔ ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: مقوی معدہ و دماغ، دافع قبض، دافع بواسیر، بکثرت کھانے سے دائمی نزلہ، دردِ سر، آنکھوں کی سرخی، ناک، کان کے درد کو دور کرتا ہے۔ تبخیر کو روکتا ہے۔

اطریفل مقل

نسخہ: آملہ خشک	۱۰۰ گرام
برگ گاؤزبان خشک	۱۰۰ گرام
پوست بہیڑہ	۱۰۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۴۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۱۰۰ گرام
گوگل	۲۰۰ گرام
مویز منقیٰ	۲۰۰ گرام
گھی	۴۰ گرام
شکر سفید	۲ کلو ۵۰۰ گرام
ست لیموں	۳۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۵ گرام سے ۱۰ گرام ہمراہ آب تازہ، دودھ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: خونی و بادی بواسیر میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

اطریفل مقوی دماغ

نسخہ: آملہ خشک	۵۰ گرام
پوست بہیڑہ	۵۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
تخم خشخاش سفید	۵۰ گرام
گل منڈی	۵۰ گرام
گل سرخ	۵۰ گرام
دھنیا خشک	۲۵۰ گرام
مغز بادام شیریں	۲۵۰ گرام
گھی	۲۰۰ گرام
قوام شکر سفید	۲ کلو ۵۰۰ گرام
ورق نقرہ	۵ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام یہ اطریفل رات کو سوتے وقت دودھ یا تازہ پانی سے کھائیں۔ ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: مقوی دماغ، مفید دردِ سر و نزلہ، آنکھوں کی روشنی کو قائم رکھتا ہے۔

اطریفل ملین

نسخہ: اسطوخودوس	۱۰۰ گرام
آملہ خشک	۴۰ گرام
بادیان	۱۰۰ گرام
پوست بہیڑہ	۴۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۴۰ گرام
تربد سفید	۱۰۰ گرام
مویز منقیٰ	۱۰۰ گرام
سقمونیا	۵۰ گرام

سناء	۷۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۴۰ گرام
مصطگی	۲۵ گرام
تمی	۲۵ گرام
قوام شکر سفید	۱ کلو ۲۵۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام یہ اطریفل رات کو سوتے وقت ۱۰۰ ملی لیٹر پانی یا ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے کھائیں۔ ترشی سے پرہیز کریں۔

فوائد: دافع قبض۔ پرانی قبض کو دور کرنے کے لیے مفید ہے۔ آنتوں سے مادوں کو نکال کر ان کے درد کو دور کرتا ہے۔ پرانا درد سر بھی رفع ہوتا ہے۔ نزلہ کی حالت میں قبض دور کرنے کی بہت اچھی دوا ہے۔ نزلہ کی وجہ سے پیدا ہونے والی دوسری بیماریوں میں بھی مفید ہے۔

اطریفل منڈی

اصل السوس	۵ گرام
آملہ خشک	۵ گرام
پوست بہیڑہ	۵ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۱۰۰ گرام
دھنیا خشک	۵۰ گرام
شاہترہ	۵۰ گرام
گل منڈی	۱۰۰ گرام
ہلیلہ سیاہ	۵۰ گرام
تمی	۵۰ گرام

قوام شکر سفید	۲ کلو ۵۰۰ گرام

بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱۰ گرام یہ اطریفل رات کو سوتے وقت ۱۰۰ ملی لیٹر پانی سے کھائیں۔

فوائد: دکھتی آنکھوں کے لیے مفید ہے۔ آنکھوں میں سرخی ٹھہر گئی ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ قبض جاتا رہتا ہے۔

الاحمر

نسخہ: شنگرف	۱۰۰ گرام
میٹھا تیلیا	۱۰۰ گرام
زمین کند	۱ عدد
روغن تلخ	۵۰۰ ملی لیٹر
اڑد کا آٹا	۵۰۰ گرام

ترکیب تیاری: میٹھا تیلیا کے چنے برابر ٹکڑے کر کے ان کو پانی میں بھگو رکھیں۔ جب نرم ہو جائیں تو ہاون میں کوٹ کر لیں اور آدھے حصوں میں شنگرف کی ڈلیاں رکھ کر وہی ٹکڑے بھر دیں گوندھا کر کے میں لپیٹ دیں اور ان پر دھاگہ لپیٹ دیں۔ اس کے بعد ایک عدد زمین کند سے کر اس کے اندر سے گودا نکال کر اتنا گہرا کریں جس میں میٹھا تیلیا کے ٹکڑے سما جائیں۔ اس گڑھے میں یہ میٹھا تیلیا کے ٹکڑے رکھیں اور اوپر سے ڈھکنا زمین کند کا کر اس کو بند کریں اور کناروں کو بھی طرح ملا دیں۔ پھر گندھے ہوئے اڑد کا آٹا پانی میں گوندھ کر ٹکیا بنا لیں اور زمین کند پر لیپ کریں۔ اوپر سے کپڑا لپیٹ دیں۔ اس کے بعد نیچے روغن

تر حرم ڈال کر اس میں زمین کند چھوڑ دیں اور آگ پر رکھ کر پکائیں۔ سرخ ہونے پر تیلا نیچے اتار لیں اس میں سے پکا ہوا زمین کند نکال لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر زمین کند کو کھول کر بیچ کا تیلیا کے ٹکڑے نکال کر اس کے اندر سے گرفت کی ڈلیاں نکال لیں اور تیزاب میں کھرل کریں کہ ذرات کی چمک ختم ہو جائے۔ اسے محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۲۵ ملی گرام مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر پئیں کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: یہ دوا اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ ہے۔ جاڑے کے موسم میں بوڑھے کمزوروں اور سرد مزاج جوانوں کے لئے بھی اس کا استعمال مناسب ہے۔

انقرویائے کبیر

برگ سداب ۲۵ گرام
بچھ ۵۰ گرام
بہمن سپید ۲۵ گرام
پیپل کلاں ۳۰ گرام
جند بیدستر ۲۵ گرام
چھڑیلہ ٹکڑی ۲۵ گرام
حب الغار ۲۵ گرام
رائی ۲۵ گرام
زراوند مدحرج ۲۵ گرام
عاقرقرحا ۵۰ گرام
فلفل سیاہ، کالی مرچ ۵۰ گرام
قسط شیریں ۵۰ گرام
کلونجی ۵۰ گرام
ہینگ ۲۵ گرام
روغن اخروٹ ۴۰ ملی لیٹر
عسل بلادر (بھلانوے کا شہد) ۵۰ گرام
شہد ۱۰۰۰ گرام

ترکیب تیاری: پہلی چودہ دواؤں کو کوٹ کر ریشم کی چھلنی سے چھان کر سفوف بنائیں پھر اس میں روغن اخروٹ اور عسل بلادر بھلانوے کا شہد الگ طرح ملائیں اور شہد کو گرم کر کے چھانیں پھر اس میں سفوف تھوڑا تھوڑا ڈال کر چمچ سے چلاتے جائیں یہاں تک کہ تمام سفوف اچھی طرح مل جائے اب اس کو شیشے یا چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں اور چھ مہینے کے بعد استعمال کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۲ گرام یہ دوا رات کو سوتے وقت ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے کھائیں۔

فوائد: فالج و لقوہ، رعشہ، نسیان، رعشہ، کنٹھ اور درد جوڑ جیسی بھی بیماریوں میں مفید ہے۔ قوت حافظہ اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

ایارج فیقرا

ترکیب: سنبل الطیب، عود بلسان، تج، مصطگی، تگر، زعفران ایک ایک حصہ، چند بیدستر ہم وزن، جملہ ادویہ سے چند شہد میں ملائیں۔

مقدار: ۵ ماشہ

افعال و فوائد: درد سر اور معدے کے لیے مفید ہے۔

انقرویائے صغیر

نسخہ: ہلیلہ سیاہ ۱۰۰ گرام
پوست بلیلہ ۱۰۰ گرام
آملہ مقشر ۱۰۰ گرام
بالچھڑ ۴۰ گرام
ناگرموتھا ۴۰ گرام
کندر [illegible] ترکی ۴۰ گرام
مرچ سیاہ ۴۰ گرام
سونٹھ ۴۰ گرام
عسل بلادر ۴۰ گرام
روغن اخروٹ ۲۰ ملی لٹر
شہد [illegible] ۱۰۰۰ گرام

ترکیب تیاری: جملہ ادویہ کے شہد دیگر دوائیں کوٹ کر روغن اخروٹ میں چرب کریں۔ اس کے بعد جملہ ادویہ کا شہد اور خالص شہد مصفّیٰ میں حسب قاعدہ دوائیں حل کریں
مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۴ ماشہ رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔
فوائد: مقوی باہ، دافع استسقاء اور امراض عصبیہ کو زائل کرتا ہے۔

اثاناسیائے کبریٰ

نسخہ: مرکی، زعفران، افیون، جند بیدستر، قسط، [illegible] دکال ذریرہ، غافث، تخم کرفس، قرن الایل سوختہ، سب دوائیں کوٹ کر سہ چند وزن شہد میں معجون بنالیں۔
مقدار خوراک: ڈیڑھ ماشہ۔
فوائد: درد جگر، درد طحال، درد معدہ، پرانی کھانسی درد گردہ، درد مثانہ اور بخاروں میں مفید ہے

اثاناسیائے صغیر

نسخہ: میعہ سائلہ، زعفران، قسط، بالچھڑ، افیون ہر ایک ۱۲ ماشہ، عصارہ غافث ۲۸ ماشہ، مصطگی ۲۴ ماشہ، سب کو کوٹ چھان کر سہ چند شہد میں معجون بنائیں۔ بعض نسخوں میں عود بلسان اور مرکی ۱۲، ۱۲ ماشہ بھی مرقوم ہے۔
مقدار خوراک: ڈیڑھ ماشہ۔
فوائد: درد جگر، درد طحال، درد مثانہ، درد گردہ، پرانی کھانسی اور دمہ کے لیے مفید ہے

امروسیا

نسخہ: قسط تلخ، مرچ سیاہ و سفید، دار فلفل ہر ایک سو ماشہ، زیرہ کرمانی، ورق عود بلسان، تخم [illegible] تخم [illegible]، تخم کرفس ہر ایک ۴۲ ماشہ، وزن زعفران ہر ایک سات ماشہ، مرکی ۴۰ ماشہ، حب الغار ۱۰ ماشہ، تمام ادویہ کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور سہ چند شہد مصفّیٰ میں معجون بنائیں۔
مقدار خوراک:
فوائد: ضعف جگر، معدہ، طحال اور گردہ کے لیے مفید ہے۔ قوت باہ کو تحریک دیتی ہے اور [illegible] کرتی ہے۔

باسلیقون کبیر

باسلیقون کے معنی مکمل روشنائی ہیں اس کا موجد بقراط تھا۔

نسخہ: اثمد	۱۰ گرام
ہلیلہ	۵۰ گرام
بالچھڑ	۵۰ گرام
پوست ہلیلہ زرد	۴۰ گرام
ہیل کلاں	۲۰ گرام
روپا مکھی	۱۰۰ گرام
سازج ہندی	۲۰ گرام
سونا مکھی	۱۰ گرام
سفیدہ کاشغری	۱۰ گرام
سمندر جھاگ	۱۰ گرام
عصارہ مامیثا	۵۰ گرام
فلفل سیاہ	۲۰ گرام
زنگ	۱۰ گرام
مامیران چینی	۲۰ گرام
مرمکی	۲۰ گرام
تانبا سوختہ	۲۰ گرام
نمک لاہوری	۲۰ گرام
نمک سانبھر	۱۰ گرام
نوشادر	۲۰ گرام
ہلدی	۲۰ گرام

ترکیب تیاری: سب کو کوٹ چھان کر باریک چھلنی سے سفوف بنالیں۔ کم از کم تین دن تک کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: دھند، جالا، پھولا، ناخنہ میں مفید ہے۔

باسلیقون صغیر

نسخہ: روپا مکھی، اثمد ہر ۵ ماشہ، کشتہ جست پونے ۵ ماشہ سفیدہ قلعی، نمک لاہوری، نوشادر، پھٹکڑی، مرچ سیاہ، پیپل ہر ایک پونے ۲ ماشہ۔ باریک پیس کر ریشمی کپڑے سے چھان کر بطور سرمہ استعمال کریں۔

فوائد: باسلیقون کبیر کی طرح مفید ہے۔

بخور دمہ

نسخہ: برگ اڑوسہ	۲۰۰ گرام
دھتورہ کے خشک پتے	۱۰۰ گرام
تمباکو سورتی	۱۰۰ گرام
چائے سیاہ	۱۰۰ گرام
شورہ قلمی	۲۵ گرام
روغن بادیان	۶ ملی لٹر

ترکیب تیاری: پہلی پانچ چیزوں کو کوٹ چھان کر باریک سفوف بنالیں۔ پھر اس میں روغن بادیان ملا کر رکھیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: دو تین دہکتے کوئلوں پر چٹکی بھر سفوف چھڑک کر مریض کو سونگھائیں۔ سانس کے ساتھ اس دوا کے جانے سے سانس کی تنگی

دور ہو جائے گی۔

فوائد: مرض دمہ میں جب مریض تنگ ہو اس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

برشعثا

"برشعثا" یونانی زبان کا لفظ ہے، اس کے معنی بہت جلد فائدہ کرنے والی دوا کے ہیں۔

نسخہ: اجزاء:

بجوائن خراسانی	۳۰ گرام
عاقرقرحا	۵ گرام
فلفل سیاہ	۱۰ گرام
فرفیون	۵ گرام
افیون	۵ گرام
زعفران	۵ گرام
شہد	اندازاً ۵۰۰ گرام
قوام شکر سفید	اندازاً ۱۵۰ گرام
عرق گاؤزبان	۳۰ ملی لٹر
نخود بنجادی	۲ گرام

ترکیب: بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۱ گرام رات کو سوتے وقت کھائیں، اوپر سے پانی پئیں۔ نزلہ و زکام کی حالت میں خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ گرام ملا کر کھائیں۔

ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: نزلہ زکام میں خصوصاً مفید ہے۔ اعصابی درد، فالج، لقوہ، مرگی، رعشہ، نسیان، چکر آنا، نیند کی کمی،

کان بجنا، تونیع اور معدہ و جگر کو مفید ہے۔ نئی و پرانی کھانسی کو بھی فائدہ کرتا ہے۔

برود کافوری

نسخہ:

پھٹکری سفید	۲۵ گرام
سرمہ سیاہ	۱۰ گرام
سفیدہ جست (جست شگفتہ)	۲۰ گرام
کافور	۲ گرام
عرق گلاب	۱۵۰ ملی لٹر

ترکیب تیاری: پھٹکری و سرمہ کو باریک کریں، اس کے بعد سفیدہ جست چھان کر ملائیں، اور کافور شامل کر کے عرق گلاب میں کھرل کریں، یہاں تک کہ خشک ہو جائے۔ اب اس کو باریک ململ میں چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح، دوپہر اور شام سلائی سے لگائیں۔

فوائد: آنکھوں کی سرخی اور گرمی کو دور کرتا ہے۔ آنکھوں میں ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔

بنادق البزور

نسخہ:

اجوائن خراسانی	۳۰ گرام
تخم خرفہ سیاہ	۳۰ گرام
تخم خشخاش سفید	۳۰ گرام
لعاب اسبغول	۳۰ گرام
تخم خطمی	۳۰ گرام
کتیرا	۳۰ گرام

گل ارمنی	۲۰ گرام
مغز بادام شیریں	۴۰ گرام
مغز تخم خربوزہ	۱۵۰ گرام
مغز تخم خیارین	۵۵ گرام
مغز تخم کدو	۳۰ گرام
نشاستہ گندم	۲۰ گرام
بہیدانہ	۲۵ گرام

ترکیب تیاری: خشک دواؤں کو کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ تخم خشخاش سفید اور مغزیات کو الگ پیس کر دونوں قسم کے سفوف یکجا کریں۔ بہیدانہ کو الگ پانی میں بھگو کر رکھیں اور دو گھنٹے بعد مل کر لعاب چھان لیں اور اس میں سفوف اور مغزیات ملا کر گوندھ لیں اور گولیاں بنا لیں۔

مقدار خوراک وترکیب استعمال: دو دو گولیاں صبح وشام عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر شربت بزوری ۲۰ ملی لیٹر کے ساتھ استعمال کریں۔ گرم وخشک چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: گردہ ومثانہ وپیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتی ہے پیشاب کھل کر آتا ہے۔

برود احمر

نسخہ:

شادنج	۱ تولہ ۲ ماشہ
کشتہ جست	۱ تولہ ۵ ماشہ
مصبر	۳ ماشہ
مرکی	۲ ماشہ

ترکیب تیاری: بطریق سرمہ تیار کریں۔ رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: آنکھوں میں ٹھنڈک پیدا کرتا ہے۔ جلن دور کرتا ہے۔

برود خیار وقرع

نسخہ: کھیرا، چھوٹا کدو اندر سے کھوکھلا کر کے اس میں توتیا رکھ دیں اور اسے بند کر کے آٹا گوندھ کر اوپر لیپ کریں۔ تنور میں رکھیں جب آٹا سرخ ہو جائے تو توتیا نکال کر باریک کر کے سرمہ کی مانند لگائیں۔

فوائد: آنکھوں کی سرخی، درد گرم بیماریوں میں مفید ہے۔

برود اسود

نسخہ: اثمد، اصفہانی، توتیا ہر ایک ۲ ماشہ، سونا مکھی ۱ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۱ ماشہ، تیزپات ۳ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، مشک ۵ رتی، مرمہ۔

ترکیب: بطریق سرمہ تیار کریں۔

فوائد: آنکھوں کی سفیدی، ککرہ، ناخونہ کو مفید ہے۔

پیام شفاء

نسخہ: فلفل سیاہ ایک تولہ، جوہر نوشادر ۲ ماشہ، ہرمچی ۲ تولہ، تخم شفترہ سیاہ ۲ ماشہ، کشتہ فولاد ۳ ماشہ۔

مقدار: ایک رتی ہمراہ عرق بادیان۔

فوائد: درد معدہ، قبض، قراقر، ضعف، اشتہا میں مفید ہے۔

دیگر: فلفل دراز، جوہر نوشادر، تخم سداب، جزع، تخم جوزبریں کوٹ چھان کر روٹی ہر ایک ۲ ماشہ سفوف بنائیں۔

خوراک: نصف رتی ہمراہ عرق بادیان۔

تریاق الانسان

نسخہ: مرچ سیاہ، عاقرقرحا، جھنگ، پکور، نمک ۵ بہوری ۲۰ وزن شہد بقدر ضرورت میں گولیاں بنا کر رکھیں۔ بوقت ضرورت درد دانت دانت یا ڈاڑھ کے نیچے دبائیں۔

تریاق ثمانیہ

نسخہ:	پکھان بید	۲۰ گرام
	حج	۲۰ گرام
	حب الغار	۲۰ گرام
	دارچینی	۱۰ گرام
	فلفل سیاہ (سیاہ مرچ)	۲۰ گرام
	قسط تلخ	۳۰ گرام
	مرمکی	۳۰ گرام
	زعفران	۵ گرام
	شہد	۲۷۵ گرام
	عرق گاؤزبان	۱۵ ملی لٹر

ترکیب تیاری: پہلی سات دوائیں کوٹ کر ایک سفوف بنائیں۔ زعفران الگ کھرل کریں اب شہد کو آگ پر رکھ کر گرم کریں اور آگ سے نیچے اتار کر چھانیں۔ پہلے زعفران ڈالیں پھر تھوڑا تھوڑا سفوف ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب سفوف مل جائے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام صبح کو عرق بادیان یا پانی ۵۰ ملی لٹر سے کھائیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، رعشہ، مرگی، قولنج میں مفید ہے۔ مزاج کو تحلیل کرتا اور زہروں کے اثرات دور کرتا ہے۔

تریاق الرحم

نسخہ: گل سپاری، گل پستہ، گوند ڈھاک، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان ہر ایک ۳ ماشہ، کشتہ عقیق ۱/۲ ماشہ مصری ہموزن سفوف بنائیں۔

مقدار: ۳ ماشہ۔

فوائد: سیلان الرحم میں نافع ہے

تریاق فاروق

نسخہ:	اجمود	۱۵ گرام
	اجوائن دیسی	۱۵ گرام
	اذخر مکی	۱۵ گرام
	اسطوخودوس	۱۵ گرام
	اقاقیا	۱۰ گرام
	انیسون	۱۰ گرام
	ایرسا	۲۰ گرام
	بادیان	۲۰ گرام
	بالچھڑ	۱۵ گرام
	بوزیدان	۵ گرام
	بیروزہ خشک	۵ گرام
	بھنگرہ	۱۵ گرام
	پکھان بید	۱۰ گرام
	پودینہ خشک	۵ گرام
	پھٹکری سفید	۱۰ گرام
	پیپل کلاں	۱۵ گرام

تج	۱۵ گرام	کمافیطوس	۱۵ گرام
تخم جرجیر	۱۵ گرام	کندر	۱۵ گرام
تخم شلغم	۳۰ گرام	گل ختم	۱۰ گرام
جاوشیر	۵ گرام	گل حنا	۱۰ گرام
جندبیدستر	۵ گرام	موان	۱۵ گرام
حب الغار	۱۰ گرام	مرمکی	۳۰ گرام
حب بلسان	۱۰ گرام	مشکطرامشیع	۱۵ گرام
دارچینی	۱۰ گرام	مصطگی	۱۵ گرام
رب السوس	۳۰ گرام	ناردین (بالچھڑ)	۱۵ گرام
ریش برگد (بڑ کی داڑھی)	۱۵ گرام	گندلیکر	۱۰ گرام
ریوند چینی	۱۵ گرام	رال	۵ گرام
زراوند مدحرج	۵ گرام	قرص اسقیل	۱۲۰ گرام
زنجبیل (سونٹھ)	۱۵ گرام	قرص افعی	۶۰ گرام
ساذج ہندی (تیز پات)	۱۵ گرام	شہد	۳ کلو ۵۰۰ گرام
سلیخہ	۵ گرام	شراب مشترہ	۵۰۰ ملی لیٹر (ایک بوتل)
سیسالیوس	۱۵ گرام	لہسن	۴۰ گرام
عاقرقرحا	۲۰ گرام	روغن بلسان	۴۰ گرام
عود صلیب	۱۵ گرام	زعفران	۱۰ گرام
غاریقون	۲۰ گرام	گھی	۴ گرام
فطراسالیون	۱۵ گرام	عرق گاؤزبان	۵۰ ملی لیٹر
فلفل سفید (مرچ سفید)	۱۵ گرام		
فراسیون (رانس کے پتے)	۱۵ گرام		
قنطوریون	۱۵ گرام		
قردمانا	۲۰ گرام		
کلونجی	۲۰ گرام		

ترکیب تیاری: تمام خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ لہسن کو شراب مشترہ میں پیس کر کپڑے میں چھان لیں، پھر اس کو باقی شراب کے ساتھ سفوف میں ملا دیں۔ جب سفوف خشک ہو جائے تو قرص اسقیل اور قرص افعی کو الگ پیس کر ملائیں اور دوبارہ تمام سفوف

چھلنی یا کپڑے سے چھان لیں۔ اب شہد کو قوام بنائیں۔ قوام بنتے وقت روغن بلسان شامل کر دیں اور آگ سے نیچے اتار کر زعفران کو عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے ملائیں۔ پھر دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں، جب تمام سفوف اچھی طرح سے مل جائے تو مشک کو گھی کے ساتھ پگھلا کر شامل کر لیں۔ اسے شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک و ترکیب استعمال: ۵ گرام دواء المسک ۵ گرام یا خمیرہ گاؤزبان عنبری ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: فالج و لقوہ، مرگی اور رعشہ وغیرہ جیسے عقلی و عصبی امراض میں مفید ہے۔

نوٹ: قرص اسقیل، قرص افعی بطریق مخصوص تیار کر کے شامل کیے جاتے ہیں۔

تریاق وبائی

نسخہ: صبر زرد ۲ تولہ، مر کی ۱، زعفران ۱ ایک تولہ عرق گلاب میں کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنالیں اور ورق چڑھالیں۔

مقدار خوراک: حسب ضرورت ہمراہ عرق بادیان یا عرق گلاب ایک یا دو گولی استعمال کریں۔

فوائد: بطور حفظ ما تقدم ہیضہ میں دو تین بار دیں۔ طاعون، چیچک، ہیضہ سے محفوظ رکھتا ہے۔ ان امراض میں مستعمل ہے۔ وبائی امراض میں حفظ ما تقدم کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے۔

تریاق نزلہ

اجوائن خراسانی	۲۰۰ گرام
اسطوخودوس	۵۰ گرام
پوست خشخاش	۳۰۰ گرام
تخم خشخاش	۳۰ گرام
تخم کاہو	۲۰۰ گرام
کشنیز خشک (خشک دھنیا)	۱۰۰ گرام
گل گاؤزبان	۱۰ گرام
رب السوس	۵۰ گرام
کتیرا	۵۰ گرام
کشنیز خشک (دھنیا خشک)	۵۰ گرام
گل سرخ	۵۰ گرام
گوند کیکر	۵۰ گرام
مر کی	۵۰ گرام
نشاستہ گندم	۵۰ گرام
سفید شکر	۲ کلو
ست لیموں	۱۰ گرام

ترکیب تیاری: پہلی رات دواؤں کو رات کے وقت پانی (۵ لٹر) میں بھگو کر رکھیں۔ صبح کو جوش دیں۔ جب پانی تقریباً آدھا رہ جائے تو اس کو مل کر چھان لیں اور اس میں شکر سفید، ست لیموں مقررہ مقدار میں شامل کر کے قوام بنائیں، اور آگ سے نیچے اتار کر ڈوئی سے شہد کی مانند گھوٹیں۔ پھر باقی دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر سفوف بنائیں اور گھوٹے ہوئے قوام میں آہستہ

تھوڑا سفوف ڈالتے جائیں اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب یہ سفوف اچھی طرح سے مل جائے تو شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ کریں۔

مقدار خوراک: ۱ گرام صبح یا رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔ مرغن چیزوں سے پرہیز کریں۔

تکمید محلل

نسخہ: بابونہ، چھلکا گندم، نمک طعام ہر ایک ۵ تولہ کوٹ کر دو پوٹلی بنائیں۔ اور توے پر گرم کر کے ٹکور کریں۔

فوائد: مادہ کو تحلیل کرتا ہے۔

تکمید مسکن

نسخہ: پوست خشخاش ۵ تولہ، عرق گلاب میں جوش دے کر روغن گل میں ۶ ماشہ افیون حل کر کے اس سے ٹکور کریں۔

فوائد: اورام، درد اور دیگر مقامات کے لیے مفید ہے۔

تکمید مخلوق

نسخہ: اسپند، بالچھڑ، بادیان، مکو ہر ایک ۵ ماشہ ونگ، ماہی، زعفران، مرچ ہر ایک ۳ ماشہ نیم کوفتہ کر کے دودھ میں جوش دیں اور پوٹلی میں ڈال کر ٹکور کریں۔

فوائد: مخلوق یا دوسرے صاحب کے لیے بے حد مفید ہے۔

تریاق سرطان

نسخہ: خطمی، گلنار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، سرطان سوختہ ۵ ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں معجون بنائیں۔

مقدار خوراک: ۴ ماشہ۔

فوائد: باؤلے کتے کے کاٹے کو مفید ہے۔

تریاق بلیغ النفع

نسخہ: زراوند، جند بیدستر ہر ایک ۴ ماشہ، مرچ سیاہ ۴ ماشہ، افسنتین ۱۰ ماشہ، کوٹ چھان کر شراب میں ملائیں۔

مقدار خوراک: ۴ تولہ

فوائد: سانپ و بچھو کے کاٹے کو مفید ہے۔

تریاق رتیلا

نسخہ: مرچ سیاہ، ابرسا، زراوند، تخم سعد، عاقرقرحا، کلونجی سیاہ، سعد کوفی، دارچینی، اذخر کی جڑ، برنجاسف کے پتے، سنبل جاکمل، سرطان نہری سوختہ، عصارہ خشخاش ہر ایک ۲ تولہ ۲ ماشہ کوٹ چھان کر شہد میں بنا رکھیں۔

مقدار: ۴ ماشہ۔ ہر ایک قسم کی خطرناک مکوڑوں کا تریاق ہے۔

تریاق طین

نسخہ: گل مختوم، حب الغار، مر، ساہم ہر ایک ... گاؤ میں چرب کر کے شہد میں معجون بنائیں۔

مقدار: ۱ درم ہر روز۔

فوائد: ہر قسم کے زہروں کا تریاق ہے۔

تریاق معدہ

نسخہ: لونگ ہر ایک ۱ تولہ، مرچ سیاہ ۲ ماشہ، نمک سیاہ ۲ ماشہ، اور پودینہ ۶ ماشہ سفوف بنائیں۔

مقدار: ۳ رتی۔

فوائد: کھانا ہضم کرتا اور ضعف معدہ کو دور کرتا ہے۔

تریاق پیچش

نسخہ: پوست بیلگری زرد، اجوائن، زیرہ علیحدہ علیحدہ بریاں کریں۔ دوائیں زرد ہوں، کوٹ کر دہی کے پانی کے ساتھ دیں۔

فوائد: پیچش میں نافع ہے۔

تریاق سعال

نسخہ: تخم دھتورہ، اجوائن خراسانی، رب السوس، شکر تیغال، لاکھ پنی گچھ۔ ہر ایک ۱ تولہ، افیون ۱ ماشہ، حب بقدر مونگ۔

خوراک: ۱ سے ۲ گولیاں حسب ضرورت دیں۔

تریاق مثانہ

نسخہ: انیسون ۵ گرام، زیسون ۱۰ گرام، تخم خربزہ ۵ گرام، تخم خطمی ۱۰ گرام، تخم خیارین ۵۰ گرام، تخم کرفس ۱۰ گرام، حب کاکنج ۵۰ گرام، دم الاخوین ۵ گرام، رب السوس ۱۰ گرام، ریوند چینی ۲۰ گرام، زوفا خشک ۱۰ گرام، سماق ۱۰ گرام، شاخ گوزن سوختہ ۵۰ گرام، صمغ عربی ۱۰ گرام، کتیرا ۵۰ گرام، گل ارمنی ۱۰ گرام، گل مختوم ۱۰ گرام، لک مغسول ۵۰ گرام، مغز بادام شیریں ۵۰ گرام، مغز تخم خربوزہ ۵۰ گرام، مغز تخم خیارین ۵۰ گرام، مغز تخم کدو ۵۰ گرام، قوام شکر سفید ۵۰۰ گرام، بسد سرخ ساییدہ ۵۰ گرام، مروارید ساییدہ ۱۰ گرام۔ خشک اجزاء کو علیحدہ سفوف اور مغزیات کو علیحدہ بنائیں۔ تھوڑا تھوڑا باریک سفوف ملا کر کوٹیں۔ اس کے بعد شکر سفید کا قوام تیار کریں اور سفوف ملا کر لکڑی سے چلاتے جائیں۔ آخر میں بسد سرخ اور مروارید شامل کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ شربت بزوری۔

فوائد: گردہ، مثانہ، رحم کی بیماریوں کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔

تریاق اربعہ

نسخہ: حب الغار، جنطیانا رومی، مر مکی، زراوند طویل کوٹ چھان کر روغن گاؤ سے حب کریں۔ شہد ہمچند۔

مقدار: ۱ ماشہ۔

فوائد: دل و دماغ کو قوت دیتا اور زہروں کا دافع ہے۔

جوارشات

جوارش، گوارش کا معرب ہے۔ جس کے معنی ہیں ہاضم خوش مزہ دوا۔ جوارش معدے کی دوا ہے۔ اس کا سفوف تھوڑا تھوڑا رکھا جاتا ہے تاکہ معدے میں زیادہ دیر ٹھہر کر اپنا کام کر سکے۔

جوارش آملہ سادہ

نسخہ: الائچی خورد ۲۰ گرام۔ گل سرخ ۲۰ گرام۔ آملہ خشک ۵۰۰ گرام۔ قوام شکر سفید ۵ کلو۔ آب لیموں ۲۰ گرام۔ زعفران، جاوتری ۱۰ گرام ہمراہ صندل سفید ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: پہلے آملہ خشک کو چھلنی نمبر ۸۰ سے چھانیں۔ اس سفوف کو ۲ لیٹر پانی میں رات کو بھگو کر رکھیں۔ صبح کو اسے قوام شکر سفید میں ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب قوام درست ہو جائے زعفران، جاوتری تھوڑے سے پانی میں ملا کر قوام میں شامل کر دیں۔ جوش دے کر آگ سے نیچے اتار لیں اور دوسری دواؤں کو کوٹ کر چھلنی نمبر ۸۰ سے چھان کر سفوف بنائیں۔ یہ سفوف تھوڑا تھوڑا اس قوام میں ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب تمام سفوف اچھی طرح مل جائے تو شیشے یا چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: ۵ سے ۱۰ گرام۔ یہ جوارش پانی سے کھائیں۔

فوائد: دماغ، دل، معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ دل اور جگر کی گرمی کو دور کرتی ہے۔ احتلام میں مفید ہے۔ دافع تبخیر، دافع اسہال ہے۔

جوارش آملہ عنبری

نسخہ کلاں: آملہ خشک ۵۰ گرام۔ ابریشم ۵ گرام۔ برادہ صندل سفید ۵ گرام۔ پوست بیرون پستہ ۵ گرام۔ دار چینی ۵ گرام۔

دانہ الائچی خورد ۵ گرام۔ گل سرخ ۵ گرام۔ گل گاؤزبان ۵ گرام۔ مصطگی ۵ گرام۔ شہد اصلی۔ مروارید ساییدہ ۱۰ گرام۔ ورق نقرہ ۱۰ گرام۔ ورق طلا ۵۰ عدد۔ عنبر ۲ گرام۔ مشک ۱ گرام۔ زعفران، جاوتری ۱۰ گرام۔ بطریق معروف جوارش تیار کریں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: مقوی دل و دماغ، جگر، مسکن حرارت، مقوی معدہ، بھوک لگاتی، دافع تبخیر، گرمی کے دستوں کو بند کرتی ہے۔ معدے اور جگر کی حرارت کو دور کرتی ہے۔ جوارش آملہ سے زیادہ قوی الاثر ہے۔

جوارش آملہ لولوی مسیح الملک والی

نسخہ: آملہ خشک ۲۰ گرام۔ دار چینی ۱ گرام۔ دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام۔ آب انار شیریں ۱۰۰ گرام۔ آب سیب ۱۰۰ گرام۔ آب لیموں ۱۰۰ گرام۔ زرشک ۱۰ گرام۔ آب ترنج ۱۰۰ گرام۔ مروارید ساییدہ۔ عرق گلاب ۱۰ گرام۔ عنبر ۲ گرام۔ ورق نقرہ ایک گرام۔ ورق طلا ۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: دل، جگر، معدہ کو مقوی، دافع اسہال ہے۔

جوارش انارین

نسخہ: الائچی خورد ۱۰ گرام۔ بالچھڑ ۵ گرام۔ پوست بیرون پستہ ۱۰ گرام۔ پوست ترنج ۱۰ گرام۔ دانہ الائچی کلاں ۱۰ گرام۔ مصطگی ۱۰ گرام۔

گلِ سرخ ۵ گرام سبب انار شیریں دس گرام ۔ ۵ گرام رب السوس ۵ گرام
آب پودینہ سبز ۵۰ گرام شکر سفید ۵۰ گرام پوست لیموں ۵ گرام ۔
بطریق معروف جوارش تیار کریں ۔
مقدار ، ۵ سے ۱۰ گرام
فوائد ، معدے اور جگر کو طاقت دیتی ۔ التہاب کو بجھاتی
گرمی کو تسکین دیتی ۔ جتلی اور متلی کو روکتی اور صفرا کو دور کرتی
ہے ۔

جوارش اناریں قابض

نسخہ ، عرق لیموں ۵ تولہ دو ماشہ ، آب حب الآس ، آب انار شیریں
آب انار ترش ہر ایک ۵ تولہ ۱۰ ماشہ آب پودینہ ، شیرہ جو ہر ایک
۲ تولہ ۳ ماشہ گلاب ۲ تولہ ۹ ماشہ مصطگی ، الائچی خورد ہر ایک
۹ ماشہ گل سرخ ، زیرہ ، گلاب ، ورق چاندی ، صندل ، سماق ہر ایک
۹ ماشہ قند سفید ایک پاؤ ۔ بطریق معروف تیار کریں
مقدار ، ۶ ماشہ
فوائد ، معدہ و جگر کی اصلاح کرتی ہے مانع اسہال و
مقوی ہے ۔

جوارش اترج

نسخہ ، پوست لیموں خشک کیا ہوا پوست ۵ تولہ ، تخم خرفہ
جائفل ، قرنفل ، دار چینی ، الائچی ، تخم ترنجان ، سونٹھ ہر ایک
۳ ماشہ خشک ، خولنجان ، جاوتری ، بطریق معروف تیار کریں
مقدار ، ۵ ماشہ
فوائد ، مقوی معدہ ، دافع تخمہ و قے ۔

جوارش بسباسہ

نسخہ ، اسارون ۵ گرام الائچی کلاں ۵ گرام الائچی خورد
۵ گرام ، تج ۵ گرام ، پیپل کوں ۵ گرام جاوتری ۵ گرام ،
دار چینی ۵ گرام زنجبیل ۵ گرام فلفل سیاہ ۱۰ گرام ونگ ۱۰ گرام
قوام شکر سفید یا شہد ۳۰۰ گرام ۔ بطریق معروف تیار کریں
مقدار ، ۵ گرام صبح و شام ہمراہ آب
فوائد ، معدے کی سردی کو دور کرتی اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی
کرتی ہے ۔ تبخیر و ڈکار کو روکتی اور پیٹ کے پھولنے کو دور کرتی ہے ۔
بعد از غذا استعمال کرنے سے غذا کو ہضم کرتی ہے ، دافع
ریاح بادی و ریاح کی پیدائش کو روکتی ہے

جوارش تمر ہندی

نسخہ ، آملہ ۵ گرام الائچی کلاں ۵ گرام تج ۵ گرام تیز پات ۵ گرام ونگ
۵ گرام سعد ۱۰ گرام الائچی خورد ۵ گرام پودینہ خشک ۵ گرام جائفل
۵ گرام فلفل سیاہ ۵ گرام ... ۱۰ گرام شکر سفید ۳۰۰ گرام آب لیموں
۱۰۰ ملی لیٹر تمر ہندی ۱۰۰ گرام بطریق معروف تیار کریں
مقدار ، ۱۰ گرام صبح و شام
فوائد ، مقوی معدہ و جگر ، مسکن حرارت ، صفراوی دستوں میں
کو بند کرتی ہے ۔ قے و ورم صفراوی کے لئے مفید ہے ۔

جوارش بلادر

نسخہ ، مرچ سیاہ ، دار فلفل ، جند بیدستر ، پوست ہلیلہ کابلی ، بلیلہ
آملہ ، مصطگی ہر ایک ۹ ماشہ سعد کوفی ۶ ماشہ قسط تلخ ، جاوتری
بادرنجبویہ ، حب الغار ہر ایک ۹ ماشہ تودری سفید ۹ ماشہ

ترکیب تیاری: بھلاوے کو ریگ کریں۔ ساقی اور دیگر ادویات چھان کر سلاگاؤ میں چرب کریں۔ سہ چند شہد میں جوارش بنائیں چھ ماہ بعد استعمال کریں۔

مقدار: ۱ سے ۲ ماشہ۔

فوائد: قوت باہ تیز کرتی منی پیدا کرتی ہے۔ رنگ کو نکھارتی ہے۔ امراض بارد و ریاحیہ کو دور کرتی ہے۔

جوارش جالینوس

نسخہ: اسارون، زنجبیل ۱۰ گرام الائچی کلاں ۱۰ گرام بالچھڑ ۱۰ گرام پیپل کلاں، ۱۰ گرام تج، ۱۰ گرام چھڑیلہ ۱۰ گرام حب الآس، ۱۰ گرام تخم انجدان، ۱۰ گرام زنجبیل، رسوت خشک ۱۰ گرام دار چینی ۱۰ گرام سعد کوفی، زرنباد، ۱۰ گرام عود بلسان ۱۰ گرام فلفل سیاہ، دار فلفل ۱۰ گرام قرنفل، زرنباد ۱۰ گرام قسط شیریں ۱۰ گرام مصطگی ۵ گرام زعفران ۵ گرام شہد ۵ کلو، ۳ کلو شکر سفید، ۵ کلو گھی، ۱ کلو عرق گاؤزبان ۵ لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام

فوائد: معدہ، آنتوں اور جگر کے ضعف کو دور کرتی ہے۔ نفخ کو ختم کرتی ہے۔ بواسیر ریاحی اور جگر کی سدہ کو دور کرتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔ بلغمی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ گردہ و مثانہ میں جو پتھری پیدا ہو جاتی ہے اسے دور کرتی ہے۔ بالوں کو قبل از وقت سفید ہونے سے روکتی ہے۔

جوارش جلالی

نسخہ: مشک، مصطگی، زرنباد، تخم کرفس، ہر ایک ۶ ماشہ، مرچ سیاہ ۵ ماشہ زیرہ سیاہ، عود، مصطگی، پودینہ خشک، عود ہندی ہر ایک ۱۰ ماشہ، بالچھڑ، تج، زنجبیل، دار چینی، بڑی الائچی ہر ایک ۶ ماشہ۔ قند سفید برابر وزن ادویہ، شہد دو چند وزن، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۳ تا ۵ ماشہ۔

فوائد: مقوی معدہ، ہاضم۔ مولد منی۔ مقوی باہ اور گردے کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

جوارش زرشک

نسخہ: صندل سفید ۱۰ گرام، تخم خرفہ سیاہ بریاں ۱۰ گرام، ۱۰ گرام سماق ۱۰ گرام گل سرخ، ۵ گرام مغز کدو بریاں ۱۰ گرام زرشک ۱۰۰ گرام، آلو بخارا ۲۰ گرام ۴۰ گرام شربت انار ۵۰۰ ملی لیٹر، ۵۰۰ ملی لیٹر شکر سفید ۷۵۰ گرام، زیرہ باریک کر کے ملا دیں ۵ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح و شام۔

فوائد: گرم مزاجوں میں مفید ہے۔ صفراوی متلی اور قے کو روکتی اور بھوک لگاتی ہے۔

جوارش زعفرانی سادہ

نسخہ: جوز بوا، دار چینی ۱۰ گرام، ۵ گرام بادیان، ۱ گرام بیخ کرفس ۱۰ گرام تج ۵ گرام تخم ۱ گرام تخم کرفس ۱۰ گرام تخم گزر ۱۰ گرام عاقرقرحا ۵ گرام مغز تخم خیارین ۱۰ گرام مغز تخم خربوزہ ۱۰ گرام مصطگی ۵ گرام زعفران ۵ گرام عرق گاؤزبان ۵۰۰ ملی لیٹر شکر سفید ۱ کلو ۵ گرام گھی ۱ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام صبح و شام پانی سے استعمال کریں۔

فوائد: دماغ، جگر، معدہ و مثانہ کو قوت دیتی ہے۔ جسم میں منفعت ہے کاسر ریاح، پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔

جوارش زرعونی عنبری

(نسخہ کلاں)

نسخہ: بہمن سرخ، بہمن سفید ۱۰ گرام، تج قلمی ۱۰ گرام، سنبل الطیب ۱۰ گرام، دارچینی ۱۰ گرام، بوزیدان ۵ گرام، بہمن سرخ ۵ گرام، بہمن سفید ۵ گرام، بیخ کرفس ۱۰ گرام، پیپل کلاں ۱۰ گرام، تج ۱۰ گرام، تخم اسپست ۱۰ گرام، تخم شلغم ۱۰ گرام، تخم پیاز ۱۰ گرام، تخم جرجیر ۱۰ گرام، تخم حسرما ۱۰ گرام، تخم شلجم ۱۰ گرام، تخم کرفس ۲۰ گرام، تخم گندنا ۱۰ گرام، تخم جبین ۵ گرام، قسط شیریں ۱۰ گرام، جائفل ۱۰ گرام، جوز بوا، عنبر ۱۰ گرام، جدوار ۲۰ گرام، حب الزلم ۲۰ گرام، حب بلسان ۲۰ گرام، دار فلفل، مصطگی ۲۰ گرام، خولنجان ۱۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، شقاقل مصری ۵ گرام، عاقرقرحا ۱۰ گرام، قرنفل ۱۰ گرام، کباب چینی ۱۰ گرام، کندر ۲۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام، لونگ، مغز چلغوزہ ۲۰ گرام، مغز تخم خربوزہ ۲۰ گرام، مغز تخم کدو، مغز بادام، مصطگی ۲۰ گرام، تخم گاجر ۲۰ گرام، زعفران ۲۰ گرام، عرق گاؤزبان ۵ لیٹر، عنبر ۱ گرام، مشک ۱ گرام، قند سفید ۱ کلو، شہد ۱ کلو، قوام شکر سفید ۱ کلو گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ شربت فولاد ایک

مقدار: گرم و خشک مزاج کی صورت میں اور جریان کی شکایت میں ہمراہ قرص کشتہ مروارید ایک عدد۔

فوائد: دماغ، جگر، معدہ، گردہ و مثانہ کو مقوی ہے۔ ضعف گردہ، رقت، پشت کو مضبوط بناتی ہے۔ دردِ کمر کو زائل کرتی ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ پیشاب کی زیادتی میں مفید ہے۔ ضعف معدہ میں فائدہ پہنچاتی ہے۔ کاسر ریاح، بادی کی بیماری کو کم کرتی ہے۔

جوارش زنجبیل

نسخہ: دارچینی ۲۰ گرام، جائفل ۵ گرام، دار چینی ۲۰ گرام، زنجبیل ۲۰ گرام، قرنفل، زرنباد ۲۰ گرام، گل سرخ، ۲۰ گرام، تخم کرفس ۵ گرام، سونٹھ ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۲۰ گرام، مویز منقی، مصطگی ۵ گرام، شکر سفید، گوشت کلیجی، زعفران ۵ گرام، عرق گاؤزبان ۵ لیٹر، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام دونوں وقت ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: ہاضم، کاسر ریاح، معدہ کو تقویت دیتی ہے۔ قوت باہ میں مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے۔

جوارش سقنقور

نسخہ: دارچینی، جائفل، بہمن سرخ، بہمن سفید ہر ایک ۳ ماشہ، تخم جبین، تخم پیاز، تخم شلغم، تخم اسپست، تخم گندنا، تخم جرجیر، تخم انجرہ، تخم ترب، ہر ایک، مغز چلغوزہ، شقاقل، سرخ و سفید، بیاز دیان، ہر ایک چھ ماشہ، سونٹھ، خولنجان، دار فلفل ہر ایک چار ماشہ، شقاقل مصری، ہر ایک ۳ ماشہ، نبات سفید، مغز چلغوزہ، شہد، حسب ضرورت تیار کریں۔

مقدار: ۶ ماشہ۔

فوائد: قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ جماع کے بعد خستگی دور کرتی ہے۔

جوارش سفرجلی قابض

نسخہ: الائچی خورد ۵ گرام، الائچی کلاں ۵ گرام، تربد سفید ۵ گرام
دارچینی ۵ گرام، زنجبیل ۵ گرام، پیپل کلاں ۵ گرام، جفت بلوط ۱۰
گرام، مصطگی ۵ گرام، گل ۵ گرام، رب بہی ۱۰۰ گرام، مربہ
۱۰۰ گرام، شکر سفید ۵۰۰ گرام، ست لیموں ۵ گرام بطریق
معروف تیار کریں۔

مقدار خوراک: ۵ گرام سے ۱۰ گرام صبح کے وقت کھائیں۔

فوائد: مقوی دل و دماغ، دافع استفراغ و کرب، مانع تبخیر۔

جوارش شہنشاہی عنبری

نسخہ: گل سرخ ۵ گرام، گل گاؤزبان ۵ گرام، زرشک ۱۰ گرام، مربہ
ہلیلہ، مربہ آملہ، مربہ سیب ۱۰۰ گرام، شربت انار شیریں ۵۰ ملی لیٹر، شربت
نارنج ۵۰ ملی لیٹر، شربت انگور ۵۰ ملی لیٹر، شربت لیموں ۵۰ ملی لیٹر
سکنجبین سادہ ۱۰۰ ملی لیٹر، شکر سفید ۵۰۰ گرام، مروارید، یاقوت، گل
لحیہ سے ۱ گرام، ورق نقرہ ۱ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح ہمراہ عرق گاؤزبان۔

فوائد: مقوی دل و دماغ، دافع خفقان و اضطراب، مقوی
معدہ، مانع تبخیر۔

جوارش شہریاراں

نسخہ: اجوائن دیسی ۵ گرام، انیسوں ۵ گرام، الائچی خورد ۵ گرام
بادیان ۵ گرام، بالچھڑ ۵ گرام، بسباسہ ۵ گرام، تج ۵ گرام،
تخم کرفس ۵ گرام، تربد سفید، دارچینی سفید ۵ گرام، چرائتہ، گلو، کوی
۵ گرام، حب الہیل ۵ گرام، دارچینی ۵ گرام، زنجبیل ۵ گرام،
ساذج ہندی ۵ گرام، جفت بلوط ۵ گرام، تخم خرفہ ۵ گرام، بنگ بیر
۵ گرام، نمک سانبھر ۵ گرام، مصطگی رومی ۵ گرام، گل ۱۰ گرام،
زعفران ۵ گرام، تیرہ شکر سفید ۵۰۰ گرام، عرق گاؤزبان ۵۰
ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح یا شام پانی سے کھائیں۔

فوائد: معدہ اور جگر کی سردی کو دور کرتی ہے، ہضم کو درست کرتی ہے۔
قولنج میں مفید ہے۔

جوارش طباشیر

نسخہ: آملہ خشک ۱۰ گرام، برادہ صندل سرخ ۱۰ گرام، پوست ترنج
۵ گرام، برادہ صندل سفید ۱۰ گرام، جسقوبین ۱۰ گرام، حب الآس
۵ گرام، سماق ۵ گرام، کشنیز خشک ۱۰ گرام، گل سرخ ۱۰ گرام،
کافور ۵ گرام، مصطگی ۵ گرام، رب بہی ۱۰۰ گرام، شکر سفید
۵۰۰ گرام، گل ۵ گرام، ست لیموں ۵ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح ۵ گرام شام۔

فوائد: اگر گرمی کے دستوں کو روکتی ہے۔ معدہ سے دماغ کی طرف
بخارات کو روکتی ہے۔

جوارش عود ترش

نسخہ: آملہ ۵ گرام، الائچی خورد ۵ گرام، بادرنجبویہ ۵ گرام، صندل سفید
۵ گرام، طباشیر ۵ گرام، پوست ترنج ۵ گرام، دارچینی ۵ گرام، تخم خرفہ
۵ گرام، مصطگی ۵ گرام، رب سیب، انگور ۵ گرام، آب لیموں ۵۰ ملی لیٹر
شکر سفید ۵۰۰ گرام، زعفران ۵ گرام، گل ۵ گرام، عرق
گاؤزبان ۵۰ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح ۵ گرام شام استعمال کریں۔

فوائد: معدہ کو قوت دیتی، بھوک لگاتی، غذا کو ہضم، معدہ کی کمزوری میں خصوصاً مفید ہے۔

جوارش عود شیریں

نسخہ: چھاڑ دن ۱۰ گرام، اگر (عود) ۲۵ گرام، الائچی خورد ۲۵ گرام، پیپل کلاں ۲۵ گرام، تج قلمی ۲۵ گرام، جائفل ۲۵ گرام، جوز بویا ۲۵ گرام، دارچینی ۲۵ گرام، لونگ ۲۵ گرام، شہد خالص ۶۰۰ گرام، قند سفید ۱۰۰۰ گرام، زعفران ۲ گرام، عرق گاؤزبان ۔۔ لیٹر، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح ۵ گرام شام استعمال کریں۔

فوائد: معدہ کی کمزوری کو دور کرکے قوت دیتی ہے، غذا کو ہضم اور بھوک لگاتی ہے۔

جوارش عود نُمین

نسخہ: تربد سفید ۱۰ گرام، سنا مکی ۱۰ گرام، گل سرخ ۱۰ گرام، اگر ۲۵ گرام، الائچی خورد ۲۵ گرام، انیسون ۲۵ گرام، بادیان ۲۵ گرام، جندبیدستر ۲۵ گرام، پودینہ خشک ۲۵ گرام، دارچینی ۱۰ گرام، مصطگی ۲۵ گرام، شکر سفید ۵ کلو، ۱۰ گرام، گھی ۱۰ گرام، ست لیموں ۱۰ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ گرم پانی یا عرق بادیان۔

فوائد: مقوی معدہ، دافع قبض، بھوک لگاتی ہے۔

جوارش فلافلی

نسخہ: اسارون ۵ گرام، پیپل کلاں ۱۰ گرام، تج ۵ گرام، تخم کرفس ۵ گرام، رسیلی ۱۰ گرام، زیرہ سیاہ ۵ گرام، خولنجان ۵ گرام، فلفل سفید ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، قوام شکر سفید ۱ کلو ۵۰۰ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ نہار منہ اور بعد غذا۔

فوائد: قوت ہاضمہ کو طاقت دیتی، معدہ اور امعاء کی ریاح کو دور کرتی ہے۔

جوارش فواکہ

نسخہ: بادام شیریں ۵۰ گرام، دارچینی ۵۰ گرام، رب امرود ۲۰ گرام، رب انار ترش ۵۰ گرام، رب انار شیریں ۵۰ گرام، رب بہی ۵۰ گرام، زعفران ۵ گرام، سماق ۵ گرام، شکر سفید ۱ کلو، مصطگی ۵ گرام، قند ۵ گرام، ست لیموں ۱۰ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

خوراک: ۵ گرام صبح اور ۵ گرام شام کو استعمال کریں۔

فوائد: ضعف قلب، ضعف معدہ میں مفید ہے، اس کے علاوہ قوت دیتی، خفقان کو دور کرتی ہے، مفرح ہے، حرارت کی حالت میں نہایت مفید ہے۔

جوارش تفاح

نسخہ: املی چھٹانک، اصفہانی سیب، پوست نکال کر بیج الگ کریں، اس قدر جوش دیں کہ گل جائے، پھر اسے چھلنی سے گزاریں، اس کے بعد قند سفید ایک وزن شہد وزن سے تمام کو ملا کر پکائیں، قوام میں زعفران سوا ۱۵ ماشہ، مرچ سیاہ، دارچینی، لونگ، ہیل ۵ ماشہ، زنجبیل ۷ ماشہ، عود ہندی پانچ ماشہ کوٹ چھان کر ملائیں۔

مقدار: ۵ سے ۷ ماشہ۔

فوائد: معدہ، قلب، دماغ کو قوی کرتی، ہضم درست کرتی ہے۔

جوارش حب الآس

نسخہ: جائفل ۵ عدد، جلد ۱۰ عدد، کسٹ، تج ۷ عدد، [illegible] حب البان دارچینی، شکاعی، برو ۱۰ فلنجمشک ہر ایک ۱۵ ماشہ، سعد کوفی، بسباسہ، سنبل الطیب ہر ایک ۲ ماشہ، بہیڑہ سیاہ، پوست بلیلہ کابلی ہر ایک ۱۰ ماشہ، روغن زیتون میں چرب شدہ حب الآس تمام دواؤں کے برابر، نبات سفید سب کے ہم وزن شہد دو چند۔

مقدار: ۷ ماشہ

فوائد: مقوی معدہ، اسہال، سلسل البول، ضعف ہضم، استسقاء

جوارش قرطم

نسخہ: انیسون ۵۰ گرام، سنبل الطیب ۱۰ گرام، سقمونیا ۵ گرام، تربد ۱۰۰ گرام، تخم قرطم ۱۰۰ گرام، مصطگی ۱۰ گرام، زنجبیل ۲۰ گرام، قند سفید ۸۰۰ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام صبح کو نیم گرم پانی سے کھائیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتی، پیشاب لاتی، دافع قولنج، مسہل ہے۔

جوارش کمونی

نسخہ: برگ سداب ۱۰ گرام، بورہ ارمنی ۵ گرام، زنجبیل ۵ گرام، زیرہ سیاہ ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۵ گرام، سرکہ انگوری ۵۰ ملی لیٹر، شکر سفید ۲۵۰ گرام، ست لیموں ۲ گرام، نطرون بجانی ۱۰ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام بعد غذا۔

فوائد: معدے کی سردی کو دور کرتی، ریاح کو خارج کرتی، تبخیر کو دور کرتی، کاسر ریاح، دافع نفخ۔

جوارش کمونی اکبر

نسخہ: برگ سداب ۱۰ گرام، بورہ ارمنی ۵ گرام، دارچینی ۵ گرام، زیرہ سیاہ ۲۵ گرام، فلفل سفید ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، سرکہ انگوری ۵۰ ملی لیٹر، گل قند گلاب ۱۰۰ گرام، زنجبیل ۲۰ گرام، مربہ ہلیلہ ۱۰ گرام، شکر سفید ۲۵۰ گرام، ست لیموں ۲ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام بعد غذا۔

فوائد: کاسر ریاح، ہاضم، تحلیل معدے کی خراب رطوبتوں کو تحلیل کرتی ہے۔

جوارش کمونی کبیر

نسخہ: ہلیلہ ۵ گرام، برگ سداب ۵ گرام، بورہ ارمنی ۵ گرام، تج ۵ گرام، حب بلسان ۱۰ گرام، زیرہ سیاہ ۲۰ گرام، زنجبیل ۲۵ گرام، فلفل سیاہ ۲۵ گرام، دارچینی ۵ گرام، مصطگی ۵ گرام، کمون ۵ گرام، سرکہ ۵۰ ملی لیٹر، شکر سفید ۵۰۰ گرام، ست لیموں ۲ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام صبح یا بعد غذا۔

فوائد: ہاضم، کاسر ریاح، درد معدہ اور قولنج کو دور کرتی ہے۔

جوارش کمونی مسہل

نسخہ: ہلیلہ ۱۰ گرام، برگ سداب ۱۰ گرام، بورہ ارمنی ۲ گرام، تج ۱۰ گرام، تربد سفید ۵۰ گرام، حب بلسان ۱۰ گرام، دارچینی ۱۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، زیرہ سیاہ ۲۰ گرام، جاوشیر ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، سرکہ ۵۰ ملی لیٹر، شکر سفید ۵۰۰ گرام

ست لیموں ۵ گرام ۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ آب یا عرق بادیان یا سونف دافع قبض ۶ گرام۔ تا بعض دوا دی اختیار سے پرہیز کریں۔

فوائد: معدے و انتڑیوں کو فضلات سے پاک و صاف کرتی اور تقویت دیتی ہے۔ اکثر ریاح، معدہ کی رال یا زیادہ تھوک کی بجہ میں مفید ہے۔

جوارش سلطانی

نسخہ: بہمن سرخ و سفید، تودری سرخ و سفید، تخم اسپت، تخم خربوزہ، تخم چرچیر، تخم پیاز، تخم حماض، جزر، گیزر، تخم لیموں۔ تخم شلجم، تخم کرفس ہر ایک ۳ ماشہ، خشخاش، الائچی خورد، دارفلفل، خولنجان، دارچینی، زرنباد، زنجبیل، خرفہ ہر ایک ۳ ماشہ زنجبیل سہ چند ادویہ۔

ترکیب: زنجبیل کے سوا سب کا سفوف بنائیں۔ زنجبیل دست کو دودھ میں جلا کر پیس لیں چھان کر آگ پر رکھیں شہد دو چند ملا کر قوام کریں اور ادویات شامل کریں

مقدار: ۳ ماشہ

فوائد: گردہ، مثانہ کو مقوی، قوت باہ کو زیادہ کرتی اور بصر کی محافظ ہے۔

جوارش زعفران

نسخہ: مغز بادام ۱۴ ماشہ، زعفران، عود ہندی، لونگ، بسباسہ، عاقرقرحا، خولنجان، دارچینی، زنجبیل، دانہ الائچی خورد، مصطگی ہر ایک ۷ ماشہ، شکر سفید ہم وزن، شہد مصفی دو چند۔

مقدار: ۳ سے ۵ ماشہ۔

فوائد: مقوی باہ اور قاطع ادرار ہے۔

جوارش مصطگی سادہ

نسخہ: مصطگی ۵ گرام، گوند ۱۲ گرام، ست لیموں ۲ گرام، شکر سفید ۱ کلو، عرق گلاب ۵۰۰ ملی لیٹر، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ۱۰ گرام ہمراہ آب تازہ۔

فوائد: معدہ، آنتوں اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ منہ سے رال بہنے کو مفید ہے۔ معدہ، آنتوں کی کمزوری سے جو دست آتے ہیں ان کو بند کرتی ہے۔

جوارش مصطگی بہ نسخہ کلاں

نسخہ: جوز بوا، لونگ ۵۰ گرام، الائچی خورد ۱۰۰ گرام، بادرنجبویہ ۵۰ گرام، بادیان ۵۰ گرام، بالچھڑ ۵۰ گرام، پوست ترنج، حماما، تخم کاسنی ۵۰ گرام، دارچینی ۱۰۰ گرام، زرنباد، درونج عقربی ۵۰ گرام، زنجبیل، دسوتھ ۱۰۰ گرام، زیرہ سفید ۵۰ گرام، زیرہ سیاہ ۵۰ گرام، فلفل سیاہ و سیاہ مرچ ۱۰۰ گرام، کباب چینی ۵۰ گرام، گل ریان، فادزہر ۵۰ گرام، کشنیز خشک، دھنیا خشک ۵۰ گرام، زعفران ۲۰ گرام، عرق گاؤزبان ۵ لیٹر، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام صبح ۵ گرام شام۔

فوائد: معدہ، آنتوں اور جگر کو طاقت دیتی ہے۔ منہ سے رال بہنے کو روکتی ہے۔ اور دستوں کو بند کرتی ہے پیشاب کی زیادتی کو روکتی ہے۔

جواہر مہرہ

نسخہ: بسد احمر (مرجان) سرخ مونگے کی جڑ ۱۵۰ گرام، بسفائج ۲۵ گرام، جدوار ۲۵ گرام، زہر مہرہ (زبا) ۲۵ گرام۔ شاخ مرجان، مروارید ۵۰ گرام، یاقوت سرخ ۲۵ گرام، چاندی ورق طلاء ۵۰ گرام، عنبر ۲۰ گرام، مشک ۲ گرام، یشب سبز ۲۵ گرام، عقیق ۲۵ گرام، فیروزہ ۲۵ گرام، کہربائے شمعی ۵۰ گرام، لاجورد ۲۵ گرام، مروارید سفید سوق ۵۰ گرام، موتیا ۲۵ گرام، بیج ۲۵ گرام، مصطگی ۲۵ گرام، عرق گلاب ۵۰۰ ملی لیٹر، ۲۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱ ملی گرام (چار چاول) ہمراہ مناسب معتدل جواہر والی ۵ گرام۔

فوائد: اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔ حرارت غریزی کو بڑھاتا ہے اور مریض کی قوت کو واپس لاتا ہے۔

جوہر سیلن

نسخہ: سم الفار سفید (سنکھیا سفید) ۱۰۰ گرام، برانڈی ۱۰۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: سنکھیا برانڈی میں کھرل کریں۔ اب دو عدد سادہ کوزے (مٹی کے) لیں جن کا قطر ایک جیسا ہو۔ ان کے کنارے گھس کر ہموار کریں کہ وہ ایک دوسرے سے مل جائیں۔ ایک میں کھرل کیا ہوا سنکھیا بچھا دیں۔ دوسری کوزہ اس پر رکھ کر آٹا لگا دیں اور گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر چولہے پر رکھیں اور نیچے آگ جلا دیں۔ اوپر کی کوزی پر کپڑے کی گدی تر کر کے پانی میں بھگو کر رکھیں۔ خشک ہونے پر کپڑے کی گدی پانی سے تر کرتے رہا کریں اور نیچے ہلکی آگ برابر جلاتے رہیں۔ اوپر کی کوزی میں سنکھیا کے جوہر اڑ کر جمع ہوتے رہیں گے۔ چار گھنٹے کے بعد کوزیوں کو چولہے سے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر کوزیوں کو کھول کر جوہر احتیاط سے کھرچ کر شیشی میں محفوظ کریں۔

احتیاط: جوہر کو اڑاتے وقت اس بات کو یاد رکھیں کہ کوزیاں کو ٹھنڈا کر کے کھولیں۔ گرم حالت میں کھولنے سے سنکھیا کے بخارات سے آنکھوں کو نقصان پہنچنے کا اندیشہ ہے۔

مقدار: ۱ ملی گرام (۲ چاول) یہ جوہر مکھن یا ملائی کے ساتھ کھائیں۔ اوپر سے دودھ پی لیں۔

فوائد: معدہ کو قوت دے کر بھوک بڑھاتا ہے۔ دل، دماغ اور اعصاب کو قوی کرتا ہے۔ مقوی باہ اور مولد حرارت ہے۔ جاڑے کے دنوں میں بلغمی مزاج اور بوڑھوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

جوہر کلاں

نسخہ: رسکپور، سم الفار، دار چکنا، پارہ، شنگرف ہر ایک ایک تولہ۔ برانڈی میں بطریق معروف جوہر اڑا کر بحفاظت کیپسول میں رکھ کر کھائیں۔ اگر گرمی ہو تو دودھ چاول نرا مکھن ہمراہ کریں۔

جوہر رسکپور یا جوہر مشقی

نسخہ: دار چکنا ۱۰ گرام، رسکپور ۱۰ گرام، سنکھیا سفید ۱۰ گرام، برانڈی ۲۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب تیاری: نیل تھوتھ کو بجوڑوں کر باقی میں کھرل کر کے
چنی چپاتیاں بنا کر خشک کریں۔ اس کے بعد دو کونڈیاں ایک
نسبت قطر کی لے کر ان کے کناروں کو گھس کر ہموار کریں تاکہ
ایک دوسرے پر اچھی طرح سے رکھی جا سکیں۔ جب ایک
کونڈی میں ٹکیاں بچھا کر اس پر دوسری کونڈی رکھیں۔ جوڑ
پر گوندھا ہوا آٹا لگا کر کپڑے کی پٹی لپیٹ دیں۔ جب آٹا
خشک ہو جائے تو چولھے پر رکھ کر نیچے ہلکی آگ جلائیں۔ اوپر
کی کونڈی پر کپڑے کی گدی تر کر کے رکھیں اور خشک ہونے پر
تر کرتے رہیں۔ ۲ گھنٹے یہ عمل جاری رکھیں۔ ٹھنڈا ہونے
پر آہستہ سے کھولیں۔ اوپر کی کونڈی میں جمع ہوئے
جوہر کو کھرچ کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۳۰ ملی گرام رو چاول، منقی میں رکھ کر گولی بنا کر
نگل لیں یا کیپسول میں رکھ کر استعمال کریں۔

فوائد: آتشک، گٹھیا اور نقرس میں نہایت مفید ہے۔
سوزاک میں نافع ہے۔ سوداوی مادہ کی وجہ سے اختلاج
قلب اور گھبراہٹ رہتی ہو تو اس کے استعمال سے دور
ہو جاتی ہے۔

حبوب

حبوب، حب کی جمع ہے اور حب کے معنی دانے کے ہیں لیکن طبی اصطلاح میں حب (گولی) اس دوا کو کہتے ہیں جو ایک یا ایک سے زیادہ دواؤں کے سفوف میں پانی یا کوئی دوسری سیال چیز ملا کر مناسب مقدار میں گول شکل کی بنا لیتے ہیں۔

گولیاں بنانے کے لیے سفوف باریک رکھا جائے۔ گولیاں بناتے وقت نسخہ کی ترکیب کا خاص خیال رکھیں۔

گولیاں بنانے کے بعد ان کو دھوپ میں اچھی طرح خشک کر کے رکھیں۔ گیلی گولیاں رکھنے سے ان میں پھپھوندی لگ جاتی ہے۔

جن گولیوں کو خوش نما بنانا چاہیں ان پر چاندی یا سونے کے ورق چڑھا کر رکھیں۔ بدمزہ گولیوں پر شکر کا غلاف بھی چڑھا سکتے ہیں جیسا کہ چنوں اور سونف پر چڑھاتے ہیں۔

حب آوازکشا

نسخہ: رب السوس ۵۰ گرام، کتیرا ۵۰ گرام، گوند کیکر ۵۰ گرام، مغز تخم خیارین ۵۰ گرام، مغز تخم کدو ۵۰ گرام، نشاستہ گندم ۵۰ گرام۔ حبوب تیار کریں۔

مقدار: ایک گولی صبح ایک گولی شام منہ میں رکھ کر چوسیں۔

فوائد: بیٹھی ہوئی آواز ان گولیوں سے کھل جاتی ہے۔ نزلہ کھانسی اور دمہ میں بھی ان کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

حب احمر

نسخہ: سنکھیا سفید ۱ گرام، شنگرف ۱ گرام، گندھک آملہ سار ۱ گرام، ہڑتال طبقی ۱ گرام، آب لیموں ۵۰ ملی لیٹر، آب ادرک ۵۰ ملی لیٹر، ورق طلا حسب ضرورت بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱ گولی ایک ہفتہ ہمراہ دودھ یا ملائی یا مکھن میں رکھ کر کھائیں۔ ایک ہفتہ بعد پھر ایک گولی استعمال کریں۔ بعض آدمی شروع ہی سے ایک گولی استعمال کریں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: اعصاب کو تحریک دیتے اور قوت باہ کو بڑھانے کے لیے نہایت مفید ہیں۔ یہ گولیاں جاڑوں کے موسم میں استعمال کی جاتی ہیں۔

حب اذاراقی

نسخہ: کچلا مدبر ۵۰ گرام، مرچ سیاہ ۵۰ گرام۔ حبوب بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک گولی صبح و شام کھانے کے بعد استعمال کریں۔

فوائد: مقوی اعصاب، فالج، لقوہ، وجع مفاصل میں مفید ہیں۔

حب اسگند

نسخہ: اجوائن دیسی ۲۰ گرام، اسگند ۲۰ گرام، بدھارا ۲۰ گرام، لکڑی ۲۰ گرام، بیل گری ۲۰ گرام، چیل کلاں ۲۰ گرام، ۲۰ گرام، مستگی ۲۰ گرام، موصلی سیاہ ۲۰ گرام، گڑ ۵۰ گرام۔ حبوب بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: دو گولیاں شام ہمراہ دودھ کے ساتھ۔

فوائد: بہرہ پن، بہرائی کو مفید ہے۔

حب ایارج فیقرا

نسخہ: اسارون ۵۰ گرام ایلوا ۴۰۰ گرام بالچھڑ ۵۰ گرام تج ۵۰ گرام حب بلسان ۵۰ گرام دارچینی ۵۰ گرام عود بلسان ۵۰ گرام مصطگی ۵۰ گرام زعفران ۱۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

حب ایارج

نسخہ: سفوف ایارج فیقرا ۲۰ گرام انیسون ۵۰ گرام تربد سفید ۲۰ گرام حب النیل (کالادانہ) ۵۰ گرام شحم حنظل (اندرائن کا گودا) ۲۰ گرام غاریقون ۵۰ گرام نمک سانبھر ۲۰ گرام عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر۔

مقدار: چار گولی رات باقی رہے ۵۰ گرام یہ گولیاں عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر کے ساتھ نگل کر سو رہیں۔ صبح کو اسپغول پی لیں، بعد میں پھر مونگ کی دال کھچڑی کھائیں۔ معالج کے مشورے کے بغیر استعمال نہ کی جائیں۔

فوائد: تنقیہ دماغ کے لیے مفید ہیں۔ دماغ کو خلطی مواد سے پاک صاف کرتی ہیں۔ مرگی، پرانے درد سر، درد شقیقہ، ماغی امراض میں مفید ہیں۔

حب اسطوخودوس

نسخہ: تربد سفید مجوف ۲ تولہ ۶ ماشہ، ایلوا سقوطری ۲ تولہ، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ کابلی ہر ایک ایک تولہ ساڑھے پانچ ماشہ، اسطوخودوس، غاریقون سفید، مغز بسفائج افتیمون ہر ایک ساڑھے دس ماشہ، شحم حنظل ساڑھے پانچ ماشہ، ونگ خام، سقمونیا، ایرسا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔ سب سفوف بنا کر روغن بادام سے چرب کریں اور بقدر مونگ گولیاں تیار کریں۔

مقدار: ساڑھے دس سے ساڑھے چودہ ماشہ۔

حب بواسیر بادی

نسخہ: رسوت ۱۰۰ گرام مغز تخم بکائن ۱۰۰ گرام مغز تخم نیم ۱۰۰ گرام گوند کیکر ۱۰ گرام بطریق معروف حبوب تیار کریں۔

مقدار: دو دو گولیاں صبح نہار منہ پانی سے کھائیں۔

فوائد: بواسیر بادی کو مفید ہے۔

حب بنفشہ

نسخہ: تربد سفید ۱۰۰ گرام رب السوس، ریوند چینی ۴۰ گرام سقمونیا ۵۰ گرام گل بنفشہ ۱۵۰ گرام عرق کاسنی ۱۵۰ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۳ گرام رات کو

فوائد: تنقیہ دماغ کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔ دماغ اور سینہ کے فضلات کو نکالتی ہیں۔ آنکھوں کی بیماریوں اور درد سر میں مفید ہیں۔

حب بواسیر خونی

نسخہ: رسوت ۲۰ گرام سنگ جراحت ۲۰ گرام کتھا ۲۰ گرام مازو سبز ۲۰ گرام حبوب بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: دو دو گولی صبح و شام دو دو عدد پانی سے کھائیں۔

مالوا، لونگ، پیپل، گندھک بریاں، زیرہ سفید، زرد مرچ ایک ماشہ
الائچی خورد، پیپلا مول، آچار لیموں بقدر ضرورت۔ بطریق
معروف گولیاں بنائیں۔
مقدار: ۲ سے ۴ گولی
فوائد: ہاضم طعام، ریاح کو دور، تقویت معدہ میں مفید
ہے۔ بھوک لگاتی ہے۔

حب جالینوس

نسخہ: تخم پیاز ۱۰ گرام، تخم جرجیر ۵ گرام، تخم گندنا ۱۰ گرام
ثعلب مصری ۵ گرام، چھوہارے گٹھلی نکالے ہوئے ۵ گرام
شقاقل مصری ۵ گرام، ماہی روبیان ۵ گرام، مغز نارگیل
۵ گرام، گھی ۱۰ گرام، ورق نقرہ حسب ضرورت۔ بطریق معروف
گولیاں تیار کریں۔
مقدار: دو گولیاں صبح یا رات کو دودھ کے ساتھ کھائیں۔
فوائد: یہ گولیاں اعصاب کو طاقت دیتی ہیں اور قوت باہ
کو بڑھاتی ہیں۔

حب جدوار

نسخہ: جدوار خطائی ۵ گرام، اور بہمن سفید ۵ گرام، بہمن
۵ گرام، بہمن سرخ ۵ گرام، بہمن سفید ۵ گرام، پیچ تفاح ۵ گرام
تخم خرفہ ۱۰ گرام، جاوتری ۵ گرام، جدوار ۵ گرام، جائفل ۵ گرام
کتیرا سفید ۵ گرام، گوند کیکر ۵ گرام، مصری یا چینی ۱۵ گرام
مغز بادام شیریں ۱۰ گرام، مغز چلغوزہ ۱۰ گرام، افیون ۱ گرام
زعفران ۵ گرام، روغن بلسان ۵ گرام، زرد چوب ۵ گرام، وار سالم
دارچینی ۱۰ گرام، ورق نقرہ حسب ضرورت، میدہ گندم

حسب ضرورت بطریق معروف گولیاں بنائیں۔
مقدار: ایک یا دو گولی صبح یا رات کو سوتے وقت
خمیرہ گاؤزبان عنبری یا دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔
فوائد: یہ گولیاں قوت امساک پیدا کرتی ہیں۔ مقوی باہ۔
جریان اور رقت منی میں مفید ہیں۔ مقوی دماغ ہیں۔ نزلہ
اور کھانسی میں مفید ہیں۔ ان کے استعمال سے افیون کی
عادت بھی چھوٹ جاتی ہے۔

حب جُند

نسخہ: برگ سداب ۵۰ گرام، جند بیدستر ۵ گرام، عود صلیب
۵۰ گرام، بھنگ ۵ گرام، زعفران ۵ گرام، کریلے کا پانی ۳۰
ملی لیٹر، چاندی کے ورق حسب ضرورت۔ بطریق معروف
گولیاں تیار کریں۔
مقدار: ایک ایک گولی تین تین گھنٹے بعد دن رات میں چار
بار پانی یا ماں کے دودھ میں گھول کر بچے کو دیں۔
فوائد: ام الصبیان (بچوں کی مرگی) میں مفید ہے۔

حب جواہر

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰ گرام، بسد احمر (مونگے کی سرخ جڑ) ۱۰ گرام
جائفل ۵ گرام، جدوار ۵ گرام، دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام، صندل
عرقی ۵ گرام، زہر مہرہ ۵ گرام، شاخ مرجان (مونگا) ۱۰ گرام
عقیق سرخ ۱۰ گرام، عود غرقی (اگر غرقی) ۵ گرام، فیروزہ ۱۰ گرام
کہربائے شمعی ۵ گرام، لاجورد ۵ گرام، مروارید (موتی) ۵ گرام
نارجیل دریائی ۱۰ گرام، یاقوت سرخ ۱۰ گرام، یشب سبز ۱۰ گرام
زعفران ۵ گرام، عنبر ۱ گرام، مشک ½ گرام، ورق نقرہ ۲۰ گرام

بعرق گلاب ۵۰ ملی دودھ گھی ۱۰ گرام ۔ بطریق معروف گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک گولی دودھ یا مشک معتدل ۱۰ گرام میں ملا کر دیں۔ صبح کو نہار منہ کھائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ، دماغ، دل اور جگر کو قوت دیتی ہیں۔ حرارت غریزی کو بڑھاتی ہیں۔ بیماری کے بعد کی کمزوری میں مفید ہیں۔

حب جدوار دیگر

نسخہ: جدوار، عود، درونج عقربی، دارچینی، قرنفل، طباشیر، مومیائی ہر ایک ۲ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، مصطگی، جاوتری، اسپند، اجوائن خراسانی ہر ایک ۳ ماشہ، مشک، عنبر اشہب ہر ایک ۱ ماشہ عرق گلاب میں گولیاں بنائیں

مقدار: ایک گولی صبح و شام۔

فوائد: بلغمی نزلہ، کمزوری اعصاب اور سانس پھولنے میں مفید ہے۔

حب حلتیت

نسخہ: اجوائن دیسی ۱۰ گرام، الائچی خورد ۱۰ گرام، جوز ۱۰ گرام، بہیڑہ ۱۰ گرام، پیپل کلاں ۱۰ گرام، پیپلا مول ۱۰ گرام، پوست بلیلہ زرد ۱۰ گرام، تخم خشخاش ۱۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، قرنفل ۱۰ گرام، کباب چینی ۱۰ گرام، [illegible] ۱۰ گرام، مصطگی ۱۰ گرام، نمک سیاہ ۲۰ گرام، ہینگ ۱۰ گرام، آب ادرک ۱۵۰ ملی لیٹر، آب لیموں ۱۵۰ ملی لیٹر، شراب [illegible] ۱۵۰ ملی لیٹر۔

بطریق معروف گولیاں بنائیں۔

مقدار: بعد از غذا دو دو گولیاں کھائیں۔

فوائد: ہاضم، کاسر ریاح، مشتہی۔

حب حمل

نسخہ: برگ تنبول ۱۰ گرام، جائفل ۵ گرام، چھالیا ۱۰ گرام، لونگ ۵ گرام، افیون ۵ گرام، مشک ۲ گرام، عنبر ۲ گرام، زعفران ۵ گرام، گھی ۱۰ گرام، گڑ ۱۰ گرام، ورق نقرہ حسب ضرورت۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: صبح و شام دودھ سے ایک گولی کھلائیں۔ یعنی ایام حیض سے فراغت کے بعد۔ اسی طرح دو تین ماہ استعمال کریں۔

فوائد: مستورات کی اندرونی بیماریوں کو دور کرتی ہے اور حمل قرار پا جاتا ہے اور نرینہ اولاد کی خوشخبری دیتی ہیں۔

حب حمی

نسخہ: [illegible] ۱۰ گرام، ست گلو ۱۰ گرام، مغز کرنجوہ ۵۰ گرام، برگ نیم ۵۰ گرام۔ حسب دستور پیس کر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: بخار اترنے کے بعد دو گولی تازہ پانی سے کھائیں۔

فوائد: یہ گولیاں بخار کو روک دیتی ہیں۔

حب حلتیت دیگر

نسخہ: اجمود، مرچ سفید، شقاقل، عنصل، [illegible] ہر ایک ۲ تولہ، حلتیت ۲ تولہ، زنجبیل، فلفل سیاہ، دار فلفل، الائچی خورد، کباب چینی، مصطگی، [illegible]، اجوائن خراسانی، بہیڑہ کی پوست، بلیلہ سیاہ ہر ایک ۲ تولہ، [illegible] روغن ۔۔ آب لیموں، آب ادرک، [illegible] حسب ضرورت۔

مقدار: ۲ سے ۴ گولی۔

فوائد: یہ گولیاں غذا کو ہضم کرتی ہیں، بھوک لگاتی ہیں۔

حب خاص

نسخہ: لاجورد ۱۰ گرام، کشتہ عقیق ۲۰ گرام، کشتہ فولاد ۱۰ گرام، کشتہ نقرہ ۲۰ گرام، کہربا شمعی ۱۰ گرام، زعفران ۲۰ گرام، عنبر ۱۰ گرام، مشک ۱ گرام، ورق نقرہ ۲۰ گرام، عرق گلاب ۱۰۰ ملی لیٹر، گھی ۵ گرام، ورق طلاء حسب ضرورت۔ حسب معمول گولیاں بنائیں۔

مقدار: ۱ گولی صبح ہمراہ شیر گاؤ۔

فوائد: مقوی اعصاب و باہ، مقوی دماغ، معدہ و جگر، مشتہی غذا۔ بوڑھوں کو خصوصاً مفید ہے۔

حب خبث الحدید

نسخہ: تخم پیاز ۱۰ گرام، تخم پنجیرہ ۱۰ گرام، تخم کرفس ۱۰ گرام، تخم گزر ۱۰ گرام، تخم گندنا ۱۰ گرام، تخم ترب ۱۰ گرام، تخم سویا ۱۰ گرام، حب الرشاد ۱۰ گرام، ۱۰۰ گرام گوگل ۱۰ گرام، خبث الحدید ۵۰ گرام حسب معمول تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے کھائیں۔

فوائد: بواسیر بادی و خونی کے لیے مفید ہے۔ مقوی معدہ و جگر۔

حب داد

نسخہ: سہاگہ ۵ گرام، گندھک آملہ سار ۵ گرام، نیلا تھوتھا ۵ گرام، پارہ ۵ گرام، آب لیموں ۲۰ ملی لیٹر۔

مقدار: ایک گولی لیموں کے رس یا پانی میں گھس کر داد پر لگائیں۔ لگانے سے پہلے داد کو کپڑے سے کھجائیں۔

فوائد: داد کو مفید ہے۔

حب دق الاطفال

نسخہ: الائچی خورد ۲۰ گرام، بنسلوچن ۲۰ گرام، جلاوتری ۲۰ گرام، مروارید ۵ گرام، ست گلو ۲۰ گرام، فلفل سیاہ ۲۰ گرام، کہربا شمعی ۲۰ گرام، روغن جلاوتری ۳ ملی لیٹر۔ حسب طریق معروف بنائیں۔

مقدار: صبح و شام ایک گولی ہمراہ شیر مادر۔

فوائد: دق الاطفال میں مفید ہے۔

حب ڈبہ الاطفال

نسخہ: تربد سفید، سورنجان سفید ۵۰ گرام، مغز تخم ... ۲۵ گرام، مغز جمال گوٹہ مدبر ۲۵ گرام، گندھک آملہ سار ۵ گرام، پارہ ۵ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک گولی ماں کے دودھ میں دیں۔

فوائد: ڈبہ الاطفال

حب راحت

نسخہ: بچھناگ مدبر، شیر گاؤ، زنجبیل، فلفل سیاہ، سہاگہ، شنگرف، مساوی الوزن آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

مقدار:

فوائد: مقوی معدہ، ہیضہ، بدہضمی، اسہال، نزلہ، کھانسی، حمی مزمن میں مفید ہے۔

حب رال

نسخہ: رال سفید ۵۰ گرام، گوند کیکر ۵۰ گرام، گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک ایک گولی صبح اور رات کو دیں۔
فوائد: معدہ اور آنتوں کی کمزوری کے دستوں کو مفید ہیں۔

حب سورنجان

نسخہ: ایلوا ۵۰ گرام، ایلسون ۵۰ گرام، تربد سفید ۵۰ گرام، حب النیل ۵۰ گرام، سورنجان شیریں ۱۰۰ گرام، گوگل ۵۰ گرام، مصطگی ۱۵ گرام۔ گولیاں بنائیں۔
مقدار: تین تین گولی صبح یا رات پانی سے کھائیں۔
فوائد: دافع قبض، اعصابی کمزوری اور جوڑوں کے دردوں میں مفید ہے۔

حب سیاہ چشم

نسخہ: پھٹکری سفید ۵۰ گرام، برگ نیم خشک ۱۰ گرام، ۲۰ گرام رسوت، ۵ گرام افیون ۱ گرام، ۱۰ ملی گرام زعفران ۱۰ ملی گرام۔ گولیاں بنائیں۔
مقدار: ایک گولی گھس کر پپوٹوں پر لگائیں۔
فوائد: آشوب چشم میں مفید ہیں۔

حب سیلان

نسخہ: سفیدہ کاشغری، رسم الفار سفید ۱۰ گرام، آک کا دودھ (اخیر) ۱۰۰ گرام، گھی ۱۲۵ گرام، زردہ تخم مرغ ۵۰ گرام، شنگرف تنبال ۵۰ گرام، گوند کیکر ۵۰ گرام، ورق نقرہ حسب ضرورت بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ایک گولی صبح یا شام بعد غذا کھائیں۔
فوائد: خون کی کمی دور کرتی ہے، سفید دانوں کی تعداد حالت اعتدال سے بڑھ جائے یا تنگی تنفس ہو تو ان گولیوں کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

حب سعال

نسخہ: رب السوس، فلفل سیاہ، کالی زیری، ہینگ، عنبر، بادام ہر ایک ۱۰ گرام، ماء العسل میں گولیاں بنائیں۔
مقدار: ۲۔۲ گولی صبح، دوپہر، شام۔
فوائد: سانس کے پھولنے کو مفید ہے۔ رات کی کھانسی میں نافع ہے۔

حب پارہ مصفیٰ ہفت بار

نسخہ: لیموں رس میں اتنا پارہ تھبولوں میں کھرل کر کے سات بار خشک کریں، بعد ازیں عقرقرحا، جوز بوا، ساتی، جوتری، جائفل، لونگ، جلاوتری ہر ایک ۱۰ ماشہ چنے برابر گولیاں بنائیں۔
مقدار: ایک گولی قبل از مباشرت کھائیں۔
فوائد: ممسک ہے۔

حب شبیار

نسخہ: ایلوا ۵۰ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام، پوست بلیلہ زرد ۵۰ گرام، حب النیل (کالا دانہ) ۱۰ گرام، سقمونیا ۵۰ گرام، عصارہ ریوند ۵۰ گرام، کتیرا سفید ۵۰ گرام، کندر ۵۰ گرام، گل سرخ ۵۰ گرام، گوگل ۵۰ گرام، مصطگی ۵۰ گرام، بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ۱۰ گرام رات کو عرق گاؤزبان سے نگل لیں، یہ گولیاں معالج کے مشورہ سے استعمال کی جاتی ہیں۔

فوائد: یہ گولیاں دماغ کو فضلات سے پاک کرتی ہیں معدہ
اور انتڑیوں سے خراب رطوبتوں کو نکالتی ہیں۔ سر کا درد، کان کا
درد، ادھا سیسی، مرتیا بند، چوتھیا بخار، پرانا بخار، دق اور
جگر کا ورم، پرانی کھانسی، روغن بادام میں پیس کر لیپ کرنے
سے بواسیری مسوں کو تحلیل کرتی ہیں۔

حب شفا

نسخہ: تخم دھتورہ سیاہ ۵۰ گرام، ریوند چینی ۵۰ گرام،
سونٹھ ۵۰ گرام، گوند کیکر ۵۰ گرام۔ گولیاں بنائیں۔
مقدار: ایک ایک گولی صبح و شام۔
فوائد: نزلہ، دائمی زکام، کھانسی میں مفید ہے۔

حب شہیقہ

نسخہ: انار دانہ ۲۰ گرام، پیپل کلاں ۱۰ گرام، جو کھار ۱۰ گرام
فلفل سیاہ ۵۰ گرام، نمک سانبھر ۵ گرام، پودینہ ۲۰ گرام،
ورق نقرہ حسب ضرورت۔ بطریق معمول تیار کریں۔
مقدار: صبح و شام ایک ایک گولی شہد میں حل کر کے چٹائیں۔
فوائد: بچوں کی کھانسی میں مفید ہے۔

حب صرع

نسخہ: کندر ۵۰ گرام، ہیرا ۵۰ گرام، جند بیدستر ۵ گرام، بطریق
معروف گولیاں بنائیں۔
مقدار: بچوں کو دو گولیاں بڑوں کو ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ۔
فوائد: مرگی میں مفید ہے۔ بچوں کی مرگی میں فائدہ کرتی ہے
شدید حملوں کو ختم کر دیتی ہیں۔

حب عنبر مومیائی

نسخہ: مشک ۲ گرام، عنبر ۵۰ گرام، بہمن سرخ ۵۰ گرام، بہمن سفید
۵۰ گرام، عاقرقرحا ۵۰ گرام، ثعلب مصری ۵۰ گرام، جائفل ۵۰
گرام، جاوتری ۵۰ گرام، جدوار ۵۰ گرام، دارچینی ۵۰ گرام
درونج عقربی ۵۰ گرام، زنجبیل ۵۰ گرام، شقاقل مصری ۵۰ گرام
مروارید ۵۰ گرام، عود صلیب ۵۰ گرام، زہر مہرہ ۵۰ گرام،
زعفران، لونگ ۵۰ گرام، مصطگی ۵۰ گرام، روغن پستہ ۵۰
گرام، کشتہ قلعی ۲ گرام، مومیائی ۵۰ گرام، ورق نقرہ بقدر
ضرورت شامل کریں۔
مقدار: دو گولی رات کو سوتے وقت دودھ سے کھائیں۔
فوائد: مقوی باہ، اعصاب، دماغ اور دل کو طاقت دیتی
ہیں، مادہ تولید کو صحیح حالت پر لاتی ہیں۔

حب فشار

نسخہ: اسرول ۵۰ گرام، مغز تخم کدو ۵۰ گرام، تخم کاہو ۵۰ گرام
کشتہ ابرک سیاہ ۵ گرام، گوند ۵۰ گرام، شکر سفید ۲۰ گرام
ورق نقرہ حسب ضرورت۔ حب بقدر نخود سازند۔
مقدار: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھائیں۔
فوائد: بلڈ پریشر کے لیے مفید ہیں نیند لاتی ہیں۔

حب فولادی

نسخہ: برادہ فولاد مدبر ۵۰ گرام، پیپل کلاں ۵۰ گرام، فلفل سیاہ
۵۰ گرام، عنبر ۲ گرام، کشتہ فولاد ۵۰ گرام، گھی ۱۰ گرام، ورق نقرہ بقدر
ضرورت بطریق معروف گولیاں بنائیں۔

مقدار: ۲ گولی صبح ہمراہ خمیرہ گاؤزبان عنبری ۵ گرام کھائیں
فوائد: ضعف اعصاب و دماغی، نزلہ و زکام میں مفید ہیں۔

حب کچلہ

نسخہ: برادہ کچلہ ۲۰ ماشہ، مرچ سیاہ ۱۰۰ ماشہ، حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار: ۱ گولی بعد از غذا کھائیں۔
فوائد: مقوی اعصاب، باہ، دافع نزلات۔

حب کبریت

نسخہ: زنجبیل، بادؤ نمک سیاہ ۱۲ تولہ، نمک لاہوری ۲ تولہ، نوشادر ۱۲ ماشہ، ہینگ ۱۰ ماشہ، گندھک [illegible] بریاں بر روغن زرد ۲ ماشہ، الائچی خورد ۳ ماشہ، لیموں کا پانی ڈال کر ترکیب جاتیں، ساری دوائیں اسی طرح [illegible] کریں کہ بقدر نخود گولیاں بنائیں۔
مقدار: حسب ضرورت ۲ گولی
فوائد:

حب کبد نوشادری

نسخہ: بادرنگ ۱۰ گرام، بادیان ۱۰ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، سنا مکی ۲۰ گرام، سیاہ زیرہ ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، گوند سفید ۵۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، نمک سانبھر ۲۰ گرام، نمک سیاہ ۱۰ گرام، نوشادر ۱۰ گرام، ہلیلہ سیاہ ۱۰ گرام، حبوب بقدر نخود تیار کریں۔
مقدار: دو دو گولی بعد از غذا استعمال کریں۔
فوائد: ورم جگر، ضعف جگر، جگر کا بڑھ جانا میں مفید ہیں۔ ورم

کو اسہال اور تشنج میں مفید ہیں۔

حب کتھ

نسخہ: رس کپور ۵ گرام، کافور ۵ گرام، کتھ سفید ۵ گرام، مرچ سفید ۵ گرام، آب برگ تنبول ۵۰ ملی لیٹر، حبوب تیار کریں۔
مقدار: ایک گولی ہمراہ [illegible] میں ملا کر دیں۔
فوائد: آتشک میں مفید ہیں۔

حب گل آکھ

نسخہ: زنجبیل ۵۰ گرام، فلفل سیاہ ۵۰ گرام، گل مدار (آکھ کے پھول) ۱۰۰ گرام، نمک سیاہ ۵۰ گرام، گولیاں بنائیں۔
مقدار: ایک گولی تین تین گھنٹے بعد عرق پودینہ کے ساتھ دیں۔
فوائد: ہیضہ میں نافع ہیں۔

حب گل پستہ

نسخہ: پوست ہلیلہ ۱۰۰ گرام، گل پستہ ۱۰۰ گرام، ورق [illegible] ۵ ملی لیٹر، ساز کے مطابق گولیاں بنائیں۔
مقدار: ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔
فوائد: خشک کھانسی کو نافع ہیں۔

حب لب الخشخاش

نسخہ: اجوائن خراسانی ۵ گرام، پوست بیخ لفاح ۱۰ گرام، تخم خشخاش سفید ۵ گرام، گل ارمنی ۱۰ گرام، گل گلنار ۱۰ گرام، رب السوس ۵ گرام، [illegible] ۵ گرام، [illegible] سفید ۱۰ گرام [illegible]

گرام گندھک ۱۰ گرام مصطگی ۱۰ گرام جوز ترنج خیارین ۱۰ گرام، نشاستہ گندم ۱۰ گرام افیون ۵ گرام زعفران ۵ گرام - حبوب بقدر معمول تیار کریں۔

مقدار: دو دو گولی منہ میں رکھ کر چوسیں۔

فوائد: نزلہ زکام اور کھانسی میں مفید ہیں۔

حبِ لیموں

نسخہ: پوست املی کلاں سوختہ ۵۰ گرام پوست بلیلہ ۵۰ گرام چھالیہ سوختہ ۵۰ گرام حب النیل بالادانہ، ۲۵ گرام کتھ سفید ۵۰ گرام مردار سنگ ۵۰ گرام آب لیموں بقدر ضرورت۔ بطریق معمول گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب حلق سے اتاریں۔

فوائد: آتشک میں مفید ہیں۔ وجع المفاصل جو بوجہ آتشک ہیں میں بھی مفید ہیں۔ آتشک سے پیدا ہونے والے دوسرے عوارض میں بھی مفید ہیں۔

حبِ مُدِر

نسخہ: ایلوا ۱۵۰ گرام، کسیس سبز ۵۰ گرام زعفران ۱۰ گرام۔

ترکیب تیاری: ایلوا، کسیس اور زعفران کو الگ الگ باریک کھرل کرکے چھلنی سے چھان لیں اور سب کو ایک ساتھ ملا کر ضرورت کے مطابق گوندھیں۔ گولیاں بنا کر خشک کر لیں۔

مقدار: ماہواری ہونے سے تین دن پہلے ایک ایک گولی صبح، دوپہر اور شام پانی کے ساتھ نگل لیں۔ ماہواری شروع ہو جانے کی صورت میں ان گولیوں کا استعمال مناسب نہیں۔

فوائد: ان گولیوں کے استعمال سے ایام ماہواری کھل کر آجاتے ہیں۔

حب مرواریدی

نسخہ: برادہ مچھلی مدبر ۱۰ گرام سہاگہ بریاں ۱۰ گرام مروارید ۵ گرام، مازو سبز بریاں ۱۰ گرام مصطگی ۲۰ گرام عنبر اشہب ۲ گرام، کھی ۱۰ گرام ورق نقرہ حسب ضرورت۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گائے نیم گرم۔ ترش، خشک اور ثقیل چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: عورتوں کے مرض سیلان میں نہایت مفید ہیں۔ رحم کی کمزوری کو رفع کرتی ہیں۔ اعصاب کو قوت دیتی ہیں۔

حب مسکین نواز

نسخہ: پارہ مصفی ۱۰ گرام گندھک آملہ سار مصفی ۱۰ گرام حب السلاطین مدبر، جمال گوٹہ مدبر ۱۰ گرام میٹھا تیلیا مدبر ۱۰ گرام، ہڑتال طبقی مدبر ۱۰ گرام، آملہ خشک ۱۰ گرام پوست بہیڑہ ۱۰ گرام، پوست بلیلہ زرد ۱۰ گرام چیتی ۱۰ گرام زنجبیل دسونچی ۱۰ گرام سہاگہ ۱۰ گرام فلفل سیاہ ۱۰ گرام آب بھنگرہ ۵۰ ملی لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک گولی دال کے ساتھ صبح کے وقت کھائیں۔ قابض اور ثقیل چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: معدے اور آنتوں کے امراض میں مفید ہیں۔
بواسیر میں بھی استعمال کرتے ہیں۔

حب مصفی خون

نسخہ: برگ بکائن ۱۰ گرام، برگ نیم ۱۰ گرام، برگ حنا ۱۰ گرام، برادہ صندل سرخ ۲۰ گرام، برہم ڈنڈی ۲۰ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۲۰ گرام، چاکسو ۲۰ گرام، سونٹھ ۲۰ گرام، زیرہ سفید ۱۰ گرام، سرپھوکہ ۲۰ گرام، شاہترہ ۲۰ گرام، فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۱۰ گرام، کتیرہ، خشک دھنیا ۲۰ گرام، گل گھنال ۱۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام، بیج کشوث ۲۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: چھ مہینے تک کے بچے کو آدھی گولی سے ایک گولی تک دودھ میں گھول کر دیں۔ بڑے مریض ۲ گولی پانی سے کھائیں۔

فوائد: فساد خون میں مفید ہیں۔ پھوڑے، پھنسیوں اور کھجلی میں مفید ہیں۔

حب مغز بادام

نسخہ: السی ۲۵ گرام، رب السوس سیاہ ۲۵ گرام، فلفل سیاہ (سیاہ مرچ) ۲۵ گرام، گوند کیکر ۲۵ گرام، مغز بادام شیریں ۲۵ گرام، مغز چلغوزہ ۲۵ گرام، شکر سفید ۵۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: دو دو گولی منہ میں رکھ کر چوستے ہیں۔

فوائد: پرانی کھانسی میں مفید ہیں۔ بلغم کو پھیپھڑوں سے خارج کرتی ہیں اور آواز کو کھولتی ہیں۔

حب مقل

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام، تربد سفید، سونٹھ، سفیدا ۱۰ گرام، رائی ۲۰ گرام، بیلگیری ۵۰ گرام، گوگل ۵۰ گرام، ہلیلہ سیاہ ۵۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲ گولی رات کو پانی سے کھائیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتی ہیں۔ بواسیر ریحی کے لیے مفید ہیں۔

حب ممسک سرخ

نسخہ: ثعلب مصری ۵۰ گرام، جاوتری ۲۵ گرام، جدوار ۲۵ گرام، بوزیدان، دار فلفل ۱۰۰ گرام، خولنجان ۵۰ گرام، دارچینی ۲۵ گرام، مغز بادام شیریں ۵۰ گرام، دانہ قاقلیان، رینگ ۲۵-۲۵ گرام، افیون ۱۰ گرام، زعفران ۲ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک گولی مباشرت سے ۲ گھنٹے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: مقوی باہ ہیں۔ قوت امساک کو بڑھاتی ہیں۔ مستقل فائدہ کے لیے کچھ دنوں تک لگاتار استعمال کریں۔

حب ممسک طلائی

نسخہ: اجوائن خراسانی ۲۰ گرام، بہمن سرخ ۲۵ گرام، تخم خشخاش ۲۰ گرام، تخم دھتورہ سیاہ ۲۰ گرام، تخم کاہو ۲۰ گرام، جاوتری ۲۰ گرام، جائفل ۲۰ گرام، سلاجیت ۵۰ گرام، مغز اخروٹ ۲۰ گرام، مغز بادام شیریں ۲۰ گرام، مغز پستہ ۲۰ گرام، مغز چلغوزہ ۲۰ گرام، مغز فندق ۲۰ گرام، موصلی سمبل ۲۰ گرام

شکر سفید ۲۰ گرام مغز کدو ۲۰ گرام افیون ۱۰ گرام بھنگ
۱۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: مباشرت سے دو گھنٹے پہلے اور غذا ہضم ہونے کے بعد ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔
فوائد: مقوی باہ ہیں۔ قوت امساک کو بڑھاتی ہیں۔ اعصاب کو قوت دے کر جسم میں چستی و چالاکی پیدا کرتی ہیں۔

حب ممسک عنبری

نسخہ: اگر ہندی (عود) ۱۰ گرام بالچھڑ ۵ گرام جاوتری ۵۰ گرام جائفل ۵ گرام جدوار ۱۰ گرام عاقرقرحا ۱۰ گرام فلفل سیاہ (سیاہ مرچ) ۱۰ گرام مصطگی ۵ گرام ... (بھنگ) ۲۰ گرام شکر سفید ۲۰ گرام افیون ۱۵ گرام زعفران ۵ گرام عنبر اشہب ۵ گرام مشک ۱ گرام بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ایک گولی غذا ہضم ہو جانے کے بعد اور مباشرت سے دو گھنٹے پہلے دودھ کے ساتھ کھائیں۔
فوائد: سرعت انزال کی شکایت کو دور کرتی ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی ممسک ہیں۔

حب مومیائی سادہ

نسخہ: اگر ہندی (عود) ۱۰ گرام بہمن سرخ ۱۰ گرام بہمن سفید ۱۰ گرام خولنجان ۲ گرام دارچینی ۱۰ گرام رب السوس سیاہ ۱۰ گرام تخم خیار (دارچینی) ۱۰ گرام قرنفل (لونگ) ۱۰ گرام گوند کیکر ۲ گرام مرمکی ۱۰ گرام مصطگی
۲۰ گرام ... ۱۰ گرام مومیائی ۲۰ گرام میعہ سائلہ ۱۰ گرام گھی ۱۵ گرام ورق نقرہ حسب ضرورت۔ بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ایک گولی مباشرت کے بعد دودھ سے کھائیں۔
فوائد: یہ گولیاں قوت باہ کو بڑھاتی ہیں۔ مباشرت کے بعد پیدا ہونے والی کمزوری اور تھکن کو دور کرتی ہیں۔

حب میعہ

نسخہ: رب السوس ۵۰ گرام کتھ ۵۰ گرام گوند کیکر ۵۰ گرام مرمکی ۵ گرام افیون ۲ گرام میعہ سائلہ (سلارس) ۲۵ گرام۔ بطریق معروف حبوب تیار کریں۔
مقدار: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام کھائیں۔
فوائد: پرانی بلغمی کھانسی کے لیے مفید ہے۔

حب زرکچور

نسخہ: برگ بکائن ۵۰ گرام برگ کیکر ۵۰ گرام برگ نیم ۵۰ گرام جائفل ۱۰ گرام جاکسو ۵ گرام موصلی ۵۰ گرام زیرہ سفید ۱۰ گرام ... ۵۰ گرام زرکچور ۵۰ گرام ہلدی اجوائن ۵۰ گرام افیون ۵ گرام۔ حبوب تیار کریں۔
مقدار: ایک ایک گولی چار چار گھنٹے بعد ماں کے دودھ میں گھول کر دیں۔
فوائد: یہ گولیاں بچوں کے ہرے پیلے دست روکتی ہیں۔ معدے کو طاقت دیتی ہیں۔ پھوڑے پھنسیاں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔

حب نزلہ

نسخہ: جندبیدستر ۱۰ گرام دار چینی ۲۰ گرام رب السوس ۲۰ گرام کتیرا سفید ۵ گرام گوند کیکر ۵ گرام نشاستہ ۵۰ گرام افیون ۴ گرام زعفران ۵ گرام۔ ورق نقرہ حسب ضرورت۔ حبوب بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: دو دو گولیاں صبح و شام پانی سے کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: ہر قسم کے نزلہ میں مفید ہیں۔ ضعف دماغ، ضعف اعصاب کو دور کرتی ہیں۔

حب نشاط

نسخہ: جاوتری ۴ گرام جائفل ۱۰ گرام ریگ ماہی ۴ گرام زہر مہرہ ۵ گرام زعفران ۲ گرام سمندر سوکھ ۱۰ گرام کشتہ قلعی ۱۰ گرام ورق نقرہ حسب ضرورت۔ حبوب بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: غذا ہضم ہونے کے بعد مباشرت سے ڈیڑھ دو گھنٹے پہلے دو گولیاں دودھ سے کھائیں۔

فوائد: مقوی باہ و ممسک ہیں۔ لگاتار استعمال کرنے سے ضعف باہ اور رقت و سرعت کو دور کر دیتی ہیں۔

حب یرقان

نسخہ: تربد سفید، السوت سفید ۱۰ گرام ریوند چینی ۵۰ گرام شورہ قلمی ۵ گرام نوشادر ۵ گرام کشتہ خبث الحدید ۵ گرام آب مولی ۱۰۰ ملی لیٹر۔ بطریق معروف حبوب تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک گولی صبح و شام مولی کے پتوں کے بھانے ہوئے پانی ۲۰ ملی لیٹر اور شربت بزوری ۲۰ ملی لیٹر کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: یرقان (کنول باد) میں مفید ہیں۔

حب بخار

نسخہ: تباشیر، ست گلو، کونین سلفاس ہر ایک چھ چھ ماشہ گوند ببول ۳ ماشہ، مٹر کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک ایک گولی دن میں تین بار استعمال کریں۔

فوائد: تپ لرزہ کے لیے مفید ہے۔ احتیاطاً اگر برسات کے موسم میں استعمال کیا جائے تو انسان محفوظ رہتا ہے۔

حب استسقاء

نسخہ: تربد ۳ ماشہ ریوند چینی، افسنتین ۱۰ ماشہ، مقل، انگلی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، زراوند طویل، سرنج ہر ایک ۳ رتی، افیون ۲ رتی، گل ... شدہ ۲ رتی۔ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔

مقدار: دو گولی صبح و شام عرق بادیان کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: استسقاء کے تمام اقسام میں مفید ہے۔

حب اشخار

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، زنجبیل، شاہترہ، نمک سفید، سوہاگہ بریاں، زیرہ سفید، نمک سیاہ، صبر بقدر مساوی لے کر ۳ ماشہ پرانے گڑ میں کوٹ کر بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک ماشہ سے دو ماشہ تک۔

فوائد: صلابت طحال کے لیے مفید ہے۔

حب شبطرج

نسخہ: ایلوا ۱۰ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد ۴۵ ماشہ، تنکار سفید ۳۰ ماشہ، روغنی ۱۰ ماشہ، شاہترہ، سونٹھ، تخم حنظل، نمک سفید ہر ایک ۵ ماشہ، مرچ سیاہ، دار فلفل ہر ایک ۳ ماشہ، گرم کو مکو کے پانی میں گولیاں بنائیں۔

مقدار: ۳ ماشہ

فوائد: عرق النساء، وجع المفاصل اور درد کمر میں مفید ہے۔

حب زنجبیل

نسخہ: سونٹھ، دار فلفل، مرچ سیاہ، لونگ، عصارہ آملہ، ناگیسر، تخم حرمل، قند سفید برابر کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بنائیں۔

مقدار: اگر قبض کشائی مطلوب ہو تو ۳ ماشہ تک اور صرف ہضم مقصود ہو تو نخود کے برابر دو دو گولیاں صبح و شام استعمال کریں۔

فوائد: تبخیر زائل کرتی، نفخ توڑتی، قبض دور کرتی ہے۔ کھانا کھانے کے بعد یا پہلے استعمال کریں۔

حب دیدان

نسخہ: تخم حنظل پونے دو ماشہ، سقمونیا ۱ ماشہ، حب النیل چار ماشہ، افتیمون ۱۲ ماشہ، صبر ۱۲ ماشہ، تربد ۵ء۷ ماشہ بطریق معروف حب تیار کریں۔

مقدار: دو دو ماشہ استعمال کریں۔

فوائد: یہ گولیاں کدو دانوں، پیٹ کے چھوٹے کیڑوں کو ہلاک کر دیتی ہیں۔

حب درد گردہ

نسخہ: کبوتر کی بیٹ، تخم کاسنی ہر ایک ۲ تولہ، تخم خیارین، تخم خربوزہ ہر ایک ۱ تولہ، آب مکو میں گولیاں بنائیں۔ گولی بمقدار بیر کے بنائیں۔

مقدار: بوقت ضرورت ایک گولی شربت بزوری اور تخم خربوزہ کے جوشاندے سے دیں۔

حب عنبر

نسخہ: مشک، مصطگی، لونگ ہر ایک ۶ ماشہ، زرنب، ثعلب مصری، خولنجان ہر ایک ۱۰ ماشہ، عنبر اشہب اصلی ۱۲ ماشہ، روغن بلسان۔

ترکیب: عنبر کو روغن بلسان میں حل کریں، باقی دواؤں کو کوٹ کر فندق کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک گولی صبح ایک گولی شام دودھ کے ساتھ۔

فوائد: دماغ اور باہ کو طاقت دیتی ہے۔

حب قوقایا

نسخہ: ایلوا، مصطگی، عصارہ افسنتین ہر ایک چار ماشہ، تخم حنظل، سقمونیا ہر ایک ۲ ماشہ کوٹ چھان کر آب کرفس میں مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار: ساڑھے چار ماشہ۔

فوائد: دردِ سر، بواسیر، درد چشم و گرانی کے لیے مفید ہے۔ فضلات غلیظ کو دفع کرتی ہے۔

حب ہلیلہ

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ مقشر، گل سرخ ہر ایک ۲ ماشہ، سناء مکی ۱۰ ماشہ، غاریقون سفید، ذرنبز مقشر، ترید سفید مجوف، الائچی و مصطگی ہر ایک ۵ ماشہ۔ سب اجزاء کو کوٹ چھان کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار: ۴ ماشہ بروغن بادام چرب کردہ۔

فوائد: قبض تمام دردِ سر، درد چشم و گرانی اور دیگر بلغمی امراض میں مفید ہیں۔

حب سرخباده

نسخہ: رسوت، صندل سرخ ہر ایک ۲ ماشہ، زعفران ۲ ماشہ، چاکسو ۲ ماشہ، افیون، ہلدی، برگ حنا ہر ایک ایک ماشہ گولیاں بنائیں۔

مقدار: ایک گولی ماں کے دودھ میں گھس کر دیں۔

فوائد: بچوں کے سرخباده میں مفید ہے۔

حب طاعون

نسخہ: مر مکی، جدوار، زہر مہرہ، زعفران، درونج عقربی، کافور ہر ایک ۲ ماشہ، عرق گلاب میں کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں بنا کر رکھیں۔

مقدار: ایک سے ۲ گولی تک دن میں تین بار دیں۔

فوائد: طاعون کے لیے مفید ہے۔

حب طاعون

نسخہ: ایلوا ۲ تولہ، مر مکی ۱ تولہ، زعفران ۱ تولہ، پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

مقدار: بحالت مرض میں استعمال نہیں کرتے بلکہ بطور حفظ ما تقدم تین دن تک روزانہ ایک ایک کھائیں پھر ناغہ کریں۔ الله پر بھروسہ رکھیں۔

حب کچلہ

نسخہ: دار چینی، دار فلفل، جاوتری، عود صلیب، لونگ ہر ایک ایک تولہ، کچلہ ۴ تولہ۔ کچلہ کے علاوہ دیگر ادویات کوٹ چھان کر رکھیں۔ کچلہ کو روغن زرد میں بھون کر ادویات کے ساتھ کوٹ کر گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔

مقدار: موسم سرما میں دو دو گولیاں اور موسم گرما میں ایک ایک گولی استعمال کریں۔

فوائد: اختلاج و سرد امراض میں مفید ہے۔ اعصاب کو قوت دیتی ہیں۔ مقوی باہ و اہم ہے۔

حب مسل

نسخہ: رب السوس ۵ ماشہ، حب النیل ۳ ماشہ، سقمونیا ۲ ماشہ، گل سرخ، سنا، نشاستہ ہر ایک ۱ تولہ ساڑھے پانچ ماشہ، ایلوا ۲ ماشہ، لعاب اسبغول سے بقدر نخود سیاہ گولیاں بنائیں۔ مقدار دو ماشہ۔

حلوے

حلوے کے لغوی معنی شیرینی یا مٹھائی کے ہیں۔
عام طور پر حلوا اس خاص مفید مقوی غذا کو کہتے ہیں
جو سوجی یا میدہ، گھی اور شکر سے تیار کی جاتی ہے۔ لیکن
قرابادینوں میں جو حلوے درج ہیں ان میں مذکورہ اجزا
کے علاوہ کچھ دوائیں بھی شامل کی جاتی ہیں ان میں جو
دوا جزو اعظم کے طور پر ہوتی ہے اسی کے نام سے
حلوے کو موسوم کر دیتے ہیں۔ مثلاً حلوائے بادام۔

حلوائے بادام

نسخہ: بہمن سرخ ۲۰ گرام بہمن سفید ۲۰ گرام شقاقل
مصری ۲۰ گرام مغز بادام شیریں مقشر ۱۰۰ گرام مغز تربوز
۱۰۰ گرام میدہ گندم ۴۰۰ گرام کھویا ۱۰۰ گرام شکر سفید
۲ کلو ۲۰ گرام روح کیوڑہ ۵۰ ملی لٹر ست لوبان ۵
گرام ست لیموں ۵ گرام۔
ترکیب تیاری: پہلی تین دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف
بنائیں۔ پھر مغز بادام اور مغز تربوز باریک پیس کر گھی میں
بھونیں۔ پھر میدہ گندم کو الگ گھی میں بھون لیں۔ اب
شکر سفید میں روح کیوڑہ، ست لیموں، ست لوبان
باقی گھی اور تھوڑا پانی شامل کر کے قوام پکائیں۔ جب
قوام تیار ہو جائے تو کھویا شامل کر کے کفگیر سے چلائیں۔
اس کے بعد مغزیات اور خشک دواؤں کا سفوف شامل
کر کے خوبی سے ملائیں اور قوام درست ہو جانے پر آگ
سے نیچے اتار لیں۔ یہی حلوا تیار ہے۔ برتنوں میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام صبح دودھ یا چائے سے کھائیں۔
فوائد: عام جسمانی کمزوری اور ضعف دماغ کو دور
کرتا ہے۔ ذہن و حافظہ کی قوت کو بڑھاتا ہے۔ قوت باہ
کو قوی کرتا اور مادہ تولید (منی) کو پیدا کرتا ہے۔

حلوائے بیضۂ مرغ

نسخہ: الائچی خورد ۵ گرام جاوتری ۵ گرام جائفل ۵ گرام
مغز بادام شیریں مقشر ۵۰ گرام گھی ۴۰۰ گرام میدہ گندم ۴۰۰
گرام کھویا ۲۰۰ گرام شکر سفید ۴ کلو بیضۂ مرغ (انڈے)
۴۰ عدد روح کیوڑہ ۵۰ ملی لٹر ست لوبان ۵ گرام
ست لیموں ۵ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ۵ سے ۱۰ گرام یہ حلوا دودھ سے کھائیں۔
فوائد: جسمانی کمزوری کو دور کرتا، قوت باہ کو بڑھاتا اور
مادہ تولید پیدا کرتا ہے۔ جو کثرت سے پیدا ہونے والی
کمزوری اور تھکن کو دور کرتا ہے۔

حلوائے ثعلب

نسخہ: الائچی خورد ۱۰ گرام بہمن سرخ ۱۰ گرام بہمن سفید
۱۰ گرام ثعلب مصری ۲۰ گرام جاوتری ۵ گرام جائفل ۱۰
گرام حب القلقل ۲۰ گرام حب الزلم ۲۰ گرام حب قلقل ۲۰
گرام خولنجان ۱۰ گرام دارچینی ۱۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۵
گرام شقاقل مصری ۱۰ گرام مغز بادام شیریں ۲۰ گرام
مغز پستہ ۲۰ گرام مغز چرونجی ۲۰ گرام مغز چلغوزہ ۲۰ گرام
مغز تخم خربوزہ ۲۰ گرام مغز فندق ۲۰ گرام مغز تخم کدو ۲۰
گرام مغز نارجیل ۲۰ گرام [illegible] ۲۰ گرام میدہ گندم ۲۰۰ گرام

آرد نخود (چنے کا آٹا) ۵۰ گرام، گھی ۴۰ گرام، شہد ۱۰۰ گرام، شکر سفید ۱ کلو ۴۰۰ گرام، عرق کیوڑہ ۵۰۰ ملی، ست لوبان ۲ گرام ست مچھوں ۲ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ گرام صبح دودھ سے کھائیں۔

فوائد: اعلیٰ درجے کا مقوی باہ ہے۔ مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ ضعف دماغ میں نافع ہے۔ جسم میں خون کی پیدائش کو بڑھا کر جسم کو فربہ اور طاقتور بناتا ہے۔ چہرے کی رنگت کو نکھارتا ہے۔

حلوائے پاری پاک

نسخہ: اجوائن خراسانی ۲۰ گرام، الائچی خورد ۲۰ گرام، برادہ صندل سفید ۵ گرام، بسفائج ۵ گرام، بیخ ارنڈ ۱۲ گرام، پیپلا مول ۱۲ گرام، پیپل کلاں ۲۰ گرام، پودینہ خشک ۲۰ گرام، تج ۲۰ گرام، تخم کھرنی ۲۰ گرام، تخم نیلوفر ۱۲ گرام، جاوتری ۵ گرام، جائفل ۲۰ گرام، زرنب (تالیس پتر) ۵ گرام، زیرہ سفید ۲۰ گرام، سازج ہندی (تیزپات) ۲۰ گرام، ستاور ۵۰ گرام، سنگھاڑہ خشک ۱۰ گرام، سعد کوفی (ناگرموتھا) ۲۰ گرام، فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۵ گرام، قرنفل (لونگ) ۱۲ گرام، کافور ۱ گرام، کشنیز خشک (دھنیا) ۱۲ گرام، گل نیلوفر ۱۲ گرام۔ مغز بنولہ (دانہ بنولے کا مغز) ۱۲ گرام، مغز چرونجی ۲۰ گرام، ناگیسر ۲۰ گرام، ناگ بلا (تخم کونچ) ۱۰ گرام، مویز منقیٰ ۱۰۰ گرام، چھالیہ چکنی ۵۰ گرام، شیر گاؤ ۳ کلو ۵۰۰ ملی، روغن گھی ۴۰۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو ۵۰ گرام، ست مچھوں ۵ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۲ گرام سے ۲۵ گرام صبح کو دودھ سے کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔ لال مرچ بہت کم کھائیں۔

فوائد: گردوں اور مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ مردوں کے مرض جریان، رقت و کثرت احتلام اور عورتوں کے مرض سیلان کو دور کرتا ہے۔ اگر اولاد سے محروم ہوں تو مرد و عورت دونوں ۴۰ دن تک استعمال کریں انشاء اللہ دل کی مراد پوری ہوگی۔

حلوائے گز مغز سر کنجشک والا

نسخہ: شقاقل مصری ۱۰ گرام، جاوتری ۱۰ گرام، جوز بوا (جائفل) ۱۰ گرام، تخم ریحان ۱۰ گرام، دارچینی ۱۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، کوکھرو خورد ۱۰ گرام، مغز اخروٹ ۲۰ گرام، مغز بادام شیریں ۴۰ گرام، مغز پستہ ۲۰ گرام، مغز چلغوزہ ۲۰ گرام، مغز فندق ۲۰ گرام، مغز ناریل ۲۰ گرام، مربائے گاجر ۲۰۰ گرام، کھجور ۱۰۰ گرام، کھویا ۲۰۰ گرام، گھی ۴۰۰ گرام، شکر سفید ۱ کلو ۲۰۰ گرام، شہد ۲۰۰ گرام، زردی بیضہ مرغ ۲ عدد، میدہ گندم ۵۰ گرام، آرد نخود (چنے کا آٹا) ۵۰ گرام، عرق کیوڑہ ۵۰۰ ملی، مغز سر کنجشک (چڑیوں کا مغز) ۵ گرام، ست لوبان ۲ گرام، ست مچھوں ۲ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ گرام صبح کو دودھ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ دل، دماغ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ خون پیدا کرتا ہے اور جسم کو فربہ کرتا ہے۔ گردہ و مثانہ کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ قوت باہ کو تحریک دیتا اور مادہ تولید کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔

حلوائے گھیکوار

نسخہ : مغز ناگوری ۱۰ گرام الائچی خورد ۵ گرام ۔ جوز بوا ۵ گرام ہیل کلاں ۵ گرام تج ۱۰ گرام حب مدنی ۱۰ گرام زنجبیل ۵ گرام دارچینی ۱۰ گرام زنجبیل ۔ خولنجاں ۱۰ گرام ۔ ستاور ۱۰ گرام شقاقل مصری ۱۰ گرام زعفران ۵ گرام قسط شیریں ۵ گرام ۔ مصطگی ۱۰ گرام چھوہارا ۱۰ گرام مغز اخروٹ ۲۰ گرام مغز بادام شیریں ۲۰ گرام مغز چلغوزہ ۲۰ گرام مغز چار مغز ۲۰ گرام موصلی سفید ۱۰ گرام موصلی سیمبل ۱۰ گرام گھیکوار سبز ۱۰۰ گرام گھی ۱۰۰ گرام شکر سفید ۵۰ گرام گندم ۱۰۰ گرام میدہ گندم ۱۰۰ گرام روغن چینی ۵۰۰ گرام ست گلو ۵ گرام ست جیوں ۲۰ گرام بطریق معروف حلوا تیار کریں۔

مقدار : ۱۲ گرام سے ۲۵ گرام صبح و شام دودھ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد : وجع مفاصل ، رگ نسا ، اور کمر کے درد کو دور کرتا ہے ۔ کھانسی اور دمہ میں مفید ہے ۔ جاڑوں کے موسم میں خاص طور پر مفید ہے۔

حلوائے گزر

فوائد : باہ کو قوت دیتا ۔ منی زیادہ کرتا اور بدن کو فربہ کرتا ہے۔

نسخہ : دو سیر گاجر تراشیدہ بالائی ڈور کردہ کو کش کریں اور دودھ میں جوش دیں ۔ جب نرم ہو جائے تو دودھ ہی میں بریاں کریں ۔ مغز چلغوزہ ، مغز اخروٹ مغز بادام ، مغز ناریل ، مغز فندق ، مغز پستہ ، مغز چرونجی ہر ایک ۵ تولہ ۔ دس عدد انڈوں کی زردی ۔ جوز ناگر سفید ۔ دو وزن عسل مصفیٰ قوام کر کے دونوں کو گوشت چھان کر اول زردی بیضہ ملا کر تھوڑی بعد پھر ادویہ شامل کریں ۔ یہ حلوائے گزر تیار ہے۔

مقدار : ۱ تولہ سے ۲ تولہ تک۔

حبِ بلادر

نسخہ : بلاذر ، مغز اخروٹ ، کچور ، مغز چلغوزہ کو شکر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

مقدار : ایک گولی بعد از غذا کھائیں۔

فوائد : دماغی و عصبی امراض اور قوت حافظہ میں مفید ہے مقوی اعصاب ، مقوی دماغ ہے۔

حبِ جیّد

نسخہ : چنا بریاں ، مغز بادام ، انار شیریں ، مغز تخم خرپزہ ، منقی سیاہ ہر ایک پانچ تولہ ، دس ماشہ ، مغز چلغوزہ ، ۲ تولہ ، جاوترى اور ساڑھے پانچ ماشہ ، سب کو خوب باریک کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں ۔ تین گولیاں صبح و شام کھائیں۔

حبِ جدوار

نسخہ : جدوار ، درونج عقربی ، دارچینی ، قرنفل ، طباشیر ، مروارید ہر ایک ۱۰ ماشہ ، زعفران ، جاوتری ، مصطگی ، قرنفل ، سونٹھ ، ہر ایک ہلیلہ ۳ ماشہ ، مشک ، عنبر ، ورق نقرہ ہر ایک ۳ ماشہ عرق گلاب میں گوندھ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں ۔ ایک گولی صبح و شام کھائیں

خمیرے

خمیرہ اس مرکب کو کہتے ہیں جو کسی ایک یا چند دواؤں کے جوشاندے میں شکر سفید کا قوام بنا کر تیار کیا جاتا ہے اس کا قوام شربت سے گاڑھا ہوتا ہے۔ قوام درست ہو جانے پر آگ سے اتار کر ڈوئی سے اتنا گھوٹتے ہیں کہ اس کا رنگ سفید یا سفیدی مائل ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد ہدایت کے مطابق دوائیں اور سونے چاندی کے ورق ملا لیتے ہیں۔

خمیرہ گھوٹنے سے اس میں ہوا داخل ہو جانے سے اس کی رنگت تبدیل ہو جاتی ہے اور وہ خمیر کی مانند پھول جاتا ہے اس لیے اس کو خمیرہ کے نام سے موسوم کیا جاتا ہے۔ خمیرہ میں جو دوا بطور جزو اعظم استعمال ہوتی ہے۔ اسی سے اکثر خمیرہ کو منسوب کر دیا جاتا ہے۔ مثلاً خمیرہ ابریشم، خمیرہ گاؤزبان

خمیرہ ابریشم حکیم ارشد والا

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۲۰ گرام عود ہندی سائیدہ ۵ گرام چھا چھی ۱۰ گرام بالنگو ۱۰ گرام پوست ترنج ۱۰ گرام قرنفل لونگ ۱۰ گرام دانہ الائچی خورد ۱۰ گرام برادہ صندل سفید ۱۰ گرام مقاوی ہندی اثیر بات ۱۰ گرام رب انار شیریں ۴۰ گرام رب بہی ۴۰ گرام رب سیب ۱۰۰۰ گرام شکر سفید ۵۰۰ گرام شہد ۵ گرام ست لیموں ۲ گرام عنبر اشہب ۵ گرام زعفران بھادمی ۲ گرام شاخ مرجان سائیدہ ۵ گرام کہربائے شمعی سائیدہ ۵ گرام مروارید سائیدہ ۵ عرق گلاب میں کھرل کیے ہوئے ۵ گرام یاقوت سائیدہ ۱۰ گرام یشب سبز سائیدہ ۵ گرام زعفران ۲ گرام مشک ۲ گرام عرق کیوڑہ ۱۰۰۰ ملی لیٹر ورق طلا ۱۰ ملی گرام ورق نقرہ ۲۰ گرام۔

ترکیب: پہلی ۱۱ خشک دواؤں کو دس گنے پانی میں بھگو کر رکھیں صبح کو آگ پر پکائیں یہاں تک کہ ۱/۴ پانی رہ جائے، اب اس کو آگ سے اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر مل کر چھان لیں اب اس میں رب اور شکر سفید ملا کر پکائیں۔ پکاتے وقت ست لیموں شامل کریں۔ جب قوام تیاری کے قریب ہو شہد چھان کر ملائیں اور پکائیں اور عنبر بھی شامل کر دیں۔ جب قوام تیار ہو جائے تو زعفران بھادمی تھوڑے سے پانی میں کھرل کر قوام میں شامل کریں اور جوش آنے پر آگ سے نیچے اتار لیں اور ڈوئی سے گھوٹیں یہاں تک کہ سفیدی مائل ہو جائے۔ اب اس میں جواہرات سائیدہ ملا کر ڈوئی سے گھوٹیں۔ اس کے بعد زعفران اور مشک کو الگ عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے شامل کریں اور ڈوئی سے اچھی طرح ملا دیں۔ آخر میں سونے اور چاندی کے ورق ڈالتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب تمام ورق اچھی طرح خمیرے میں مل جائیں۔ تو شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ خمیرہ صبح کو ۲۵۰ ملی لیٹر دودھ سے استعمال کریں۔

فوائد: یہ خمیرہ اعضائے رئیسہ دل، دماغ، جگر، کو طاقت دیتا ہے۔ دل کی کمزوری کو دور کرنے کے

یہ خاص طور پر مفید ہے بیماری سے اچھا ہو جانے کے بعد جو ضعف و نقاہت باقی رہ جاتی ہے، اس کے ازالہ کے لیے بہت اچھی چیز ہے۔

خمیرہ ابریشم سادہ

نسخہ: ابریشم مقرض ۶۰ گرام برگ بادرنجبویہ ۱۵ گرام برگ گاؤزبان ۵۰ گرام گل گاؤزبان ۵۰ گرام شکر سفید ۲۰ گرام پوست بیخ ۲۰ گرام تخم بادروج ۳۰ گرام زعفران ۵ گرام عرق گاؤزبان ۵۰۰ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ خمیرہ صبح کو کھائیں۔

فوائد: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ آنکھوں کی بینائی کو قائم رکھتا ہے۔

خمیرہ ابریشم شیرۂ عناب والا

نسخہ: ابریشم مقرض ۵۰۰ گرام برادہ صندل سفید ۵۰۰ گرام برگ گاؤزبان ۱۰۰ گرام عناب ۵۰ گرام رب انار ترش ۱۵۰ گرام رب انار شیریں ۱۵۰ گرام رب انگور شیریں ۱۵۰ گرام رب بہی ۱۵۰ گرام رب سیب ۱۰۰ گرام شکر سفید ۲۰۰ گرام ست بیخ ۲۰ گرام عنبر اشہب ۱۵ گرام تخم بادروج ۳۰ گرام زعفران ۵ گرام مشک ۱ گرام عرق کیوڑہ ۵۰۰ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ خمیرہ صبح کو کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ قوت حافظہ اور قوت بینائی کو بڑھاتا ہے۔ دل اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ سل و دق کی خشک کھانسی کو دور کرتا ہے۔

خمیرہ ابریشم عود مصطگی والا

نسخہ: ابریشم مقرض ۲۰ گرام آب سادہ ۱۰ گرام برگ بادرنجبویہ ۵ گرام برگ فرنجمشک ۱۰ گرام شکر سفید ۱۰ گرام ست بیخ ۲۰ گرام عود شہب ۲ گرام تخم بادروج ۱ گرام مصطگی رومی ۲ گرام قیمہ ۱ گرام شاخ مرجان سائیدہ ۲ گرام طباشیر سائیدہ ۳ گرام کہربائے شمعی سائیدہ ۳ گرام مروارید سائیدہ ۳ گرام یاقوت سائیدہ ۳ گرام زمرد سائیدہ ۱ گرام مشک ۵۰۰ گرام عرق کیوڑہ ۵۰۰ ملی لیٹر بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: یہ خمیرہ ۵ گرام صبح کو کھائیں۔

فوائد: دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ خیالات کی پریشانی اور وسواس کو دور کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

خمیرہ بنفشہ

نسخہ: گل بنفشہ ۵۰ گرام شکر سفید ۵۰۰ گرام پوست بیخ ۳۰ گرام تخم بادروج ۳۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام عرق ماء اللحم یا عرق بادیان سے کھائیں۔

فوائد: قبض دور کرتا، دماغ کو تازہ کرتا، صفرا کو خارج کرتا ہے۔ بخار، نزلہ، زکام، کھانسی، درد سر اور سینے کے دوسرے امراض میں مفید ہے۔

خمیرہ خشخاش

نسخہ: پوست خشخاش (تخموں سمیت) ۱۲۵ گرام شکر سفید ۵۰۰ گرام ست لیموں ۲ گرام نطرون بنجاوی ۲ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ خمیرہ صبح کو رات کو سوتے وقت کھائیں۔

فوائد: نزلہ زکام کو روکتا ہے کھانسی کو دور کرتا ہے۔

خمیرہ زمرد

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰ گرام بہمن سفید نیم کوفتہ ۱۰ گرام گل گاؤزبان ۱۰ گرام شکر سفید ۷۵۰ گرام رب انار شیریں ۱۲۵ گرام رب سیب ۱۲۵ گرام شہد ۲۰۰ گرام ست لیموں ۱ گرام نطرون بنجاوی ۱ گرام ورق طلاء سونے کے ورق ۰.۵ ملی گرام ورق نقرہ (چاندی کے ورق) ۱۲ گرام عنبر اشہب ۱ گرام زمرد سائیدہ ۵ گرام لاجورد مغسول ۱۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ خمیرہ صبح کو کھائیں۔

فوائد: دل کو طاقت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔ دھڑکن اور گھبراہٹ میں مفید ہے۔

خمیرہ صندل سادہ

نسخہ: برادہ صندل سفید ۷۵ گرام شکر سفید ۷۵۰ گرام ست لیموں ۲ گرام نطرون بنجاوی ۲ گرام روغن صندل ۵ قطرے۔ بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ خمیرہ صبح کو کھائیں۔

فوائد: دل دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

خمیرہ گاؤزبان سادہ

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام اسطوخودوس ۵۰ گرام بادرنجبویہ ۱۰۰ گرام برگ گاؤزبان ۲۷۵ گرام برادہ صندل سفید ۱۰۰ گرام بہمن سرخ نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام بہمن سفید نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام تخم بالنگو ۷۵ گرام تودری زرد ۲۰۰ گرام کشنیز خشک (دھنیا) ۱۰۰ گرام گل گاؤزبان ۱۰۰ گرام شکر سفید ۵ کلو ست لیموں ۲۰ گرام نطرون بنجاوی ۲۰ گرام بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ خمیرہ صبح کو چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھائیں۔

فوائد: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ بینائی کو بڑھاتا ہے۔ مالیخولیا، خیالات کی پریشانی اور دل کی دھڑکن میں مفید ہے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام اسطوخودوس ۵۰ گرام بادرنجبویہ ۱۰۰ گرام برادہ صندل سفید ۱۰۰ گرام برگ گاؤزبان ۲۷۵ گرام بہمن سرخ نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام بہمن سفید نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام تخم بالنگو ۷۵ گرام تودری زرد ۱۰۰ گرام کشنیز خشک ۱۰۰ گرام گل گاؤزبان ۱۰۰ گرام شکر سفید ۵ کلو ست لیموں ۲۰ گرام نطرون بنجاوی ۲۰ گرام عنبر اشہب ۵ گرام ورق نقرہ ۲۰ گرام بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ خمیرہ صبح کو کھائیں
کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔
فوائد: دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔ دل کی دھڑکن گھبراہٹ
اور خیالات کی پریشانی کو دور کرتا ہے۔ بینائی کو بڑھاتا ہے
ذہن و حافظہ کو قوت بخشتا ہے۔ دماغی کام کرنے والوں
کے لیے بہت مفید ہے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام، اسطوخودوس ۵۰ گرام، بادرنجبویہ
۱۰۰ گرام، برادہ صندل ۱۰۰ گرام، برگ گاؤزبان ۵۰ گرام، بہمن
سرخ نیم کوفتہ ۵۰ گرام، بہمن سفید نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، تخم بالنگو
۵۰ گرام، تودری زرد ۵۰ گرام، کشنیز خشک ۱۰۰ گرام، گل گاؤزبان
۱۰۰ گرام، شکر سفید ۵ کلو، ست لیموں ۱۰ گرام، زعفران بھگوئی
۱۰ گرام، عنبر اشہب ۱۰ گرام، ورق نقرہ ۵۰ گرام، جواہر مہرہ سائیدہ
وغیرہ ایک جز، ۱۰ گرام زہر مہرہ سائیدہ ۱۰ گرام مروارید سائیدہ
۱۰ گرام یاقوت سائیدہ ۱۰ گرام یشب سبز سائیدہ ۱۰ گرام۔
خمیرہ بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ۵ گرام یہ خمیرہ صبح کو یا بوقت ضرورت کھائیں۔
کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔
فوائد: دل و دماغ کو قوت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔
دل کی دھڑکن گھبراہٹ اور خیالات کی پریشانی کو دور کرتا
ہے بینائی کو بڑھاتا، ذہن و حافظہ کو طاقت دیتا ہے یہ
خمیرہ گاؤزبان سے زیادہ اثر رکھتا ہے۔ دماغی کمزوری سے
جو سر دکھے درد سر اور عام جسمانی کمزوری کو دور
کرتا ہے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار عود صلیب والا

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام، اسطوخودوس ۵۰ گرام،
بادرنجبویہ ۱۰۰ گرام، برادہ صندل سفید ۱۰۰ گرام، برگ گاؤزبان
۵۰ گرام، بہمن سرخ نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، بہمن سفید نیم کوفتہ
۱۰۰ گرام، تخم بالنگو ۵۰ گرام، تودری زرد ۱۰۰ گرام، کشنیز خشک
۱۰۰ گرام، گل گاؤزبان ۱۰۰ گرام، شکر سفید ۵ کلو، ست لیموں
۱۰ گرام، زعفران بھگوئی ہوئی ۱۰ گرام، عنبر اشہب ۵ گرام، ورق نقرہ
دو ماشہ مشک خالص ۵ گرام، ورق طلاء ۵ عدد ورق ۱۰ گرام
۱۰۰ گرام جدوار سائیدہ ۵۰ گرام عود صلیب سائیدہ ۱۰۰
گرام بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔
مقدار: ۵ گرام یہ خمیرہ تنہا یا کسی مناسب دوا کے ساتھ کھائیں
کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔ دو سال سے کم عمر کے بچوں کو پرہیز
فوائد: یہ خمیرہ مرگی کے لیے بہت اچھا اثر رکھتا ہے بچوں کی مرگی اور
عورتوں کے مرض اختناق الرحم (ہسٹیریا) میں بھی فائدہ دیتا
ہے۔ دل و دماغ اور اعصاب کو طاقت بخشتا ہے۔ قوت
حافظہ کو بڑھاتا اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

خمیرہ مروارید

نسخہ: شکر سفید ۵ کلو، زعفران بھگوئی ہوئی ۱۰ گرام، ست لیموں
۱۰ گرام، ورق نقرہ ۱۰ گرام، صندل سفید سائیدہ دیگر ایک جز،
۵ گرام زہر مہرہ سائیدہ ۵ گرام مروارید سائیدہ ۵ گرام
یشب سائیدہ ۵ گرام بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔
مقدار: یہ خمیرہ پانچ پانچ گرام صبح و شام کھائیں۔
فوائد: دل کو طاقت دیتا ہے دفع وحشت بیماری کے لیے اکسیر ہے۔

دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ موتی جھرہ، خسرہ اور چیچک جیسی بیماریوں میں دل اور حرارت غریزی کی حفاظت کرتا ہے۔ ان بیماریوں کے بعد کی کمزوری اس کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔

خمیرہ مروارید خاص

نسخہ: برادہ صندل سفید ۱۰ گرام، عرق کیوڑہ، صندل ۲ لٹر، شکر سفید ۲ کلو، شہد خالص ۵۰ گرام، شب یمانی ۵۰ گرام، بہمن سفید ۲۰ گرام، ورق نقرہ ۲۰ گرام، مروارید سائیدہ ۱۰ گرام، یشب سبز سائیدہ ۱۰ گرام، کہربا شمعی سائیدہ ۱۰ گرام، زہر مہرہ سائیدہ ۱۰ گرام، بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: ۳ گرام سے ۵ گرام تک ہمراہ صبح شام کھائیں۔

فوائد: یہ خمیرہ زیادہ قوی الاثر ہے۔ موتی جھرہ، خناق، خسرہ اور چیچک جیسی بیماریوں میں دل کو کمزور ہونے سے محفوظ رکھتا ہے۔ ان سے جو بعد کی کمزوری ہو جاتی ہے اس کے استعمال سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔

خمیرہ مروارید بہ نسخہ کلاں

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰ گرام، انیسون رومی ۱۰ گرام، مروارید سائیدہ ۲۰ گرام، برادہ صندل سرخ ۲۰ گرام، برادہ صندل سفید ۲۰ گرام، پوست ترنج ۲۰ گرام، تخم خرفہ ۲۰ گرام، درونج عقربی نیم کوفتہ ۲۰ گرام، زرشک ۲۰ گرام، زرنباد نیم کوفتہ ۲۰ گرام، ساذج ہندی (تیز پات) ۲۰ گرام، مغز تخم خیار خشک رحیحہ ۲۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام،

گل گاؤزبان ۲۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ۱۰۰ گرام شہد، زعفران ۵ گرام، شب یمانی ۵ گرام، بہمن سفید ۵ گرام، مصطگی ۱۰ گرام، فلفل دراز ۱۰ گرام، عنبر اشہب ۳ گرام، مشک ۱۰ گرام، عرق کیوڑہ ۵ لٹر، ورق طلا ۱۰۰ عدد، ورق نقرہ ۱۰ گرام، بسد احمر سائیدہ ۱۰ گرام، دم مچھلی کی جڑ، جنگلی کی بوٹی ۱۰ گرام، بسفائج سائیدہ ۱۰ گرام، مروارید سائیدہ ۱۰ گرام، عقیق سائیدہ ۱۰ گرام، کہربا شمعی سائیدہ ۱۰ گرام، گل ارمنی سائیدہ ۱۰ گرام، گل مختوم سائیدہ ۱۰ گرام، لاجورد سائیدہ ۱۰ گرام، لعل سائیدہ ۱۰ گرام، یاقوت سائیدہ ۱۰ گرام، یشب سبز سائیدہ ۱۰ گرام، بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: ۳ گرام سے ۵ گرام صبح و شام بوقت ضرورت کھائیں۔ تا بعض وبائی غذاؤں سے پرہیز کریں۔

فوائد: دل کی کمزوری کی وجہ سے دل دھڑکتا ہو، گھبراہٹ محسوس ہو، اس سے بہت جلد دور ہو جاتی ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ ضعف قلب اور ضعف و نقاہت کو فائدہ دیتا ہے۔

خمیرہ تزلی جواہر والا

نسخہ: ابریشم مقرض ۵۰ گرام، اسطوخودوس ۵۰ گرام، برادہ صندل سفید ۵۰ گرام، بادرنجبویہ ۵۰ گرام، گل گاؤزبان ۲۰ گرام، بہمن سرخ نیم کوفتہ ۵۰ گرام، بہمن سفید نیم کوفتہ ۵۰ گرام، تخم بالنگو ۵۰ گرام، تودری زرد ۵۰ گرام، کشنیز خشک ۵۰ گرام، گل گاؤزبان ۵۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۱۰ گرام، زعفران ۵ گرام، عنبر اشہب ۵ گرام، ۲۵۰ ملی گرام ورق نقرہ (چاندی کے ورق) ۲۴ گرام

خمیرہ مفلس: گاؤزبان جلائی ہوئی ۱۲ گرام، ۵۰۰ ملی گرام برگ شاہ ۵۰ گرام زہر مہرہ سائیدہ ۵ گرام زہرو سائیدہ ۵ گرام۔ مروارید سائیدہ ۵ گرام یاقوت سائیدہ ۵ گرام یشب سبز سائیدہ ۵ گرام، بطریق معروف خمیرہ تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام ہمراہ خمیرہ صبح یا رات کو سوتے وقت کھائیں کھٹی اور ٹھنڈی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: دائمی نزلہ زکام کے لیے یہ خمیرہ نہایت مفید ہے۔ دماغ اور اعصاب کو طاقت دیتا ہے اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

خمیرہ عود ترش

نسخہ: اسارون۔ الائچی خورد و کلاں۔ تخم خشخاش ہر ایک ۱ تولہ ۸ ماشہ۔ زرنباد۔ طباشیر۔ ابریشم خام مقرض۔ تخم فرنجمشک ہر ایک ۲ تولہ ۶ ماشہ نیم کوب کر کے دو سیر پانی میں گرمیوں میں ایک شبانہ روز اور سردیوں میں تین دن تک بھگوئیں۔ اور جوش دے کر اس میں آب عناب، آب سیب، آب رب دیاں، آب بادرنگ، آب انگور، آب انار ترش بھی ۵ تولہ ۵ ماشہ ہر ایک شامل کریں۔ پھر سے چند وزن اور دیہ شکر سفید سے قوام بنا کر عود خام ۸ تولہ ۸ ماشہ۔ مروارید ناسفتہ ۶ ماشہ۔ کہربا ہر ایک ساڑھے دس ماشہ یاقوت سوا پانچ ماشہ سب کو کوٹ کر آب لیموں، عرق گلاب، عرق بید مشک، آب نارنگی ہر ایک ۸ تولہ میں اچھی طرح ملا کر شریک کریں۔ آخر قوام میں عنبر اشہب سات ماشہ۔ ورق طلا و نقرہ۔ مشک خالص زعفران ہر ایک ۳ ماشہ عرق گلاب میں حل کر کے ملائیں۔

مقدار: ۳ تا ۵ ماشہ سے ۷ ماشہ تک۔

فوائد: دل و دماغ۔ جگر، معدہ اور گردہ کو طاقت دیتا ہے۔ خفقان، جنون، وسواس وغیرہ کو دور کرتا ہے۔

خمیرہ ابریشم بارد

نسخہ: ابریشم خام ۲۴ تولے کر لیجیے دو آنہ ایک رات دن بھگوئیں جس میں سونا چاندی کئی بار بجھایا ہوا ہو۔ عرق گاؤزبان ۲۰ تولہ گلاب۔ بید مشک۔ رب سیب۔ رب بہی ہر ایک ۴ تولہ ۸ ماشہ نبات سفید ساڑھے ستر تولہ قوام کریں۔ آخر قوام میں عنبر اشہب ۳ ماشہ مشک ساڑھے تین ماشہ ملائیں۔ اس کے بعد طباشیر۔ مروارید ناسفتہ ہر ایک ساڑھے تیرہ ماشہ۔ کہربائے شمعی۔ بسد مرجان۔ گل سرخ صندل سفید ہر ایک ۹ ماشہ باریک کر کے ملائیں۔

مقدار: ۵ ماشہ

فوائد: قلب و دماغ کو قوی کرتا اور دیگر کئی فوائد رکھتا ہے۔

خمیرہ صندل ترش

نسخہ: صندل سحوق ۸ تولہ ۹ ماشہ۔ کشنیز خشک ساڑھے پانچ ماشہ آب حصرم تیس تولہ ۹ ماشہ سرکہ انگوری ۳۵ ماشہ آب انار ایک سیر گلاب ۵ ماشہ عرق بید مشک ہر ایک آدھ سیر ایک شبانہ روز بھگو دیں اس کے بعد جوش دیں کہ نصف رہ جائے، ایک سیر شکر سفید سے قوام کریں

کے بعد مروارید ناسفتہ، یشب سبز محلول، زعفران ہر
ایک ساڑھے تین ماشہ، کافوری قیصوری سواد و ماشہ قوام
میں ملالیں۔ آخر میں ورق طلا و نقرہ شامل کریں۔
مقدار: ۱ تولہ
فوائد: ضعف قلب، ضعف باہ، خفقان حار اور
حمیات صفراوی میں مفید ہے۔ قے روکتی ہے۔

خمیرہ گاؤزبان عنبری جدوار

نسخہ: برگ گاؤزبان، گل گاؤزبان، جدوار، بہمن ہر ایک
۵ تولہ ساڑھے تین ماشہ، مشک ۲ ماشہ، عنبر ۲ ماشہ، مشک و
عنبر کے علاوہ ادویات کو ایک دن رات بھگو کر سوا سیر
شکر سفید کا قوام بنالیں اور آخر میں مشک و عنبر قوام
میں شامل کریں۔
مقدار: ۵ سے ۷ ماشہ
فوائد: دل کو قوت دیتا ہے۔ خفقان و وحشت کو دور
کرتا ہے۔

دوائے مضمضہ

نسخہ: الائچی کلاں ۲۰ گرام، پوست گلنار ۲۰ گرام، زرشک ۲۰ گرام
کتھ سفید ۲۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام، طباشیر خشک ۲۰ گرام
مقدار: دس دس گرام، ۵ گلاس پانی میں جوش دے کر
کلیاں کریں۔
فوائد: منہ کے چھالوں اور سوزش کے لیے مفید ہے۔

دوالمسک معتدل جواہر والی

نسخہ: ابریشم	۳۰	گرام
انگور خود (؟)	۳۰	〃
الائچی خورد	۳۰	〃
آملہ خشک	۴۰	〃
برادہ صندل سرخ	۴۰	〃
برادہ صندل سفید	۴۰	〃
بادرنجبویہ	۳۰	〃
بسفائج	۴۰	〃
بہمن سرخ	۴۰	〃
بہمن سفید	۴۰	〃
تخم ترہ سیاہ	۴۰	〃
دارچینی	۴۰	〃
درونج عقربی	۴۰	〃
زرشک	۱۰۰	〃
کشنیز خشک	۴۰	〃
گل سرخ	۴۰	〃
گل گاؤزبان	۳۰	〃

نوٹ
باقی اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیں

ابریشم مقرض ۲۰ گرام شہد خالص ۱۰۰۰ گرام قوام شکر سفید خالص ۶۰ گرام عنبر ۱ گرام نقرہ ورق جداوی ۶ گرام زعفران ۳۰ گرام عرق گاؤزبان حسب ضرورت [illegible] سائیدہ ۵ گرام [illegible] سائیدہ ۱۰ گرام مروارید سائیدہ ۱۰ گرام مصطگی ۱۰ گرام گل [illegible] گرام ورق نقرہ ۵ گرام مشک ۰.۵ ملی گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا صبح و شام دودھ سے کھائیں قابض بادی غذاؤں اور کھٹی چیزوں کے کھانے سے پرہیز کریں۔

فوائد: یہ ایک عام مقوی جسم دواؤں کا مرکب ہے خصوصاً رئیسہ دل، دماغ و جگر کو طاقت دیتی ہے۔ بدن میں دوران خون کو تیز کرتی ہے۔ بیماریوں سے پیدا ہونے والی کمزوری اس کے استعمال سے بہت جلد رفع ہو جاتی ہے۔ معدہ اور جگر کو قوت بخشتی اور خون کی پیدائش کو بڑھاتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ رفع ہو جاتی ہے۔

دواء المسک معتدل سادہ

نسخہ: [illegible] ۵۰ گرام [illegible] ۵۰ گرام۔ [illegible] ۵۰ گرام آملہ خشک ۵۰ گرام [illegible] معتدل سرخ ۵۰ گرام [illegible] معتدل سفید ۵۰ گرام [illegible] گرام [illegible] ۵۰ گرام بہمن سرخ ۱۰ گرام بہمن سفید ۱۰۰ گرام تخم خرفہ سیاہ ۵۰ گرام دارچینی ۱۰۰ گرام درونج عقربی ۱۰۰ گرام صندل سفید ۵۰ گرام کشنیز خشک ۵۰ گرام گل سرخ ۱۰ گرام گل گاؤزبان ۵۰ گرام ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام قوام شکر سفید خالص عنبر ۲ گرام ۵۰۰ ملی گرام نقرہ ورق جداوی ۱۵ گرام زعفران ۲۰ گرام عرق [illegible]

گل زعفران [illegible] مصطگی ۵ گرام گل [illegible] ۵ گرام ورق نقرہ ۳ گرام مشک ۰.۵ ملی گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا صبح و شام تنہا یا کسی عرق کے ساتھ کھائیں۔ قابض، بادی اور کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: یہ بھی ایک عام مقوی جسم دواؤں کا مرکب ہے خصوصاً رئیسہ دل، دماغ و جگر کو طاقت دیتی ہے اور رگوں کے دوران خون کو تیز کرتی ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دے کر خون کی پیدائش کو بڑھا دیتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔ بیماریوں کے بعد کی کمزوری کو رفع کرتی ہے۔

دوائے آرزن

نسخہ: بادیان ۵۰ گرام بالچھڑ ۵۰ گرام پوست [illegible] ۵۰ گرام گل بابونہ ۵۰ گرام گل خطمی ۵۰ گرام [illegible] ۵۰ گرام [illegible] خشک ۵۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر سفوف تیار کر لیں اور شیشے کے جار میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: [illegible] ۵ روز پہلے روزانہ یہ ۲ گرام دوا [illegible] پانی میں خوب جوش دے کر [illegible] گرم پانی کے ساتھ ایک ٹب یا ناند میں ڈال کر اس میں مریضہ کو بٹھائیں، تیس منٹ تک بٹھائیں اس کے بعد ٹب سے نکال کر تولیہ سے بدن کو خشک کریں اور کپڑے پہن کر چادر یا رضائی اوڑھ کر لیٹ جائیں۔ [illegible] اسی طرح روزانہ چار پانچ روز تک کریں۔

فوائد: [illegible]

دوائے اسود

نسخہ: سرطان سوختہ (کیکڑے جلائے ہوئے) ۱۰۰ گرام کشتہ بسد ۵۰ گرام کشتہ سرطان ۵۰ گرام۔

ترکیب: سرطان سوختہ کو باریک کھرل کریں، چھلنی سے چھان کر اس میں کشتہ بسد اور کشتہ سرطان ملا کر کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵۰۰ ملی گرام یہ دوا صبح و شام دو چمچ (۱۰ ملی لٹر) میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: یہ دوا پھیپھڑوں کے زخم کو بھرتی ہے اور جسم کو کیلشیم کی خاص مقدار مہیا کرتی ہے۔

دوائے اسہال اطفال

نسخہ: کافور ۲۰ گرام مرتشیشا فحمی ۲۰ گرام عرق الذہب سفوف ۲۰ گرام سونف خوردنی ۱۰۰ گرام شکر تیغی ۵۰ گرام الکحل (تر) ۱۰۰ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: آدھا آدھا گرام (۵۰۰ ملی گرام) یہ دوا تھوڑے پانی یا دودھ میں گھول کر پئیں۔

فوائد: بچوں کے دستوں کو روکتی ہے۔

دوائے اوجاع

نسخہ: صنعصائین ۱۰۰ گرام نطرون مسوم ۵۰ گرام کشتہ گئودنتی ۵۰ گرام۔

ترکیب: پہلی دونوں دواؤں کو الگ الگ چھلنی سے چھان کر کشتہ گئودنتی شامل کر کے اچھی طرح ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: آدھا آدھا گرام (۵۰۰ ملی گرام) یہ دوا پانی یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: یہ دوا ہر قسم کے دردوں کو تسکین دیتی ہے۔

دوائے خارش جدید

نسخہ: حامض بورق ۴۰ گرام سفیدہ جست ۲۰۰ گرام گندھک سفوف ۴۰ گرام۔

ترکیب: حامض بورق اور سفیدہ جست کو چھلنی سے چھان لیں، پھر گندھک کو باریک پیس کر اسی چھلنی سے چھانیں اور تینوں دوائیں ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ دوا روغن کیکر یا روغن چنبیلی ۱۰۰ ملی لٹر میں ملا کر مالش کریں۔ گوشت، لال مرچ، گرم مسالہ جات اور کھٹائی سے پرہیز کریں۔

فوائد: کھجلی کی نہایت مفید دوا ہے۔

دوائے خاص

نسخہ: بہشانی (وڈ) ۵۰ گرام سنگ جراحت ۱۰۰ گرام کرا دانتی ۵۰ گرام گوند کتیرا، گوند ڈھاک ۱۰۰ گرام شکر سفید ۱۰۰ گرام۔

ترکیب: دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر سفوف بنائیں اور سفید شکر پیس کر ملائیں اور شیشے کے جار میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ سفوف صبح و شام دودھ سے کھائیں۔ گرم اور ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

دواء الشفاء

نسخہ: امرود سائیدہ ۱۰۰ گرام نمک منثوم ۳۰۰ گرام گوند ۱۰۰ گرام توام شکر سفید ۵۰ گرام شمعین ۱۰ ملی لٹر مشک جراحت سائیدہ ۲۰ گرام مغنیشیا قی ۱۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک قرص دواء الشفاء رات کو دودھ یا پانی سے کھائیں۔

فوائد: پاگل پن کی مشہور دوا ہے۔ بے خوابی کو دور کرتی ہے جنون کے دباؤ کو کم کرتی ہے مرگی اور اختناق الرحم ہیسٹریا میں مفید ہے۔

دواء الکرکم کبیر

نسخہ: زرنباد ۸۰ گرام اسارون زنجبیل ۲۰ گرام انیسون ۲۰ گرام بالچھڑ ۲۰ گرام تیج ۸۰ گرام تخم گزر ۲۰ گرام جدوار ۲۰ گرام حب بلسان ۸۰ گرام دوقو ۲۰ گرام ریوند چینی ۲۰ گرام رب السوس سیاہ ۲۰ گرام فطراسالیون ۲۰ گرام قسط شیریں ۸۰ گرام گل غافث ۲۰ گرام ہیچہ ۲۰ گرام مر مکی ۲۰ گرام شہد اکوی ۸۰ گرام زعفران ۱۰ گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر مصطگی ۲۰ گرام گھی ۸۰ گرام روغن بلسان ۵۰ ملی لٹر۔

ترکیب تیاری: مصطگی اور زعفران کے سوا سب دواؤں کو کوٹ کر چھلنی میں سے چھان کر سفوف تیار کریں۔ شہد کو کڑاہی میں چھان کر آگ پر چڑھائیں اور نیچے اتار کر اس میں زعفران عرق گاؤزبان میں حل کر کے شامل کریں۔ اس کے بعد تھوڑا تھوڑا سفوف ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ آخر میں مصطگی کو گھی میں پگھلا کر ملائیں اور ڈوئی سے چلائیں۔ اس کے بعد روغن بلسان ڈال کر ڈوئی سے اچھی طرح ملا دیں۔ اب دواء الکرکم کبیر تیار ہے شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام دواء الکرکم کبیر صبح کو عرق بادیان یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: جگر اور تلی کے امراض میں مفید ہے۔ خصوصاً جبکہ ان کا سبب سردی ہو ان اعضاء کو طاقت دیتی ہے۔ ریاح کو خارج کرتی ہے گردہ مثانہ کو طاقت دیتی ہے اور استسقاء میں فائدہ بخشتی ہے۔

دواء المسک بارد جواہر دار

نسخہ: برادہ صندل سفید ۲۰ گرام گل گاؤزبان ۲۰ گرام تخم خرفہ سیاہ ۲۰ گرام گل سرخ ۱۰ گرام مغز تخم کدو ۳۰ گرام ابریشم مقرض ۱۰ گرام لہبہ ۵۰ گرام توام شکر سفید ۵۰ گرام عنبر اشہب ۲ گرام نطرون حجازی ۸ گرام مروارید ناسفتہ ۸۰ گرام کہربائے شمعی سائیدہ ۵ گرام ورق طلاء ۲۰ ملی گرام صدف مقرزہ ۲ گرام مشک ۱۰۰ ملی گرام عرق کیوڑہ ۵۰ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دواء المسک صبح کو نہار منہ عرق گاؤزبان یا کسی مناسب بدرقے سے کھائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ دل، دماغ، جگر کو طاقت دیتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے اعصاب حیوانات کی اصلاح کرتی اور دل کی گرمی کو دور کرتی ہے۔

دواءالمسک بارد سادہ

نسخہ: برادہ صندل سفید ۵۰ گرام بنسلوچن ۵۰ گرام تخم خرفہ سیاہ ۵۰ گرام کشنیز خشک ۵۰ گرام گل سرخ ۵۰ گرام ابریشم مقرض ۲۵ گرام شہد ۵۰۰ گرام قوام شکر سفید ۵۰۰ گرام نطرون بخاری ۱ گرام بُسّد احمر سائیدہ ۲۵ گرام کہربائے شمعی سائیدہ ۲۵ گرام ورق نقرہ ۵ گرام مشک ۲ گرام عرق کیوڑہ ۲۵ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا صبح کو عرق گاؤزبان یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: دل کو قوت اور فرحت بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔

دواءالمسک حار جواہردار

نسخہ: اشنہ (چھڑیلہ) ۱۲ گرام الائچی خورد ۱۵ گرام بالچھڑ ۱۵ گرام بہمن سرخ ۱۵ گرام بہمن سفید ۱۵ گرام ہیل کلاں ۱۲ گرام درونج عقربی ۳۰ گرام زرنباد (کچور کچری) ۳۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۰ گرام ساذج ہندی (تیزپات) ۱۵ گرام قرنفل (لونگ) ۱۵ گرام ابریشم مقرض ۳۰ گرام شہد ۵۰۰ گرام قوام شکر سفید ۵۰۰ گرام عنبر ۲ گرام نطرون بخاری ۱ گرام ورق نقرہ ۲ گرام بُسّد احمر سائیدہ ۳۰ گرام کہربائے شمعی سائیدہ ۳۰ گرام مروارید سائیدہ ۱۵ گرام مشک ۳ گرام عرق کیوڑہ ۲۵ ملی لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لٹر یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ (دل، دماغ، جگر) کو طاقت دیتی ہے۔ وحشت اور مالیخولیا میں مفید ہے۔ فالج، لقوہ اور رعشہ وغیرہ، بلغمی و عصبی امراض میں مفید ہے۔

دواءالمسک حار سادہ

نسخہ: اشنہ (چھڑیلہ) ۲۰ گرام بالچھڑ ۲۰ گرام ہیل کلاں ۲۰ گرام دانہ ہیل کلاں (بڑی الائچی کے دانے) ۲۰ گرام زرنباد (کچور کچری) ۲۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۰ گرام ساذج ہندی (تیزپات) ۲۰ گرام قرنفل (لونگ) ۲۰ گرام شہد ۵۰۰ گرام قوام شکر سفید ۵۰۰ گرام عنبر ۱ گرام نطرون بخاری ۱ گرام ورق نقرہ ۲ گرام مشک ۲ گرام عرق کیوڑہ ۲۵ ملی لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا صبح کو تنہا یا کسی مناسب بدرقہ سے کھائیں۔ بلغمی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ بلغمی و عصبی امراض میں مفید ہے۔

دواءالمسک معتدل جواہردار

نسخہ: اشنہ (چھڑیلہ) ۳۰ گرام اگر (عود) ۳۰ گرام الائچی خورد ۳۰ گرام آملہ خشک ۳۰ گرام برادہ صندل سرخ ۳۰ گرام برادہ صندل سفید ۳۰ گرام بادرنجبویہ ۳۰ گرام بنسلوچن ۳۰ گرام بہمن سرخ ۳۰ گرام بہمن سفید ۳۰ گرام تخم خرفہ سیاہ ۳۰ گرام دارچینی ۳۰ گرام درونج عقربی ۳۰ گرام زرشک ۱۰۰ گرام کشنیز خشک ۳۰ گرام گل سرخ ۳۰ گرام گل گاؤزبان ۳۰ گرام

۵۰ گرام گوند سفید ۵۰ گرام کتیرا خشک ۱۰ گرام گل سرخ ملا

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان

کر سفوف بنا لیں۔

مقدار: ایک ایک گرام یہ دوا دن میں دو تین مرتبہ

دے کر کلیاں کرائیں۔

فوائد: منہ کے چھالوں اور سوزش کے لیے مفید ہے۔

دیاقوزہ

نسخہ: اصل السوس رطبی ۱۰۰ گرام اسپغول ۵۰ گرام

برگ گاؤزبان ۵۰ گرام تخم خطمی ۵۰ گرام سپستاں ۵۰ گرام

عناب ۵۰ گرام کوکنار ۵۰ گرام گل بنفشہ ۵۰ گرام نیلوفر

۵۰ گرام شکر سفید ۲ کلو کتیرا ۵۰ گرام گوند کیکر ۵۰ گرام

ست ملیٹھی ۵۰ گرام زعفران ۲ گرام۔

ترکیب: پہلی آٹھ دواؤں کو سوائے اسپغول کے ۲ کلو

پانی میں جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے چھلنی

میں چھان لیں۔ اب اس میں اسپغول ڈال دیں اور

ڈالنے سے پہلے کپڑے میں چھانیں پھر اس میں کتیرا

اور شکر سفید ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب قوام تیار ہونے

کے قریب ہو زعفران تھوڑے سے پانی میں حل کر

کے ملائیں اور جب قوام تیار ہو جائے تو آگ سے نیچے

اتار لیں اور ڈالنے سے پہلے چھان لیں کر سفید ہو جائے

اور گوند کیکر ست ملیٹھی باریک پیس کر ڈالیں اور ڈالیں

قوام میں اچھی طرح ملا کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ کریں

مقدار: دس دس گرام یہ دوا صبح و شام کو کھلائیں۔

فوائد: نزلہ زکام کھانسی اور سینے کی خرابی کے لئے

مفید ہے اور اس کی وجہ سے خشک کھانسی پیدا ہو تو

اس کو دور کرتا ہے۔ اگر پھیپھڑوں میں بلغم ہو تو اس کو خارج

کرتا ہے۔

دواء الکرکم صغیر

نسخہ: زعفران، جاوتری، سنبل الطیب ہر ایک ۲ ماشہ

تقاح اذخر، مرکی، تج، قرفہ، سوداچینی ہر ایک ۳ ماشہ

کوٹ چھان کر شراب انگوری میں دن رات بھگو لیں بعد ازاں

دواؤں کے سہ چند وزن عسل مصفی کا قوام کریں۔

مقدار: ۳ ماشہ

فوائد: جگر و طحال کے سرد امراض اور معدہ کے لیے

بہت مفید ہے۔ ریاح باردہ کو زائل کرتی ہے۔ ضعف معدہ

اور خمار کو مفید ہے۔

دواء ورق الطفال

نسخہ: خالص مصفی دودھ گائے یا بکری کے ۵ چھٹانک

میں جوش دیں پھر چھان کر نتھار کر سائے میں خشک

کریں اسی طرح دو تین بار کریں اور پیس کر ایک

ماشہ صبح و شام ماں کے دودھ میں گھول کر چٹائیں۔

فوائد: ورق الاطفال (سوکھا) کے لیے مفید ہے۔

دواء الکبد

نسخہ: فلفل دراز خشک، سوٹھ ہر ایک تولہ شورہ قلمی

۶ تولہ سفوف بنا کر چار رتی برابر آب سے دیں۔

فوائد: جگر کی جملہ امراض کے لیے مفید ہے

دوا ذرب

نسخہ: سیماب مصفیٰ، گندھک آملہ سار، مرچ سیاہ، ہر ایک ایک تولہ کشتہ خرمہرہ، کشتہ شنگرف ہر ایک ۲ تولہ، عرق لیموں کاغذی میں بخوبی کھرل کریں اور ایک ایک رتی کی گولیاں بنا لیں کے ساتھ بوقت ضرورت استعمال کریں۔

فوائد: ہیضہ، بد ہضمی، ذرب مزمن اور دستوں کیلئے مفید ہے۔

دوا الکل

نسخہ: نوشادر، نمک سیاہ، نمک لاہوری، شورہ قلمی، جوکھار، پھٹکری، سہاگہ خام، جنگ، مرچ سیاہ، ہر ایک بوزن مساوی، باریک پیس کر تین بار عرق لیموں میں تر و خشک کریں۔

مقدار: ۱ ماشہ سے ۲ ماشہ تک کھلائیں، ضرورت پڑنے پر بار بار دے سکتے ہیں۔

فوائد: درد گردہ، درد گردہ میں فوراً اپنا اثر دکھاتی ہے۔

دوا المسک معتدل

نسخہ: ورق نقرہ، عنبر اشہب، مشک خالص، صندل سفید ہر ایک ۳ ماشہ، مروارید، کہربا، یاقوت، یشب سبز، بہمن سرخ، مرجان، بہمن سفید، تخم بادرنجبویہ، گاؤزبان، ہر ایک ۹ ماشہ، طباشیر، گل سرخ، گاؤزبان، گل نیلوفر ہر ایک ۱۲ ماشہ، شکر سفید بہم وزن ادویہ، شہد مصفیٰ برابر وزن تمام ادویہ کے بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۶ ماشہ۔

فوائد: اعضائے رئیسہ کو قوت دیتی ہے۔

دوا جالینوس

نسخہ: سرطان سوختہ ۲ تولہ، کندر، اترج مصری ڈیڑھ تولہ سفوف بنائیں اور صبح و شام تین تین ماشہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

فوائد: سگ گزیدہ کے لیے مفید ہے۔

دوا خاص

نسخہ: مرچ سفید دو تولہ، سیماب ۱۰ ماشہ، قلعی ۱ تولہ، میٹھا تیلیہ مدبر ۳ ماشہ۔ اول سیماب اور قلعی کو گرم کر کے ملا دیں، پھر قلعی کو کڑاہی میں آگ پر پکائیں، جب پگھل جائے تو سیماب ملا کر حل کریں، پھر میٹھا تیلیہ کھرل شدہ ملائیں، اور مرچ سفید پیس کر شامل کریں تاکہ سب یکجان ہو جائے۔ جریان اور احتلام میں مفید ہے۔

دوا الکبریت

نسخہ: گندھک آملہ سار، بالچھڑ، قسط شیریں، مچھلی سوختہ، بوزیدان، جاوتری ہر ایک ۳ ماشہ، مرچ سیاہ، دار فلفل، انیسوں، اجوائن، زیرہ سیاہ، پودینہ ہر ایک ۹ ماشہ، شہد سہ چند وزن بطریق معروف معجون بنائیں۔ اور چھ ماہ بعد استعمال کریں۔ مقدار خوراک ۶ ماشہ۔

فوائد: معدہ و جگر کو قوت دیتی، ضعف باہ کو دور کرتی، فالج، لقوہ اور رعشہ میں بھی مفید ہے۔

فوائد: کثرتِ حیض جو کسی دوا کے استعمال سے بند نہ ہو۔ اس دوا کے استعمال سے بہت جلد بند ہو جاتی ہے ایام کی بے قاعدگی بھی اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

دوائے ڈپٹی صاحب

نسخہ: میٹھا تیلیا مدبر ۵ گرام پیپل کلاں ۵ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۵ گرام پارہ ۱ گرام تخمی درنگ ۹ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی گرام سے ۵۰ ملی گرام تک یہ دوا مکھن یا بالائی ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: بحران میں استعمال کی جاتی ہے نہایت مفید دوا ہے۔

دوائے ٹبک

نسخہ: ملح فرنگی ۵۰ گرام سوڈا خوردنی ۵۰ گرام تعلوعن صمغات ۵۰ گرام شکر تیغی ۵۰ گرام مغنیشیا کلی ۵۰ گرام ست پودینہ ۱ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱ گرام یہ دوا چار چار گھنٹے بعد ۱ گرام میں ملا کر کھلائیں یا پانی ۱۰ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: قے اور متلی کو روکتی ہے۔

دوائے سنگ

نسخہ: نمک منوم ۵۰ گرام کشتہ حجر الیہود ۲۵ گرام نمک شورہ ۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵۰ سے ۵۰۰ ملی گرام یہ دوا سکنجبین بزوری ۱۰ ملی لیٹر میں ملا کر صبح و شام دونوں وقت چاٹیں۔

فوائد: گردہ و مثانہ کی پتھری کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے نکالتی ہے درد گردہ کو رفع کرتی ہے۔

دوائے سیاہ پیچش

نسخہ: ماذریون بریاں ۵۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۵۰ گرام کوکنار و پوست خشخاش ۱۰۰ گرام بلیلہ سیاہ بریاں ۱۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا صبح کو پانی سے کھائیں۔

فوائد: پیچش سی بچہ یا بڑی عمر کا، خونی ہو یا صفراوی ہو ہر حال میں اس دوا کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

دوائے سیاہ کبوتر والی

نسخہ: اجوائن دیسی ۲۵ گرام اجوائن خراسانی ۲۵ گرام نمک سانبھر ۲۵ گرام سم الفار سائیڈ ورشکیا کھرل کیا ہوا ۱۰ گرام کبوتر جنگلی ۱ عدد۔

ترکیب: جنگلی کبوتر کو ذبح کر کے اس کے پیٹ کی آلائش سے صاف کر کے اس کے اندر سب دوائیں پیس کر بھر دیں اور مٹی کی ہنڈیا میں رکھ کر گل حکمت کر کے اتنی آگ دیں کہ گل حکمت سرخ ہو جائے۔ سرد ہونے پر ہنڈیا کے اندر سے جلا ہوا کبوتر نکال کر باریک پیسیں اور چھلنی ۸۰ سے چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵۰۰ ملی گرام یہ دوا شہد یا بالائی ۱ گرام میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: بیٹھی کھانسی اور دمہ کے لیے نہایت مفید دوا ہے۔

دوائے سیاہ مسہل

نسخہ: پارہ مصفّٰی ۱۰ گرام گندھک آملہ سار مصفّٰی ۲۰ گرام حب السلاطین مدبر، جمال گوٹہ مدبر ۴۰ گرام سنگ جیری دکھیرہ ۱۰۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵۰ ملی گرام یہ دوا ۲۵۰ ملی گرام کافور کے ساتھ گائے کا دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: مرض آتشک میں استعمال کی جاتی ہے۔ منہ پکنے کے بعد یہ دوا استعمال کرنے سے سودا اور بلغم کو دستوں کے ذریعہ خارج کرتی ہے اور اس طرح مادہ آتشک سے بدن کو پاک صاف کر دیتی ہے۔

دوائے صندل

نسخہ: اصل السوس (ملیٹھی) ۵۰ گرام الائچی خورد ۵۰ گرام بنسلوچن ۵۰ گرام بہمن سفید ۵۰ گرام تالمکھانہ ۵۰ گرام ست گلو ۵۰ گرام سلاجیت ۵۰ گرام شکر سفید ۷۵۰ گرام روغن صندل ۲۵ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: پانچ پانچ گرام صبح و شام دودھ سے کھائیں۔

فوائد: سوزاک کے لیے نہایت مفید دوا ہے پیشاب زیادہ کرتی اور جلن کو دور کرتی ہے۔

دوائے غرغرہ

نسخہ: مازو سالم سبز ۵۰ گرام کشنیز خشک ۵۰ گرام گلنار ۵۰ گرام پوست خشخاش ۱۰۰ گرام کمازریوس دیسی ۱۰۰ گرام گل نیلوفر ۵۰ گرام کوہ خشک ۵۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر شیشے کے جار میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ دوا ۵۰۰ ملی لیٹر پانی میں جوش دے کر غرغرے کریں۔

فوائد: منہ میں دانے نکلے ہوئے ہوں یا چھالے پڑ گئے ہوں حلق کی گلٹیاں سوج گئی ہوں، ان سب حالات میں غرارے کی اس دوا سے فائدہ ہوتا ہے۔

دوا کڑھائی والی

نسخہ: پھٹکری بریاں ۵۰ گرام شورہ قلمی ۵۰ گرام گندھک سفوف ۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱ گرام دوا حسب ضرورت دودھ سے کھائیں یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: سوزاک نیا ہو یا پرانا اس دوا کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

دوائے گلو

نسخہ: کتھ سفید ۵ گرام شہد ۲۰۰ گرام پنکشین ۹۰۰ ملی گرام الکحل ۲۵ ملی لیٹر نمک شنگرفی ۲ گرام عرق پیپرمنٹ ۱۰ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: یہ دوا پھریری سے حلق میں لگائیں۔

فوائد: یہ دوا حلق کے بڑھے ہوئے غدود (ٹانسلز) کو فائدہ دیتی ہے۔ اگر حلق میں زخم ہو تو وہ بھی اس کے لگانے سے اچھا ہو جاتا ہے۔

دوائے مضمضہ

نسخہ: الائچی کلاں ۵۰ گرام پوست کیکر ۵۰ گرام زرنباد

ذرورات

ذرورات۔ ذرور کی جمع ہے اور ذرور اس خشک دوا کو کہتے ہیں جو پسی ہوئی اور باریک سفوف ہو اور ظاہری طور پر جسم کے کسی زخم یا منہ کے چھالوں اور زخموں پر چھڑکی جاتی ہے اس کا ہندی نام [illegible] ہے

ذرور طلق

نسخہ: کشتہ ابرک، کشنیز خشک، پھٹکڑی بریاں، دانہ الائچی خورد ہر ایک ۱۰ ماشہ کوٹ چھان کر رکھیں۔

مقدار: ایک چٹکی منہ میں چھڑکیں۔

فوائد: منہ آنے کے لیے مفید ہے۔

ذرور چھالوں والا

نسخہ: الائچی خورد ۵۰ گرام، بنسلوچن ۵۰ گرام، زرورد ۵۰ گرام، کباب چینی ۵۰ گرام، کتھ سفید ۵۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر شیشے کے جار میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ایک چٹکی دو وقت منہ میں چھڑکیں۔

فوائد: منہ کے زخم اور چھالوں کے لیے مفید ہے حتیٰ کہ زبان کٹ جائے تو اس حالت میں بھی اس کے استعمال سے فائدہ ہوتا ہے۔

ذرور مجفف

نسخہ: بنسلوچن ۵۰ گرام، کتھ سفید ۵۰ گرام، دم الاخوین ۵۰ گرام، گل نار ۵۰ گرام، چاک پوڈر ۱۰۰ گرام

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان لیں اور چاک پوڈر میں ملا کر رکھیں۔

مقدار: ضرورت کے مطابق زخموں پر چھڑکیں۔

فوائد: زخموں کو خشک کرتا ہے۔

رُبوب

رُبوب، رُب کی جمع ہے اور رُب پھلوں کا خلاصہ (ایکسٹریکٹ) اس دوا کو کہتے ہیں جو کسی پھل کے رس یا بوٹی کے پانی میں شکر ملا کر یا بغیر شکر ملائے گاڑھا کر کے بناتے ہیں۔

اس جگہ رُب سے مراد پھلوں کا وہ خلاصہ ہے جو پھلوں کے رس میں شکر ملا کر اسٹیم کے ذریعہ اس کے پانی کو اتنا اڑا دیتے ہیں کہ پھلوں کا رس ایک مقررہ مقدار تک پہنچ جاتا ہے اور قوام بھی بن جاتا ہے۔

اسٹیم کے علاوہ عام طور پر اس طرح بھی رُب بنائے جاتے ہیں کہ پہلے پھلوں کے رس کو اتنا پکاتے ہیں کہ وہ رس مقدار میں اس سے کم و بیش رہ جاتے ہیں پھر اس میں شکر ملا کر قوام بناتے ہیں۔

رُب بنانے کی سب سے بڑی غرض یہ ہے کہ پھل عموماً اپنے مخصوص موسم میں ملتے ہیں اس لیے اس خاص موسم میں ان کے رس سے رب بنا لیتے ہیں تاکہ جس موسم میں وہ پھل نہیں ملتے اس موسم میں ان کے رس کے بجائے رب استعمال کر سکیں۔

رُبِ انار ترش و شیریں

نسخہ: رُب انار ترش یا رُب انار شیریں ۱۰۰۰ ملی لیٹر، شکر سفید ۵۰۰ گرام، لو نطرون بجاوی ۵ گرام، عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب: ضرورت کے مطابق انار لے کر ان کے دانے نکالیں اور ان کو کسی قلعی دار پتیلے یا پتھر کی کونڈی میں ڈال کر ڈوئی سے کچلیں اس کے بعد کپڑے میں چھان لیں اگر چھوک میں کچھ اور رس ہو تو اس کو دوبارہ پتیلے میں ڈال کر اسی طرح ڈوئی سے کچلیں اور رس نچوڑ لیں۔ سب اس رس کو قلعی دار پتیلے میں آگ پر پکائیں یہاں تک کہ آدھا رہ جائے پھر اس میں شکر سفید ملا کر مزید پکائیں۔ جب قوام درست ہو جائے تو اس کو آگ سے نیچے اتار لیں اور نطرون بجاوی عرق گاؤزبان میں حل کر کے اس میں شامل کر دیں ٹھنڈا ہونے پر شیشے کے برتن میں محفوظ رکھیں یا بوتلوں میں بھر لیں۔

مقدار: ۱۰ تا ۲۵ ملی لیٹر رب چاٹیں یا ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: رُب انار ترش مقوی معدہ و مقوی قلب ہے معدے کو طاقت دیتا ہے، جوش کو دور کرتا ہے صفراوی دستوں، متلی اور قے کو روکتا ہے، پیاس کو تسکین دیتا ہے۔

رُب انار شیریں دل و دماغ کو قوت دیتا ہے، مقوی معدہ ہے دل اور جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

رُبِ انگور ترش و شیریں

نسخہ: رُب انگور ترش یا شیریں ۱۰۰۰ ملی لیٹر، شکر سفید ۵۰۰ گرام، نطرون بجاوی ۵ گرام، عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لیٹر بطریقہ معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ تا ۲۵ ملی لیٹر رب چاٹیں یا ۲۵ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: رب انگور ترش گرم مزاج اشخاص کی گرمی کو تسکین دیتا ہے، دل کو فرحت بخشتا ہے، پیاس کو بجھاتا اور

بھوک لگاتا ہے۔ معدے و جگر کو طاقت دیتا ہے۔ قے اور دستوں کو روکتا ہے۔

رُب انگور شیریں دل کو تقویت و فرحت بخشتا ہے۔ جگر کو قوت پہنچاتا ہے اور خون صالح پیدا کرتا ہے۔

رُبِ بہی

نسخہ: آب بہی ۱ لٹر شکر سفید ۳ کلو نطرون بنجاوی ۵ گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لٹر رُب چاٹیں یا ۲۰ ملی لٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل جگر اور معدے کو طاقت دیتا ہے۔ قے اور دستوں کو روکتا ہے۔

رُبِ توت سیاہ

نسخہ: آب توت سیاہ ۱ لٹر شکر سفید ۳ کلو نطرون بنجاوی ۵ گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لٹر رُب چاٹیں یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: حلق کے درد کو دور کرتا ہے۔ بیٹھی ہوئی آواز کو کھولتا ہے۔

رُبِ جامن

نسخہ: آب جامن ۱ لٹر شکر سفید ۳ کلو نطرون بنجاوی ۵ گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ ملی لٹر صبح شام پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: معدے اور جگر کو طاقت دیتا، دست روکتا اور گرمی کو دفع کرتا ہے۔

رُبِ سیب شیریں

نسخہ: آب سیب شیریں ۱ لٹر شکر سفید ۳ کلو نطرون بنجاوی ۵ گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لٹر رُب چاٹیں یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے اور معدے کو قوت دیتا ہے۔

رُوحیں

روح سے کسی چیز کا گاڑھا کشید کردہ تیز عرق مراد ہے۔ روحیں عرقیات کے بجائے تھوڑی مقدار میں استعمال کی جاتی ہیں۔

روحِ اجوائن

نسخہ: اجوائن دیسی ۵۰۰ گرام پانی ۳ لٹر۔

ترکیب: اجوائن دیسی آدھی مقدار میں سے کر رات کے وقت ۳ لٹر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کو دیگ بھبکے کے ذریعے ۵ لٹر عرق کشید کریں۔ اس کے بعد دیگ میں جو کچھ اجزاء باقی رہے اس میں باقی اجوائن اور کشید کردہ عرق ملا کر دوبارہ ۲ لٹر عرق کشید کریں۔ بس یہی روح اجوائن ہے۔ بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: روح اجوائن ۵ تا ۱۰ ملی لٹر تنہا یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: یہ روح عرق اجوائن کے بجائے مستعمل ہے۔ جنسی بخاروں کو دور کرتی ہے۔ بھوک لگاتی اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔

روح الائچی

نسخہ: الائچی خورد ۵۰ گرام الائچی کلاں ۲۵۰ گرام۔ پانی ۱۱ لیٹر

ترکیب: الائچی خورد و کلاں کو نیم کوب کرکے آدھی الائچیوں کو ۱۰ لیٹر پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح کو دیگ بھبکہ کے ذریعہ ۵ لیٹر عرق کشید کریں۔ اس کے بعد دیگ میں جو پھوک اور پانی باقی رہ جائے اس میں باقی الائچیاں اور دو کشید شدہ عرق ملا کر دوبارہ ۲ لیٹر عرق کشید کریں جس میں روح الائچی ہے۔ بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر یہ روح تنہا یا ۱۰۰ ملی لیٹر سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: روح الائچی کو عرق الائچی کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔ دل کو قوت و فرحت بخشتی ہے۔ بھوک لگاتی اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔

روح بادیان

نسخہ: بادیان ۵۰۰ گرام پانی ۱۰ لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر یہ روح تنہا یا سادہ پانی ۱۰۰ ملی لیٹر پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: روح بادیان کو عرق بادیان کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ جگر، معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں مستعمل ہے۔

روح بید مشک

نسخہ: گل بید مشک ۱ کلو پانی ۱۰ لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

فوائد: یہ روح بید مشک کے بجائے مستعمل ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتی اور فرحت بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والے درد سر میں مفید ہے۔ پیاس کو تسکین دیتی ہے۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر یہ روح تنہا ۱۰۰ ملی لیٹر سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

روح پودینہ

نسخہ: پودینہ تازہ ۱ کلو ۵۰۰ گرام پانی ۱۰ لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۱۰ ملی لیٹر یہ روح پودینہ تنہا یا سادہ پانی ۱۰۰ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: یہ عرق پودینہ کے بجائے استعمال کی جاتی ہے۔ ہیضہ میں مفید ہے۔ متلی اور قے کو روکتی ہے۔

روح کیوڑہ

نسخہ: گل کیوڑہ تازہ (کیوڑے کی بالیں) ۵۰ عدد پانی ۵ لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: روح کیوڑہ ۱۰ ملی لیٹر پانی ۵۰ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: یہ روح کیوڑہ عرق کیوڑہ کے بجائے استعمال کی جاتی ہے۔ دل کو قوت و فرحت بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے۔ پیاس کو بجھاتی ہے۔

روح گاؤزباں

نسخہ: گاؤزبان ۲۰۰ گرام، پانی ۱۲ لٹر، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ روح سادہ پانی ۳۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: روح گاؤزبان کو عرق گاؤزبان کے بجائے استعمال کیا جاتا ہے۔ یہ دل کو قوت و فرحت بخشتی ہے اور پیاس کو بجھاتی ہے۔

روح گلاب

نسخہ: گلاب کے تازہ پھول ۱۲ کلو، پانی ۱۲ لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ ملی لٹر یہ روح سادہ پانی ۵۰ ملی لٹر میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد: یہ روح عرق گلاب کے بجائے استعمال کی جاتی ہے۔ دل و دماغ کو قوت اور فرحت بخشتی ہے۔ معدہ و جگر کو طاقت دیتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ میں مفید ہے۔ پیاس کو بجھاتی ہے۔

روح مکوہ

نسخہ: مکوہ خشک ۴۰۰ گرام، پانی ۱۰ لٹر، بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ روح سادہ پانی ۵۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: یہ روح عرق مکوہ کے بجائے استعمال کی جاتی ہے اور امراض جگر میں مفید ہے۔ اندرونی اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرتی ہے۔

روغن آملہ خاص

نسخہ: بالچھڑ ۵۰ گرام، زرنباد ۵۰ گرام، کرنجوہ، کچری، گوئی بوٹی ۵۰ گرام، آملہ سبز ۵۰۰ گرام، بھنگرہ سبز ۵۰۰ گرام، مہندی کے پتے سبز ۵۰۰ گرام، تلوں کا تیل ۲.۵ لٹر (۲۵۰۰ ملی لٹر)، سبز رنگ ۵۰ ملی گرام، جوشینہ آملہ ۱۲ ملی لٹر۔

ترکیب: آملہ سبز، بھنگرہ سبز اور مہندی کے پتوں کو الگ الگ کوٹ کر ان کا پانی نچوڑ لیں اور ایک ساتھ ملا لیں۔ پھر اس میں اتنا ہی سادہ پانی شامل کریں۔ اس کے بعد اس میں بالچھڑ اور زرنباد کو ڈال کر رات کے وقت رکھ چھوڑیں۔ صبح کو ہلکی آنچ پر پکائیں یہاں تک کہ پانی نصف رہ جائے۔ اب آگ سے نیچے اتار کر کپڑے میں چھان لیں۔ اس کے بعد تلوں کا تیل ۲.۵ لٹر ملا کر آگ پر خوب گرم کریں اور اس میں چھنا ہوا پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر دوبارہ پکائیں تاآنکہ پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے تو آگ سے اتار لیں اور پھر رکھ چھوڑیں۔ اس کے بعد تیل کو دوسرے برتن میں نتھار لیں تاکہ تلچھٹ تہ میں رہ جائے۔ اب اس میں باقی ۵۰۰ ملی لٹر تلوں کا تیل بھی ملا دیں۔

اب اس میں سے تھوڑا تیل لے کر آگ پر گرم کریں اور اس میں سبز روغنی رنگ ڈال کر اچھی طرح ملائیں۔ اس کے بعد ٹھنڈا ہونے پر خوشبو ملائیں اور شیشے کے مرتبان میں ڈال کر اچھی طرح منہ بند کر کے رکھیں۔

استعمال: روزانہ سر میں لگائیں۔

فوائد: بالوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور ان کو گرنے سے محفوظ رکھتا ہے۔ بالوں کی سیاہی کو قائم رکھتا اور ان کو ملائم اور چمکدار بناتا ہے۔ اس کے استعمال سے سر کی خشکی دور ہو جاتی ہے یہ بالوں کو بڑھانے میں بھی مدد دیتا ہے۔

روغن اجوائن

روغن اجوائن کو اجوائن کے تازہ بیجوں سے بذریعہ عمل کشید حاصل کیا جاتا ہے۔

مقدار: پانچ سے سو قطرے تک عرق اجوائن یا عرق بادیان یا سادہ پانی ۵۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔ اپھارے کی حالت میں پیٹ پر نیم گرم مالش کریں۔

فوائد: پیٹ کے ریحی درد کو دور کرتا ہے۔ اپھارہ و نفخ شکم میں مفید ہے۔ بھوک لگاتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

روغن ارنڈی

نسخہ: ارنڈی کے بیجوں سے کولھو یا مشین کے ذریعہ ضرورت کے مطابق نکالا جاتا ہے۔

مقدار: ۵ سے ۲۰ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک دودھ ۲۵۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا ہے۔ آنتوں سے سدوں کو نکالتا ہے۔ بچوں میں مفید ہے۔

روغن افسنتین

نسخہ: افسنتین ۵۰ گرام، تلوں کا تیل ۲۵۰ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: معدے یا جگر کے مقام پر نیم گرم لگائیں۔ اوپر سے ارنڈ کا پتا اسی تیل سے چپڑ کر گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: معدہ اور جگر کے دردوں کو تحلیل کرتا ہے۔

روغن انف

نسخہ: شمیم ۱۰۰ ملی لٹر، روغن ست پودینہ ۱ ملی لٹر، روغن کافور ۲ ملی لٹر، روغن سفید صندل ۱۰۰ ملی لٹر، روغن معطلہ ۲۰ ملی لٹر، روغنی رنگ حسب ضرورت، بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت یا جب ضرورت ہو اس تیل کے تین چار قطرے دونوں نتھنوں میں خاص طور پر رکاوٹ والے نتھنے میں ڈراپر سے ٹپکائیں۔

فوائد: نزلہ زکام کے لیے مفید ہے۔ زکام میں ناک کی رکاوٹ اور ناک کی غشائے مخاطی کے ورم کو دور کرتا ہے۔

روغن اوجاع خاص

نسخہ: روغن گل ۲۰۰ ملی لٹر، روغن مالکنگنی ۱۰۰ ملی لٹر، روغن خشب صنعانی ۵۰ ملی لٹر تینوں کو ملا کر شیشی میں رکھیں۔

استعمال: درد کے مقام پر اس سے مالش کریں اور پھر روئی گرم

کر کے باندھیں۔

فوائد: ہر قسم کے سوجن اور عضلی درد اس روغن کی مالش سے دور ہو جاتے ہیں۔ تمام ورمی دردوں میں مفید ہے۔

روغنِ بابونہ

نسخہ: گل بابونہ ۵۰ گرام روغنِ کنجد (تلوں کا تیل) ۲۵۰ ملی لیٹر

ترکیب: تلوں کے تیل کو گرم کریں اور ایک چینی میں گل بابونہ ڈال کر اس پر تیل گرم گرم ڈال کر پندرہ دن تک دھوپ میں رکھیں اس کے بعد گل بابونہ کو اچھی طرح نچوڑ کر تیل کو دوسرے برتن میں چھان لیں اور شیشے کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: نیم گرم مالش کریں یا پیپ روئی یا اون گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ دردوں کو تسکین دیتا ہے۔

روغنِ بادام تلخ

نسخہ: مغز بادام تلخ حسب ضرورت لے کر مشین میں تیل نکالیں۔

استعمال: روئی کا پھویہ تیل میں تر کریں اور گرم کر کے چند نیم گرم قطرے کان میں ٹپکائیں۔

فوائد: کان کے درد کو تسکین دیتا ہے اور بہرے پن میں مفید ہے۔

روغنِ بادام شیریں

نسخہ: مغز بادام شیریں لے کر حسب ضرورت مشین سے تیل نکالیں۔

استعمال: قبض رفع کرنے کے لیے ۵ ملی لیٹر سے ۱۰ ملی لیٹر تک دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔ دماغ کی خشکی کو دور کرنے کے لیے سر پر لگائیں اور ناک کان میں ٹپکائیں۔

فوائد: آنتوں کی خشکی سے قبض رہتا ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ دماغ اور اعصاب میں تسکین پیدا کر کے نیند لاتا ہے۔ بدن میں طاقت اور حرارت پیدا کرتا ہے۔ دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے۔

روغنِ بادیان

نسخہ: عرق بادیان خشک مرغوب سے عمل کشید کے ذریعہ روغن بادیان حاصل کیا جاتا ہے۔

مقدار: ۲ قطرے سے ۵ قطرے تک یہ روغن قند یا پانی یا عرق کی شکر میں ملا کر استعمال کریں۔

فوائد: معدہ اور آنتوں کی بیماریوں میں مفید ہے بھوک لگاتا اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔

روغنِ برص جدید

نسخہ: بابچی نیم کوفتہ ۵۰ گرام، بیکچی سیاہ ۲۵۰ گرام، ہڑتال ورقیہ ۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: برص کے داغوں پر لگائیں۔

فوائد: بدن کے سفید داغوں (پھلبہری) کو صحیح حالت میں لاتا ہے۔

روغن بلسان

روغن بلسان یورپی ممالک سے آتا ہے اور یہ چند قسم کے درختوں سے خود بخود نکلتا ہے یا ان کے تنوں میں شگاف دے کر نکالا جاتا ہے۔

مقدار: سوزاک کے مرض میں ۵ قطرے بتاشہ پر ڈال کر کھائیں، اوپر سے دودھ پئیں۔ تقویت اعصاب اور تسکین درد کے لیے نیم گرم مالش کریں۔ خون کو بند کرنے اور زخموں کو اچھا کرنے کے لیے صاف روئی اس روغن میں تر کر کے زخم پر رکھیں۔

فوائد: سوزاک کے لیے مفید ہے۔ مالش کرنے سے اعصاب کو طاقت دیتا اور دردوں کو تسکین بخشتا ہے۔ تازہ زخموں سے خون نکلنے کو روکتا ہے اور ان کو جلد خشک کر دیتا ہے۔

روغن بنفشہ

نسخہ: گل بنفشہ ۱۰ گرام، تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب: گل بنفشہ کو ایک مرتبان میں ڈال کر اوپر سے تلوں کا تیل گرم کر کے ڈالیں اور چند روز تک دھوپ میں رکھا چھوڑ دیں۔ اس کے بعد گل بنفشہ کو اچھی طرح تیل سے نچوڑیں اور تیل کو چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: سر پر مالش کریں، پیشانی پر لگائیں۔

فوائد: دماغ کی خشکی کو دور کرتا اور نیند لاتا ہے، درد سر میں مفید ہے۔

روغن بیضہ مرغ

نسخہ: بیضہ مرغ (مرغی کے انڈے) ۱۰ عدد، صرف زردی لیں۔
نسخہ: بیضہ مرغ (مرغی کے انڈے)، تلوں کا تیل ۱۰۰ ملی لیٹر۔
بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: مالش کریں۔

فوائد: جن بچوں کے بال نہ نکلتے ہوں روغن بیضہ کی لگاتار مالش کرنے سے بال نکل آتے ہیں۔ بالوں کو بڑھاتا، وقت سے پہلے سفید ہونے سے روکتا ہے۔ بطور طلاء استعمال کرنے سے مقامی اعصاب میں تحریک پیدا کر کے قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

روغن پستہ

ترکیب: مغز پستہ ضرورت کے مطابق لے کر مشین یا کولھو کے ذریعہ تیل نکالیں۔

استعمال: ۵ ملی لیٹر روغن دودھ میں ملا کر پئیں یا دو تین قطرے ناک میں سعوط کریں۔

فوائد: مقوی جسم اور مقوی باہ ہے۔

روغن پنبہ دانہ

ترکیب: بنولے ضرورت کے مطابق لے کر مشین کے ذریعہ ان کا تیل نکالیں۔

مقدار: ۵ ملی لیٹر (ایک چمچہ) یہ تیل دودھ میں ملا کر پئیں۔

فوائد: مقوی جسم و مقوی باہ ہے۔

روغن تُرب

نسخہ: مولی تازہ معہ برگ ۵ کلو، تلوں کا تیل آدھا کلو

ترکیب: مولیوں کو پتوں سمیت کوٹ کر ان کا پانی نچوڑیں۔ تلوں کا تیل آگ پر گرم کریں اور یہ پانی تھوڑا تھوڑا کر کے تیل دو تین بار اس میں ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں یہاں تک کہ پانی اُڑ جائے اور صرف تیل رہ جائے۔ ٹھنڈا ہونے پر نتھار کر بوتل وغیرہ میں بھر کر رکھیں۔

استعمال: اس تیل میں ذرا سی روئی بھگو کر گرم کریں اور کان میں دو تین قطرے نیم گرم ٹپکائیں۔

فوائد: کان کے درد کو دور کرتا ہے۔

روغن جمالگوٹہ

نسخہ: جمالگوٹہ تازہ ۵ کلو، چھلے بادام ۵ کلو

ترکیب: دونوں کو ملا کر کولہو مشین میں تیل نکالیں۔

مقدار: اس تیل کا ایک قطرہ بتاشہ پر ڈال کر یا خمیرہ گاؤزبان ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: دست لاتا ہے۔

روغن حنا

نسخہ: مہندی کے سبز پتے ۱ کلو، تلوں کا تیل آدھا کلو

ترکیب: مہندی کے سبز پتوں کو کوٹ کر ان کا پانی نچوڑیں اور تلوں کا تیل آگ پر رکھ کر خوب گرم کریں۔ پھر اس میں یہ پانی تھوڑا تھوڑا دو تین بار ڈال کر ہلکی آنچ پر پکائیں یہاں تک کہ پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے۔ آگ سے اتار کر ٹھنڈا کر کے نتھار لیں اور بوتل میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: نیم گرم کی مالش کی جاتی ہے۔

فوائد: بلغمی اور ریحی امراض مثلاً فالج لقوہ اور گٹھیا وغیرہ میں مفید ہے۔

روغن خشخاش

نسخہ: تخم خشخاش کو تیل مشین یا کولہو سے سرسوں کے تیل کی طرح نکالیں۔

استعمال: سر اور پیشانی پر لگائیں۔ ناک کان میں ٹپکائیں۔

فوائد: نیند لاتا ہے اور گرمی سے ہونے والے درد سر کو دور کرتا ہے۔

روغن دارچینی

ترکیب: یہ روغن درخت دارچینی کی شاخوں اور پتوں سے بذریعہ عمل کشید حاصل کیا جاتا ہے۔

مقدار: دستوں اور ہیضہ میں ۱ قطرہ سے ۲ قطرے تک یہ روغن کسی ۲ گرام کے سفوف میں ملا کر دیں۔ داڑھ کے درد میں پھریری سے لگائیں۔ بھڑ، بچھو وغیرہ کے کاٹے پر لگائیں۔

فوائد: دستوں اور ہیضہ میں مفید ہے۔ داڑھ کے درد، بھڑ، بچھو وغیرہ کے کاٹے میں استعمال کیا جاتا ہے اور سوزش کو تسکین دیتا ہے۔

روغن دھتورہ

نسخہ: تخم دھتورہ سیاہ ۱۰۰ گرام تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لٹر بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: مقام ماؤف پر مالش کریں۔

فوائد: فالج و لقوہ، رعشہ اور گنٹھیا میں مفید ہے۔

روغن زفت

نسخہ: زفت رومی ۱۰۰ گرام تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: نیم گرم مالش کریں۔

فوائد: اعصاب (پٹھے) کو طاقت دیتا ہے۔ مقامی دوران خون کو تیز کرتا ہے۔

روغن زیتون

ترکیب: زیتون کے پکے ہوئے تازہ خشک پھلوں سے مشین میں دبا کر نکالا جاتا ہے۔

استعمال: ۱۰ ملی لٹر نیم گرم دودھ ۲۵۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔ بدن اور چہرے کی جلد کو ملائم رکھنے کے لیے مالش کریں۔ فالج اور مفاصل (جوڑوں) کا سخت ہو جانا، میں مالش کریں۔ اور روئی گرم کر کے باندھیں۔ جھیل کے داغوں پر لگائیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا ہے پیٹ کی چربی اس کے لگاتار استعمال کرنے سے خارج ہو جاتی ہے مالش کرنے سے اعصاب کو تقویت حاصل ہوتی ہے اور سخت جوڑ نرم ہو جاتے ہیں۔ جلد کی خشکی اور جھیل کے داغوں کے لیے مفید ہے۔

روغن سرخ

نسخہ: اشقہ رتن جوت ۱۵ گرام برادہ صندل سرخ ۲۰ گرام حب العروس رنگین ۲۰ گرام دار ہلد نیم کوفتہ ۲۰ گرام ہلدی ۲۰ گرام زنجبیل نیم کوفتہ ۲۰ گرام جلدی نیم کوفتہ ۲۰ گرام برگ آک تازہ ۱۰۰ گرام لہسن ۴۰ گرام روغن سرسوں ۵۰۰ ملی لٹر روغن رائی ۵۰ ملی لٹر روغن دار چینی ۵ ملی لٹر روغن لونگ ۵ ملی لٹر روغن خشب صندل ۱۰ گرام سرخ روغنی رنگ ۱ گرام۔

ترکیب: پہلی سات دواؤں کو رات کے وقت دو گنے پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کو جوش دیں یہاں تک کہ پانی آدھا رہ جائے اب آگ سے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر مل کر چھان لیں۔ اس کے بعد آک کے تازہ پتوں اور لہسن کو کوٹ کر ان کا پانی نچوڑیں اور یہ پانی دواؤں کے جوشاندے کے پانی میں ملائیں۔ سرسوں کا تیل چھیلے میں ڈال کر آگ پر خوب گرم کریں اور اس میں تھوڑا تھوڑا یہ پانی ڈال کر آگ پر جلائیں۔ یہاں تک کہ پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے اب آگ سے اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر باقی روغن ملائیں۔ آخر میں تھوڑا سا تیل الگ برتن میں لے کر آگ پر گرم کریں اور اس میں سرخ روغنی رنگ حل کریں۔ پھر اس کو سارے تیل میں ملائیں اور شیشے کی بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، تشنج، عرق النساء، نقرس اور کمر کے درد میں مفید ہے۔ چوٹ کے درد کو مفید ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

روغن سنترہ

ترکیب: یہ تیل نارنگی کے تازہ چھلکوں سے پانی کے ساتھ کشید کرنے سے حاصل ہوتا ہے۔

استعمال: ناریل یا دوسرے کسی تیل میں ملا کر بالوں میں لگایا جاتا ہے۔

فوائد: اس کی خوشبو دماغ کو طاقت اور فرحت بخشتی ہے۔ اس کے لگانے سے بال مضبوط، ملائم اور چمکدار ہو جاتے ہیں۔

روغن سورنجان

نسخہ: تخم کرفس ۱۰ گرام، چھائیہ شیریں ۔۔ گرام، سورنجان تلخ ہم وزن، ۱۰ گرام تلوں کا تیل ۱۰۰، ۔۔ ملی لیٹر بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: درد کی جگہ نیم گرم مالش کر کے روئی گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: وجع المفاصل، رینگھیا، نقرس اور درد کمر کے لیے مفید ہے۔

روغن چاربرگ

نسخہ: برگ حنظل، برگ دھتورہ، برگ آک، برگ بید انجیر، برگ سنبھالو دو دو تولہ پیس کر ۲۰ تولہ روغن کنجد میں ملا کر آگ پر جلائیں۔ جب پتوں کا پانی خشک ہو جائے تو اتار لیں۔

فوائد: وجع المفاصل اور درد گردہ و جماع کے لیے مفید ہے۔ مالش عضو ماؤف پر کریں۔

روغن زعفران یا روغن خلوق

نسخہ: زعفران، کالی زیری، ہیرا کسیس ہر ایک ۲ تولہ، دو تولہ چار ماشہ، ساڑھے پانچ ماشہ، مرکی ہر ایک دو ماشہ۔ سب اجزاء کو مطابق کر کے بغیر مرکی کے سرکہ میں پانچ روز بھگو رکھیں۔ پھر روغن زیتون ۴۰ تولہ آگ پر رکھ کر مرکی اس میں ڈالیں جب حل ہو جائے بھیگی ہوئی نسخہ چھان کر ڈال دیں اور جوش دیتے رہیں۔ جب تیل رہ جائے اتار لیں۔

فوائد: اعصاب کو نرم کرتا۔ تشنج زائل کرتا۔ رحم اور معدے کی سختی اور درد کو مفید ہے۔ بے خوابی دور کرتا ہے۔ رنگ نکھارتا اور صلبی اورام کو تحلیل کرتا ہے۔

روغن خبطیانا

نسخہ: مرزنجوش، ناگرموتھ، تج، پوست بیخ کبر ایک ایک حصہ، خبطیانا دو حصہ، روغن بادام یا روغن زیتون آدھ سیر۔

ترکیب: دواؤں کو کوٹ کر ایک برتن میں ڈالیں اور اوپر روغن ڈال کر دس روز تک دھوپ میں رکھیں۔

فوائد: فالج، رعشہ، ارتعاش، خشکی پشت وغیرہ میں مفید ہے۔

روغن اکلیل الملک

ترکیب: آب اکلیل الملک ۱ حصہ روغن کنجد یا زیتون ۱ حصہ دونوں کو ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل رہ جائے اتار کر استعمال کریں۔

فوائد: درد سر اور چوٹ لگنے کے مقام پر مالش کرنے سے فائدہ ہوتا ہے۔

روغن بلادر

ترکیب: بالچھڑ، الائچی خورد، مرچ سیاہ ۱۰۰ گرام، تیزپات، رائی، بیل، پیپل، بھلاوہ، ایلوا، ماہیان، قسط تلخ، بادیان، زنجبیل، تخم حنظل ہر ایک پانچ تولہ ساڑھے سات لٹر سب کو جو کوب کرکے ایک دن پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو ۶۰ تولہ روغن کنجد شامل کریں۔ جب صرف تیل رہ جائے تو اتار شیشیوں میں محفوظ کریں۔

فوائد: فالج، استرخاء اور ریاحی امراض میں مفید ہے۔

روغن محذر

ترکیب: اجوائن خراسانی ۱۰ ماشہ، افیون ۱۰ ماشہ، برگ بھنگ ۳ ماشہ تینوں کو پیس کر روغن خشخاش میں اچھی طرح حل کریں۔ اگر جوش دیں تو بہتر ہوگا۔ بوقت ضرورت مالش کریں۔

فوائد: عضو کو بے حس کرکے درد کو دور کرتا ہے۔

روغن سیر

نسخہ: برگ سداب ۵ گرام، عاقرقرحا ۵ گرام، فرفیون ۵ گرام، فلفل سیاہ ۵ گرام، لہسن ۱۰۰ گرام، تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

فوائد: فالج و لقوہ، گنٹھیا، عرق النساء اور درد کمر میں مفید ہے۔

استعمال: نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کرکے باندھیں۔

روغن شفاء

نسخہ: تخم سنبل ۵۰ گرام، کلونجی ۱۰۰ گرام، تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لیٹر بطریق معروف کریں۔

استعمال: عضو ماؤف پر نیم گرم مالش کریں۔

فوائد: فالج و لقوہ، اوجاع مفاصل، گنٹھیا، عرق النساء اور درد کمر کے لیے مفید ہے۔ اور ہاتھ پیر سنّے کی شکایت کو دور کرتا ہے اور زخم کے درد کو تسکین دیتا ہے۔

روغن صندل

نسخہ: صندل کے درخت کی لکڑی سے تیار کیا جاتا ہے۔

استعمال: ایک ملی لیٹر یہ روغن بتاشہ پر ڈال کر کھائیں اوپر سے دودھ پئیں۔

فوائد: نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے۔ پیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتا ہے اور جلن کو دور کرتا ہے۔

روغن عقرب

نسخہ: زرنیخ زرد ۵ گرام پلپلان سیاہ ۵ گرام ریوند چینی ۵ گرام سعد کوفی زرنباد مقشر ۵ گرام روغن بادام تلخ ۱۲۵ ملی لٹر، بطریق معروف روغن تیار کریں۔

استعمال: بواسیری مسوں پر پھریری سے لگائیں۔

فوائد: یہ روغن بواسیری مسوں کو خشک کر کے گرا دیتا ہے

روغن قرطم

نسخہ: حب قرطم (کڑ کے بیج) حسب ضرورت لے کر شکنجے کے ذریعہ تیل نکالیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا ہے فالج، لقوہ، گنٹھیا، عرق النسا اور کمر کے درد کے لیے مفید ہے۔

استعمال: قبض کو دور کرنے کے لیے ۱۰ ملی لٹر یہ روغن ۲۵۰ ملی لٹر دودھ میں ڈال کر رات کو سوتے وقت پئیں۔ دردوں کو دور کرنے کے لیے نیم گرم مالش کریں۔

روغن قسط

نسخہ: عاقرقرحا ۲۵ گرام فلفل سیاہ ۲۵ گرام قسط تلخ (کٹھ) ، کوٹ کر ۱۰۰ گرام روغن کنجد (تلوں کا تیل) ۵۰۰ ملی لٹر قرنفل ۲۵ گرام جند بیدستر ۵ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت نیم گرم مالش کریں اور پر روئی گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، رعشہ اور تشنج میں مفید ہے گنٹھیا میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

روغن قوبا

نسخہ: روغن کمیلہ ۵۰ ملی لٹر روغن نیم ۵۰ ملی لٹر [illegible] ۲۰ ملی لٹر تینوں کو ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: داد کو کپڑے سے رگڑ کر پھریری سے یہ تیل لگائیں۔

فوائد: داد کے لیے مفید ہے۔

روغن کافور

نسخہ: کافور ۱۰ گرام مونگ پھلی کا تیل ۴۰ ملی لٹر۔

ترکیب: کافور کو ریزہ ریزہ کر کے ایک شیشی میں ڈالیں پھر اس میں مونگ پھلی کا تیل ڈال کر مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھ چھوڑیں۔ کافور تیل میں حل ہو جائے گا یہی روغن کافور ہے۔ ٹھنڈی جگہ پر رکھیں۔

استعمال: روئی کی پھریری سے تکلیف کی جگہ پر لگائیں۔

فوائد: خارش اور جلن کو دور کرتا ہے۔ دافع تعفن ہے۔

روغن کاہو

نسخہ: تخم کاہو بقدر ضرورت لے کر شکنجے کے ذریعہ تیل نکالیں۔

استعمال: سر پر لگائیں ناک اور کان میں ٹپکائیں۔

فوائد: گرمی کے درد سر کو تسکین دیتا ہے۔ دماغ کی خشکی کو دور کرتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔

روغن کچلہ

نسخہ: کچلہ ۵۰ گرام، تلوں کا تیل ۲۵۰ ملی لیٹر، افیون ۵ گرام، تھوہر کا دودھ ۱۰۰ ملی لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: نیم گرم مالش کریں اور پھر روئی گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: وجع المفاصل، گٹھیا، نقرس اور عرق النسا میں مالش کرنے سے درد کو تسکین دیتا ہے۔

روغن کدو

نسخہ: مغز کدو تازہ حسب ضرورت لے کر مشین کے ذریعہ تیل نکالیں۔

استعمال: سر پر مالش کریں، ناک اور کان میں ٹپکائیں۔

فوائد: گرمی سے پیدا ہونے والے درد سر کو تسکین دیتا ہے، دماغ کو قوت دیتا ہے اور دماغ کی خشکی کو دور کر کے نیند لاتا ہے۔

روغن کشنیز

نسخہ: دھنیا خشک ۵ کلو، تل سفید ۵ کلو۔ دونوں چیزوں سے کولہو کے ذریعہ تیل نکالیں اور بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: سر میں لگائیں۔

فوائد: سر میں لگانے سے دماغ کو طاقت دیتا ہے، نیند لاتا ہے اور بالوں کو مضبوط کرتا ہے۔

روغن کلاں

نسخہ: اجوائن دیسی ۱۰ گرام، اسارون ذرنگی ۲۰ گرام، اشنہ (چھڑیلا) ۱۰ گرام، افسنتین ۱۰ گرام، انیسون ۱۰ گرام، ایرسا ۱۰ گرام، بالچھڑ ۱۰ گرام، بیخ بادیان ۱۰ گرام، بیخ کرفس ۱۰ گرام، پیپل کلاں ۱۰ گرام، تج ۱۰ گرام، تخم کرفس ۲۰ گرام، جاوتری ۱۰ گرام، جاوشیر ۱۰ گرام، چرائتہ تلخ ۱۰ گرام، دارچینی ۱۰ گرام، راسن ۱۰ گرام، زرنباد، کچور کچری ۱۰ گرام، زنجبیل ۱۰ گرام، اسطوخودوس ۱۰ گرام، سکبینج ۱۰ گرام، سعتر ۱۰ گرام، عاقرقرحا ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، قرنفل (لونگ) ۱۰ گرام، قسط تلخ ۱۰ گرام، کبابہ خنداں ۱۰ گرام، کندر ۱۰ گرام، کلونجی ۱۰ گرام، گوگل ۱۰ گرام، مرمکی ۱۰ گرام، مصطگی ۱۰ گرام، مغز تخم ارنڈی ۲۰ گرام، مغز بادام تلخ ۱۰ گرام، نکچھکنی ۱۰ گرام، روغن کنجد (تلوں کا تیل) ۵۰۰ ملی لیٹر، جند بیدستر ۱۰ گرام، جائفل ۱۰ گرام، افیون ۱۰ گرام۔

ترکیب: مصطگی، جند بیدستر، جائفل اور افیون کے سوا باقی دواؤں کو نیم کوب کر کے پانچ گنے پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح کو جوش دیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے تو کپڑے میں چھان لیں اور دواؤں کو اچھی طرح نچوڑ لیں۔ تیل کو پتیلے میں ڈال کر خوب گرم کریں اس کے بعد دواؤں کا پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر پکائیں جب پانی جل جائے تو مصطگی کو روغن میں ڈال دیں اب جند بیدستر جائفل اور افیون کو الگ الگ باریک پیس کر چھان لیں اور اس کو کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا تیل شامل کر کے کھرل کریں۔ اس کے بعد باقی تیل میں ملا دیں۔ بس روغن تیار ہے۔ بوتل میں بھر کر رکھیں۔

استعمال: نیم گرم تیل کی مالش کریں اور بہتر ہے روغن گرم کر کے مالش کریں۔ استعمال سے پہلے شیشی کو ہلا لیں۔

فوائد: فالج، لقوہ اور رعشہ میں مفید ہے۔ وجع المفاصل، دکھنیا، نقرس، عرق النسا، اور کمر کے درد کو تسکین دیتا ہے۔

روغن کمیلہ

نسخہ: برگ نیم خشک ۵۰ گرام، کمیلہ ۱۰ گرام، تلوں کا تیل ۲۰۰ ملی لٹر، بجوں جھاڑی ۵۰ ملی لٹر۔

ترکیب: تیل کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور اس میں نیم کے خشک پتے ڈال کر جلائیں۔ اس کے بعد کمیلہ ڈال کر الگ کر کے جلائیں اور فوراً آگ سے اتار لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر کپڑے میں چھان کر بجوں جھاڑی ملا کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: زخموں پر لگائیں۔ خارش میں مالش کریں۔

فوائد: زخموں کو خشک کرتا ہے۔ خارش کو دور کرتا ہے۔

روغن گل

نسخہ: سرخ گلاب کی پنکھڑیاں ۲۰۰ گرام، تلوں کا تیل ۱ لٹر ۵۰۰ ملی لٹر۔

ترکیب: سرخ گلاب کی پنکھڑیوں کو تلوں کے تیل کے ساتھ شیشے کے مرتبان میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ پندرہ دن کے بعد چھان کر شیشے کی بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: سرسام کے شروع میں روغن گل، عرق گلاب اور سرکہ ملا کر اس میں کپڑے کی گدی تر کر کے سر پر رکھیں۔ درد سر اور دوسرے اعضاء کے درد کو تسکین دیتے کے لیے مالش کریں۔ قبض کو دور کرنے کے لیے یہ روغن دودھ میں ملا کر پئیں۔

فوائد: سرسام میں مفید ہے۔ دماغ کو بخارات سے محفوظ رکھتا ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا اور درد کو تسکین دیتا ہے۔ گرمی سے پیدا ہونے والے درد سر کے لیے مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

روغن گل آک

نسخہ: زنجبیل (سونٹھ) ۱۰۰ گرام، سورنجان تلخ ۱۰۰ گرام، گل آک تازہ ۲۰۰ گرام، تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لٹر۔ بطریق حرارت تیار کریں۔

استعمال: نیم گرم مالش کر کے اوپر روئی گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: وجع المفاصل، دکھنیا، نقرس، عرق النسا، کمر اور پنڈلیوں کے درد کو دور کرتا ہے۔

روغن لبوب سبعہ

نسخہ: تل سفید مقشر ۱ کلو، مغز تخم خشخاش سفید ۱ کلو، مغز تخم کاہو ۱ کلو، مغز بادام شیریں، مغز پستہ ۱ کلو، مغز تخم تربوز، مغز تخم کدو شیریں ۱ کلو۔ تمام چیزوں کو ملا کر مشین کے ذریعہ تیل نکالیں۔

استعمال: سر پر آہستہ آہستہ مالش کر کے جذب کریں۔ ناک کے زخم کے لیے ناک میں ٹپکا لیں۔

فوائد: دماغ کی خشکی کو دور کرتا اور اس کو قوت دیتا ہے۔ نیند لاتا ہے۔ بے خوابی میں بہت مفید ہے۔ ناک کے زخم کو اچھا کرتا ہے۔

روغن لونگ

ترکیب: یہ روغن لونگوں سے بذریعہ عمل کشید حاصل کیا جاتا ہے۔

استعمال: روغن لونگ کو داخلی طور پر معدے کی تقویت اور اخراج ریاح کے لیے ۲ قطرہ سے ۵ قطرے تک عرق اجوائن یا عرق الائچی ۱۰ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔ خارجی طور پر درد کی جگہ پر مالش کریں۔

فوائد: مقوی معدہ ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔ دردوں کو تسکین دیتا ہے۔

روغن مالکنگنی

نسخہ: مالکنگنی ۵ کلو کچلہ ۱ ۱/۲ کلو۔

ترکیب: مالکنگنی اور کچلہ کو ملا کر مشین یا کولہو کے ذریعہ تیل نکالیں۔

استعمال: نیم گرم مالش کریں اور اوپر سے روئی گرم کر کے باندھیں۔

فوائد: فالج، لقوہ، وجع مفاصل، نقرس، عرق النساء اور درد کمر میں اس کی مالش مفید ہے۔

روغن ماہی

ترکیب: یہ تیل تازہ کاڈ مچھلی کے جگر کو بھاپ کے ذریعہ پگھلانے سے حاصل ہوتا ہے۔ اسے ہی انگریزی میں کاڈ لیور آئل کہا جاتا ہے۔

مقدار: ۴ ملی لٹر سے ۱۰ ملی لٹر تک دودھ میں ملا کر پئیں۔ خارجی طور پر دوسرے تیلوں کی مانند بدن پر مالش کریں۔

فوائد: زود ہضم ہے۔ قوت اور حرارت پیدا کرتا ہے۔ خون کی پیدائش کو بڑھاتا، جسم کو فربہ کرتا اور وزن بڑھاتا ہے۔ مرض سل میں نیز بچوں کے مرض دق الاطفال (سوکھا) میں اس کے داخلی اور خارجی استعمال سے بہت فائدہ پہنچتا ہے۔

روغن مصطگی

نسخہ: مصطگی ۵۰ گرام تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لٹر۔

ترکیب: مصطگی اور تلوں کے تیل کو ایک پتیلی میں ڈال کر ہلکی آنچ پر رکھیں۔ یہاں تک کہ مصطگی تیل میں حل ہو جائے۔ بس روغن مصطگی تیار ہے۔ شیشے کی بوتل میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: نیم گرم مالش کریں۔

فوائد: جگر کی سختی اور عضلات شکم کی سختی کو دور کرتا ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔

روغن موم

نسخہ: موم دیسی، الکوحل کا کوئلہ ۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: نمونیا، ذات الجنب اور وجع مفاصل (گنٹھیا) میں نیم گرم تیل کی مالش کریں۔ جلے ہوئے مقام پر روئی کی پھریری سے لگائیں۔ درد قولنج میں تین چار قطرے یہ تیل بتاشہ پر ڈال کر کھائیں۔

فوائد: دردوں کو تسکین دیتا ہے۔ نمونیا، ذات الجنب اور وجع مفاصل میں استعمال کیا جاتا ہے۔ آگ سے جل

جلنے کی صورت میں لگانے سے جلن کو دور کرتا ہے
درد قولنج میں اندرونی طور پر استعمال کرنے سے درد کو
تسکین دیتا ہے۔

روغن نرگس

نسخہ: پیاز نرگس ۱۰۰ گرام تلوں کا تیل ۵۰۰ ملی لیٹر بطریق
معروف تیار کریں۔
استعمال: نیم گرم سے مالش کریں۔ اوپر روئی گرم کرکے
باندھیں۔
فوائد: فالج و لقوہ، وجع مفاصل، رنگنگیا، وغیرہ بلغمی و
ریحی امراض میں مفید ہے۔

روغن نیم

نسخہ: نیم کی نمولیاں حسب ضرورت۔
ترکیب: نیم کی نمولیاں حسب ضرورت لے کر خشک کریں۔
ان کا مغز نکال کر کولھو میں تیل نکالیں۔
استعمال: جوؤں کو مارنے کے لیے بالوں کی جڑوں میں لگائیں
زخموں پر بھی لگایا جاتا ہے۔
فوائد: سر کی جوؤں کو مارتا ہے گندے زخموں کو اچھا
کرتا ہے۔

سرکہ انگوری

ترکیب: ضرورت کے مطابق انگور لے کر ایک بڑے پتیلے میں ڈالیں اور ہاتھ سے مسل کر اس کا رس نچوڑ کر چھان لیں اور یہ رس ایک مٹکے میں ڈال کر اس کا منہ بند کر کے خشک جگہ پر ایک گڑھا کھود کر اس میں مٹکے کو رکھ کر مٹی بھر دیں۔ صرف گردن خالی رہے۔ تقریباً تین مہینے میں سرکہ تیار ہو جائے گا۔ اس کو چھان کر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: سرکہ انگوری غذا کو ہضم کرتا ہے۔ مختلف دواؤں میں شامل کر کے استعمال کیا جاتا ہے۔

سرکہ جامن

ترکیب: جامنوں کو پتیلے میں مسل کر ان کا پانی نچوڑ کر ایک مٹکے میں بھر کر رکھ چھوڑیں۔ دو تین دن کے بعد یہ پانی پھٹ جائے گا۔ اس میں سے فضلہ (جھاگ) نکال دیں اور مٹکے کو سرکہ انگوری میں بیان کیے ہوئے طریقے کے مطابق زمین میں گاڑ دیں اور تین مہینے کے بعد چھان کر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

فوائد: معدہ، جگر اور تلی کے امراض میں مفید ہے۔ مختلف دواؤں میں ملا کر استعمال کیا جاتا ہے۔

سرکہ دیسی

ترکیب: گنے کا تازہ رس لے کر مٹکے میں بھر کر مذکورہ بالا طریقے سے زمین میں گاڑ دیں اور تین مہینے کے بعد چھان کر بوتلوں میں بھر کر رکھیں۔

سفوفات

سفوفات، سفوف کی جمع ہے اور سفوف اس دوا کو کہتے ہیں جو ایک یا کئی دواؤں کو کوٹ چھان کر یا پیس چھان کر بنائی جاتی ہے۔

سفوف کے دوسرے نام چورن اور پھنکی بھی ہیں لیکن خاص طور پر چورن اس سفوف کو کہتے ہیں جو ہضم غذا کے لیے بنایا جاتا ہے اور اس کا جزو اعظم نمکیات ہوتے ہیں۔

جو سفوف دانتوں کو صاف کرنے کے لیے بنائے جاتے ہیں، وہ منجن (دنتمن) کہلاتے ہیں جو آنکھوں میں لگانے کے لیے باریک کھرل کر کے تیار کیے جاتے ہیں ان کو کحل (سرمہ) کہتے ہیں۔

سفوف اصل السوس

نسخہ: اصل السوس (ملٹھی) ۱۰۰ گرام، تخم سداب ۴۰ گرام، تخم سنبھالو ۴۰ گرام، تخم کاہو مقشر ۵۰ گرام، گل انار ۱۰۰ گرام، گلاب ۱۴۰ گرام۔

ترکیب: تمام دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر سفوف بنائیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح نیم گرم دودھ یا پانی سے کھائیں۔ کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔ مرچیں زیادہ نہ کھائیں۔

فوائد: جریان منی اور جریان مذی و ودی کے لیے مفید ہے۔ مرض سرعت کو دور کرتا اور ذکاوت حس کو دور کرتا ہے۔

سفوف بنفشہ

ترکیب: برگ گل بنفشہ ۵ تولہ نبات سفید ۵ تولہ سفوف تیار کریں۔ ۶ ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک استعمال کریں۔

فوائد: رفع قبض کرتا، بخارات کا مانع اور درد سر کے لئے مفید ہے۔

سفوف سرطان

ترکیب: زعفران ساڑھے تین ماشہ، سرطان بحری سوختہ، صندل سفید ہر ایک ۵ ماشہ، طباشیر ساڑھے دس ماشہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم کدو شیریں، گل ارمنی، گل مختوم، ہر ایک ۷ ماشہ، گل سرخ، تخم خبازی، تخم خرفہ ہر ایک ساڑھے سترہ ماشہ، صمغ عربی، نشاستہ، کتیرا سفید و سیاہ، تخم کاہو مقشر ہر ایک پونے دو تولہ۔ کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار: ۷ ماشہ۔

فوائد: دق و سل کے لئے مفید ہے۔

سفوف انیسون

ترکیب: افتیمون، مصطگی ہر ایک ساڑھے دس ماشہ، کندر ۷ ماشہ، انیسون، بادیان، تخم کرفس ہر ایک ۱۰ ماشہ، سپندان سفید ۲ تولہ ۲ ماشہ، نبات ہم وزن سفوف بنائیں۔

مقدار: ۷ ماشہ

فوائد: ریاح تحلیل کرتا اور معدہ کو غلیظ اخلاط سے پاک کرتا ہے۔

سفوف حبالی

ترکیب: الائچی کلاں، الائچی خورد، کہربا ہم وزن لے کر اس کے ہم وزن شکر سفید ملا کر سفوف بنائیں۔

مقدار: ۷ ماشہ آب تازہ کے ساتھ۔

فوائد: حاملہ عورتوں کو متلی، کوئلہ اور گل وغیرہ چاٹنے کی خواہش کو دور کرتا ہے۔

سفوف لک

ترکیب: لاکھ مغسول، ہلدی ساڑھے چار ماشہ، طباشیر ۷ ماشہ، زعفران ساڑھے تین ماشہ، ریوند چینی ۷ ماشہ، ورق طلا ۵ عدد ملا کر سفوف بنائیں۔

مقدار: ۷ ماشہ ہمراہ شربت بزوری یا آلو بخارا۔

فوائد: درد جگر، یرقان صفراوی اور تپ صفراوی میں مفید ہے۔

سفوف ماسک البول

ترکیب: گلنار، کندر، مازو ہر ایک ۱۰ ماشہ، کتیرا خشک کیے ہوئے، صمغ عربی، گل ارمنی ہر ایک ۳۵ ماشہ، کندر ۲ تولہ ۲ ماشہ، طباشیر ۱ تولہ ۲ ماشہ، کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

مقدار: ۱۰ ماشہ

فوائد: سلسل البول، زیادتی پیشاب و سوزش بول کو مفید ہے۔

سفوف مامیران

ترکیب: ممتع حرفی گیرا، مامیران ہر ایک ۱۰ رتی گلنار ۵ رتی زرشک بیدانہ ۱۰ افیون زرد، دانہ گرد ہر ایک ڈیڑھ ماشہ طباشیر گل حلک ہر ایک ۵ ماشہ مغز تخم خیارین ۱۴ ماشہ تخم خرفہ سیاہ دو ماشہ گل قرشم ۱ ماشہ شکر سفید برابر وزن ادویہ سفوف بنائیں۔

مقدار: ساڑھے چار ماشہ۔

فوائد: سوزاک کے زخموں کو بھرنے کے لیے مفید ہے۔

سفوف الاملاح

نسخہ: جوا کھار ۱۰ گرام نمک لاہوری ۱۰ گرام نمک شیشہ ہوئی کھاری ۱۰ گرام نمک چرچرہ ۱۰ گرام نمک خرفہ ۱۰ گرام کلمی شورہ ۱۰ گرام نوشادر ۳۰ گرام ست اجوائن ۵ گرام روغن بادام ۵ ملی لیٹر۔

ترکیب: پہلے نوشادر کو باریک پیس کر سب دواؤں کو ملا کر کھرل کریں اور چھلنی سے چھان کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۲۵۰ ملی گرام سے ۵۰۰ ملی گرام تک جوارش کمونی ۵ گرام میں ملا کر کھائیں۔ اگر تر ترشی ہو تو دو تین گھونٹ نیم گرم پانی پئیں۔ دیر ہضم بادی غذاؤں سے پرہیز کریں۔

فوائد: غذا کو ہضم کرتا ہے۔ بھوک خوب لگاتا ہے۔ قبض کو رفع کرتا ہے۔ ریاح کی وجہ سے پیٹ میں درد ہو تو اس کو بہت جلد رفع کر دیتا ہے۔

سفوف اندری جلاب

نسخہ: الائچی خورد ۳۰ گرام ریوند چینی ۳۰ گرام زیرہ سفید ۳۰ گرام شورہ قلمی ۳۰ گرام کباب چینی ۳۰ گرام شکر سفید ۱۵۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف دودھ کی لسی سے کھا لیں۔

فوائد: سوزاک میں مفید ہے۔ پیشاب خوب لاتا ہے اور پیشاب کی سوزش کو دور کرتا ہے۔

سفوف برص

نسخہ: انجیر جنگلی (گولری) ۱۰۰ گرام بابچی ۱۰۰ گرام تخم پنواڑ ۱۰۰ گرام چاکسو ۱۰۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف رات کو ۲۵ ملی لیٹر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کو صاف پانی نتھار کر پی لیں اور پھوک کو پیس کر داغوں پر لگائیں۔ غذا میں چپاتی، روغنی گھی سے کھائیں اگر چاہیں تو پھیکا نمک ڈال سکتے ہیں۔

فوائد: برص (پھلبہری) کے لیے مفید ہے۔

سفوف برق

نسخہ: پیپل کلاں ۲۵ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۵ گرام سہاگہ بریاں ۱۰ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۲۵ گرام نمک سیاہ ۱۰ گرام نوشادر ۱۰ گرام بھنگ ۳ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک گرام یہ سفوف صبح و شام کھانا کھانے کے بعد کھائیں یا بوقت ضرورت استعمال کریں۔

فوائد: یہ سفوف غذا کو ہضم کرتا اور بھوک خوب لگاتا ہے۔ پیٹ کے ریاحی درد کو دور کرتا ہے۔ اور ریاح کو خارج کرتا ہے۔ بواسیر ریحی میں مفید ہے۔

سفوف برگ حناوالا

نسخہ: برادہ صندل سرخ ۵۰ گرام برادہ صندل سفید ۵۰ گرام برگ حنا ۵۰ گرام شاہترہ ۵۰ گرام کافور ۵۰ گرام کتھ سفید ۵۰ گرام کیلڑ ۵۰ گرام مردار سنگ ۵۰ گرام۔

ترکیب: کافور اور مردار سنگ کے سوا سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد مردار سنگ کو الگ باریک پیس کر سفوف میں ملائیں۔ کافور کو کھرل میں پیسیں اور تھوڑا تھوڑا سفوف ملاتے اور کھرل کرتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام سفوف یک جان ہو جائے۔ شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ضرورت کے مطابق یہ سفوف لے کر گھی میں ملا کر پھنسیوں پر لگائیں۔

فوائد: پھنسیوں کو پیپ سے صاف کر کے زخموں کو بھرتا ہے۔ برساتی پھنسیوں کے لیے مفید ہے۔

سفوف بیاسہ

نسخہ: پیپل کلاں ۱۵ گرام جاوتری ۱۰ گرام جوا کھار ۱۰ گرام دارچینی ۱۵ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۵ گرام سمندر جھاگ ۱۰ گرام شورہ قلمی ۲۵ گرام۔ فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۱۵ گرام نمک سیاہ ۲۵ گرام نمک شور ۱۰۰ گرام نمک طعام (سانبھر) ۱۰۰ گرام نمک سنچر ۲۵ گرام نوشادر ۲۵ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: دو، دو گرام یہ سفوف کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

فوائد: جگر، معدہ اور آنتوں کے فعل کو درست کرتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا اور بھوک خوب لگاتا ہے۔ بلغم کی پیدائش کو کم کرتا ہے۔

سفوف چٹکی

نسخہ: اصل السوس (ملٹھی) ۵۰ گرام الائچی خورد ۵۰ گرام انیسون ۵۰ گرام اجوائن ۵۰ گرام بادرنگ ۵۰ گرام بادنجبہ ۵۰ گرام پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام چاکسو ۵۰ گرام زیرہ سفید ۵۰ گرام زیرہ سیاہ ۵۰ گرام سونف خوردنی ۵۰ گرام سہاگہ بریاں ۵۰ گرام گل سرخ ۵۰ گرام گلو خشک ۵۰ گرام نمک سانبھر ۵۰ گرام نمک سیاہ ۵۰ گرام نرکچور ۵۰ گرام نمک منقاری ۵۰ گرام ہلیلہ سیاہ ۵۰ گرام۔

ترکیب: سونف خوردنی کے سوا تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد سونف خوردنی کو الگ چھان کر دواؤں کے سفوف میں اچھی طرح ملائیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵۰۰ ملی گرام سے ۱ گرام تک بچوں کو کھلائیں۔

فوائد: یہ سفوف بچوں کے اکثر امراض میں مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا اور قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

سفوف چوب گزوالا

نسخہ: آملہ گٹھلی نکلا ہوا ۱۰۰ گرام پوست بہیڑہ ۱۰ گرام پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام چوب گز دھاولی کی کلیاں ۱۰ گرام ریوند چینی ۵ گرام سنا ۱۰ گرام شاہترہ ۳۰ گرام گل سرخ ۵ گرام ہلیلہ سیاہ ۱۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ کر چھان لیں اور شیشے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو پانی سے کھائیں۔

فوائد: آتشک، سوزاک، خارش، داد وغیرہ فساد خون کی بیماریاں اس کے استعمال سے اچھی ہو جاتی ہیں۔

سفوف حابس

نسخہ: آمیس تیرلی ۵۰ گرام برادہ صندل سرخ ۵۰ گرام بیلگری ۵۰ گرام پوست انبہ درخت آم کی چھال ۵۰ گرام پوست جامن ۵۰ گرام پوست ڈھاک ۵۰ گرام پوست اڑھو ۵۰ گرام پھٹکری بریاں ۵۰ گرام رسوت ۵۰ گرام صمغ کوفی دانہ موصلی ۵۰ گرام کاجیل ۵۰ گرام کہربا شمعی دانے کی شکل ۵۰ گرام گلنار ۵۰ گرام گل دھاوا ۵۰ گرام گیرو ۵۰ گرام مازو سبز ۵۰ گرام مجیٹھ ۵۰ گرام موچرس ۵۰ گرام شکر سفید ۵۰۰ گرام

ترکیب: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں اور شکر سفید الگ پیس کر دواؤں کے سفوف میں ملا دیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو پانی سے کھائیں۔

فوائد: کثرت حیض کو روکتا ہے۔ ایام ماہواری کی بے قاعدگی کو دور کرتا ہے۔ مردوں کے جریان اور عورتوں کے مرض سیلان میں مفید ہے خونی بواسیر بھی اس کے استعمال سے رک جاتا ہے۔

سفوف خاص

نسخہ: بنسلوچن ۵ گرام پھٹکی سوختہ ۱۰ گرام پوست بیضہ مرغ سوختہ (انڈے کا چھلکا جلایا ہوا) ۱۰ گرام پوست کوڑی ۵ گرام تخم چولائی سرخ ۵ گرام تخم قرز سیاہ ۵ گرام [illegible] ۵ گرام چھالیہ چکنی ۴ گرام دال مونگ ۴ گرام رسوت ۵ گرام سرپھوکہ ۱۰ گرام سنگ جراحت ۵ گرام کہربا شمعی دانے کی شکل ۵ گرام مصطگی ۱۰ گرام کھجور کی گٹھلیاں ریچھ بھنے ہوئے ۱۰ گرام شکر سفید ۱۰۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔ اور شکر سفید کو الگ پیس کر دواؤں کے سفوف میں ملا لیں۔ اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو تازہ پانی سے کھائیں۔

فوائد: کثرت حیض میں مفید ہے۔ ایام ماہواری کی بے قاعدگی کو دور کرتا ہے۔ سیلان الرحم کو روکتا ہے۔

سفوف دمہ

نسخہ: گھیکوار ۲۰ گرام اجوائن دیسی ۲۰ گرام پیپل کلاں ۵ گرام نمک کھاری ۲۰ گرام

ترکیب: گھیکوار کو ٹکڑے ٹکڑے کر کے اس میں دوسری دوائیں باریک پیس چھان کر ملا لیں اور ایک ہانڈی یا مٹی کے ڈھیر میں ڈال کر پکا لیں یہاں تک کہ سب دوائیں جل جائیں

اس کے بعد پیس کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
مقدار: ایک ایک ماشہ یہ سفوف گرم پانی سے کھائیں۔ بالعموم بچستان ۱ گرام میں ملا کر چٹائیں۔
فوائد: دمہ اور بلغمی کھانسی میں مفید ہے۔

سفوف سرخ

نسخہ: پھٹکڑی سرخ ۱۰ گرام گیرو ۱۰ گرام۔
ترکیب: دونوں دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
مقدار: ۳ گرام یہ سفوف پھانک کر اوپر سے ۲ تولہ شربت بزوری پانی میں ملا کر پئیں۔
فوائد: سوزاک میں مفید ہے۔ پیشاب لاتا اور پیپ کو بند کرتا ہے۔

سفوف سورنجان

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد ۱۰ گرام سنا مکی ۱۰ گرام سنا ۳ گرام سورنجان شیریں ۱۰ گرام گل سرخ ۶ گرام مغز بادام شیریں ۵ گرام شکر سفید ۱۰ گرام زعفران ۵ گرام۔ بطریق معروف سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح یا رات کو پانی سے کھائیں۔
فوائد: وجع مفاصل (گٹھیا) کے لیے نہایت مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔

سفوف سوزاک

نسخہ: الائچی خورد ۵۰ گرام ریوند چینی ۵۰ گرام سنگ جراحت ۵۰ گرام شورہ قلمی ۵۰ گرام کباب چینی ۵۰ گرام کتھ سفید ۵۰ گرام۔ تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر بطریق معروف سفوف تیار کریں۔
مقدار: ۵ گرام یہ سفوف دودھ سے کھائیں۔
فوائد: سوزاک میں مفید ہے۔

سفوف شاہترہ

نسخہ: آملہ خشک (گٹھلی نکلا ہوا) ۳۰ گرام برادہ صندل سرخ ۳۰ گرام برادہ صندل سفید ۳۰ گرام تیلیا چینی ۳۰ گرام۔ تخم خرفہ سیاہ ۱۰ گرام تخم خشخاش ۱۰ گرام تخم شاہترہ ۳۰ گرام تخم کاسنی ۱۰ گرام تخم کاہو ۱۰ گرام سماق ۳ گرام عدس مقشر ۳ گرام مسور سالم (چھلکا اترا ہوا) تیل ۱۰ گرام کشنیز خشک (دھنیا) ۱۰ گرام گل سرخ ۳۰ گرام مغز تخم خیارین ۱۰ گرام۔
ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف بنائیں مغز تخم خیارین کو الگ ایک پیس چھان کر اس سفوف میں اچھی طرح ملا دیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو پانی سے کھائیں۔ گرم چیزوں مثلاً گوشت، انڈہ اور لال مرچ سے پرہیز کریں۔
فوائد: خون کی حدت اور جوش کو تسکین دیتا ہے۔ فساد خون کی اصلاح کرتا ہے۔

سفوف شورہ قلمی

نسخہ: جواکھار ۵ گرام زیرہ سفید ۵ گرام شورہ قلمی ۵۰ گرام کباب چینی ۵۰ گرام گیرو ۵۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو دودھ کی لسی سے کھائیں۔

فوائد: سوزاک اور پیشاب کی جلن میں مفید ہے پیشاب خوب ہوتا ہے۔

سفوف شیریں

نسخہ: اسارون ۵۰ گرام اگر ہندی ۵۰ گرام بالچھڑ ۵۰ گرام برادہ صندل سفید ۵۰ گرام بنسلوچن ۵۰ گرام تیز پات ۵۰ گرام پیپل کلاں ۵۰ گرام تج قلمی ۵۰ گرام خس ۵۰ گرام الائچی خورد ۵۰ گرام دار چینی ۵۰ گرام زنجبیل، سونٹھ ۵۰ گرام زیرہ سفید ۵۰ گرام زیرہ سیاہ ۵۰ گرام قرنفل، لونگ ۵۰ گرام کافور بھیمسینی ۱۰ گرام کالی مرچ ۵۰ گرام مغز کنول گٹہ ۵۰ گرام ناگکیسر ۵۰ گرام جیترہ ۵۰ گرام شکر سفید ۵۰۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ شکر سفید کو الگ سے چھان کر دواؤں کے سفوف میں ملائیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح و شام کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

فوائد: ۵ گرام صبح و شام یہ سفوف کھانا کھانے کے بعد کھانے سے دستوں کو روکتا ہے۔ معدے اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے، اور بھوک لگاتا ہے۔ بلغمی بخاروں میں مفید ہے۔

سفوف صندل

نسخہ: الائچی خورد ۵۰ گرام برادہ صندل سفید ۵۰ گرام، بنسلوچن ۵۰ گرام ست بہروزہ ۵۰ گرام کباب چینی ۵۰ گرام کتیرا سفید ۵۰ گرام تخم خیارین مغز بڑے بیج ۵۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں، اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو دودھ کی لسی سے کھائیں۔

فوائد: سوزاک اور پرانے سوزاک میں مفید ہے پیشاب کی جلن کو دور کرتا اور پیشاب کی نالی کے زخم کو بھرتا ہے۔

سفوف طباشیر

نسخہ: برادہ صندل سفید ۵۰ گرام بنسلوچن ۱۰۰ گرام تخم خشخاش ۵۰ گرام تخم کدو ۵۰ گرام تخم خیارین ۵۰ گرام تخم کاہو ۵۰ گرام زرشک ۵۰ گرام سماق ۵۰ گرام کافور ۱۰ گرام گل سرخ ۱۰ گرام مسور مقشر ۵۰ گرام۔

ترکیب: سب سے پہلے سماق اور زرشک کو تھوڑا سا بھون لیں۔ اس کے بعد کافور کے سوا تمام دواؤں کو کوٹ چھان لیں۔ اب کافور کو کھرل کریں اور دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا شامل کرتے جائیں۔ جب اچھی طرح مل جائے تو شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ - ۵ گرام یہ سفوف صبح و شام عرق گاؤزبان یا شربت انار سے کھائیں۔

فوائد: یہ سفوف جگر کی گرمی کو تسکین دیتا ہے صفراوی

دستوں کو روکتا ہے۔ خسرہ اور چیچک میں تیز جوشی خون
کے بخار و سوزش میں بھی فائدہ بخشتا ہے۔

سفوف طحال

نسخہ: رائی ۱۰۰ گرام سہاگہ بریاں ۵۰ گرام۔
ترکیب: دونوں دواؤں کو پیس چھان کر سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
مقدار: ایک گرام سے ڈیڑھ گرام تک یہ سفوف صبح کو صبح کو پانی سے کھائیں۔
فوائد: تلی کے ورم اور سختی کو دور کرتا ہے۔

سفوف طین

نسخہ: اسپغول مقشر ۵۰ گرام تخم ریحان ۵۰ گرام تخم کنوچہ ۵۰ گرام بنسلوچن ۵۰ گرام تخم حماض بریاں ۵۰ گرام گل ارمنی ۵۰ گرام گل گیگرو ۵۰ گرام نشاستہ گندم ۵۰ گرام۔
ترکیب: آخری پانچ دواؤں کو کوٹ کر چھلنی نمبر ۸۰ میں چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد اسپغول تخم ریحان اور تخم کنوچہ سالم بھی سفوف میں ملا کر رکھیں۔
مقدار: ۵ گرام یہ سفوف گھی سے چرب کر کے پھانکیں اور اوپر سے ریشہ خطمی ۵ گرام کا لعاب پانی میں نکال کر پئیں۔
فوائد: یہ سفوف صفراوی اور خونی دستوں کو روک دیتا ہے۔

سفوف فضہ

نسخہ: بنسلوچن ۵۰ گرام زہر مہرہ ۵۰ گرام ست گلو ۵۰ گرام صدف صادق ۵۰ گرام یشب سبز ۵۰ گرام ورق نقرہ (چاندی کے ورق) ۱۰۰ گرام عرق بید مشک ۴۰ ملی لٹر عرق کیوڑہ ۴۰ ملی لٹر طباشیر ۱ گرام گھی ۵ گرام بطریق معروف تیار کریں۔
مقدار: ۱۷۵ ملی گرام یہ سفوف مفرح یاقوتی معتدل یا دواء المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام میں ملا کر صبح کے وقت کھائیں۔
فوائد: دل کو قوت اور فرحت بخشتا ہے دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

سفوف فولادی

نسخہ: آملہ خشک ۴۰ گرام برادہ فولاد مدبر ۴۰ گرام بادیان ۴۰ گرام پوست بہیڑہ ۴۰ گرام پوست ہلیلہ زرد ۴۰ گرام تخم کاسنی ۴۰ گرام ست گلو ۴۰ گرام نمک سانبھر ۱۰ گرام نمک سیاہ ۱۰ گرام نمک کھاری ۱۰ گرام نمک منیاری ۱۰ گرام بطریق معروف سفوف تیار کریں۔
مقدار: یہ سفوف ۳ گرام صبح کے وقت پانی سے کھائیں۔
فوائد: بواسیری خون کو بند کرتا ہے معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔

سفوف قنب

نسخہ: بھارہ ۲۰ گرام گند خشک ۱۰ گرام اجوود ۲۰ گرام پیپل چھل
۲۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) زیرہ سفید ۲۰ گرام سہاگہ بریاں
۲۵ گرام فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۱۰ گرام نمک سانبھر ۱۰
گرام نمک سیاہ ۲۰ گرام نمک کھاری ۲۰ گرام نمک بھیڈاری
۲۰ گرام ورق الخیال (دھنک) ۲۵ گرام ہینگ ۲۵ گرام۔
بطریق معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار: تین تین گرام یہ سفوف صبح شام پانی سے کھائیں۔

فوائد: دستوں کو روکتا ہے۔ معدے کو قوت دیتا
ہے۔ بھوک لگاتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

سفوف کشتہ قلعی

نسخہ: اصل السوس (ملیٹھی) ۲۵ گرام الائچی خورد ۲۵ گرام
بنسلوچن ۲۵ گرام بہمن سفید ۲۵ گرام تالمکھانہ ۲۵ گرام
ست گلو ۲۵ گرام سلاجیت ۲۵ گرام شکر سفید ۱۰۰ گرام
کشتہ قلعی ۲۵ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف کھا کر شربت بزوری پانی میں
ملا کر پئیں۔

فوائد: نئے اور پرانے سوزاک میں مفید ہے سوزاک
کی وجہ سے جریان کی شکایت ہو تو وہ بھی اس سے دور
ہو جاتی ہے۔

سفوف کشیزی

نسخہ: الائچی خورد ۵۰ گرام آملہ خشک ۴۰ گرام بادیان
۱۲۰ گرام بنسلوچن ۲۰ گرام سونٹھ (خوردنی) ۲۰ گرام کشنیز
خشک ۲۰ گرام شکر سفید ۳۰۰ گرام۔ بطریق معروف
سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۴ گرام یہ سفوف کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

فوائد: اس سفوف کے استعمال سے قے رک جاتی ہے۔

سفوف کلاں

نسخہ: الائچی خورد ۲۰ گرام اندر جو شیریں ۱۵ گرام ابریشم ۱۵ گرام
برادہ صندل سفید ۲۰ گرام بنسلوچن ۲۰ گرام بہمن سرخ
۲۵ گرام بہمن سفید ۲۵ گرام پٹھانی لودھ ۱۵ گرام پودینہ
خشک ۱۵ گرام پوست ترنج ۲۵ گرام پوست کچنال
۲۵ گرام پوست مولسری ۲۵ گرام تودری زرد ۱۵ گرام
تودری سفید ۱۵ گرام تودری سرخ ۱۵ گرام قصب مصری
۱۰ گرام سنکھاہولی ۲۵ گرام سنگھاڑہ خشک ۲۵ گرام
ثعلب مصری ۱۵ گرام کتیرا سفید ۲۰ گرام گاؤزبان ۲۰ گرام
گل ارمنی ۱۵ گرام گل نار ۲۰ گرام گوکھرو خورد ۲۰ گرام گوند
کیکر ۲۰ گرام مائیں خورد ۱۵ گرام مصطگی رومی ۱۵ گرام
موچرس ۲۰ گرام نشاستہ گندم ۲۰ گرام شکر سفید ۴۰۰ گرام
کشتہ قلعی ۲۰ گرام کہربائے شمعی سائیدہ ۱۵ گرام۔ بطریق
معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو دودھ سے کھائیں۔
کھٹی چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: جریان اور رقت و حرقت کی شکایتوں کو دور
کرتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے گردہ و مثانہ کو طاقت
دیتا ہے۔

سفوف دودھ

نسخہ: اصل السوس (ملیٹھی) ۵۰ گرام آملہ خشک ۵۰ گرام برادہ صندل سفید ۵۰ گرام جھلو چن ۵۰ گرام چھاتی دودھ ۵۰ گرام تالمکھانا ۵۰ گرام کتھ سفید ۵۰ گرام گل نیلوفر ۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو پانی سے کھائیں۔

فوائد: بعض مستورات کو حالت حمل میں خون آنے لگتا ہے یہ سفوف اس خون کو روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

سفوف لونگا

نسخہ: اسارون (تگر) ۳۰ گرام اصل السوس (ملیٹھی) ۳۰ گرام اگر ۳۰ گرام الائچی خورد ۳۰ گرام بالچھڑ ۳۰ گرام برادہ صندل سفید ۳۰ گرام جھلو چن ۳۰ گرام چینی کلاں ۳۰ گرام تخم نیلوفر ۳۰ گرام جوز بوا جائفل ۳۰ گرام خس ۳۰ گرام دار چینی ۳۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) زیرہ سفید ۳۰ گرام زیرہ سیاہ ۳۰ گرام قرنفل (لونگ) ۳۰ گرام کافور ۳۰ گرام لنگوں مرچ ۳۰ گرام ناگیسر ۳۰ گرام شکر سفید ۴۵۰ گرام بطریق معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو پانی سے کھائیں۔

فوائد: معدے اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے ضعف معدہ کی وجہ سے آنے والے دستوں کو روکتا ہے۔ قوت ہاضمہ کو بڑھاتا ہے بھوک زیادہ لگاتا اور بدن کو قوت دیتا ہے اور فرحت بخشتا ہے۔

سفوف محافظ جنین

نسخہ: اگر ۵۰ گرام برادہ دندان فیل (ہاتھی دانت کا برادہ) ۲۵ گرام برادہ صندل سفید ۵۰ گرام بسد احمر سائیدہ ۵۰ گرام جھلو چن ۵۰ گرام بیخ انجبار ۵۰ گرام تخم تودری سیاہ ۲۵ گرام درونج عقربی ۲۵ گرام کشنیز خشک (دھنیا) ۲۵ گرام گل سرخ ۲۵ گرام مصطگی ۲۵ گرام شکر سفید ۳۰۰ گرام کشتہ شیرہ ۲۵ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو دودھ یا پانی سے کھائیں۔

فوائد: حالت حمل میں استعمال کرنے سے حمل اسقاط سے محفوظ رکھتا ہے۔

سفوف مزید شیر

نسخہ: تودری زرد ۵۰ گرام تودری سرخ ۵۰ گرام تودری سفید ۵۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۵ گرام شکر سفید ۲۵۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو دودھ سے کھائیں۔

فوائد: بچے والی مستورات کی چھاتیوں میں دودھ کم پیدا ہوتا ہو تو اس سفوف کے استعمال سے زیادہ پیدا ہونے لگتا ہے۔

سفوف مسہل

نسخہ: پوست بلیلہ زرد ۵۰ گرام تربد سفید تربت ۳۰ گرام حب النیل (کالا دانہ) ۳۰ گرام سنا مکی ۳۰ گرام کتیرا سفید ۵۰ گرام نمک سانبھر ۵ گرام روغن بادام ۱۰ گرام چرب کریں۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اس کے بعد روغن بادام سے چرب کر کے شیشے یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ سفوف صبح کو نیم گرم پانی سے کھائیں۔

فوائد: یہ سفوف سودا، صفرا اور بلغم کو دستوں کے راستے نکالتا ہے۔ بلغمی امراض میں اس کا استعمال خاص طور پر مفید ہے۔

سفوف مُصفّی خاص

نسخہ: آملہ خشک ۵۰ گرام، ہلیلہ ۵۰ گرام، پوست بہیڑہ ۵۰ گرام، پوست درخت نیم ۵۰ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام، دارہلد ۵۰ گرام، گلو ۵۰ گرام، منڈی خشک ۵۰ گرام، منجیٹھ ۵۰ گرام بطریق معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف رات کو ۲۵۰ ملی لیٹر پانی میں بھگو کر رکھ چھوڑیں اور صبح کو صاف پانی نتھار کر پئیں۔

فوائد: یہ سفوف فساد خون کی تمام بیماریوں میں مفید ہے۔

سفوف مُقلیاثا

نسخہ: السی ۵۰ گرام، تخم چرچیرہ، تخم ترہ تیزک ۴۰ گرام، تخم گندنا ۵۰ گرام، زیرہ سیاہ ۵۰ گرام، مقل بریاں ۱۲۵ گرام، ہلیلہ سیاہ بریاں ۵۰ گرام، مصطگی رومی ۵۰ گرام، روغن گل ۵۰ ملی لٹر بطریق معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف ریشہ خطمی کے لعاب یا پانی سے کھائیں۔

فوائد: پرانے دستوں، پیچش اور مروڑ کو دور کرتا ہے۔ بواسیر میں مفید ہے۔

سفوف مُلیّن

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد ۱۰۰ گرام، زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام، سناء مکی ۱۰۰ گرام، نمک سیاہ ۱۰ گرام۔

ترکیب: چاروں دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو نیم گرم پانی سے کھائیں۔

فوائد: قبض کو دور کر کے پیٹ کی گرانی اور درد کو رفع کرتا ہے۔

سفوف مُولّف

نسخہ: تالمکھانا ۱۰۰ گرام، ثعلب مصری ۱۰۰ گرام، شقاقل خشک ۱۰۰ گرام، گوند کیکر ۵۰ گرام، مازو سبز ۵۰ گرام، مصطگی رومی ۵۰ گرام، نشاستہ گندم ۱۰۰ گرام، شکر سفید ۲۰۰ گرام بطریق معروف سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو دودھ یا پانی سے کھائیں۔ کھٹی اور گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔

فوائد: یہ سفوف جریان، رقت منی اور کثرت احتلام کی شکایتوں کو دور کرتا ہے۔

سفوف مویا

نسخہ: بادیان ۱۰۰ گرام، پوست خشخاش ۱۰ گرام، ہلیلہ سیاہ ۱۰۰ گرام، کمی ۱۰۰ گرام۔ سفوف تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ سفوف صبح کو پانی سے کھائیں۔
غذا میں ہلکی غذا ساگودانہ، دلیہ، کھچڑی کھائیں۔
فوائد: معدے اور آنتوں کی کمزوری سے آنے والے دستوں کو روکتا ہے۔

سفوف مُہزّل

نسخہ: اجوائن دیسی ۱۰۰ گرام، بادیان ۱۰۰ گرام، برگ سنا ۱۰۰ گرام، دارچینی ۵۰ گرام، زیرہ سیاہ ۵۰ گرام، نمک سعتری رالہ دھنیا جیسا ۵ گرام، مرزنجوش ۵۰ گرام۔
ترکیب: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
مقدار: ۳ تا ۵ گرام یہ سفوف صبح، شام عرق زیرہ یا پانی کے ساتھ کھائیں۔ گھی، دودھ اور میٹھی چیزوں سے پرہیز کریں۔
فوائد: موٹاپے کو دور کرتا ہے۔ کچھ دنوں تک استعمال کرنے سے آہستہ آہستہ وزن کم ہو جاتا ہے اور بدن صحیح حالت پر آ جاتا ہے۔

سفوف نعناع

نسخہ: پودینہ خشک ۵۰ گرام، سماق ۵۰ گرام، فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۵ گرام، نمک سانبھر ۵۰ گرام۔
ترکیب: چاروں دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
مقدار: ۳ گرام یہ سفوف کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔ قابض، بادی اور دیر ہضم غذاؤں سے پرہیز کریں۔
فوائد: یہ سفوف مقوی معدہ ہے، بھوک لگاتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔

سفوف نمک سلیمانی

نسخہ: اذخر مکی ۵۰ گرام، اصل السوس (ملٹھی) ۵۰ گرام، انجدان ۱۰ گرام، انیسون ۵۰ گرام، بالچھڑ ۱۰ گرام، تخم انجدان ۵۰ گرام، تخم کرفس ۲۵ گرام، حب قرطم (تخم کڑ) ۵۰ گرام، دارچینی ۵۰ گرام، زنجبیل (سونٹھ) ۵۰ گرام، زیرہ سیاہ ۱۰ گرام، فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۲۵ گرام، نمک سانبھر ۱۵۰ گرام، نوشادر ٹھیکری ۵ گرام، ہینگ ۱۰ گرام۔ بطریق معروف سفوف تیار کریں۔
مقدار: ایک گرام سے ۲ گرام تک یہ سفوف پانی سے کھائیں۔ قابض، بادی اور دیر ہضم غذاؤں سے پرہیز کریں۔
فوائد: معدے کو قوت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے اور بھوک خوب لگاتا ہے۔ پیٹ کے ریاحی درد کو دور کرتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

سفوف نمک شیخ الرئیس

نسخہ: انار دانہ ۲۵ گرام، زرشک ۲۵ گرام، سماق ۲۵ گرام، کشنیز خشک (دھنیا) ۲۵ گرام، نمک سانبھر ۱۰۰ گرام۔ بطریق معروف سفوف تیار کریں۔
مقدار: ۳ گرام یہ سفوف بعد غذا دونوں وقت کھائیں۔ یا بوقت ضرورت استعمال کریں۔
فوائد: صفراوی مزاجوں کے معدے کو قوت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے۔ متلی اور قے کو روکتا ہے۔

سکنجبین بزوری

نسخہ: بادیان ۵۰ گرام، بیخ کرفس ۵۰ گرام، تخم کاسنی ۵۰ گرام، تخم کرفس ۵۰ گرام، سرکہ دیسی ۵۰۰ ملی لٹر، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۱۰ گرام، فطرون بخاوری ۱ گرام۔

ترکیب: تمام دواؤں کو نیم کوب کریں اور ۴ لٹر پانی میں بھگو کر رکھیں۔ صبح کو جوش دیں۔ اس کے بعد ملتے ہیں۔ ٹھنڈا کر کے چھلنی میں چھان دیں۔ اب اس پانی میں شکر سفید اور ست لیموں ملا کر پکائیں اور جب اوپر آئے اس کو کف گیر سے صاف کریں۔ آخر میں سرکہ کو دولی میں چھان کر شامل کریں۔ جب قوام ہونے کے قریب پہنچ جائے تو فطرون بخاوری تھوڑے سے پانی میں حل کر کے ملائیں۔ قوام درست ہو جانے پر آگ سے نیچے اتار لیں۔ اور کپڑے میں چھان کر ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک یہ سکنجبین عرق بادیان ۱۰۰ ملی لٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: جگر اور تلی سے خراب مادوں کو خارج کرتی ہے اور بعض اعضاء سے پیدا ہونے والے بخاروں کو دور کرتی ہے۔

سکنجبین سادہ

نسخہ: سرکہ دیسی ۱ لٹر، شکر سفید ۲ کلو، پانی ۱ لٹر، ست لیموں ۱۲ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ سکنجبین عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لٹر یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔ بخاروں کو کم کرتی اور متلی و قے کو روکتی ہے۔

سکنجبین لیموں

نسخہ: آب لیموں (لیموں کا رس) ۵۰۰ ملی لٹر، سرکہ دیسی ۲۵۰ ملی لٹر، شکر سفید ۴ کلو، پانی ۵۰۰ ملی لٹر، ست لیموں ۱۰ گرام۔ بطریق معروف سکنجبین تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ سکنجبین عرق گاؤزبان یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: صفراوی بخاروں میں مفید ہے۔ متلی اور قے روکتی ہے۔ پیاس کو بجھاتی ہے۔

سکنجبین نعناع

نسخہ: عرق نعناع ۱ لٹر، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۱۰ گرام، پانی ۲ لٹر۔

ترکیب: پانی میں شکر سفید اور ست لیموں ملا کر پکائیں۔ جب تھوڑے سے جلیا قوام تیار ہو جائے، آگ سے نیچے اتار کر باریک کپڑے میں چھان لیں اور عرق نعناع ملا کر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ سکنجبین عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لٹر یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: صفرا کی تیزی کو کم کرتی ہے۔ متلی اور قے کو روکتی ہے۔ ہضم غذا میں مدد دیتی ہے۔

سنونات (منجن)

سنونات "سنون" کی جمع ہے اور سنون (منجن) اس سفوف کو کہتے ہیں جو دانتوں کو صاف کرنے یا ان کی مختلف بیماریوں کے لیے بنائے جاتے ہیں۔

سنون پوست مُغیلان

نسخہ: پوست کیکر ۲۰۰ گرام چھالیہ پرانی جلائی ہوئی ۱۰۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام سنگ جراحت ۱۰۰ گرام فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۱۰ گرام کتھ ۱۰ گرام۔

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: انگلی سے دانتوں پر ملیں اور پندرہ منٹ کے بعد کلی کریں، لیکن اگر رات کو مل کر سو رہیں تو بہتر ہے۔

فوائد: ہلتے ہوئے دانتوں کو جماتا ہے، بشرطیکہ اپنی جگہ نہ چھوڑ چکے ہوں، مسوڑھوں کو مضبوط بناتا ہے اور دانتوں کا میل صاف کر کے ان کو چمکاتا ہے۔

سنون تمباکو

نسخہ: تمباکو سورتی ۴۰۰ گرام فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۱۰۰ گرام

ترکیب: دونوں کو کوٹ چھان کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: رات کو یا بوقت ضرورت دانتوں اور مسوڑھوں پر آہستہ آہستہ ملیں۔ جو رطوبت نکلے اس کو منہ سے گراتے رہیں، آدھ گھنٹے کے بعد کلی کریں یا رات کو مل کر سو رہیں۔ صبح کو کلی کریں۔

فوائد: نزلہ کی وجہ سے دانتوں میں درد ہو یا مسوڑھے سوجے ہوئے ہوں تو اس سنون کے استعمال سے فائدہ پہنچتا ہے۔ اس کے علاوہ اس کے استعمال سے دانتوں کی جڑیں مضبوط ہو جاتی ہیں اور مسوڑھوں سے خراب رطوبتیں خارج ہو جاتی ہیں۔

سنون خاص

نسخہ: عاقرقرحا ۵۰ گرام فلفل سیاہ (مرچ سیاہ) ۵۰ گرام کباب چینی ۵۰ گرام نوشادر ۵۰ گرام۔

ترکیب: چاروں دواؤں کو کوٹ کر چھلنی سے چھان کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: صبح شام دانتوں پر ملیں اور پندرہ منٹ کے بعد کلی کریں۔

فوائد: دانتوں کے درد اور مسوڑھوں کی سوجن کو دور کرتا ہے، خراب رطوبت کو خارج کرتا ہے۔

سنون زرد

نسخہ: پوست انار ناچال ۵۰ گرام، پھٹکری بریاں ۵۰ گرام سماق ۵۰ گرام گل انار ۵۰ گرام مازو سبز ۵۰ گرام ہلدی ۵۰ گرام

ترکیب: سب دواؤں کو کوٹ چھان کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح شام دانتوں پر ملیں اور پندرہ منٹ کے بعد کلی کریں۔

فوائد: حلق، مسوڑھوں اور دانتوں کے درد کو دور کرتا ہے اور

بلکہ دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔

سنون سپاری

نسخہ: آملہ خشک ۵۰ گرام، برگ مہندی ۵۰ گرام، خشک پودینہ ۵۰ گرام، بیج نیم سوختہ، دالچینی کی چھال کا کوئلہ، پوست بلیلہ زرد ۵۰ گرام، پھٹکری بریاں ۵۰ گرام، چنے جلائے ہوئے ۵۰ گرام، چھالیا جلائی ہوئی ۵۰ گرام، دم الاخوین ۵۰ گرام، سعد کوفی، ناگرموتھا ۵۰ گرام، سماق ۵۰ گرام، شاخ گوزن سوختہ دوبارہ، سنگجراحت جلایا ہوا ۵۰ گرام، عدس مقشر یعنی چھلکا اتاری ہوئی ۵۰ گرام، کاغذ سوختہ، بادام جلائے ہوئے ۱۰۰ گرام، گندہ ۵۰ گرام، کبابچینی ۵۰ گرام، گلنار ۱۰۰ گرام، مازو کے چھلکے ۱۰۰ گرام۔

ترکیب: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح شام دانتوں پر ملیں اور تھوڑی دیر کے بعد کلی کریں۔

فوائد: دانتوں سے خون آنے کو روکتا ہے اور ہلتے دانتوں کو مضبوط بناتا ہے۔ دانتوں میں درد ہو تو وہ بھی دور ہو جاتا ہے۔

سنون کلاں

نسخہ: چوب چینی ۵۰ گرام، زرنباد، نیم دگری ۲۵ گرام، زنجبیل، دارچینی ۲۵ گرام، زیرہ سفید، پھٹکری بریاں ۲۵ گرام، قسط شیریں ۵۰ گرام، کبابہ چینی ۲۵ گرام، کتھا سفید ۵۰ گرام، گیسیس ۱۰۰ گرام، کتیرا خشک، پتیاں دھنیا بھی، پھوا ۱۰۰ گرام، مصطگی ۵۰ گرام، نمک سانبھر ۱۰۰ گرام، نیلا تھوتھا بریاں ۵ گرام۔

ترکیب: اس سے مصطگی کے تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد مصطگی کو علیحدہ سے کھرل کر کے چھلنی میں چھان کر ملا لیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح شام دانتوں پر ملیں اور تھوڑی دیر بعد کلی کریں۔

فوائد: دانتوں کی جڑوں کو مضبوط کرتا اور ان سے خون بہنے کو روکتا ہے۔

سنون تجلی

نسخہ: برادہ صندل سفید ۵۰ گرام، دم الاخوین ۱۰۰ گرام، صمغ عربی ۱۰۰ گرام، سنگ جراحت ۱۰۰ گرام، صدف سائیدہ، سیپ کوڑی کی بھنی ۱۰۰ گرام۔

ترکیب: تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر صدف باریک کھرل کی ہوئی ملا کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح شام دانتوں پر ملیں۔

فوائد: دانتوں کا میل صاف کرتا اور ان کو چمکاتا ہے۔

سنون مسی

نسخہ: برادہ آہن ۲۵ گرام، دانہ الائچی ۱۵ گرام، کتھا سفید ۲۰ گرام، مازو سبز ۲۰ گرام، نیلا تھوتھا ۱۰ گرام، ہیرا کسیس ۱۰ گرام۔

ترکیب: بطریق معروف سفوف تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح و شام دانتوں پر ملیں۔

فوائد: دانتوں کو صاف کرتا اور ہونٹوں پر دھڑی جماتا ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے مسوڑھوں سے خون بہتا ہو تو اس کو روکتا ہے۔

سنون مقوی دندان

نسخہ: الائچی خورد ۲۰ گرام پوست انار (ناسپال) ۲۵ گرام پوست بادام سوختہ (بادام کے چھلکے جلے ہوئے) ۱۰۰ گرام چھالیہ کبد سوختہ (پرانی چھالیہ جلائی ہوئی) ۱۰۰ گرام [illegible] ۲۵ گرام سعد کوفی (ناگرموتھا) ۲۵ گرام سماق ۲۰ گرام سنگ جراحت ۲۵ گرام کتھ سفید ۲۵ گرام گل سرخ ۲۵ گرام مازو سبز ۲۵ گرام مصطگی رومی ۲۵ گرام نیلا تھوتھا بریاں ۱۰ گرام۔

استعمال: رات کو سوتے وقت دانتوں پر مل کر سو رہیں۔ صبح کو کلی کریں۔

فوائد: اس منجن کے استعمال سے دانت اور مسوڑھے مضبوط ہو جاتے ہیں۔ مسوڑھوں سے خون آنا رک جاتا ہے۔ اگر مسوڑھوں کا گوشت گل گیا ہو تو دوبارہ صحیح حالت میں آ جاتا ہے۔

ترکیب: سوائے مصطگی کے سب دواؤں کو باریک کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد مصطگی کو الگ ہاتھ سے باریک کھرل کریں اور چھلنی میں چھان کر سفوف میں ملائیں۔ شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

شربت آلو بالو

نسخہ: آلو بالو ۵۰۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۱۰ گرام نطرون بجاوی ۲ گرام۔

ترکیب: آلو بالو کو نیم کوب کر کے رات کو چھ گنے پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کو آگ پر پکائیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے آگ سے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے پر مل کر کپڑے میں چھان لیں۔ تھوڑی دیر رکھنے کے بعد اس کو دوسرے چھلنے میں روئی میں چھانیں۔ اس کے بعد شکر سفید اور ست لیموں ملا کر پکائیں جو میل اوپر آئے اسے کفگیر سے صاف کریں۔ جب قوام درست ہونے کے قریب پہنچے نطرون بجاوی تھوڑے پانی میں گھول کر ملا دیں اور قوام درست ہو جانے پر نیچے اتار لیں اور کپڑے میں چھان لیں۔ ٹھنڈا ہونے پر بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: ۲۵ ملی لیٹر شربت ۱۲۰ ملی لیٹر عرق انناس یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: گردہ و مثانہ کی ریگ کو نکالتا ہے اور پیشاب کھول کر لاتا ہے۔

شربت آلو بخارا

نسخہ: آلو بخارا ۵۰۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ۵۰۰ گرام ست لیموں ۱۰ گرام نطرون بجاوی ۲ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ سے ۵۰ ملی لیٹر تک مناسب عرق یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: صفراوی بخاروں میں اسہال کو روکتا اور پیاس بجھاتا ہے۔

شربت سکنجبین لیموئی

ترکیب: سرکہ خالص، عرق گلاب، آب لیموں ہر ایک ۱۰ تولہ، پانی ۱ سیر، سب کو باہم ملا کر جوش دیں اور قند سفید ۱ سیر کا قوام بنا لیں۔

مقدار: ۲ تولہ۔

فوائد: صفراوی قے روکتی، تشنگی بند کرتی، پیاس کو تسکین دیتا ہے۔

شربت سکنجبین فواکہ

ترکیب: آب انار ترش ۱ پاؤ، آب انار شیریں، آب انار ترش، آب سیب، آب بہی، آب انگور، آب لیموں ترش، آب فالسہ، آب تمر ہندی ہر ایک سوا ۱۰ تولہ، سرکہ انگوری ۱۰ تولہ، شہد ۱ سیر، شکر سفید ۱ سیر قوام بنا لیں۔ قوام کے آخر میں دارچینی، مشک ہر ایک ۲ ماشہ، طباشیر ۱ تولہ کوٹ کر، پیس باریک چھان کر اضافہ کریں۔

مقدار: ۲ تولہ سے ۴ تولہ۔

فوائد: بھوک لگاتا، طعام ہضم کرتا، جگر کے سدوں کو کھولتا ہے۔ معدہ اور دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔

شربت ابریشم مرکب

ترکیب: ابریشم زرد خام مقرض ۱۰ تولہ، گاؤزبان، بادرنجبویہ، اسطوخودوس ہر ایک ۱۵ تولہ، تخم حوفہ خشک ۲ تولہ، صندل سفید ۳ تولہ، عود ۱ تولہ، پوست ترنج، زرنباد، درونج عقربی ہر ایک ۱۰ ماشہ، بہمن سرخ و سفید، جائفل، لونگ، پوست بیرون پستہ ہر ایک ۷ ماشہ، نبات سفید ۲ سیر، شہد مصفیٰ آدھ سیر شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲ تولہ سے ۴ تولہ۔

فوائد: مقوی ارواح۔ دافع وحشت ہے۔

شربت عود

ترکیب: عود ہندی، آملہ مقشر ہر ایک ۵ ماشہ، سنبل الطیب، لونگ، جوز بوا ہر ایک ۲ ماشہ، سب چیزوں کو جو کوب کر کے پوٹلی میں باندھیں اور ایک سیر عرق گلاب میں جوش دے کر چھان لیں۔ سوا سیر شکر سفید سے قوام کریں۔ آخر قوام میں مصطگی نہایت باریک کر کے شامل کریں۔

مقدار: ۲ سے ۴ تولہ

فوائد: معدہ اور ہضم کو قوی کرتا ہے۔ منہ کی بدبو کو دور کرتا ہے۔ مفرح ہے۔

شربت ورد

ترکیب: گلاب کی تازہ پنکھڑیاں ۱ سیر، پانی تین سیر میں جوش دیں۔ جب سیر پانی جل جائے، صاف کر کے ایک سیر تازہ پنکھڑیاں اور ڈالیں۔ جب ایک سیر پانی رہ جائے اتار کر صاف کریں اور پھر تازہ گلاب ڈال کر مزید ایک سیر تازہ پانی شامل کریں اور جوش دینے کے بعد صاف کر کے ڈیڑھ سیر شکر سفید کا قوام بنائیں۔

مقدار: ۲ تولہ سے ۴ تولہ تک آب سرد میں دیں۔

فوائد: ملین، مبارک ہے۔ معدہ کی اکثر امراض میں مفید ہے۔

شربت ابریشم

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام، اگر نیم کوفتہ، عود ۱۵ گرام برادہ صندل سفید ۱۵ گرام، بہمن سفید نیم کوفتہ ۲۰ گرام گل گاؤزبان ۲۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۵ گرام نطرون بجاوی ۴ گرام۔ شربت بطریق معروف تیار کریں اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت ۵۰ ملی لیٹر عرق گاؤزبان اور ۵۰ ملی لیٹر عرق بید مشک یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ دماغ کے لیے بھی مفید ہے

شربت احمد شاہ

نسخہ: اسطوخودوس ۲۵ گرام، افتیمون ۲۵ گرام، بادرنجبویہ ۲۵ گرام، برگ فرنج مشک ۲۵ گرام، برگ گاؤزبان ۴۰ گرام، بسفائج نیم کوفتہ ۲۵ گرام، تخم فرنج مشک ۲۵ گرام سنائے مکی ۲۵ گرام، گل سرخ ۴ گرام، گل نیلوفر ۲۵ گرام ہلیلہ سیاہ نیم کوفتہ ۲۵ گرام، روح گلاب ۳۰ ملی لیٹر شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۱۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۰ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر سے ۲۵ ملی لیٹر تک یہ شربت عرق گاؤزبان ۵۰، فرساوانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: مالیخولیا میں مفید ہے۔ دل و دماغ کو قوت دیتا ہے۔

شربت ارزانی

نسخہ: ہلیلہ مسلم ۱۰۰ گرام، بہیدانہ ۴۰ گرام، برگ گاؤزبان ۲۵ گرام، سپستان نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، عناب نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، گل بنفشہ ۱۰۰ گرام، گل سرخ ۱۰۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ۵۰۰ گرام، ست لیموں ۱۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۰ گرام بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں یا کسی دوسرے مناسب بدرقہ سے استعمال کریں۔

فوائد: نزلہ، زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ آنتوں سے خشک فضلہ پھسلا کر قبض کو دور کرتا ہے۔

شربت اعجاز

نسخہ: اصل السوس نیم کوفتہ و مقشر ۱۰۰ گرام، برگ اڑوسہ دو ٹہنی کے چھتّے ۱۰۰ گرام، بہیدانہ ۴۰ گرام، تخم خبازی ۱۰ گرام تخم خطمی ۱۰ گرام، سپستان نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، عناب نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام گل بنفشہ ۱۰ گرام، گل نیلوفر ۱۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو ۵۰۰ گرام گوند کتیرا سائیدہ ۱۰ گرام، ست لیموں ۲ گرام، نطرون بجاوی ۱۰ گرام۔ شربت بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر شربت عرق گاؤزبان یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: سل، دق اور خشک کھانسی میں مفید ہے۔

شربت افتیمون

نسخہ: افتیمون ۴۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۱۰ گرام

نطرون بجاوی ۲۰ گرام۔ شربت بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۲۵ ملی لیٹر بالغ۔ ۵ ملی لیٹر بچے۔ یہ شربت ۱۰ ملی لیٹر ۱۲۵ ملی لیٹر پانی یا عرق کے ہمراہ ۵۰ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: مالیخولیا اور خفقان میں مفید ہے۔

شربت افسنتین

نسخہ: افسنتین ۴۰۰ گرام، شکر سفید ۲۰۰۰ گرام، ست لیموں ۱۵ گرام، نطرون بجاوی ۲۰ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔ اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ تا ۲۰ ملی لیٹر بالغ۔ ۵ ملی لیٹر بچے۔ ۷۵ ملی لیٹر عرق مکو میں ملا کر پئیں۔

فوائد: معدہ، جگر اور تلی کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ جگر یا تلی میں ورم ہو تو یہ شربت خصوصیت سے مفید ثابت ہوتا ہے۔

شربت انار شیریں

نسخہ: رب انار شیریں ۱ کلو، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۲۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۵ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۲۰ ملی لیٹر بالغ۔ ۵ ملی لیٹر بچے۔ یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ پیاس کو بجھاتا ہے۔

شربت انجبار

نسخہ: بیخ انجبار ۵۰۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۲۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۵ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵ تا ۲۰ ملی لیٹر یہ شربت عرق گاؤزبان ۵۰ ملی لیٹر یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: ہر ایک اندرونی عضو سے خون آنے کو روکتا ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔

شربت انناس

نسخہ: انناس کا رس ۱ لیٹر، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۲۰ گرام، نطرون بجاوی۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ پیشاب خوب لاتا ہے۔

شربت بزوری بارد

نسخہ: بیخ کاسنی نیم کوفتہ ۵۰ گرام، تخم خربزہ نیم کوفتہ ۵۰ گرام، تخم خیارین نیم کوفتہ ۵۰ گرام، تخم کدو نیم کوفتہ ۵۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۲۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۵ گرام، بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۰ تا ۵۰ ملی لیٹر یہ شربت صبح کو پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: جگر کی گرمی کو دور کرتا ہے۔ پیشاب کی جلن کو دور کرتا ہے۔ پیشاب خوب لاتا ہے۔ جگر، گردہ اور مثانہ کی گرم بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شربت بزوری حار

نسخہ: انیسون ۵۰ گرام، بادیان ۵۰ گرام، بیخ بادیان ۵۰ گرام

بیخ کاسنی ۱۰۰ گرام، بیخ اذخر ۵۰ گرام، بیخ کرفس ۵۰ گرام تخم خربوزہ نیم کوفتہ ۵۰ گرام، تخم خیارین نیم کوفتہ ۵۰ گرام تخم کاسنی ۵۰ گرام، تخم کشوث ۵۰ گرام، تخم کرفس ۲۵ گرام شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۲۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۰ گرام بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵۰ ملی لیٹر شربت صبح کو عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر یا مناسب دواؤں کے جوشاندے میں ملا کر پئیں۔

فوائد: جگر، گردہ اور مثانہ کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شربت بزوری معتدل

نسخہ: بادیان ۵۰ گرام، بیخ بادیان ۵۰ گرام، بیخ کاسنی ۵۰ گرام، تخم خربوزہ ۵۰ گرام، تخم خیارین ۲۵ گرام، تخم کاسنی ۲۵ گرام، گوکھرو خورد ۵۰ گرام، شکر سفید ۱ کلو، ست لیموں ۵ گرام، نطرون بجاوی ۱۵ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵۰ ملی لیٹر شربت کسی مناسب عرق یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: جگر، گردہ اور مثانہ کو پیشاب لا کر صاف کرتا ہے جگر کی گرمی سے بخار رہتا ہو تو اس کو دور کرتا ہے۔

شربت بنفشہ

نسخہ: گل بنفشہ ۵۰۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۵ گرام، نطرون بجاوی ۱۲ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵۰ ملی لیٹر شربت کسی مناسب دوا کے جوشاندے سے یا کسی مناسب عرق یا سادہ پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، کھانسی اور بخاروں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شربت توت سیاہ

نسخہ: رب توت سیاہ ۱ کلو، شکر سفید ۱ کلو، ست لیموں ۲۰ گرام، نطرون بجاوی ۱۵ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر شربت چاٹیں یا پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: حلق کے درد اور ورم کو دور کرتا ہے۔ خناق میں مفید ہے۔

شربت حب الآس

نسخہ: حب الآس ۵۰۰ گرام، شکر سفید ۲ کلو، ست لیموں ۱۲ گرام، نطرون بجاوی ۱۰ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر سے ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: ہر قسم کے دستوں کو بند کرتا ہے۔ دستوں میں خون آتا ہو تو اس کو روکتا ہے۔ معدے اور آنتوں کو طاقت بخشتا ہے۔

شربت دینار

نسخہ: برگ گاؤزبان ۵۰ گرام، بیخ کاسنی نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام

بیخ کاسنی ۱۰۰ گرام تخم کشوث ۵۰ گرام گل سرخ، گلاب
کے پھول ۱۰۰ گرام گل نیلوفر ۵۰ گرام شکر سفید ۴ کلو ریوند
چینی نیم کوفتہ ۵۰ گرام ست لیموں ۲۰ گرام نطرون تجاری ۱۰ گرام
بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ شربت عرق بادیان ۱۲۵ ملی لٹر یا پانی
میں ملا کر پئیں۔

فوائد: ورم جگر، درد جگر، استسقاء وغیرہ امراض جگر میں
مفید ہے۔ قبض کو دور کرتا ہے۔ موسمی بخاروں میں
فائدہ بخشتی ہے۔

شربت زوفا سادہ

نسخہ: زوفا خشک ۱۰۰ گرام شکر سفید ۵ کلو ست لیموں
۲۰ گرام نطرون تجاری ۷ گرام۔ بطریق معروف شربت
تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک یہ شربت نیم گرم
پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: ضیق النفس، دمہ اور کھانسی میں استعمال کیا
جاتا ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔

شربت صدر

نسخہ: ابریشم مقرض ۵۰ گرام بہی دانہ ۵۰ گرام اصل السوس
نیم کوفتہ، حبشی ۵۰ گرام انسی ۵۰ گرام انجیر زرد ۵۰ گرام
بادیان ۵۰ گرام برگ بانسہ ادوسہ ۵۰ گرام برگ گاؤزبان
۵۰ گرام پرسیاؤشان ۵۰ گرام تخم خبازی ۵۰ گرام زوفا خشک
۵۰ گرام سپستان نیم کوفتہ ۵۰ گرام عناب نیم کوفتہ ۵۰ گرام
کوکنار نیم کوفتہ، پوست خشخاش ۵۰ گرام گل گاؤزبان ۵۰ گرام
شکر سفید ۴ کلو ست لیموں ۲۰ گرام نطرون تجاری ۱۰ گرام
بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ شربت عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لٹر
میں ملا کر گرم کر کے پئیں۔

فوائد: نزلہ، زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ سل اور دمہ
کی کھانسی میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

شربت صندل

نسخہ: برادہ صندل سفید ۵۰۰ گرام شکر سفید ۱۰ کلو
ست لیموں ۱۰ گرام روح صندل ۱ ملی لٹر۔ بطریق معروف
شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر یہ شربت ٹھنڈے پانی میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کو قوت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔ گرمی کے
درد سر کو دور کرتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ
کے لیے مفید ہے۔ جگر اور معدے کی حرارت کو تسکین
دیتا ہے۔

شربت عشبہ خاص

نسخہ: عشبہ ۲۰۰ گرام عناب ۲۰۰ گرام گل منڈی ۲۰۰ گرام
شکر سفید ۴ کلو ست لیموں ۲۰ گرام نطرون تجاری ۱۰ گرام
بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لٹر سے ۵۰ ملی لٹر تک یہ شربت پانی میں ملا
کر پئیں۔

فوائد: یہ شربت مصفی خون ہے۔ خارش، داد اور پھوڑے پھنسی

وغیرہ امراض فساد خون میں استعمال کیا جاتا ہے۔ ورم مفاصل (گنٹھیا) میں مفید ہے۔

شربت عناب

نسخہ: عناب ۱۰۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۱۲ گرام نطرون بنجاوی ۶ گرام۔ بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر تا ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت پانی یا بکری کے دودھ یا کسی مناسب عرق میں ملا کر پئیں۔

فوائد: یہ خون کو صاف کرتا ہے۔ خون کی گرمی اور جوش کو تسکین دیتا ہے۔

شربت فریادرس

نسخہ: اصل السوس نیم کوفتہ ۵۰ گرام برادہ صندل سفید ۱۰۰ گرام برگ گاؤزبان ۱۰۰ گرام ادیان نیم کوفتہ ۵۰ گرام برسیاوشان ۱۰۰ گرام تخم خشخاش ۵۰ گرام تخم خطمی ۵۰ گرام عود صلیب نیم کوفتہ ۵۰ گرام کوکنار نیم کوفتہ (پوست خشخاش) ۱۰۰ گرام گل سرخ ۵۰ گرام مویز منقی ۲۵۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۱۰ گرام نطرون بنجاوی ۳ گرام بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر یہ شربت پانی یا عرق گاؤزبان میں ملا کر پئیں۔

فوائد: کھانسی اور نزلہ میں استعمال کیا جاتا ہے۔

شربت کاسنی

نسخہ: بیخ کاسنی، تخم ۲۰۰ گرام کاسنی سبز، ۲۰۰ گرام مکوہ سبز تخم ۱۰۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۱۰ گرام نطرون بنجاوی ۶ گرام بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ ملی لیٹر تا ۵۰ ملی لیٹر تک یہ شربت پانی یا کسی مناسب عرق میں ملا کر پئیں۔

فوائد: جگر، معدہ اور انتڑیوں وغیرہ اندرونی اعضاء کے ورم اور یرقان میں استعمال کیا جاتا ہے۔ صفراء کی زیادتی اور جگر کی بعض بیماریوں کی گرمی کو کم کرنے کے لیے بھی مستعمل ہے۔

شربت گڑہل

نسخہ: گل گڑہل تازہ ۱ کلو شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۱۰ گرام نطرون بنجاوی ۶ گرام بطریق معروف شربت تیار کریں۔

مقدار: ۵۰ ملی لیٹر شربت پانی یا کسی مناسب عرق میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ دل کو تسکین دیتا ہے۔

شربت ملین

نسخہ: انجیر ۲۵۰ گرام آلو بخارا ۱۰۰ گرام املتاس ۲۰۰ گرام سنا ۲۰۰ گرام گل بنفشہ ۱۰۰ گرام گل سرخ ۱۵۰ گرام مویز منقی ۱۰۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ترنجبین ۴۰۰ گرام ست لیموں ۱۰ گرام نطرون بنجاوی ۶ گرام بطریق معروف شربت تیار کریں۔ ۵۰ ملی لیٹر پانی میں حل کر کے پئیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا ہے۔

ضماد بابونہ

ترکیب: بابونہ ۱۰ تولہ، اسارون کا مغز، اکلیل الملک، ناخونہ کو خشک بابونہ، مرمکی ہر ایک ۱۰ ماشہ، مرکی، آٹو، عرق گلاب، اکلیل الملک گل ۱۰ ماشہ، آب مکو سبز ۲۰ تولہ میں ضماد کریں۔

فوائد: اکثر اورام کے تحلیل کے لیے مجرب ہے۔

ضماد محلل

ترکیب: حب الثعلب، اکلیل الملک، مغز، المقل، ۱۰ ماشہ، آرد جو، گل بابونہ، ناخونہ، سنبل الطیب، صندل سرخ ہر ایک ۱۰ ماشہ، مکو سبز کے پانی میں پیس کر، سرکہ، روغن گل بقدر ضرورت ملا کر ضماد لگائیں۔ (نیم گرم ہونا چاہیے)

ضماد کبریت

نسخہ: اسپند ۴۰ گرام، آملہ ۴۰ گرام، اکلیل الملک ۴۰ گرام، اسی ۴۰ گرام، برگ سداب ۴۰ گرام، بابونہ ۴۰ گرام، تخم میتھی ۴۰ گرام، قرطم ۴۰ گرام، سکبینج ۴۰ گرام، گندھک آملہ سار ۴۰ گرام، گوگل ۴۰ گرام۔

ترکیب: سب سے پہلے گوگل کو گرم توے پر خشک کریں۔ اس کے بعد تمام دواؤں کے ساتھ کوٹ کر چھان لیں اور مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ضرورت کے مطابق یہ ضماد لے کر سرکہ میں ملائیں اور نیم گرم تلی کی جگہ پر لگائیں۔

فوائد: اس ضماد کے استعمال سے بڑھی ہوئی تلی بہت جلد گھل جاتی ہے۔

ضماد جالینوس

نسخہ: ایلوا ۵۰ گرام، بیروزہ خشک ۳۰ گرام، جاوشیر ۲۲.۵ گرام، زنجبیل (سونٹھ) ۲۲.۵ گرام، مصطگی رومی ۳۰ گرام، روغن ارنڈی ۲۰۰ ملی لیٹر، روغن تخم زیتون کا تیل ۲۲۵ ملی لیٹر، موم ۱۰۰ گرام۔ بطریق معروف ضماد تیار کریں۔

ترکیب استعمال: اس ضماد کو ضرورت کے مطابق لے کر نیم گرم ورم کی جگہ پر لگائیں۔

فوائد: یہ ضماد اندرونی اعضا مثلاً جگر، معدہ، آنتوں اور رحم کے ورم کو تحلیل کرتا ہے۔

ضماد جرب

نسخہ: کمیلہ ۵۰ گرام، گندھک ۵۰ گرام، مردار سنگ ۵۰ گرام، نیلا تھوتھا ۵۰ گرام۔

ترکیب: پہلے مردار سنگ کو علیحدہ باریک کھرل کریں۔ اس کے بعد دوسری دوائیں ملائیں اور خوب باریک کھرل کرکے چھلنی نمبر ۱۲۰ سے چھان کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: روزانہ ۱۰ گرام یہ دوا ۳۰ ملی لیٹر تیل میں ملا کر مالش کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد صابن اور بیسن ملا کر بدن پر ملیں۔ پھر نیم گرم پانی سے نہائیں۔

فوائد: تر خارش (کھجلی جس میں پھنسیاں نکلتی ہیں) میں نہایت مفید ہے۔ اس کے چند دن کے استعمال سے کھجلی دور ہو جاتی ہے۔

طلائے روغن خیری

نسخہ: مشک عمدہ ۱ ماشہ، قرنفل، بسباسہ، فلفل سیاہ، جند بیدستر، مالکنگنی، بھنگ ہر ایک ۵ ماشہ، مغز پستہ ۱۰ ماشہ روغن گل خیری میں طلاء تیار کریں۔

فوائد: عضو کو فربہ اور مضبوط بناتا ہے۔ قوت پیدا کرتا ہے۔

طلائے سُرخ

نسخہ: مغز جمال گوٹہ ۲ گرام سم الفار (سنکھیا) ۱ گرام شنگرف ۲ گرام مکھن ۱۰۰ گرام موم ۲۰ گرام۔

ترکیب: سم الفار اور شنگرف کو الگ الگ نہایت باریک کھرل کریں۔ اس کے بعد مغز جمال گوٹہ کو الگ باریک کھرل کریں پھر اس میں سم الفار اور شنگرف ملا کر کھرل کریں یہاں تک کہ تینوں یکجان ہو جائیں۔ اب مکھن اور موم کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب دونوں پگھل کر مل جائیں تو تھوڑا سا محلول لے کر کھرل کی ہوئی چیزوں میں ملا کر کھرل کریں۔ اس کے بعد باقی محلول مکھن اور موم ملا کر کھرل کر کے کھلے منہ کی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ۲ ملی گرام یہ طلاء لے کر عضو مخصوص کی پشت اور دائیں بائیں حصہ پر مالش کریں۔ سیون اور حشفہ کو بچائیں۔ اس کے بعد پان گرم کر کے باندھیں۔ اگر اس کے استعمال سے دانے نکل آئیں یا آبلہ پڑ جائے تو طلاء کا استعمال بند کر کے روغن چنبیلی لگائیں جب وہ اچھے ہو جائیں پھر اس طلاء کا استعمال کریں۔

طلائے مجلوق

نسخہ: پوست بیخ کنیر سفید ۲ تولہ افیون، جوزبوا ہر ایک ۳ ماشہ عاقر قرحا، مالکنگنی، بیر بہوٹی ہر ایک ۴ ماشہ باریک پیس کر مرغی کی چربی یا شتر کی چربی میں طلاء تیار کریں۔

فوائد: رگوں کی پژمردگی اور کمزوری کو زائل کرتا ہے۔

طلائے مُسمِّن

نسخہ: چربی گردہ ۱۰ ملی لٹر روغن بیر بہوٹی ۱۰ ملی لٹر روغن حراطین ۱۰ ملی لٹر روغن دارچینی ۱۰ ملی لٹر روغن قرنفل ۵ ملی لٹر روغن ماہی ۵ ملی لٹر۔ سب روغنوں کو ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ۵ قطرے عضو مخصوص پر مالش کر کے اوپر نیم گرم پان باندھیں۔ صبح کو کھول دیں۔ پندرہ روز تک استعمال کریں۔

فوائد: عضو مخصوص کو فربہ و قوی بناتا ہے۔

طلائے مشک والا

نسخہ: عاقر قرحا ۱۰ گرام فرفیون ۲ گرام مشک ۳۰ ملی گرام روغن چنبیلی ۵۰ ملی لٹر۔ بطریق معروف طلاء تیار کریں۔

استعمال: ۵۰۰ ملی گرام سر اور سیون بچا کر استعمال کریں۔

فوائد: عضو مخصوص کے پٹھوں، رگوں کو طاقت دیتا اور ان میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ عضو کی طرف دوران خون کو بڑھاتا ہے اور اس سے فربہی لاتا ہے۔

عرق انناس

نسخہ: گوکھرو خورد نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، میتھی نیم کوفتہ ۱۰۰ گرام، پیاز سفید ۲۰۰ گرام، انناس کلاں ۲ عدد، پانی ۱۲ لیٹر۔

ترکیب: رات کو ۱۲ لیٹر پانی میں پہلی دو دواؤں کو بھگو رکھیں۔ صبح کو پیاز اور انناس کو چاقو سے باریک باریک تراش کر ان دواؤں کے ساتھ ملائیں اور ڈیگ بھبکہ کے ذریعہ ۶ لیٹر (۶ بوتل) عرق کشید کریں اور بوتلوں میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں شربت بزوری معتدل ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: گردہ، مثانہ سے ریگ اور پتھری کو خارج کرنے میں مدد دیتا ہے۔ پیشاب لاتا ہے۔ گردہ و مثانہ کی گرمی کو کم کرتا ہے۔

عرق بادیان

نسخہ: بادیان نیم کوفتہ ۲۵۰ گرام، پانی ۱۲ لیٹر۔ بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۵۰ ملی لیٹر یہ عرق نیم گرم پئیں۔

فوائد: جگر، معدہ، آنتوں اور گردہ مثانہ کی بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔ معدے کو طاقت دیتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔ بچوں کے روز دست لانے میں مدد دینے کے لیے نیم گرم پلایا جاتا ہے۔

عرق برنجاسف

نسخہ: بادیان نیم کوفتہ ۱۵۰ گرام، بادآورد ۱۵۰ گرام، برنجاسف ۱۵۰ گرام، تخم کاسنی ۱۵۰ گرام، شکاعی ۱۵۰ گرام، گلو خشک ۱۵۰ گرام، پانی ۱۲ لیٹر۔ بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں شربت کشوث ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: جگر، معدہ، آنتوں وغیرہ اندرونی اعضاء کے ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ اور ان اعضاء کی خرابیوں سے آنے والے بخار کو دور کرتا ہے۔

عرق پودینہ

نسخہ: پودینہ خشک الکو ۲۵۰ گرام، پانی ۱۰ لیٹر لے کر عرق بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: ۱۲۵ ملی لیٹر عرق میں سکنجبین لیموں ۲۵ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: معدے کو طاقت دیتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ ہیضہ میں مفید ہے۔ متلی اور قے کو روکتا ہے۔ تریاقیت رکھتا ہے۔

عرق پیپرمنٹ ولایتی

نسخہ: روغن پودینہ ولایتی ۳۰ ملی لیٹر، الکحل ۹۵ فیصد ۴۰۰ ملی لیٹر، آب مقطر ۲۰۰ ملی لیٹر، سنگ جراحت سائیدہ ۵۰ گرام بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۵۰ تا ۵۰ ملی لیٹر عرق پودینہ کے عرق میں ملا کر پئیں۔

فوائد: بدہضمی، ہیضہ اور درد شکم میں مفید ہے۔

عرق چوب چینی

نسخہ: چوب چینی، مویز منقیٰ، شہد ہر ایک ساڑھے تیرہ سیر، دار چینی ۱۵ سیر، الائچی خورد، کباب، لونگ، جاوتری، ناگرموتھا، جزبات، عود، بہمن سرخ و سفید، زنجبیل، بادرنجبویہ، خولنجان، بالچھڑ، چھڑیلہ، گاؤزبان، صندل سفید، درونج عقربی، ثعلب مصری، مصطگی، بیخ بنفشہ۔ تج ہر ایک دو سیر، زعفران آدھ سیر، مصری دو گھڑ ہر ایک تین من، گیلوئی چھال ایک من، عرق گلاب ۳۰ بوتل، مشک تبتی ۵ تولہ، عنبر ۲ تولہ بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۵ تولے ۱۰ تولہ۔

فوائد: بانجھ پن کے امراض میں مفید ہے۔ قوت پیدا کرتا ہے۔

عرق شیر مرکب

نسخہ: برادہ صندل سرخ ۵۰ گرام، برادہ صندل سفید ۲۵ گرام، برگ بید سادہ ۱۲۵ گرام، برگ گاؤزبان ۵۰ گرام، تخم خرفہ ۵۰ گرام، تخم خیارین ۵۰ گرام، تخم کاسنی ۱۲ گرام، تخم کاہو ۵۰ گرام، کشنیز خشک ۵۰ گرام، گل سرخ ۲۵ گرام، گل نیلوفر ۵۰ گرام، گل گاؤزبان ۱۲ گرام، مغز کدو ۵۰ گرام، بادام [illegible] بکری کے دودھ (۵ لٹر)، پانی ۱۵ لٹر

بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۲۵ ملی لیٹر عرق شربت نیلوفر ۲۵ ملی لیٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: بدن میں بڑھی ہوئی گرمی کو کم کرتا ہے تپ دق میں مفید ہے۔

عرق عنبر

نسخہ: ابریشم مقرض ۱۰۰ گرام، [illegible] الائچی خورد نیم کوفتہ، الائچی کلاں نیم کوفتہ، انیسون، برادہ صندل سفید، برگ تلسی، بالچھڑ، بسفائج، پنیر دیان نیم کوفتہ، بہمن سرخ نیم کوفتہ، پوست بیرون پستہ، پوست ترنج، تج قلمی نیم کوفتہ، دارچینی نیم کوفتہ، درونج عقربی نیم کوفتہ، زرنباد، زرشک، ساذج ہندی، زرنباد، سعد کوفی، ناگرموتھا نیم کوفتہ، ثعلب مصری نیم کوفتہ، عود غرقی [illegible] نیم کوفتہ، قرنفل [illegible] نیم کوفتہ، کشنیز خشک، گل سرخ، گل گاؤزبان ہر ایک ۵۰ گرام، قند سفید ۱۰۰ گرام، سیب ۵۰۰ گرام، عنبر اشہب ۲ گرام، زعفران ۴ گرام، مشک [illegible] ۲۵ ملی لیٹر عرق [illegible] ۲۵۰ ملی لیٹر، عرق گاؤزبان ۲۵۰ ملی لیٹر، پانی ۲ لیٹر عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۰ ملی لیٹر عرق میں شربت [illegible] ۱۵ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: دل، دماغ اور جگر کو طاقت بخشتا ہے۔ غشی کو دور کرتا ہے۔ کسی عضو سے زیادہ خون نکل جانے کی وجہ سے غشی اور ضعف سے کمزوری لاحق ہو تو اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔

عرق کیوڑہ

نسخہ: پھول کیوڑہ ۲۵۰ عدد، پانی ۱۰ لٹر، بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۰۰ ملی لٹر عرق کیوڑہ میں شربت صندل ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے، دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے، گرمی کو تسکین دیتا اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

عرق گاؤزبان

نسخہ: گاؤزبان ۲۰۰ گرام، پانی ۱۰ لٹر، بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۲۰ ملی لٹر عرق، شربت بنفشہ ۲۵ ملی لٹر میں ملا کر پئیں۔

فوائد: دل و دماغ کی بیماریوں میں مفید ہے۔ گرمی کو تسکین دیتا اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

عرق گلاب

نسخہ: گلاب کے تازہ پھول ۵ کلو، پانی ۱۲ لٹر، بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۶۰ ملی لٹر عرق، ۶۰ ملی لٹر عرق گاؤزبان میں شربت صندل ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: دل، دماغ اور معدے کو طاقت دیتا ہے، فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن، گھبراہٹ اور غشی کو دور کرتا ہے، گرمی کو تسکین دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔

عرق ماء اللحم عنبری بہ نسخہ کلاں

نسخہ: بہمن، چھوہارے ۱۰ گرام، گل منڈی، درونج عقربی، ساذج ہندی ۵ گرام، الائچی کلاں، برادہ صندل سفید، صندل سرخ، تخم خرفہ ہر ایک ۲۰ گرام، بادرنجبویہ ۲۰ گرام، دارچینی خطائی ۱۰ گرام، بالچھڑ ۱۰ گرام، جدوار ۲۰ گرام، بہمن سفید، بہمن سرخ، سنبل ہر ایک ۱۰ گرام، جوز بوا، جاوتری ۱۰ گرام، دارچینی، زرنباد، شقاقل مصری، عود صلیب، طباشیر، قرنفل، زرنباد، کبابہ چینی، گل سرخ ہر ایک ۲۰ گرام، گل گاؤزبان ۵۰ گرام، مصطگی رومی ۱۰ گرام، بکری کا گوشت ۱۰۰۰ گرام، گوشت مرغ ۵۰۰ گرام، گوشت کبوتر ۲۰ عدد، گوشت تیتر و بٹیر کا گوشت ۱۰ عدد، زعفران ۲ گرام، عنبر ۱ گرام، پانی ۲۰ لٹر، بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۱۰۰ ملی لٹر سے ۲۰۰ ملی لٹر تک اس عرق میں شربت انار شیریں ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ دل، دماغ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ دل کو فرحت بخشتا ہے اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

عرق ماء اللحم گلو کاسنی والا

نسخہ: اذخر مکی، اصل السوس مقشر، برگ گاؤزبان، بادرنجبویہ، بادیان، ریشہ سعد، شکاعی ہر ایک ۵۰ گرام، گل گاؤزبان ۲۵ گرام، گلوئے سبز ۲۵ گرام، بکری کا گوشت، گلو ۵۰ گرام، آب کاسنی سبز ملی لٹر، آب گلو ۵۰۰ ملی لٹر

پانی ۸ لٹر، بطریق معروف عرق کشید کریں۔ اور بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵۰-۱۲۵ ملی لٹر یہ عرق شربت کشوث ۲۵ ملی لٹر ملا کر صبح کو نہار منہ پئیں۔

فوائد: معدہ اور جگر کے امراض میں مفید ہے ان اعضاء کو طاقت دیتا اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتا ہے۔

عرق مرکب مصفی خون

نسخہ: برادہ آبنوس، برادہ شیشم، برادہ صندل سفید، عشبہ، برگ حنا، برہم ڈنڈی، پوست بلیلہ زرد، چرائتہ تلخ، سرپھوکہ، شاہترہ، عناب، آک گھنڈی، گل نیلوفر، [illegible] بلیلہ سیاہ نیم کوفتہ ہر ایک ۵۰ گرام، برگ نیم ۲۵۰ گرام، پانی ۸ لٹر بطریق معروف عرق کشید کریں اور بوتلوں میں بھر کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵۰-۱۲۵ ملی لٹر یہ عرق شربت عناب ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: یہ عرق مصفی خون ہے۔ فساد خون کی بیماریوں مثلاً خارش، داد، پھوڑے، پھنسیوں وغیرہ میں اس کا استعمال مفید ہے۔ آتشک، سوزاک میں بھی اس کا استعمال فائدہ دیتا ہے۔

عرق مکوہ

نسخہ: مکوہ خشک ۵۰۰ گرام، پانی ۸ لٹر بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۵۰-۱۲۵ ملی لٹر یہ عرق شربت کاسنی ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: تمام اندرونی اعضاء مثلاً جگر، تلی، معدہ، انتڑیوں اور رحم کے ورم میں مفید ہے۔ ورم کو تحلیل کرتا اور گرمی کو تسکین دیتا ہے۔

عرق ہاضم

نسخہ: اجوائن دیسی، انار دانہ، بادیان، پودینہ خشک ہر ایک ۱۰۰ گرام، پیاز تازہ، زنجبیل نیم کوفتہ، زیرہ سفید کشنیز خشک ہر ایک ۵۰ گرام، گل نیم ۲۰ گرام، نرکچور نیم کوفتہ ۲۰ گرام، پانی ۸ لٹر، بطریق معروف عرق کشید کریں۔

مقدار: ۵۰-۱۰۰ ملی لٹر یہ عرق کھانا کھانے کے بعد پئیں۔

فوائد: بدہضمی، درد شکم اور ہیضہ میں مفید ہے۔

غازۂ حسن افزا

نسخہ: پوست نارنگی ۲۵ گرام، تخم بالنگا مقشر ۱۰ گرام، تخم مولی ۱۵ گرام، ترمس ۱۵ گرام، جو ۵ گرام، دال چنا مقشر ۱۰ گرام، دال مسور مقشر ۵ گرام، کتیرا ۲۵ گرام، جو ۱۰ گرام مقشر، تخم خربوزہ ۱۵ گرام، نشاستہ ۱۰ گرام، عرق گلاب ۱۵ ملی لٹر۔

ترکیب: تمام خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر ایک سفوف تیار کریں، اس کے بعد خوشبو کے لئے گلاب تمام سفوف میں اچھی طرح ملائیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت ۵ گرام تھوڑے پانی میں ملا کر چہرے پر لگائیں۔ صبح کو منہ دھو ڈالیں۔

فوائد: چہرے کی چھائیوں اور داغ دھبوں کو دور کرتا ہے چہرے کی جلد کو صاف نرم اور خوشنما بناتا ہے

قرص ابیض

نسخہ: بنسلوچن ۵۰ گرام، پوست خشخاش ۵۰ گرام، سبوس اسپغول ۳۰ گرام، کتیرا ۵۰ گرام، مغز تخم تربوز ہندی، مغز تخم املی ۵۰ گرام، گوند ۷۰ گرام، کشتہ قلعی ۵۰ گرام، قوام شکر سفید ۱۵۰ گرام، سنگ جراحت ۳۰ گرام، مغنیشیا فحمی ۵ گرام، خمسین ۵ ملی لیٹر۔

ترکیب: پہلی چھ دواؤں کو کوٹ کر چھلنی نمبر ۶۰ سے چھان کر سفوف تیار کریں۔ پھر اس میں کشتہ قلعی ملائیں اور قوام شکر سفید ملا کر ہاتھ سے ملیں اور چھلنی نمبر ۱۲ میں چھان کر دھوپ یا ہیٹر میں سکھائیں۔ خشک ہونے پر چھلنی نمبر ۱۶ میں چھانیں اب یہ دانہ تیار ہو گیا۔ اس میں پہلے خمسین اچھی طرح ملائیں۔ اس کے بعد سنگ جراحت سائیدہ اور مغنیشیا فحمی ملا کر سائز نمبر ۱ کے مطابق ۵۰۰ ملی گرام کے قرص بنائیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

مقدار: صبح کو نہار منہ دو قرص دودھ سے کھائیں۔

فوائد: یہ قرص مادہ تولید کی رقت اور کثرت احتلام میں نہایت مفید ہے۔ جریان اور سرعت میں بھی فائدہ دیتے ہیں۔

قرص اصغر

نسخہ: گندھک باریک پسی ہوئی ۱۰۰ گرام، سوڈا خوردنی ۱۰۰ گرام، چیٹ اراروٹ ۱۰۰ گرام، سنگ جراحت باریک پسا ہوا ۱۰ گرام، مغنیشیا فحمی ۱ گرام، خمسین ۵ ملی لیٹر بطریق

معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک قرص صبح شام پانی سے کھائیں۔

فوائد: یہ قرص خون کو صاف کرتے ہیں فساد خون سے پیدا ہونے والی بیماریوں مثلاً کھجلی، داد، پھوڑے پھنسی وغیرہ میں استعمال کئے جاتے ہیں۔

قرص افسنتین

نسخہ: مرچ سیاہ، مرمکی، جند بیدستر، افیون ہر ایک ۱ ماشہ، افسنتین رومی، تخم کرفس، انیسون ساڑھے سترہ ماشہ، تیج ۷ ماشہ۔ کوٹ چھان کر قرص بنائیں۔

مقدار: ساڑھے تین ماشہ۔

فوائد: کھانا کھانے کے بعد جب معدہ میں درد ہو تو اس کا استعمال فائدہ دیتا ہے۔

قرص پودینہ

نسخہ: اجوائن دیسی، بادیان، پودینہ خشک ہر ایک ۳۰ گرام، دار چینی ۱۵ گرام، زنجبیل، سونٹھ، زیرہ سیاہ ہر ایک ۲۰ گرام، فلفل سیاہ، مرچ سیاہ ۱۰ گرام، گوند ۱۰ گرام، نمک سیاہ ۱۰۰ گرام، نوشادر ۱۰ گرام، قوام شکر سفید ۱۰۰ گرام، سنگ جراحت سائیدہ ۱۵ گرام، مغنیشیا فحمی ۵ گرام۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: دو دو قرص کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

فوائد: معدے کو قوت دیتا ہے، غذا کو ہضم کرتا اور بھوک لگاتا ہے۔ جگر کی اصلاح کرتا ہے۔

قرص تنکار

نسخہ: جواکھار اساسی ۵۰ گرام ریوند الکحل ۲۵ گرام سہاگہ خام ۴۰ گرام فلفل سیاہ و مرچ سیاہ ۵۰ گرام نمک ۲۰ گرام قوام شکر سفید ۱۰۰ گرام شمعین ۲۰ گرام سنگ جراحت سائیدہ ۵۰ گرام، بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ۱ یا ۲ قرص رات کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر یا پانی سے کھائیں۔

فوائد: دائمی قبض کو دفع کرنے کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں۔ جگر اور معدے کو قوت دیتے ہیں اور بھوک لگاتے ہیں۔

قرص حابس

نسخہ: سنگ جراحت ۱۰۰ گرام گیرو ۱۰۰ گرام کتھہ سفید ۴۰ گرام الکحل ۲۵ ملی لیٹر شمعین ۱۰ ملی لیٹر سنگ جراحت سائیدہ ۲۰ گرام مغنیشیا فحمی ۵ گرام، بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ایک ایک قرص صبح و شام دودھ سے کھائیں۔

فوائد: ہر بیماری جس میں خون جاری ہو، پیشاب، پاخانے کیساتھ خون جاری ہو، کثرت حیض کی شکایت ہو، ان سب حالات میں ان کا استعمال مفید ہے۔

قرص حلتیت

نسخہ: ہینگ بریاں ۱۰۰ گرام سوڈا خوردنی الکحل ۲۰ گرام پیسٹ اراروٹ ۲۰ گرام شمعین ۱۰ ملی لیٹر سنگ جراحت سائیدہ ۲۰ گرام مغنیشیا فحمی ۵ گرام بطریق معروف قرص تیار کریں، اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ کریں۔

فوائد: یہ قرص پیٹ کے ریاحی درد کو دور کرتے ہیں ریاح کو خارج کرتے اور بھوک لگاتے ہیں۔

مقدار: ۲ قرص صبح و شام کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔

قرص حمی جدید

نسخہ: بنفشہ چینی ۴۰ گرام ست گلو ۲۰ گرام مصطگی ۱۰ گرام مغز کرنجوہ ۱۰۰ گرام گوندہ ۵۰ گرام کونین ۵۰ گرام نشاستہ سائیدہ ۲۰ گرام پیسٹ اراروٹ ۲۰ گرام شمعین ۱۲ ملی لیٹر، سنگ جراحت سائیدہ ۵۰ گرام مغنیشیا فحمی ۵ گرام بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ۲ قرص ایک ادھ دودھ کے ساتھ کھائیں جب بخار ہو یا ہلکا ہو۔ مرض سل میں روزانہ صبح کو عرق ماء الحیات کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: بخاروں کو روکتے ہیں۔ سل و دق میں بھی مفید ہیں۔

قرص ذیابیطس

نسخہ: برادہ صندل ۲۰ گرام، گلنار ۵۰ گرام تخم جامن ۲۰ گرام تخم خرفہ ۵۰ گرام تخم کاہو ۵۰ گرام کشنیز ۲۰ گرام نشاستہ خشک ۲۰ گرام گل ارمنی ۲۰ گرام گل انار ۲۰ گرام گوندہ ۵۰ گرام پیسٹ اراروٹ ۱۵۰ گرام پیسٹ جیلاٹین ۵۰ گرام کافورہ ۵ گرام الکحل ۲۰ ملی لیٹر شمعین ۵ ملی لیٹر سنگ جراحت ۲۵ گرام مغنیشیا فحمی ۵ گرام، بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ۱ تا ۲ قرص صبح و شام پانی سے کھائیں۔
فوائد: ذیابیطس میں مفید ہے۔

قرص سرطان

نسخہ: اصل السوس مقشر ۲۵ گرام، برادہ صندل سرخ ۱۰ گرام، برادہ صندل سفید ۱۰ گرام، بہمن ۳۰ گرام، تخم خرفہ سیاہ ۲۵ گرام، تخم خشخاش ۲۵ گرام، تخم کاہو ۱۰ گرام، رب السوس ۲۵ گرام، سرطان جلا ہوا ۱۰ گرام، شکر سفید ۲۰ گرام، کافور ۵ گرام، کتیرا ۱۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام، گوند ببول ۱۰ گرام، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم خیارین، مغز تخم کدو ہر ایک ۲۵ گرام، نشاستہ گندم ۲۵ گرام، قوام شکر سفید ۲۵۰ گرام، تخمین ۵ ملی لیٹر، سنگ جراحت سائیدہ ۵ گرام، منقش قلمی ۱۰ گرام، الکحل ۵ ملی لیٹر۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔
مقدار: ۲ قرص صبح کو شربت انجبار میں ملا کر چاٹیں۔
فوائد: سل و دق میں مفید ہیں۔ کھانسی کو دفع کرتے ہیں۔

قرص طباشیر قابض

نسخہ: انار دانہ ۲۰ گرام، پوست بیرون پستہ ۱۰ گرام، بہمن ۱۰ گرام، زیرہ سیاہ مدبر ۲۰ گرام، سماق ۲۰ گرام، کشنیز خشک بریاں دو حصہ بھونا ہوا ۲۰ گرام، گوند ۲۵ گرام، صندل ۱۰ گرام، قوام شکر سفید ۱۰ گرام، تخمین ۲ ملی لیٹر، سنگ جراحت سائیدہ ۱۰ گرام، منقش قلمی ۲ گرام۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ۲ تا ۳ قرص عرق گاؤزبان سے کھائیں۔
فوائد: سل و دق اور تپ محرقہ میں دستوں کو روکنے کے لئے نہایت مفید ہے۔

قرص عود صلیب

نسخہ: جدوار ۵ گرام، عود صلیب ۵ گرام، گوند ۱ گرام، قوام شکر سفید ۱۰ گرام، تخمین ۲ ملی لیٹر، سنگ جراحت سائیدہ ۲ گرام، منقش قلمی ۲ گرام۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔
مقدار: ایک ایک قرص عرق گاؤزبان یا پانی کے ساتھ کھائیں۔
فوائد: مرگی کے لیے مفید ہے۔

قرص کبد نوشادری

نسخہ: بادرنگ ۱۰ گرام، ہلیلہ کابلی ۱۰ گرام، پوست ہلیلہ زرد ۲۰ گرام، زنجبیل ۲۵ گرام، ست لیموں ۲۰ گرام، سہاگہ بریاں ۱۰ گرام، فلفل سیاہ ۱۰ گرام، گوند ۲۲۵ گرام، لونگ ۱۰ گرام، نمک سانبھر ۲۵ گرام، نمک سیاہ ۱۵ گرام، نوشادر ۲۵ گرام، ہلیلہ سیاہ ۱۰ گرام، قوام شکر سفید ۱۰۰ گرام، تخمین ۱۰ ملی لیٹر، سنگ جراحت سائیدہ ۲۰ گرام۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔
مقدار: ۲ تا ۳ قرص دونوں وقت کھانا کھانے کے بعد کھائیں۔
فوائد: ورم جگر، ضعف جگر، جگر کا بڑھ جانا میں مفید ہیں۔ بھوک لگاتے، غذا کو ہضم کرتے ہیں۔

قرص مثلث

نسخہ: اجوائن خراسانی ۵۰ گرام تخم کاہو ۵۰ گرام۔ کتیرا خشک ۵۰ گرام گل چکنی ۵۰ گرام مرمکی ۵۰ گرام افیون سوگر... ملی گرام زعفران سائیدہ ۵ گرام بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ایک قرص پانی میں گھس کر پیشانی اور کنپٹی پر لگائیں۔

فوائد: دردِ سر اور دردِ شقیقہ (آدھا سیسی) میں مفید ہے۔

قرص مقل

نسخہ: گل سرخ ۱۰ ماشہ مقل ازرق ساڑھے ۴ ماشہ سنبل الطیب، مصطگی ہر ایک ۳ ماشہ، قسط تلخ، مغز بادام ہر ایک سوا دو ماشہ، زعفران ساڑھے تین ماشہ۔

ترکیب: مقل کو شراب میں حل کریں اور باقی ادویہ کو چھان کر اس کی مدد سے قرص بنائیں۔

مقدار: ۱ ماشہ آب کاسنی یا آب بادیان سے دیں۔

فوائد: جگر و معدہ کی سختی کو دور کرتا اور سوء القنیہ کو مفید ہے۔

قرص مسہل

نسخہ: ریوند چینی ۵۰ گرام دارچینی ۲۵ گرام زنجبیل ۲۵ گرام سقمونیا ۲۵ گرام فلفل سیاہ زیرہ سیاہ ۲۵ گرام قرنفل (لونگ) ۲۵ گرام گوند ۲۰ گرام مصطگی ۲۵ گرام ناگیسرہ ۲۵ گرام قوام شکر سفید ۱۰ گرام۔ خمیرین ۲ گولی، سنگ جراحت سائیدہ ۵ گرام مغنیشیا فحمی ۱۰ گرام۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔

مقدار: ۱ قرص رات کو سوتے وقت دودھ یا پانی سے کھائیں۔

فوائد: یہ قرص دست آور ہیں۔ ایک قرص کے استعمال سے دو تین دست بافراغت ہو جاتے ہیں۔ صفراوی نزلہ و دق میں ان کا استعمال خاص طور پر مفید ہے۔

قرص ملین

نسخہ: ملیٹھی مقشر ۵۰ گرام آلو بخارا خشک ۲۵ گرام بادیان ۵۰ گرام مویز ۲۵ گرام پوست ہلیلہ زرد ۲۵ گرام تربد مجوف ۵۰ گرام ریوند چینی ۲۰ گرام سقمونیا ۲۵ گرام سنا مکی ۲۰ گرام گوند ۱۰ گرام مصطگی ۵ گرام جلاپہ ۲۵ گرام بیسٹ ایلوروٹ ۱۰۰ گرام بیسٹ جلائیں ۱۰ گرام خمیرین ۲۵ گرام ست ملاحت سائیدہ ۵۰ گرام مغنیشیا فحمی ۱۰ گرام۔ بطریق معروف قرص تیار کریں۔ اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۲ قرص سے ۳ قرص تک رات کو دودھ یا پانی نیم گرم سے کھالیں۔ بچوں کو ان کی عمر کے مطابق چوتھائی سے ایک قرص تک دیں۔

فوائد: معدہ اور آنتوں کو فضلات سے صاف کرنے کے لیے نہایت مفید ہیں۔ نزلہ، آشوب چشم اور زنگ کان کے دردوں میں قبض کو رفع کرنے کے لیے مستعمل ہیں۔

کافور سیال

نسخہ: کافور ایک حصہ، ریکٹی فائڈ سپرٹ ۴ حصہ میں ڈالیں۔ کافور حل ہو جائے گا۔

مقدار: ۱۰ قطرے مناسب بدرقہ کے ساتھ۔

فوائد: خون آنا، پیشاب میں خون آنا اور بواسیر وغیرہ میں خون بند کرتا ہے۔

کحل الجواہر

نسخہ: اقلیمیائے نقرہ (روپا مکھی) ۱۲ گرام پوست ہلیلہ زرد ۲۴ گرام توبال مس سوختہ (تانبا جلا ہوا) ۱۲ گرام ساذج ہندی (تیز پات) ۵ گرام صبر سقوطری (ایلوا) ۲۴ گرام صدف صادق (صدف مروارید) ۱۲ گرام عقیق ۱۲ گرام کافور بھیم سینی ۵ گرام ممیران چینی ۲۴ گرام مرجان (مونگا) ۱۲ گرام یاقوت سرخ ۵ گرام ورق نقرہ (چاندی کے ورق) ۱۰ گرام زعفران سائیدہ ۳ گرام سرمہ سیاہ سائیدہ ۵۰ گرام عرق گلاب ۵۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب: خشک دواؤں کو الگ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ جواہرات کو الگ الگ کھرل کر کے دواؤں کے سفوف کے ساتھ ملا کر تھوڑا تھوڑا عرق گلاب ڈال کر کھرل کریں۔ اس کے بعد زعفران کو عرق گلاب میں ملا کر کھرل کریں۔ اس میں چاندی کے ورقوں کو الگ عرق گلاب میں کھرل کر کے شامل کریں اور ساتھ ہی کافور کو بھی ریزہ ریزہ کر کے ڈال دیں۔ جب تمام دوائیں کھرل کرتے کرتے خشک ہو جائیں تو باریک ریشمی کپڑے میں چھان لیں اس کے بعد سرمہ سیاہ باریک کھرل کیا ہوا ملا کر اچھی طرح کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ہر شب رات کو سوتے وقت دو دو سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: بینائی کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ لگاتار استعمال کرتے رہنے سے آنکھوں کی بینائی کو بڑھاپے تک برقرار رکھتا ہے اور آنکھیں بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہتی ہیں۔

کحل بیاض

نسخہ: پھٹکری کی ٹھیکریاں ۱۰ گرام سفیدہ جست ۱۰ گرام نوشادر ۱۰ گرام۔

ترکیب: پھٹکری کی ٹھیکریاں اور نوشادر کو باریک پیس کر چھلنی نمبر ۱۰۰ میں چھان لیں۔ سفیدہ جست کو باریک کپڑے میں چھانیں اور سب کو ملا کر کھرل کریں اور باریک کپڑے میں چھان کر شیشی میں محفوظ کریں۔

استعمال: صبح اور رات کو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

فوائد: آنکھ کے جالے، پھولے اور ناخونہ کو کاٹتا ہے۔

کحل چکنی دوا

نسخہ: مس لائٹ صابون ۲۰۵ گرام رال سفید

۵ گرام نیلا تھوتھا ۵ گرام۔ بطریق معروف تیار کریں۔
استعمال: ایک دانہ سرسوں کے برابر یہ دوا لے کر ایک قطرہ پانی میں حل کر کے سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔ چند روز تک دن میں ایک بار لگائیں جب آنکھیں برداشت کرنے لگیں دو بار لگائیں۔
فوائد: یہ دوا نزول الماء (موتیا بند) کی ابتدا میں مفید ہے۔ دھند کو دور کرتی اور جالے پھولے کو کاٹتی ہے۔

کحل روشنائی

نسخہ: ہلیلہ زرد (زرد ہڑ چھلکا) ۱۰ گرام، ایلوا ۲۵ گرام، ابھرک ۲۰ گرام، بورہ ارمنی ۲۰ گرام، پیپل کلاں ۲۵ گرام، تھوتھیا جنگلی ۲ گرام، زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام، سنگ جراحت ۲۵ گرام، نشادر بھی مصقول ۲۰ گرام، فلفل سفید (سفید مرچیں) ۲۵ گرام، فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۲۵ گرام، قرنفل (لونگ) ۲۵ گرام، مس سوختہ (تانبا جلا یا ہوا) ۲۰ گرام، نمک سانبھر ۲۰ گرام، نوشادر ۵ گرام، زعفران ۵ گرام۔ بطریق معروف تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: صبح اور رات کو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔
فوائد: بینائی کی کمزوری کو دور کرتا ہے۔ جالے پھولے اور ناخونہ کو کاٹتا ہے۔

کحل صدف

نسخہ: صدف سوختہ (سیپ جلائی ہوئی) ۱۰ گرام، پھٹکری بریاں ۲۰ گرام، مصری ۳۰ گرام، عرق بادیان ۵۰ ملی لیٹر۔ بطریق معروف تیار کریں۔
استعمال: صبح اور رات کو سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔
فوائد: بینائی کو طاقت دیتا ہے۔ آنکھوں کی سرخی کو دور کرتا ہے۔

کشتہ ابرک سفید

نسخہ: ابرک سفید دھنساب ۵۰ گرام، شورہ قلمی ۵۰ گرام، آب گھیکوار، لعاب گھیکوار بقدر ضرورت، اوپلے ۵-۱۰ کلو۔
ترکیب: پہلے شورہ قلمی کو آب گھیکوار میں حل کریں اس کے بعد اس محلول کو ابرک دھنساب میں ملا کر ٹکیاں بنائیں۔ پھر اس ٹکیہ کو مٹی کی چھوٹی ہانڈی میں رکھ کر سرپوش سے ڈھک کر گل حکمت کریں۔ خشک ہونے پر گڑھے میں ۵ کلو اوپلوں کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد ابرک کو ہانڈی سے نکالیں اور سادہ پانی میں کھرل کر کے مزید سادہ پانی شامل کریں اور اس میں اچھی طرح گھول کر کچھ دیر رکھ چھوڑیں۔ جب ابرک تہ نشین ہو جائے تو پانی کو نتھار کر پھینک دیں۔ اس کے بعد دوبارہ پانی ڈال کر یہی عمل کریں۔ کشتہ سازی میں یہ عمل جتنا

گھلاتا ہے اور اس کا مقصد شورہ قلمی کو ابرک سے الگ کرنا ہے، اور ابرک کو خشک کر کے آب گھیکوار ۵۰۰ ملی لیٹر میں کھرل کر کے ۱۰-۱۰ گرام وزنی ٹکیاں بنا کر خشک کریں اور ایک ہانڈی میں رکھ کر گل حکمت کر کے گڑھے میں ۱۵ کلو اپلوں کی آنچ دیں۔ اس طرح کل سات آنچ دیں اس کے بعد ہانڈی سے ابرک کو نکال کر کھرل کریں۔ یہ کشتہ سفید رنگ کا ہوگا چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۶۰ ملی گرام سے ۱۲۵ ملی گرام تک یا اس کا ایک قرص کھانسی، دمہ کے لیے شہد ۱۰ گرام میں ملا کر چاٹیں۔ تقویت جسم اور تقویت باہ کے لیے دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر کے ساتھ کھائیں یا مکھن یا ملائی میں ملا کر چاٹیں۔

فوائد: کھانسی، دمہ کو دور کرتا ہے۔ عام جسمانی کمزوری کو رفع کرتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے

کشتہ ابرک سیاہ

نسخہ و ترکیب: ابرک سیاہ، ابرک سفید کی مانند ہے۔ البتہ یہ اس کے مقابلہ میں قوی الاثر ہے۔

مقدار: ۱-۲ قرص ۱۰ گرام شہد میں ملا کر چاٹیں۔ تقویت باہ کے لیے دودھ کے ساتھ کھائیں یا مکھن، ملائی میں ملا کر چاٹیں۔

فوائد: کھانسی، دمہ میں مفید ہے خفقان میں فائدہ بخشتا ہے۔ مقوی جسم اور مقوی باہ ہے

کشتہ ابرک کلاں

نسخہ: ابرک سفید دھنا ہوا ۱۲۵ گرام ابرک سیاہ دھنا ہوا ۱۲۵ گرام شورہ قلمی ۶۰ گرام اور ۵۰۰ گرام گلو سبز برگی کا پانی۔ لے کر بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: ۶۰ ملی گرام یہ کشتہ یا اس کے دو قرص دمہ کھانسی کے لیے ۱۰ گرام شہد میں ملا کر چاٹیں۔ تقویت جسم اور تقویت باہ کے لیے مکھن و ملائی میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: یہ کشتہ کھانسی، دمہ میں نہایت مفید ہے۔ عام جسمانی کمزوری اور ضعف باہ کو دور کرتا ہے

کشتہ بیضہ مرغ

نسخہ: پوست بیضہ مرغ ۲۵۰ گرام لیموں ۵۰۰ گرام پانی، لیٹر ۱/۲ گھیکوار بھی ۲۵۰ ملی لیٹر بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۱۲۵ ملی گرام یا اس کے دو قرص جوارش مصطگی ۵ گرام یا معجون سپاری پاک ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں اوپر سے دودھ پئیں۔

فوائد: ذیابیطس میں مفید ہے۔ مردوں کے مرض جریان و رقت منی اور عورتوں کے مرض سیلان میں بھی فائدہ دیتا ہے۔

کشتہ پارہ

نسخہ: پارہ مصفٰی ۱۰ گرام گندھک مصفٰی ۲۰ گرام مہندی

۱۰۰ گرام نوشادر چھانی باریک پیسی ہوئی ۱۰۰ گرام اوپلے ۱۰ کلو بڑے اوپلے ۱۲ / ۲ کلو کے ۲ عدد۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۳۰ ملی گرام یا اس کا ایک قرص مکھن یا ملائی ۱۰ گرام میں ملا کر کھائیں، اوپر سے دودھ پئیں۔

فوائد: فالج و لقوہ، وجع مفاصل، رعشہ، بلغمی کھانسی اور دمہ میں مفید ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا اور خون کو صاف کرتا ہے۔

کشتہ تامیسر

نسخہ: تانبے کی چھیلن یا تانبے کا برادہ ۱۰۰ گرام بھنگرہ کلاں ۱۰۰ گرام تیتی بوٹی رگڑی ہوئی ۲۵۰ گرام اوپلے ۱۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۳۰ گرام یا اس کا ایک قرص تقویت معدہ و جگر کے لیے جوارش جالینوس ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔ تقویت باہ کے لیے مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھائیں اور اوپر سے دودھ پئیں۔ فالج لقوہ، گٹھیا اور دوسرے سرد بلغمی امراض میں شہد میں ملا کر چاٹیں۔

فوائد: معدہ و جگر کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ فالج و لقوہ، گٹھیا کے لیے مفید ہے۔

کشتہ تانبا سفید

نسخہ: تانبے کی چھیلن ۱۰۰ گرام آب کریلہ (جو کریلہ کی کونپلوں کو کوٹ کر نکالا گیا ہو) ۵۰۰ ملی لٹر کریلہ کی کونپلیں اور گدا ۵ کلو اوپلے ۴ کلو وہ بڑے اوپلے ۵، ۵ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۳۰ ملی گرام (دو چاول) شہد یا ملائی میں ملا کر کھائیں۔

فوائد: کھانسی، دمہ، فالج، گٹھیا وغیرہ سرد بلغمی امراض میں مفید ہے۔ بھوک لگاتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔

کشتہ جست

نسخہ: سفیدہ جست (جست شگفتہ) ۱۰۰ گرام۔ آب گھیکوار ۵۰۰ ملی لٹر اوپلے ۵ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: ۶۰ ملی گرام یہ کشتہ یا دو قرص مکھن میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: جریان، رقت و سرعت کو دور کرتا ہے۔ سیلان الرحم میں بھی مفید ہے۔

کشتہ حجر الیہود

نسخہ: حجر الیہود ۱۰۰ گرام مولی کا پانی ۳۰۰ ملی لٹر۔ جو کھار ۵۰ گرام اوپلے ۱۵ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۱۲۵ ملی گرام یا اس کا ایک قرص معجون عقرب ۵ گرام یا معجون حجر الیہود ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں یا شربت انناس میں ملا کر پئیں۔

فوائد: گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتا ہے۔

کشتہ خبث الحدید

نسخہ: خبث الحدید ۵۰ گرام سرکہ دیسی ۵۰۰ ملی لٹر ترپھلا ۵۰ گرام گلو ونیلہ برنی ۵۰ گرام آب گھیکوار ۵۰ ملی لٹر اوپلے ۲۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں
مقدار: یہ کشتہ ۱۲۵ ملی گرام یا اس کے دو قرص ۵ گرام جوارش جالینوس میں رکھ کر صبح کے وقت کھائیں۔
فوائد: معدے اور جگر کو طاقت دیتا ہے خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ ضعف جگر، خون کی کمی اور ضعف معدہ کی حالت میں نہایت مفید ہے۔

کشتہ خرمہرہ

نسخہ: زرد کوڑیاں ۵۰ گرام آب گھیکوار ۲۵۰ ملی لٹر اوپلے ۲۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔
مقدار: یہ کشتہ ۱۲۵ ملی گرام خمیرہ گاؤزبان ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔
فوائد: مقوی دماغ اور مقوی اعصاب ہے۔ عام جسمانی کمزوری، دائمی نزلہ و زکام اور خون کی رقت کو دُور کرتا ہے۔

کشتہ زہر مہرہ

نسخہ: زہر مہرہ ۱۰۰ گرام عرق گلاب ۲۵۰ ملی لٹر اوپلے ۵ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔
مقدار: یہ کشتہ ۱۲۵ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص خمیرہ مروارید ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔
فوائد: دل کو قوت و فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دُور کرتا ہے۔

کشتہ سم الفار (سنکھیا)

نسخہ: سم الفار (سنکھیا سفید) ۱۰ گرام راکھ چرچٹہ اکھو ۵۰۰ گرام اوپلے ۵ کلو۔ بطریق معروف تیار کریں
مقدار: یہ کشتہ ۳۰ ملی گرام یا اس کا ایک قرص مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھائیں اور دودھ پئیں۔

کشتہ سنگ سرماہی

نسخہ: سنگ سرماہی ۱۰۰ گرام مولی کا پانی ۵۰۰ ملی لٹر اوپلے ۲۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔
مقدار: یہ کشتہ ۲۵۰ ملی گرام یا اس کا ایک قرص جوارش زرعونی عنبری ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں یا شربت بزوری معتدل ۱۰ ملی لٹر میں ملا کر چاٹیں۔
فوائد: گردہ، مثانہ کی پتھری کو نکالتا ہے۔

کشتہ طلا کلاں

نسخہ: ورق طلا (سونے کے ورق) ۳ گرام پارہ ۳ گرام گندھک آملہ سار ۵ گرام عرق گلاب ۲۵۰ ملی لٹر آب گھیکوار ۲۵۰ ملی لٹر اوپلے ۱۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۲۰ ملی گرام یا اس کا ایک قرص دوا المسک جواہر والی ۵ گرام یا سیب کا مربہ ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔ اوپر سے دودھ پئیں۔

فوائد: عام جسمانی کمزوری کو دُور کرتا ہے۔ اعضائے رئیسہ کو طاقت دیتا ہے اور قوتِ باہ کو بڑھاتا ہے۔ معدے اور جگر کو طاقت دیتا اور تولیدِ خون کو زیادہ کرتا ہے۔ اعلیٰ درجہ کا مقوی اعصاب کشتہ ہے۔

کشتہ طلا مروارید

نسخہ: کشتہ طلا کلاں ۲۰ ملی گرام، کشتہ مروارید ۱۰ گرام۔

ترکیب: دونوں کشتوں کو باہم کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: یہ کشتہ ۳۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص عام جسمانی کمزوری کو دُور کرنے کے لیے دوا المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔ سل و دق کے لیے خمیرہ ابریشم شیرہ عناب والا ۵ گرام کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: عام جسمانی کمزوری کو دُور کرتا ہے۔ سل و دق کے مریضوں کے لیے نہایت مفید ہے۔

کشتہ عقیق

نسخہ: عقیق ۱۰ گرام، عرق گلاب ۲۵۰ ملی لیٹر، مغز گھیکوار ۲۵ گرام کو نغدہ کر کے ۵ گرام اوپلے ۱۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۶۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص خمیرہ مروارید ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: یہ کشتہ دل کو قوت دیتا ہے۔ اختلاج کو دُور کرتا ہے۔ جریانِ خون کو روکتا اور پھیپھڑے کے زخموں کو بھرتا ہے۔

کشتہ فولاد

نسخہ: برادہ فولاد ۱۰۰ گرام، گندھک آملہ سار ۵۰ گرام، ترپھلہ (ہڑ، بہیڑہ، آملہ) ۵۰ گرام، ہاتھی سونڈی بوٹی کا پانی اور آب گھیکوار ۵۰۰ ملی لیٹر، اوپلے ۵ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: کشتہ فولاد ۶۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص جوارش جالینوس ۵ گرام یا دوا المسک معتدل جواہر والی ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں یا شہد ۱۰ گرام میں ملا کر چاٹیں۔

فوائد: یہ کشتہ عام جسمانی کمزوری اور خون کی کمی کو دُور کرتا ہے۔ ضعفِ باہ کو زائل کرتا ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری کو بہت جلد دُور کرتی ہے۔

کشتہ قلعی

نسخہ: قلعی ۵۰ گرام، چھلکا ریٹھا ۲۵۰ گرام، آب گھیکوار ۱۰۰ ملی لیٹر، اوپلے ۱۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: یہ کشتہ ۶۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص مکھن اور شربت ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔ اوپر سے دودھ پئیں۔

فوائد: جریان اور رقت و سرعت کو دُور کرتا ہے۔

کثرت احتلام میں بھی مفید ہے۔ جریان کی وجہ سے ضعف باہ لاحق ہو تو اس کو بھی دفع کرتا ہے۔

کشتہ گودنتی

نسخہ: گودنتی ۲۵۰ گرام آب گھیکوار ۱۰۰ ملی لٹر اپلے ۵ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: ۱۲۵ ملی گرام یا ۲ قرص گٹھیا وغیرہ میں معجون سورنجان ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔ بخاروں میں تلسی کے پتے میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: وجع مفاصل، گٹھیا، نقرس اور عرق النسا میں مفید ہے ہر قسم کے بخاروں کو دور کرتا ہے۔

کشتہ مثلث

نسخہ: قلعی ۲۵۰ گرام جست ۲۵۰ گرام سیسہ ۲۵۰ گرام شورہ قلمی ۷۵۰ گرام آب گھیکوار ۵۰۰ ملی لٹر بانس کیوڑے کا ڈنڈا تقریباً ۲ گز لمبا، ۱ عدد اپلے ۴ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: یہ کشتہ ۶۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص معجون خرما ۱۰ گرام یا مکھن ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: جریان، رقت و سرعت اور کثرت احتلام میں مفید ہے۔

کشتہ مرجان سادہ

نسخہ: مرجان دھو کر ۲۵ گرام آب گھیکوار ۲۰۰ ملی لٹر اپلے ۱۰ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: یہ کشتہ ۶۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص خمیرہ گاؤزبان سادہ ۱۰ گرام میں رکھ کر کھائیں

فوائد: دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نزلہ اور کھانسی میں مفید ہے۔

کشتہ مرگانگ

نسخہ: پارہ مصفیٰ ۲۰ گرام قلعی مصفیٰ ۱۰ گرام گندھک آملہ سار ۱۰ گرام نوشادر دیسی ۱۰ گرام شورہ قلمی ۱۰ گرام، بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: کشتہ مرگانگ ۶۰ ملی گرام یا اس کے ۲ قرص جوارش جالینوس ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں

فوائد: معدے اور جگر کی تقویت کے لیے نہایت مفید ہے۔

کشتہ نقرہ

نسخہ: ورق نقرہ ۲۵۰ گرام عرق گلاب ۲۲۵ ملی لٹر آب گھیکوار ۴۵۰ ملی لٹر اپلے ۲۱ کلو۔ بطریق معروف کشتہ تیار کریں۔

مقدار: ۶۰ ملی گرام یہ کشتہ یا اس کے ۲ قرص خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر والا ۵ گرام یا لبوب کبیر ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: اعضائے رئیسہ دل، دماغ، جگر کو طاقت دیتا ہے۔ قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ جریان اور کثرت احتلام میں مفید ہے۔

گل قند سیوتی

نسخہ: گل سیوتی تازہ کی پنکھڑیاں ایک کلو، شکر سفید ایک کلو۔

ترکیب: پہلے ہاتھوں کو صابون مل کر اچھی طرح دھوئیں۔ اس کے بعد صرف گل سیوتی کی پنکھڑیوں کو دستال کریں (یعنی ہاتھوں سے مسلیں)، پھر شکر سفید ملا کر مسلیں۔ یہاں تک کہ تمام شکر اور پنکھڑیاں اچھی طرح مل جائیں۔ اس کے بعد مرتبان میں بھر کر ایک ہفتہ دھوپ میں رکھیں۔ گل قند تیار ہو جائے گا۔

مقدار: ۵۰ گرام یہ گل قند صبح کے وقت تنہا یا کسی مناسب بدرقہ سے کھائیں۔

فوائد: دل کو فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔

گل قند گلاب

نسخہ: گلاب کے تازہ پھولوں کی پنکھڑیاں ایک کلو، شکر سفید ایک کلو۔ بطریق معروف گل قند تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ سے ۵۰ گرام تک تنہا صبح یا رات کو کسی مناسب بدرقہ سے کھائیں۔

فوائد: قبض کو دور کرتا ہے۔ جگر اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

گندھک سیال

نسخہ: گندھک آملہ سار ۵۰ گرام، چونا بجھا ہوا ½ کلو

ترکیب: بنا بجھے چونے کو ایک قلعی دار پتیلے میں ڈال کر اس پر گندھک باریک پیس کر چھڑک دیں۔ پھر اس پر تقریباً ۲ لٹر گرم پانی ڈال دیں۔ جب چونا پکنے کے بعد اس کے بخارات بند ہو جائیں تو اس میں مزید ۲ لٹر گرم پانی شامل کریں اور ہلکی آنچ پر ۲ گھنٹے تک پکائیں۔ اس کے بعد آگ سے اتار کر رکھ چھوڑیں۔ دو، تین گھنٹے کے بعد جب صاف زرد پانی نتھر آئے تو اس کو نہایت احتیاط سے نتھار لیں۔ چونے کا کوئی جزو اس میں نہ آئے۔ اس کے بعد پتیلے کے تہ نشین چونے میں مزید ۲ لٹر پانی ڈال کر دوبارہ پکائیں اور جب پانی آدھا رہ جائے آگ سے نیچے اتار کر رکھ چھوڑیں۔ دو تین گھنٹے کے بعد صاف پانی کو نتھار کر پہلے نتھارے ہوئے پانی میں ملا کر پکائیں۔ جب پکتے پکتے تقریباً ۲۵۰ ملی لٹر پانی رہ جائے۔ اس کو شیشی میں ڈال کر رکھیں۔ یہی گندھک سیال ہے۔

مقدار: ۵۔۰۵ قطرے گندھک سیال تھوڑے پانی میں ملا کر کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت پئیں۔ اور خارجی استعمال کے لیے ۱۰ ملی لٹر گندھک سیال سرسوں کے تیل ۱۰۰ ملی لٹر میں ملا کر خارش (کھجلی) کے مقام پر ملیں۔

فوائد: خارش خواہ تر ہو یا خشک، داد اور فساد خون کی دوسری بیماریوں میں مفید ہے اس کے علاوہ اس کے اندرونی استعمال سے بڑھی ہوئی تلی میں تحلیل ہو جاتی ہے۔

لُبُوبات

لبوبات "لبوب" کی جمع ہے اور "لبوب" "مغزیات" کو کہتے ہیں۔ (لغت میں مغز) لیکن اس جگہ لبوب سے وہ خاص معجونیں مراد ہیں۔ جن میں خصوصیت سے مغزیات شامل کیے جاتے ہیں۔

لبوب بارد

نسخہ: تخم انجنگن ۱۰ گرام تخم خرفہ ۲۰ گرام تخم خشخاش ۴۰ گرام، تخم گزر ۲۰ گرام تودری زرد ۱۰ گرام تودری سرخ ۱۰ گرام خولنجان ۵ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام شقاقل مصری ۲۰ گرام کتیرا ۲۰ گرام مغز بادام شیریں ۴۰ گرام مغز تخم تربوز ۲۰ گرام مغز چلغوزہ ۱۰ گرام مغز تخم خربوزہ ۲۰ گرام مغز تخم خیارین ۲۰ گرام مغز تخم کدو ۵ گرام ترنجبین ۱۰۰ گرام قوام شکر سفید ۱ کلو ۵۰۰ گرام۔

ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ کر چھلنی ۴۰ میں چھان کر سفوف تیار کریں اور مغزیات کو الگ باریک کوٹ کر چھلنی ۲۰ میں چھانیں اور دواؤں کے سفوف میں ملا دیں۔ اب ترنجبین کو گرم پانی میں حل کر کے تھوڑی دیر رکھ چھوڑیں تاکہ گرد وغبار تہ نشین ہو جائے۔ اس کے بعد حل کی ہوئی ترنجبین کو کپڑے میں چھان لیں اور نتھارنے کے بعد اس میں قوام شکر سفید ملا کر پکائیں۔ جب قوام پک کر درست ہو جائے تو آگ سے نیچے اتار لیں اور دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں، یہاں تک کہ تمام سفوف مل جائے لبوب بارد تیار ہے۔ شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار خوراک: لبوب بارد ۱۰ گرام صبح کو نہار منہ دودھ ۲۵۰ ملی لٹر سے کھائیں۔

فوائد: گرم مزاجوں کے لیے مقوی باہ ہے۔

لبوب صغیر

نسخہ: بہمن سرخ ۲۵ گرام بہمن سفید ۲۵ گرام تخم اسپست ۲۵ گرام تخم پیاز ۲۵ گرام تخم جرجیر ۲۵ گرام تخم خشخاش ۲۵ گرام تخم ہلیون ۲۵ گرام۔ تخم ملی ۵۰ گرام تل سفید مقشر ۲۵ گرام تودری زرد ۲۵ گرام تودری سرخ ۲۵ گرام حب الزلم ۲۵ گرام حبۃ الخضراء ۲۵ گرام حب قلقل ۲۵ گرام دارچینی ۲۵ گرام سونٹھ ۲۵ گرام شقاقل مصری ۲۵ گرام عاقرقرحا ۲۵ گرام کبابہ چینی ۲۵ گرام مغز اخروٹ ۲۵ گرام مغز بادام شیریں ۲۵ گرام مغز پستہ ۲۵ گرام مغز فندق ۲۵ گرام مغز نارجیل ۲۵ گرام قوام شکر سفید ۱ کلو ۲۰۰ گرام۔

لبوب کبیر

نسخہ: اسگندھ (جبر طیبہ) ۱۰ گرام اگر (عود ہندی) ۱۲ گرام اندر جو شیریں ۵ گرام بالچھڑ ۵ گرام بوزیدان ۲۰ گرام بہمن سرخ ۲۵ گرام بہمن سفید ۲۵ گرام۔ پودینہ خشک ۲۰ گرام پیپل کلاں ۱۰ گرام تخم اسپست

۱۵ گرام تخم پیاز ۲۰ گرام تخم خشخاش ۵۰ گرام تخم شلجم ۱۵ گرام تخم گزر ۱۵ گرام تخم مولی ۱۵ گرام تخم لیموں ۱۵ گرام تل سفید مقشر ۲۵ گرام تودری زرد ۲۵ گرام تودری سرخ ۲۵ گرام ثعلب مصری ۵۰ گرام جاوتری ۱۰ گرام جوزبوا، دارفلفل ۱۰ گرام حب الزلم ۲۵ گرام حب الخضرا ۲۵ گرام حب قلقل ۱۵ گرام خراطین مصفیٰ ۲۵ گرام خولنجان ۲۵ گرام دارچینی ۲۵ گرام درونج عقربی ۱۵ گرام ریگ ماہی ۲۵ گرام زرنباد ۱۵ گرام زنجبیل، سقنقور ۲۵ گرام سعد کوفی، زرناگر سوختہ ۱۵ گرام سورنجان شیریں ۲۵ گرام، شقاقل مصری ۲۵ گرام قرنفل، زرنگ ۱۵ گرام کباب چینی ۱۵ گرام مغز اخروٹ، مغز بادام شیریں، مغز پستہ، مغز چلغوزہ، مغز فندق ہر ایک ۲۵ گرام مغز نارجیل ۵۰ گرام ماہی روبیاں ۲۵ گرام مایہ شتر اعرابی ۲۰ گرام زردی بیضہ مرغ ۲۰ گرام شہد ۴ کلو، ۵۰۰ گرام زعفران ۲۵ گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر مصطگی رومی ۲۰ گرام مشک ۵ گرام ورق نقرہ (چاندی کے ورق) ۲۰ گرام عنبر ۲ گرام، بطریق معروف لبوب تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ لبوب صبح کو نہار منہ دودھ ۲۵۰ ملی لٹر سے کھائیں۔

فوائد: دماغ و اعصاب کو طاقت دیتا ہے۔ مادہ تولید کو پیدا کرتا اور قوت باہ کو بڑھاتا ہے۔ مردوں کو قوی بناتا ہے اور عام جسمانی کمزوری بھی دور کرتا ہے۔

لبوب معتدل

نسخہ: ونہ رجو شیریں ۱۵ گرام تخم خشخاش ۳۰ گرام تودری سرخ ۱۵ گرام تودری سفید ۱۵ گرام تل سفید مقشر ۴۵ گرام خولنجان ۱۵ گرام دارچینی ۱۵ گرام مغز بادام شیریں ۴۵ گرام مغز چلغوزہ ۴۵ گرام مغز تخم خربوزہ ۴۵ گرام مغز تخم خیارین ۱۵ گرام مغز فندق ۴۵ گرام تمام شکر سفید ۱ کلو۔ بطریق معروف لبوب تیار کریں۔ شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ لبوب صبح کو نہار منہ دودھ ۲۵۰ ملی لٹر سے کھائیں۔

فوائد: دماغ اور گردہ مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔ مادہ تولید کو بڑھاتا ہے اور مقوی باہ ہے۔

لعوقات

لعوقات "لعوق" کی جمع ہے اور لعوق کے معنی "چٹنی" کے ہیں۔ اس جگہ لعوق سے وہ معجون ہے جو ہاتھ سے چاٹی جائے۔ لعوقات عموماً حلق و پھیپھڑوں کی بیماریوں (کھانسی، دمہ) میں استعمال کیے جاتے ہیں۔

لعوق بادام

نسخہ: رب السوس، کتیرا، گوند ببول، مغز بادام شیریں، مغز کدو، نشاستہ ہر ایک ۱۰ گرام مغز تخم کدو شیریں

۵۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۴ گرام
ترکیب: خشک دواؤں کو الگ کوٹ کر چھلنی سے
میں چھان کر سفوف تیار کریں۔ مغز بادام اور
مغز کدو کو الگ باریک پیس کر چھلنی نمبر ۳ سے
چھانیں اور خشک سفوف میں ملا کر رکھیں۔ اب
شکر سفید میں پانی ۴۰۰ ملی لیٹر ملا کر آگ پر رکھیں
ست لیموں بھی ڈال دیں۔ پکاتے وقت جو میل
اوپر آئے اس کو صاف کریں۔ جب قوام درست
ہو جائے آگ سے نیچے اتار لیں اور ٹھنڈا ہونے
پر چھان کر خمیرے کی ڈوئی سے گھوٹیں۔ اس
کے بعد سفوف ملائیں اور شیشے کے مرتبان میں
محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰۔۱۰ گرام یہ لعوق دن میں تین بار
صبح، دوپہر، شام کو چاٹیں۔

فوائد: حلق اور حنجرے کی کھرکھری، خشونت اور
خشک کھانسی میں مفید ہے۔

لعوق بہدانہ

نسخہ: اسپغول مسلم ۳۰ گرام بہدانہ ۲۰ گرام
تخم خطمی ۳۰ گرام اصل السوس ۲۰ گرام تخم خشخاش
سفید ۳۰ گرام رب السوس سیاہ ۵ گرام کتیرا سفید
۳۰ گرام گوند ۱۰ گرام مغز تخم تربوز ۱۰ گرام مغز تخم کدو
۱۰ گرام شکر سفید ایک کلو ۴۰۰ گرام ست لیموں ۲ گرام
بطریق معروف لعوق تیار کریں۔ اور شیشے کے
مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰۔۲۰ گرام یہ لعوق صبح، دوپہر اور رات
کو چاٹیں۔

فوائد: گرم نزلہ اور خشک کھانسی میں مفید ہے
حلق کی خراش اور خشونت (کھرکھراہٹ) اس کے
استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔

لعوق سپستاں

نسخہ: اصل السوس (ملیٹھی) ۳۰ گرام بہدانہ ۵ گرام
پرسیاوشاں ۳۰ گرام تخم خبازی ۴۰ گرام تخم خطمی ۲۰
گرام سپستاں ۳۰ گرام عناب ۲۰ گرام کوکنار
(پوست خشخاش) ۲۰ گرام تخم خشخاش ۳۰ گرام مویز منقی
۵ گرام کتیرا ۵ گرام گوند ببول ۵ گرام مغز بادام
شیریں ۲۰ گرام شکر سفید ۲ کلو ست لیموں ۵ گرام
نطرون تجارتی ۳ گرام۔ بطریق معروف لعوق تیار
کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰ گرام سے ۲۰ گرام تک یہ لعوق صبح
کو اور رات کو سوتے وقت عرق گاؤزبان ۱۲۵ ملی لیٹر
میں جوش دے کر پیئں۔ یا دن میں تین بار ۱۰۔۱۰
گرام دیتے رہا جائیں۔

فوائد: نزلہ و زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔
کھانسی کی شدت کو کم کرتا اور بلغم کو خارج کرتا ہے

لعوق سپستاں خیار شنبری

نسخہ: املتاس کا گودا (مغز املتاس) ۲ کلو ۵۰۰ گرام
تخم خطمی ۵۰ گرام سپستاں نیم کوفتہ ۱۲۵ گرام منقیٰ

۱۰۰ گرام عناب ۲۵ گرام گل بنفشہ ۱۵ گرام مرزنجوش
۵۰۰ گرام شکر سفید، گوست لیموں ۵ گرام روغن
اسی ۲۵ ملی لٹر۔ بطریق معروف لعوق تیار کریں۔
مقدار: ۱۰ تا ۱۰ گرام یہ لعوق صبح و شام نیم گرم پانی
یا مناسب دواؤں کے جوشاندے میں ملا کر
پئیں۔
فوائد: نزلہ و زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ سینہ
کو بلغم سے صاف کرتا اور قبض کو رفع کرتا ہے۔

لعوق کتان

نسخہ: السی ۵۰ گرام روغن اسی ۲۵ ملی لٹر شکر سفید
الکو ۱۰۰ گرام ست لیموں ۲ گرام نطرون بحاوی ۲ گرام
بطریق معروف لعوق تیار کریں۔
مقدار: ۱۰ تا ۱۰ گرام یہ لعوق دن میں تین بار چاٹیں۔
فوائد: دمہ میں مفید ہے۔ بلغم کو خارج کرتا ہے۔

لعوق خشخاش

نسخہ: اصل السوس رطبی سوا تولہ، تخم خطمی،
بہیدانہ ہر ایک پونے ۲ تولہ کو رات کے وقت
ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح کے وقت اس قدر
جوش دیں کہ نصف رہ جائے۔ اس کے بعد
چھان لیں اور شکر سفید آدھ سیر کا قوام بنا
کر مغز بہیدانہ، گوند کیکر ہر ایک نو ماشہ کتیرا سفید
مقشر، تخم خشخاش سفید، تخم خشخاش سیاہ ہر ایک سوا
تولہ باریک پیس کر لعوق تیار رکھیں۔

مقدار: دن میں تین چار مرتبہ چاٹتے رہیں۔
فوائد: کھانسی اور دمہ کے لیے مفید ہے۔

لعوق معتدل

فوائد: اصل السوس مقشر رطبی ۲۵ گرام اسی
۲۵ گرام انجیر زرد ۲۵ گرام بادیان ۲۵ گرام بہیدانہ
۲۵ گرام پرسیاوشان ۲۰ گرام پودینہ خشک ۲۵
گرام تخم بالنگا ۲۵ گرام تخم خشخاش ۲۵ گرام تخم خطمی
۲۵ گرام تخم میتھی ۲۵ گرام زوفہ ۲۵ گرام کوکنار
پوست خشخاش ۲۵ گرام مویز منقی ۲۵ گرام کتیرا
۲۵ گرام گوند ببول ۲۵ گرام مغز بادام شیریں مقشر
۲۵ گرام مغز تخم کدو ۲۵ گرام شہد ۱ کلو ۲۵۰ گرام
شکر سفید ۱ کلو ۵ گرام ست لیموں ۲ گرام بطریق
معروف لعوق تیار کریں۔
مقدار: ۱۰ تا ۱۰ گرام یہ لعوق دن میں تین بار
صبح، دوپہر اور رات کو چاٹیں۔
فوائد: نزلہ و زکام اور کھانسی میں مفید ہے۔ نزلہ
حار و گرم نزلہ میں رقیق رطوبت کو غلیظ کر کے خارج
کرتا ہے۔

لعوق نزلی

نسخہ: اصل السوس رطبی نیم کوفتہ ۵۰ گرام بہیدانہ ۲۵ گرام
تخم خطمی ۵۰ گرام تخم خشخاش سفید ۲۰ گرام رب السوس، کتیرا، گوند ببول
ہر ایک ۱۰ گرام شکر سفید الکو ۲ گرام ست لیموں، نطرون بحاوی ۲ گرام
صبح و دوپہر رات کو کھائیں۔ نزلہ زکام اور کھانسی کو مفید ہے۔

مالتی بسنت

نسخہ: شنگرف مدبر ۵۰ گرام مروارید محلول ۱۰ گرام کشتہ طلا کلاں (سونے کا کشتہ) ۵ گرام کشتہ جست ۱۰۰ گرام مرچ سفید کھرل کی ہوئی ۱۰۰ گرام مکھن ۵۰ گرام لیموں کا رس ۱۰۰ ملی لیٹر۔

ترکیب: سب دواؤں کو کھرل کریں۔ اس کے بعد مکھن شامل کر کے کھرل کریں۔ پھر لیموں کا رس شامل کر کے یہاں تک کھرل کریں کہ مکھن کی چکنائی دور ہو جائے۔ بس مالتی بسنت تیار ہے۔ شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

مقدار: مالتی بسنت ۲۰ ملی گرام (دو چاول) یا اس کا ایک قرص مسکہ، مرغ ۵ گرام یا بالائی مصطگی ۵ گرام میں رکھ کر کھائیں۔

فوائد: معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتا ہے۔ اور ان کی کمزوری سے جو دست آنے لگتے ہیں ان کو بہت جلد روک دیتا ہے۔

مربّے

مربا (مربیٰ) عربی لفظ ہے اور اس کے معنی ہیں "پروردہ" یا "پالا ہوا"۔ چونکہ بعض تازہ پھلوں یا جڑوں کو بہ ترکیب خاص شکر کے قوام یا شہد میں محفوظ رکھتے ہیں اس لیے مربے کہلاتے ہیں۔

ہمیشہ تازہ پھل دستیاب نہیں ہوتے اس لیے دوسرے موسموں میں استعمال کرنے کے لئے ان کے مربے تیار کر کے رکھے جاتے ہیں اگرچہ ان مربوں سے وہ فائدے حاصل نہیں ہوتے جو پھلوں کو ان کی فصل پر تازہ استعمال کرنے سے ہوتے ہیں۔ لیکن تاہم تازہ پھلوں کی نایابی کی صورت میں ان سے کچھ فائدے ضرور حاصل کیے جا سکتے ہیں۔

مربائے آملہ

نسخہ: آملے تازہ اور فربہ ۵ کلو شکر سفید ۵ کلو پھٹکری ۵۰ گرام۔

ترکیب: تازہ و فربہ آملے لے کر ان کو کوچ سے گود دیں اور قلعی دار پتیلے میں ڈال کر پانی میں ابالیں پانی اتنا ہو کہ جس میں آملے نیم پخت ہو جائیں (پورے طور پر نہ گلیں)، پھٹکری کو بھی باریک پیس کر جوش دیتے وقت پتیلے میں ڈال دیں۔ جب آملے نیم پخت ہو جائیں آگ سے اتار لیں اور ان کو ایک بڑے چھلنے یا ٹوکری میں الٹ دیں تاکہ جو کچھ پانی باقی ہو وہ نکل جائے اور آملے پھریرے ہو جائیں اب پتیلے میں کچھ شکر سفید بچھائیں اور اس پر آملوں کی ایک تہ بچھا دیں، ان کے اوپر اور شکر سفید بچھائیں اور اس پر آملوں کی تہ لگائیں غرضیکہ اسی طرح تمام آملوں کو تہ بہ تہ چن دیں اور سرپوش سے ڈھک کر چوبیس گھنٹے کے لیے رکھ چھوڑیں۔ اس کے بعد آملوں کو نکال کر الگ رکھیں اور پتیلے میں مزید پانی ڈال کر شکر سفید کا قوام شربت جیسا بنائیں۔ اب

اس میں آملوں کو ڈال دیں اور ایک جوش آنے پر آگ سے اتار کر چوبیس گھنٹوں کے لیے رکھ دیں۔ اس کے بعد پھر آملوں کو نکال کر قوام کو آگ پر پکائیں۔ جب شربت سے تین گنا گاڑھا قوام ہو جائے اس میں آملوں کو ڈال دیں اور ایک جوش آنے پر آگ سے نیچے اتار لیں۔ مربائے آملہ تیار ہے۔ ٹھنڈا ہونے پر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: یہ مربا ۲۵۔۵۰ گرام لے کر شیرے کو صاف کر کے گٹھلی نکال کر چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھائیں۔

فوائد: دل، دماغ، معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ مقوی ہے۔ دستوں کو روکنے اور نکسیر خونی بواسیر روکنے میں مدد دیتا ہے۔

مربائے ادرک

نسخہ: ادرک بے ریشہ ۱ کلو شکر سفید ۵ کلو کھٹے ۳ عدد۔ بطریق معروف مربا تیار کریں۔

مقدار: مربائے ادرک ۱۰ گرام سے ۲۵ گرام تک صبح کو نہار منہ کھا کر دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر پئیں یا کھانا کھانے کے بعد صبح و شام دونوں وقت کھائیں۔

فوائد: مربائے ادرک مقوی باہ ہے۔ ضعف باہ کے بلغمی مزاج مریضوں کے لیے خصوصیت سے مفید ہے۔ معدے کو طاقت دیتا ہے اور بھوک لگاتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے ریاح کو خارج کرتا ہے

مربائے انناس

نسخہ: انناس تازہ موٹے ۵ کلو شکر سفید ۵ کلو بطریق معروف تیار کریں۔

مقدار: صبح و شام ۵۰۔۱۰۰ گرام یہ مربا چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھائیں۔

فوائد: مربائے انناس دل کو قوت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرنے کے لیے مفید ہے۔

مربائے بہی

نسخہ: بہی تازہ اور فربہ ۵ کلو شکر سفید ۵ کلو بطریق معروف مربا تیار کریں۔

مقدار: ۲۵ گرام سے ۵۰ گرام تک یہ مربا چاندی کے ورق میں لپیٹ کر کھائیں۔

فوائد: دل کو قوت دیتا اور فرحت بخشتا ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتا ہے۔ دستوں کو روکتا ہے۔

مربائے بیلگری

نسخہ: بیل خام ۵ کلو شکر سفید ۵ کلو بطریق معروف مربا تیار کریں۔

مقدار: مربائے بیلگری ۲۵ گرام سے ۵۰ گرام تک کھائیں۔

فوائد: پیچش کو دور کرتا اور دستوں کو بند کرتا ہے۔

مرہمیں

مرہم اس نیم جامد مرکب کو کہتے ہیں جو ایک یا ایک سے زیادہ دواؤں کے باریک سفوف اور موم اور کسی روغنی چیز کے مرکب یا صرف موم میں ملا کر بنایا جاتا ہے اور عام طور پر ورموں اور زخموں کو اچھا کرنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

مرہم آتشک

نسخہ: چوب چینی باریک پسی ہوئی ۲۵ گرام مردار سنگ ۲۵ گرام نیلا تھوتھا ۲ گرام روغن ارنڈی ۲۰۰ گرام موم ۲۵ گرام۔

ترکیب: ایک کڑاہی میں روغن ارنڈی کے ساتھ مردار سنگ پیس کر شامل کریں اور آگ پر پکائیں جب وہ جل جائے اور تیل سیاہی مائل ہو جائے تو موم شامل کریں۔ جب موم پگھل کر روغن کے ساتھ اچھی طرح مل جائے۔ تو آگ سے اتار کر نیلا تھوتھا پیس کر ملائیں اور کسی چمچ وغیرہ سے ہلاتے رہیں آخر میں چوب چینی کو نہایت باریک پیس کر چھلنی سے چھان کر نیم گرم میں شامل کریں۔ اور اچھی طرح گھوٹ کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: زخموں کو نیم کے پتوں کے جوشاندے سے دھوئیں اور مرہم کپڑے پر لگا کر چسپاں کر دیں۔

فوائد: اس مرہم کے استعمال سے آتشک کے زخم بہت جلد خشک ہو جاتے ہیں اس کے علاوہ دوسرے خبیث زخموں کے لئے بھی مفید ہے۔

مرہم جدوار

نسخہ: اصل السوس (ملیٹھی) مقشر ۱۰ گرام برادہ دیودار ۱۰ گرام برگ حنا (مہندی کے پتے) ۱۰ گرام برگ نیم ۲۰ گرام بہیڑہ خشک ۵ گرام پوست کیکر ۲۰ گرام۔ جدوار ۲½ گرام دود سقف (چھت کا دھواں) ۱۰ گرام رتن جوت ۲۰ گرام ہلدی ۱۰ گرام تلوں کا تیل ۲۲۵ ملی لٹر موم ۱۰۰ گرام۔

ترکیب: کڑاہی میں تیل اور موم ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب موم پگھل جائے آگ سے نیچے اتار لیں اور باقی دواؤں کا سفوف چھلنی سے چھان کر نیم گرم ہی میں ملا کر گھوٹیں اور جب گاڑھا ہو جائے تو شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: انگلیوں پر نیم گرم لگائیں اور اوپر سے پان یا پیپل کا پتا گرم کر کے رکھیں اور روئی رکھ کر باندھ دیں۔

فوائد: انگلیوں اور دوسرے سخت ورموں کو تحلیل کرتا ہے۔ زخموں کو بھرتا ہے۔

مرہم خارش جدید

نسخہ: برگ حنا سائیدہ (مہندی کے پتے پسے ہوئے)

۵۰ گرام سفیدہ کاشغری ۲۵ گرام سنگ جراحت ۵۰ گرام کافور ۲۰ گرام کتھ سفید ۵۰ گرام کمیلہ ۲۰ گرام گندھک آملہ سار ۱۰ گرام مردار سنگ ۲۵ گرام اور موم سفید ۲۵۰ گرام۔

ترکیب: مردار سنگ اور کافور کے سوا تمام دواؤں کو باریک پیس کر چھلنی نمبر ۱۰۰ میں چھان کر سفوف تیار کریں۔ مردار سنگ کو الگ سرمہ کی مانند باریک کھرل کر کے کافور کو کھرل کریں۔ جب کافور سفوف میں مل جائے تو موم سفید اور دوسرا سفوف شامل کر کے کھرل کریں۔ اس کے بعد شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: خارش کی جگہ یا خارش کے دانوں پر لگا کر ملیں۔

فوائد: خارش کھجلی تر ہو یا خشک دونوں کے لئے مفید ہے۔

مرہم داخلیون

نسخہ: اسپغول مقشر ۵۰ گرام السی ۵۰ گرام تخم خطمی ۵۰ گرام تخم کنوچہ ۵۰ گرام تخم میتھی ۵۰ گرام مردار سنگ ۲۵ گرام روغن ارنڈی ۱۲۵ ملی لٹر روغن کنجد زیتون کا تیل ۱۲۵ ملی لٹر موم ۱۰۰ گرام سے بطریق معروف تیار کریں۔

استعمال: یہ مرہم ۵ گرام لے کر اس میں بیری گلوہ کا پانی ۵ ملی لٹر ملائیں اور اس میں روئی بھگو کر دایہ سے اندام نہانی میں رکھوائیں۔ بیری گلوہ کے نہ

بلغم کی صورت میں تنہا مرہم استعمال کریں۔

فوائد: رحم اور اس کے متعلقات کے ورم کو تحلیل کرنے کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس سے رحم کی سختی بھی دور ہو جاتی ہے۔ نیز رسولیوں اور گلٹیوں کو بھی تحلیل کرتا ہے۔

مرہم زردی بیضہ مرغ

نسخہ: کندر ۵ گرام روغن بابونہ ۵۰ ملی لٹر روغن گل ۵۰ ملی لٹر موم ۵۰ گرام بکری کے گردوں کی چربی ۱۰ گرام مغز ساق گاؤ میش (بھینس کی پنڈلی کا گودا) ۱۰ گرام زردی بیضہ مرغ ۵ عدد الکوحل خشک ۱۰ ملی لٹر زعفران ۱ گرام۔

ترکیب: روغن بابونہ، روغن گل، موم، چربی اور مغز ساق گاؤ میش کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب سب پگھل کر باہم مل جائیں آگ سے اتار لیں۔ اور اس میں تھوڑا سا تیل لے کر اس میں کندر کو حل کریں پھر سارے تیل میں ملا کر گھوٹیں جب مرہم کی مانند گاڑھا ہو جائے تو انڈوں کی خام زردیوں کو الکوحل خشک میں حل کریں اور چھان کر مرہم میں شامل کریں آخر میں زعفران باریک کھرل کر کے ملائیں اور اچھی طرح گھوٹ کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ۱۰ گرام مرہم لے کر ۵ ملی لٹر بیری گلوہ کا پانی ملائیں اور اس میں روئی بھگو کر دایہ سے اندام نہانی میں رکھوائیں۔

فوائد: رحم کے ورم اور رحم کی صلابت (سختی) کو دور کرتا ہے۔

مفرحات

مفرحات مفرح کی جمع ہے۔ ان معجونوں کو کہتے ہیں جو دل کو فرحت بخشنے اور طاقت دینے کے لئے مخصوص ہیں۔

مفرح بارد جواہر والی

نسخہ: برادہ صندل سفید ۵۰ گرام، بنسلوچن ۵۰ گرام، تخم خرفہ سیاہ ۱۰۰ گرام، تخم کشنیز خشک ۵۰ گرام، گل سرخ ۵۰ گرام، گل گاؤزبان ۵۰ گرام، مغز تخم کدوئے شیریں ۵۰ گرام، کہربائے شمعی محلول ۲۵ گرام، مروارید محلول ۱۵ گرام، قوام شکر ۱۰۰۰ گرام، شہد ۱۰۰۰ گرام، رب سیب ۵۰۰ گرام، عنبر ۲ گرام، نطرون بحادی ۳ گرام، ورق طلا ۲۵۰ ملی گرام، ورق نقرہ ۱۰ گرام۔ بطریق معروف مفرح تیار کرکے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ مفرح صبح وقت کسی مناسب عرق کے ساتھ یا تنہا کھائیں۔

فوائد: گرم مزاج والوں کے لیے خصوصیت سے مفرح و مقوی قلب ہے۔ بڑھی ہوئی حرارت کو اعتدال پر لاتی ہے اور دل کی دھڑکن کو دور کرتی ہے۔

مفرح بارد سادہ

نسخہ: برادہ صندل سرخ ۲۰ گرام، برادہ صندل سفید ۲۰ گرام، بنسلوچن ۲۰ گرام، تخم حماض ۲۰ گرام، تخم خرفہ سیاہ ۲۰ گرام، تخم کاسنی ۲۰ گرام، تخم کاہو ۲۰ گرام، کشنیز خشک (دھنیا) ۲۰ گرام، مغز تخم خربزہ ۲۰ گرام، مغز تخم خیارین ۲۰ گرام، مغز تخم کدوئے شیریں ۲۰ گرام، زرشک ۲۰ گرام، قوام شکر ۱۰۰۰ گرام، نطرون بحادی ۲ گرام۔ بطریق معروف مفرح تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ مفرح صبح کو کسی مناسب عرق کے ساتھ یا تنہا کھائیں۔

فوائد: گرم مزاج والوں کے دل و دماغ کو طاقت دیتی اور فرحت بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن اور وحشت اس کے استعمال سے دور ہو جاتی ہے۔

مفرح شیخ الرئیس

نسخہ: اگر ۲۰ گرام، الائچی خورد ۲۰ گرام، برگ گاؤزبان ۵۰ گرام، برادہ صندل سرخ ۱۵ گرام، برادہ صندل سفید ۲۰ گرام، بنسلوچن ۲۰ گرام، بہمن سفید ۲۰ گرام، تخم خرفہ سیاہ ۲۵ گرام، تخم کاہو ۲۵ گرام، درونج عقربی ۲۰ گرام، زرنباد ۲۰ گرام، سرطان سوختہ ۱۵ گرام، گل سرخ ۲۵ گرام، مغز تخم خربزہ ۲۵ گرام، مغز تخم خیارین ۲۵ گرام، مغز تخم کدوئے شیریں ۲۵ گرام، کافور ۱۵ گرام، یشب سوختہ محلول ۱۵ گرام، مروارید محلول ۱۵ گرام، ابریشم مقرض ۱۵ گرام، قوام شکر ۱۰۰۰ گرام، شہد ۱۰۰۰ گرام، رب انار شیریں ۳۰۰ گرام، رب بہی ۳۰۰ گرام، رب سیب ۳۰۰ گرام، نطرون بحادی ۲ گرام، زعفران ۱ گرام، عرق گاؤزبان ۲۰۰ ملی لٹر، ورق نقرہ ۵ گرام۔ بطریق معروف مفرح تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ مفرح تنہا یا کسی مناسب عرق کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: یہ مفرح عام جسمانی کمزوری اور ضعف قلب کو دور کرنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ دل کی دھڑکن اور گھبراہٹ کو دور کرتی ہے تپ دق اور سوداوی بخاروں میں فائدہ دیتی ہے۔

مفرح کبیر

نسخہ: افتیمون ولایتی ۲۰ گرام بچھ ۱۵ گرام برادہ صندل سفید ۲۰ گرام برگ گاؤزبان ۳۰ گرام بہمن سرخ ۳۰ گرام تخم کرفس ۱۰ گرام تخم بلیون ۱۰ گرام دار چینی ۵۰ درونج عقربی ۳۰ گرام زرنباد ۳۰ گرام زنجبیل ۳۰ گرام زوفائے خشک ۱۵ گرام سازج ہندی (تیز پات) ۱۵ گرام صعتر فارسی ۱۵ گرام فاریقون ۳۰ گرام فلفل سفید (سفید مرچیں) ۱۰ گرام فلفل سیاہ (سیاہ مرچ) ۳۰ گرام فطراساليون (پہاڑی کرفس) ۱۰ گرام قرنفل (لونگ) ۳۰ گرام کندر ۱۰ گرام گل عباس ۱۵ گرام مرزنجوش ۳۰ گرام مصطگی ۱۰ گرام مشک خالص ۱۰ گرام نمک سیاہ ۳۰ گرام نارمشک ۱۵ گرام حجر ارمنی محلول ۳۰ گرام حجر الیہود محلول ۱۰ گرام عقیق محلول ۱۵ گرام لاجورد محلول ۳۰ گرام یاقوت سرخ محلول ۳۰ گرام یشب سبز محلول ۱۵ گرام شہد خالص قوام شکر خالص ۲۵۰ گرام نطرون بجادی ۵ گرام زعفران ۱۰ گرام عرق گاؤزبان ۳۰ ملی لٹر ورق طلا ۵۰ ملی گرام ورق نقرہ ۵ گرام بطریق معروف مفرح تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ مفرح کھا کر اوپر سے عرق گاؤزبان ۲۰ ملی لٹر میں شربت انار شیریں ۲۵ ملی لٹر ملا کر پئیں یا تنہا بھی کھا سکتے ہیں۔

فوائد: عام جسمانی کمزوری کو دور کرنے اور دل و دماغ کو طاقت اور فرحت بخشنے کے لیے نہایت مفید ہے۔ معدے اور جگر کو طاقت دینے کے لیے بھی نہایت مفید ہے۔

مفرح معتدل

نسخہ: افتیمون ولایتی ۳۰ گرام اگر (عود) ۱۰ گرام بادرنجبویہ ۳۰ گرام برادہ صندل سرخ ۴۰ گرام برادہ صندل سفید ۴۰ گرام برگ گاؤزبان ۲۰ گرام بہمن سرخ ۲۰ گرام تخم خشخاش ۲۰ گرام تخم فرنجمشک ۲۰ گرام تخم کاہو ۱۵ گرام درونج عقربی ۱۰ گرام زرنباد ۲۰ گرام سازج ہندی (تیز پات) کشنیز خشک (دھنیا) ۲۵ گرام گل ارمنی ۲۰ گرام گل بنفشہ ۳۰ گرام گل سرخ کافور ۵ گرام بسد احمر محلول ۱۰ گرام کہربائے شمعی ۲۵ گرام مروارید محلول ۱۰ گرام شہد ۵۰۰ گرام قوام شکر ۵۰۰ گرام نطرون بجادی ۳ گرام عنبر ۱۰ گرام مشک ۵۰ ملی گرام زعفران ۵ گرام عرق گاؤزبان ۲۰ ملی لٹر ورق نقرہ ۱۰ گرام۔ بطریق معروف مفرح تیار کریں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ مفرح صبح کو تنہا یا کسی مفرح عرق کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: یہ مفرح دل و دماغ کو تقویت دیتی اور فرحت

بخشتی ہے۔ دل کی دھڑکن، گھبراہٹ، وسواس اور مالیخولیا کو دُور کرتی ہے۔

مفرح یاقوتی معتدل

نسخہ: اذخر مکی ۵ گرام، اُشنہ، دُرِ جریدہ ۲۰ گرام، اظفار الطیب ۲۰ گرام، الائچی خورد ۱۰ گرام، الائچی کلاں ۱۰ گرام، بادرنجبویہ ۱۰ گرام، بالچھڑ ۱۰ گرام، برادہ صندل سفید ۱۵ گرام، برگ گاؤزبان ۲۰ گرام، بہمن سرخ ۲۰ گرام، بہمن سفید ۲۰ گرام، پوست ترنج ۱۰ گرام، تج ۱۰ گرام، تخم خرفہ سیاہ ۲۰ گرام، تخم فرنجمشک ۲۰ گرام، تخم کاہو ۲۰ گرام، دارچینی ۲۰ گرام، درونج عقربی ۲۰ گرام، زرنب ۲۰ گرام، زرنباد ۲۰ گرام، عود ہندی ۲۰ گرام، کشنیز خشک ۱۰ گرام، گل ارمنی ۱۰ گرام، گل سرخ ۲۰ گرام، گل مختوم ۱۰ گرام، مغز تخم خیارین ۲۰ گرام، مغز تخم کدوئے شیریں ۲۰ گرام، نارمشک دانہ گیر ۱۰ گرام، کافور ۵ گرام، بسد احمر محلول ۲۰ گرام، کہربائے شمعی محلول ۲۰ گرام، لاجورد محلول ۱۰ گرام، لعل بدخشاں محلول ۱۰ گرام، مروارید محلول ۱۰ گرام، یاقوت محلول ۱۰ گرام، ابریشم مقرض ۲۰ گرام، شہد خالص ۱۰۰۰ گرام، نطرون بخاری ۵ گرام، عنبر ۱۰ گرام، مصطگی رومی ۲۰ گرام، گھی ۵ گرام، مشک ۲ گرام، زعفران ۵ گرام، عرق گاؤزبان ۵۰۰ ملی لٹر، ورق نقرہ ۱۲ گرام۔

ترکیب: نارمشک تک کی تمام دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد کافور کو تھوڑے سفوف کے ساتھ کھرل کر کے سارے سفوف میں ملا دیں۔ محلول جواہرات و جبریات کو بھی سفوف میں ملا کر رکھیں۔ اس کے بعد ابریشم مقرض کو ۲۰۰ ملی لٹر پانی میں پکائیں۔ جب پانی آدھا رہ جائے۔ آگ سے نیچے اُتار کر ٹھنڈا ہونے پر مل کر چھان لیں اور اس پانی کو شہد کے ساتھ پتیلے میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب قوام درست ہونے لگے نطرون بخاری تھوڑے پانی میں گھول کر شامل کریں اور عنبر ریزہ ریزہ کر کے اس میں ڈال دیں اور قوام کے درست ہو جانے پر آگ سے نیچے اتار لیں اور اس میں دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور ڈوئی سے ملا دیں۔ جب تمام سفوف مل جائے، مصطگی کو گھی کے ساتھ کڑچھے میں آگ پر پگھلا کر شامل کریں اور ڈوئی سے ملائیں۔ اب مشک اور زعفران کو عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے شامل کریں۔ اور ڈوئی سے اچھی طرح ملائیں۔ آخر میں ورق نقرہ تھوڑے تھوڑے ڈال کر ڈوئی سے اچھی طرح ملا دیں اور شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ مفرح صبح کو نہار منہ کھائیں یا اس کو کھا کر دودھ ۲۵۰ ملی لٹر پئیں یا کوئی مفرح عرق و شربت استعمال کریں۔

فوائد: عام جسمانی کمزوری کو دُور کرنے کے لیے اعلیٰ درجہ کی دوا ہے۔ دل، دماغ اور جگر کو طاقت دیتی اور فرحت بخشتی ہے اور اکثر امراض قلب کو دُور کرتی ہے۔

معجونیں

معجون اس نیم منجمد مرکب کو کہتے ہیں جو شکر سفید کے قوام یا شہد وغیرہ میں ایک یا چند دواؤں کے سفوف کو ملا کر بنایا جاتا ہے۔

اطریفل، نوشدارو، جوارشیں، دواء المسک لبوب اور مفرحات وغیرہ معجون ہی کی قسمیں ہیں۔ بعض خصوصیتوں کی وجہ سے ان کے نام الگ الگ رکھے گئے ہیں۔

معجون آرد خرما

نسخہ: الائچی خورد ۱۰ گرام پیپل کلاں ۱۰ گرام چھوارہ ۵۰۰ گرام دارچینی ۱۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام سنگھاڑہ خشک ۱۰۰ گرام قرنفل (لونگ) ۵ گرام گوندکیرا ۱۰۰ گرام مغز بادام شیریں ۵۰ گرام مغز پستہ ۵۰ گرام مغز چلغوزہ ۵۰ گرام مغز نارجیل ۵۰ گرام قوام شکر سفید ۲ کلو ۵۰۰ گرام ست لیموں ۲ گرام نطرون بجاوی ۱۰ گرام

ترکیب: سب سے پہلے خشک دواؤں کو کوٹ اور چھلنی نمبر میں چھان کر سفوف تیار کریں۔ اس کے بعد مغزیات کو باریک پیس کر چھان لیں اور خشک سفوف میں ملا کر رکھیں۔ عمدہ اور موٹے چھوارے لے کر صاف پانی سے دھوئیں۔ اور رات کو ۲ کلو پانی میں بھگو رکھیں اور صبح کو پکائیں۔ جب چھوارے اچھی طرح گل جائیں تو ٹھنڈا ہونے پر ان کو ہاتھوں سے خوب مل کر چھلنے میں چھان لیں۔ اب اس میں قوام شکر سفید اور ست لیموں ملا کر قوام تیار کریں۔ جب قوام تیاری کے قریب پہنچ جائے تو نطرون بجاوی تھوڑے پانی میں حل کر کے شامل کریں۔ قوام کے درست ہو جانے پر آگ سے نیچے اتار لیں۔ اور ٹھنڈا ہونے پر دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب تمام سفوف مل جائے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: صبح کو نہار منہ یہ معجون ۱۰ گرام میں قرص طلق ایک عدد رکھ کر کھائیں۔ اوپر سے دودھ ۲۵۰ ملی لٹر پئیں۔

فوائد: یہ معجون مقوی باہ ہے جریان اور رقت کی شکایت کو دور کرتی ہے۔

معجون اذاراقی

نسخہ: اگر (عود) ۲۵ گرام الائچی خورد ۲۵ گرام آملہ خشک ۲۵ گرام برادہ صندل سفید ۲۵ گرام برادہ کچلہ مدبر ۵۰ گرام بادیان ۲۵ گرام بالچھڑ ۲۵ گرام پیپل کلاں ۲۵ گرام جاوتری ۲۵ گرام جوز بوا (جائفل) ۲۵ گرام دارچینی ۲۵ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۵ گرام سعد کوفی (ناگرموتھا) ۲۵ گرام عود بلسان ۲۵ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۲۵ گرام قرنفل (لونگ) ۲۵ گرام کلونجی

۲۵ گرام مصطگی رومی ۲۵ گرام قوام شکر سفید ایک ۵۰۰ گرام شہد ایک ۵۰۰ گرام زعفران ۵ گرام عرق گاؤزبان ۲۵ گرام۔

ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں اور اس میں زراوہ بچلہ اچھی طرح ملا کر رکھیں۔ اس کے بعد شہد اور قوام شکر کو گرم کر کے نیچے اتار لیں اور زعفران کو عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے قوام میں ملا دیں پھر دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ یہاں تک کہ تمام سفوف مل جائے اب شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵۔۱۰ گرام یہ معجون کھانا کھانے کے بعد دونوں وقت کھائیں۔

فوائد: یہ معجون مقوی اعصاب ہے۔ ضعف اعصاب، فالج، لقوہ، وجع المفاصل گٹھیا، اور اختلاج معدہ میں مفید ہے۔ بوڑھے آدمیوں کو جاڑوں کے موسم میں اس کا استعمال ان کو کئی بیماریوں سے محفوظ رکھتا ہے اور ان کو سردی کے نقصان سے بچاتا ہے۔

معجون بلادر

نسخہ: بچھ ۱۰ گرام برگ سداب ۲۵ گرام پودینہ خشک ۲۵ گرام جند بیدستر ۲۵ گرام چیتا لکڑی ۲۵ گرام حب الغار ۲۵ گرام راسن ۲۵ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام زراوند مدحرج ۲۵ گرام عاقرقرحا ۱۰ گرام۔ فلفل سیاہ (کالی مرچیں) ۱۰ گرام قسط شیریں ۱۰ گرام کالا دانہ (حب النیل) ۱۰ گرام بھنگ ۲۵ گرام قوام شکر ۵۰۰ گرام عسل بلادر ۲۵ ملی لیٹر

ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ قوام شکر کو آگ پر رکھیں۔ جب وہ خوب گرم ہو جائے آگ سے اتار لیں اور اس میں تھوڑا تھوڑا سفوف ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب تمام سفوف مل جائے تو عسل بلادر شامل کریں اور اچھی طرح گھونٹ کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: مقوی جسم اور مقوی باہ ہے۔ ذہن و حافظہ کو تیز کرتی ہے۔

معجون بہمنین

نسخہ: بہمن سرخ ۲۵ گرام بہمن سفید ۲۵ گرام تال مکھانا ۱۰ گرام تخم سروالی ۱۰ گرام تودری سفید ۱۰ گرام ثعلب مصری ۲۰ گرام قوام شکر سفید ۲ کلو چیدہ ورق نقرہ ۵ گرام

ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ چھان کر

سفوف تیار کریں۔ قوام شکر کو پتیلے میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے آگ سے اتار لیں اور اس میں دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ملاتے اور ڈوئی سے چلاتے جائیں۔ جب تمام سفوف مل جائے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ معجون صبح کو نہار منہ دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: جریان اور رقت و سرعت کی شکایتوں کو دور کرتی ہے۔

معجون ثعلب

نسخہ: پیپل کلاں ۶۰ گرام تخم گزر ۳۰ گرام تخم بلیون ۶۰ گرام تل سفید مقشر ۶۰ گرام ثعلب مصری ۱۲۰ گرام خراطین مصفیٰ ۳۰ گرام شقاقل مصری ۳۰ گرام مایہ شتر اعرابی ۳۰ گرام مغز پنبہ دانہ (مغز بنولہ) ۱۰۰ گرام مغز چلغوزہ ۶۰ گرام مغز سرکھنگ (چھلوں کا مغز) ۲۰۰ گرام گھی ۲۰ گرام شہد الحو قوام شکر الحو ورق نقرہ ۸ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: یہ معجون قوت باہ کو بڑھاتی اور مادہ تولید کو زیادہ کرتی ہے جریان اور رقت کی شکایت دور کرنے کے لیے بھی مفید ہے۔

معجون جالینوس لولوی

نسخہ: اذخر مکی ۲۵ گرام اسارون (تگر) ۲۵ گرام انیسون ۱۲۰ گرام ریخ بلاب ۴۰ گرام بہمن سفید ۱۲۰ گرام تج قلمی ۲۵ گرام۔ حب کاکنج ۴۰ گرام دار چینی ۲۵ گرام۔ سعد کوفی (ناگر موتھا) ۲۵ گرام گزمازج (مائیں خورد) ۲۵ گرام گوند کیکر (ببول) ۳۰ گرام مصطگی رومی ۲۵ گرام بسد احمر محلول (مونگا کی سرخ جڑ) ۵۰ گرام مروارید محلول ۲۵ گرام شہد الحو ۵۰۰ گرام نطرون عجادی ۳ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں اگر زیادہ فائدہ حاصل کرنا چاہیں تو اس معجون کے ساتھ کشتہ طلا ایک قرص استعمال کریں۔

فوائد: مقوی جسم، مقوی باہ اور مقوی اعصاب ہے قوت مردمی کو آخر عمر تک قائم رکھتی ہے۔ خون صالح پیدا کرتی اور چہرے کا رنگ نکھارتی ہے۔ اور ہر عضو کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

معجون جوگراج گوگل

نسخہ: انیسون شیریں ۱۰ گرام اجمود ۱۰ گرام اندرجو شیریں ۱۰ گرام باؤبڑنگ ۱۰ گرام بچھ ۱۰ گرام بہارنگی ۱۰ گرام پاٹھا ۱۰ گرام پیپل کلاں ۱۰ گرام پیپلا مول ۱۰ گرام تخم سنبھالو ۱۰ گرام چب ۱۰ گرام چیتہ لکڑی ۱۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام زیرہ سفید ۱۰ گرام زیرہ سیاہ ۱۰ گرام سرسوں ۱۰ گرام کٹکی ۱۰ گرام گج پیپل ۱۰ گرام موروا (مرہری) ۱۰ گرام ہینگ ۱۰ گرام ترپھلہ ۳۰۰ گرام گوگل ۶۰۰ گرام قوام شکر ۲ کلو ۵۰۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں

مقدار: یہ معجون ۵ گرام صبح یا رات کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: فالج و لقوہ، رعشہ، وجع مفاصل (گٹھیا) وغیرہ عصبی و بلغمی امراض میں مفید ہے۔

معجون حجر الیہود

نسخہ: حب کاکنج ۵۰ گرام حجر الیہود مغسول ۵۰ گرام مغز تخم خربوزہ ۵۰ گرام مغز تخم خیارین ۵۰ گرام مغز کدو ۵۰ گرام قوام شکر ۳۰۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون کھا کر اوپر سے پانی میں شربت بزوری ۵۰ ملی لیٹر ملا کر پئیں۔

فوائد: گردہ و مثانہ کی پتھری اور ریگ کو خارج کرتی ہے۔

معجون خبث الحدید

نسخہ: آملہ خشک ۵۰ گرام بالچھڑ ۵۰ گرام بہیڑہ ۵۰ گرام پیپل کلاں ۵۰ گرام تخم شبت (تخم سویا) ۲۰ گرام تخم گندنا ۲۰ گرام چیتا لکڑی (شیطرج) ۵۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۵۰ گرام سعد کوفی (ناگرموتھا) ۵۰ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۵۰ گرام ہلیلہ سیاہ ۵۰ گرام گھی ۵۰ گرام خبث الحدید ۵۰ گرام قوام شکر ۱ کلو ۲۵۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۳ گرام سے ۵ گرام تک یہ معجون صبح کو چھاچھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: اس معجون کے استعمال سے خون بواسیر رک جاتا ہے، معدہ اور جگر کو تقویت پہنچتی ہے۔ اور بھوک بڑھ جاتی ہے۔

معجون پاری پاک

نسخہ: الائچی خورد ۲۰ گرام پوست کچنال ۲۰ گرام پوست کیکر ۲۰ گرام ثعلب مصری ۲۰ گرام جوزبوا (جائفل) ۲۰ گرام دارچینی ۲۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۲۰ گرام سنگھاڑا ۲۰ گرام قرنفل (لونگ) ۲۰ گرام گل پستہ ۲۰ گرام گل مہاری ۲۰ گرام گوکھرو خورد ۴۰ گرام گوند جھنیا (گوند ڈھاک) ۱۰۰ گرام مغز بادام شیریں مقشر ۲۰۰ گرام مغز نارجیل ۱۰۰ گرام آرد مونگ (مونگ کا آٹا) ۱۵۰ گرام گوند ببول کر یا پیا ہوا

۱۰۰ گرام چھوارہ ۳۰۰ گرام قوام شکر ۲ کلو ۱۵۰ گرام تیج ۲ پسی ہوئی ۵۰ گرام چاندی چکنی پسی ہوئی ۱۰۰ گرام دودھ ۵۰۰ ملی لیٹر گھی ۲۰۰ گرام زعفران ۵ گرام عرق گاؤزبان ۲۰۰ ملی لیٹر۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ معجون صبح کو نہار منہ دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: یہ معجون مردوں کے لیے مقوی باہ و ممسک ہے۔ عورتوں کے مرض سیلان اور ضعف رحم کے لیے نہایت مفید ہے۔ استقرار حمل میں مدد دیتی اور وضع حمل کے بعد کی عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔

معجون سورنجان

نسخہ: برگ حنا (مہندی کے خشک پتے) ۱۵ گرام بادیان ۱۵ گرام بوزیدان ۲۰ گرام بیخ کبر ۳۰ گرام پوست ہلیلہ زرد ۲۰ گرام تربد سفید ۱۰ گرام تخم کرفس ۱۵ گرام چیتہ لکڑی ۲۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۳۰ گرام سقمونیا ۳۰ گرام سمندر جھاگ ۱۵ گرام سورنجان شیریں ۱۰۰ گرام سنا ۱۲۰ گرام صعتر فارسی ۱۵ گرام فلفل سفید (سفید مرچیں) ۱۵ گرام کشنیز خشک (خشک دھنیا) ۳۰ گرام گل سرخ ۳۰ گرام ماہی زہرج ۳۰ گرام نمک سانبھر ۱۵۰ گرام روغن ارنڈی ۱۲۰ گرام قوام شکر ۲ کلو ۵۰۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ معجون صبح کے وقت دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: مستورات کے لیے نہایت مفید ہے۔ رحم کو طاقت دیتی اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے۔

معجون فلاسفہ

نسخہ: آملہ خشک ۵۰ گرام بہیڑہ ۵۰ گرام ہلیلہ کلاں ۵۰ گرام ثعلب مصری ۵۰ گرام چیتہ لکڑی ۵۰ گرام دارچینی ۵۰ گرام زراوند مدحرج ۵۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۵۰ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۵۰ گرام گل بابونہ ۵۰ گرام مغز چلغوزہ ۵۰ گرام مغز نارجیل ۵۰ گرام مویز منقی ۵۰ گرام قوام شکر ۱ کلو ۵۰۰ گرام۔ بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام سے ۱۰ گرام تک یہ معجون صبح کو نہار منہ یا رات کو سوتے وقت دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: یہ معجون اعصاب کو طاقت دے کر اور مادہ تولید کی پیدائش بڑھا کر قوت باہ کو بڑھاتی ہے۔ گردہ و مثانہ کو طاقت دیتی اور پیشاب کی کثرت کو روکتی ہے۔ وجع مفاصل (گٹھیا) اور کمر کے درد کو دور کرتی ہے۔ بھوک کو بڑھاتی اور غذا کو ہضم کرتی ہے۔

معجون کلاں

نسخہ: آملہ خشک ۵۰ گرام برادہ صندل سفید ۵۰ گرام

بسفائج ۲۵ گرام بہمن سرخ ۲۵ گرام بہمن سفید ۲۵
گرام پوست کیکر ۲۵ گرام پوست ہلیلہ زرد ۵۰
گرام مغز کیکر ۵۰ گرام تخم گزر ۵۰ گرام تخم خشخاش
۵۰ گرام تخم شلجم ۲۵ گرام تج قلمی ۲۵ گرام
ثعلب مصری ۲۵ گرام جاوتری ۲۵ گرام جفت بلوط
۵۰ گرام حب الخضرا ۵۰ گرام خولنجان ۲۵ گرام شقاقل
مصری ۲۵ گرام عود صلیب ۲۵ گرام کندر سفید
۲۵ گرام کشنیز خشک (دھنیا) ۲۵ گرام گل انار ۲۵
گرام گل پستہ ۲۵ گرام گل سپاری ۲۵ گرام گل سرخ
۵۰ گرام گری ناریل ماش کلاں ۲۵ گرام گوند سپاری
۲۵ گرام گوند سنبھل ۲۵ گرام گوند کیکر ۲۵ گرام
مغز پستہ ۲۵ گرام مغز چلغوزہ ۲۵ گرام مغز فندق ۲۵
گرام مغز نارجیل ۲۵ گرام ہلیلہ سیاہ بریاں ۲۵ گرام
کہربائے شمعی محلول ۲۵ گرام مروارید محلول ۱۵
گرام مویز منقیٰ ۵۰ گرام قوام شکر و شہد
۵۰۰ گرام رب انار شیریں ۲۰۰ گرام رب بہی ۲۰۰
گرام رب سیب ۲۰۰ گرام مصطگی رومی ۲۰ گرام
گھی ۵ گرام ورق نقرہ ۲ گرام۔ بطریق معروف
معجون تیار کریں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کو دودھ ۱۲۵
ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: مقوی باہ ہے۔ مردوں کے منی جریان
اور عورتوں کے مرض سیلان میں مفید ہے۔

معجون کلکلانج

نسخہ: الائچی خورد ۱۵ گرام املتاس ۳۰ گرام آملہ
خشک ۳۰ گرام اندر جو شیریں ۱۵ گرام بوزیدان
۱۵ گرام بہیڑہ ۳۰ گرام پیپلا مول ۱۵ گرام تج قلمی
۱۵ گرام تربد سفید (نسوت) ۳۰ گرام تخم ترب
سفید ۱۵ گرام چیتہ لکڑی ۱۵ گرام حب النیل
(کالا دانہ) ۱۵ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۵ گرام
زیرہ سیاہ ۱۵ گرام ساذج ہندی (تیز پات) ۱۵
گرام سعد کوفی (ناگرموتھا) ۱۵ گرام صعتر فارسی
۱۵ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۱۵ گرام قرنفل
(لونگ) ۱۵ گرام کشنیز خشک (دھنیا) ۱۵ گرام
کلونجی ۱۵ گرام نمک سانبھر ۳۰ گرام نمک سیاہ
۱۵ گرام نمک شور ۱۵ گرام نمک ہندی ۱۵ گرام
ہلیلہ سیاہ ۳۰ گرام قوام شکر ۱۲۵۰ گرام۔
بطریق معروف معجون تیار کریں۔ اور شیشے کے
مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون کھا کر اوپر سے
عرق بادیان ۱۲۵ ملی لیٹر پئیں۔

فوائد: استسقاء میں مفید ہے۔ پیشاب لاتی
ہے۔ درد قولنج کو تسکین دیتی ہے۔

معجون کندر

نسخہ: جفت بلوط ۱۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۳۰ گرام
سعد کوفی (ناگرموتھا) ۳۰ گرام فلفل سیاہ (کالی مرچ) ۳۰ گرام

۴ گرام مغز حب صنوبر (مغز چلغوزہ) ۴ گرام مغز فندق ۴ گرام مغز تخم قرطم ۴ گرام مغز تخم کدو ۴ گرام مغز نارجیل ۴ گرام ناردین ۴ گرام خنگ سانجہ ۴ گرام شہد کی مکھی کے چھتے کا میل ۴ گرام بلیلہ سیاہ ۴ گرام قرص اسقیل ۱۲ گرام قرص افعی ۴۰ گرام بیضہ سنگ پشت خشک کیا ہوا ۱۰ گرام گوشت قندید (ابن عرس نیولے کا گوشت سکھایا ہوا) ۴ گرام افیون ۴ گرام بسد احمر محلول (مونگے کی جڑ کھرل کی ہوئی) ۱ گرام زبرجد محلول (زبرجد کھرل کیا ہوا) ۱ گرام زمرد محلول (پنا کھرل کیا ہوا) ۱ گرام عقیق محلول (عقیق کھرل کیا ہوا) ۱ گرام فیروزہ محلول (فیروزہ کھرل کیا ہوا) ۱ گرام کہربائے شمعی (کہربا کھرل کیا ہوا) ۱ گرام لاجورد مغسول ۴ گرام لعل بدخشانی محلول (لعل کھرل کیا ہوا) ۱ گرام مروارید محلول (موتی کھرل کئے ہوئے) ۸ گرام یاقوت رمانی محلول (کھرل کیا ہوا) ۱ گرام یاقوت کبود (نیلم کھرل کیا ہوا) ۱ گرام یشب سبز محلول (کھرل کیا ہوا) ۱ گرام برانڈی ۷۰۰ ملی لیٹر مغز سر گنجشک (چڑیوں کا مغز) ۱ گرام ابریشم مقرض ۸ گرام فضہ ۴ گرام عنبر ۱۰ گرام مومیائی ۱۰ گرام میعہ سائلہ ۱ گرام روغن بلسان ۱ گرام روغن عود ۱ گرام مشک ۲ گرام زعفران ۲ گرام عرق گاؤزبان ۲۵ ملی لیٹر ورق طلا ۴۰۰ ملی گرام ورق نقرہ ۱۲ گرام بطریق معروف معجون تیار کر کے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱ گرام یہ معجون ماء اللحم و دا آتشہ ۲۵ ملی لیٹر یا دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر کے ساتھ کھائیں۔

فوائد: یہ معجون حرارت غریزی کو بڑھاتی اور عام جسمانی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ اعصاب کو طاقت دیتی اور قوت باہ کو زیادہ کرتی ہے۔ قوت امساک پیدا کرتی ہے ان کے علاوہ دل دماغ جگر اور معدے کو تقویت بخشتی اور ذہن و حافظہ کو بڑھاتی ہے۔

معجون مغلظ

نسخہ: بسفائج ۴۰ گرام ثعلب مصری ۴۰ گرام دارچینی ۴۰ گرام کتیرا سفید ۴۰ گرام گوند کیکر ۴۰ گرام مغز بادام شیریں ۲۰۰ گرام مغز چلغوزہ ۲۰ گرام مغز نارجیل ۲۰ گرام نشاستہ گندم ۱۰ گرام مصطگی ۴۰ گرام قند ۱ کلو ۵۰۰ گرام گھی ۵ گرام ورق نقرہ ۱ گرام بطریق معروف معجون تیار کر کے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کو نہار منہ دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: مرض جریان میں مفید ہے۔ مادہ تولید کو غلیظ بناتی ہے۔

معجون مغلظ جواہر والی

نسخہ: اصل السوس مقشر (ملٹھی چھیلی ہوئی) ۱۰۰ گرام تخم سداب ۲۵ گرام تخم سنبھالو ۲۵ گرام تخم کاہو مقشر ۲۵ گرام گلنار ۲۰ گرام گل سرخ ۲۵ گرام صدف صادق محلول ۲۰ گرام زمرد محلول ۲ گرام یاقوت محلول ۲ گرام یشب محلول ۲ گرام کشتہ قلعی ۲۰ گرام شکر سفید ۲ کلو

شہد الکوہ ۵۰ گرام دست مجوں ۳۰ گرام ورق نقرہ ۱۰ گرام بطریق معروف معجون تیار کر کے شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: یہ معجون رقت و سرعت اور جریان کے لیے مفید ہے۔ مادہ منویہ کو غلیظ کرتی ہے۔

معجون مقوی و ممسک

نسخہ: بوزیدان، خولنجان ۵۰ گرام اشنہ، زنجبیل ۵۰ گرام اندر جو شیریں ۵۰ گرام بہمن سرخ ۵۰ گرام بہمن سفید ۵۰ گرام تخم پیاز ۵۰ گرام تخم گاجر ۵۰ گرام ثعلب مصری ۵۰ گرام جاوتری ۲۵ گرام جوز بوا، دار فلفل ۲۵ گرام خولنجان ۲۵ گرام دارچینی ۲۵ گرام ریگ ماہی ۵۰ گرام زنجبیل، سونٹھ ۲۵ گرام سعد کوفی، [illegible] ۲۵ گرام شقاقل مصری ۵۰ گرام عاقرقرحا ۲۵ گرام قرنفل، لونگ ۲۵ گرام گل گاؤزبان ۲۵ گرام ماہی روبیان ۵۰ گرام مغز اخروٹ ۵۰ گرام مغز بادام شیریں ۵۰ گرام مغز پستہ ۵۰ گرام مغز فندق ۵۰ گرام مغز کدو ۵۰ گرام ورق [illegible]، ۴۰۰ گرام افیون ۱ گرام شہد ۳ کلو عنبر ۲ گرام زعفران ۴ گرام عرق بیدمشک ۵۰۰ ملی لیٹر ورق نقرہ ۴ گرام بطریق معروف معجون تیار کر کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ضرورت سے ایک گھنٹہ پہلے یہ معجون ۵ گرام دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: یہ معجون اعلیٰ درجہ کی مقوی باہ اور ممسک ہے۔

معجون موچرس

نسخہ: آملہ خشک ۵۰ گرام بسفائج ۵۰ گرام [illegible] ۵۰ گرام پوست انار ۵۰ گرام پوست ہلیلہ زرد ۵۰ گرام حب الآس ۵۰ گرام چھالیہ چکنی ۵۰ گرام گل سرخ ۵۰ گرام گل خطمی ۲۰ گرام مازو سبز ۵۰ گرام موچرس ۵۰ گرام موصلی سفید ۱۰ گرام موصلی سیاہ ۱۰ گرام نشاستہ گندم ۵۰ گرام رب انار شیریں ۵۰ گرام رب بہی ۱۵۰ گرام قوام شکر سفید ۵۰۰ گرام، بطریق معروف معجون تیار کریں۔

مقدار: ۱۰ گرام یہ معجون صبح کو دودھ ۲۵۰ ملی لیٹر سے کھائیں۔

فوائد: مستورات کے لیے مرض سیلان الرحم (لیکوریا) میں نہایت مفید ہے۔ رحم کی خراب رطوبتوں کو خشک کرتی اور رحم کو طاقت دیتی ہے۔

معجون نانخواہ

نسخہ: اجوائن دیسی ۵۰ گرام بادیان ۱۰ گرام [illegible] ۱۰ گرام پودینہ خشک ۵۰ گرام تخم کرفس ۱۰ گرام جاوتری ۱۰ گرام جائفل ۱۰ گرام زنجبیل (سونٹھ) ۱۰ گرام زوفائے خشک ۵۰ گرام زیرہ سیاہ ۵۰ گرام سعتر فارسی ۵۰ گرام فلفل ۵۰ گرام قوام شکر [illegible]

مقدار: ۵، ۵ گرام یہ معجون بعد غذا دونوں وقت کھائیں۔

فوائد: یہ معجون غذا کو ہضم کرتی اور بھوک خوب لگاتی ہے۔

معجون نقرہ

نسخہ: سفوف فضہ ۱۰ گرام کشتہ فولاد ۵ گرام کشتہ نقرہ ۱۰ گرام شہد ۵۰۰ گرام عنبر ۵ گرام مشک ۱۰۰ ملی گرام عرق گاؤزبان ۱۰۰ ملی لٹر ورق نقرہ ۱۰ گرام۔

مقدار: ۵ گرام یہ معجون صبح کے وقت دودھ ۲۵۰ ملی لٹر سے کھائیں۔

فوائد: یہ معجون حرارت غریزی کو بڑھاتی ہے۔ دل و دماغ کو طاقت دیتی اور تفریح بخشتی ہے۔ ضعف اعصاب اور ضعف باہ کو دور کرتی ہے۔

نوشدارو

نوشدارو کو "نوش دارو" بھی کہتے ہیں اس کے معنی "دوا کے نام" ہیں۔ یہ بھی ایک قسم کی معجون ہی ہے۔ اس کا جزو اعظم آملہ ہے۔ اس کے کئی نسخے ہیں۔

نوشدارو ئے سادہ

نسخہ: اسارون زنگی ۵ گرام الائچی خورد ۱۰ گرام الائچی کلاں ۱۰ گرام بالچھڑ ۵ گرام تج ۱۰ گرام جاوتری ۱۰ گرام جوز بوا (جائفل) ۱۰ گرام دارچینی ۱۰ گرام زرنب (تالیس پتر) ۱۰ گرام سعد کوفی (ناگرموتھا) ۲۵ گرام قرنفل (لونگ) ۵ گرام گل سرخ ۲۰ گرام آملہ خشک ۷۰۰ گرام قوام شکر ۲ کلو زعفران بھاری ۶ گرام مصطگی رومی ۵ گرام گھی ۵ گرام۔

ترکیب: پہلی ۱۳ دواؤں کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ آملہ خشک کو الگ کوٹ چھان کر ۲ لیٹر پانی کے ساتھ پتیلے میں ڈال کر گھول دیں۔ پھر قوام شکر ملا کر پکائیں۔ جب قوام درست ہونے کے قریب ہو تو زعفران بھاری تھوڑے پانی میں حل کر کے ملائیں۔ جب قوام درست ہو جائے تو آگ سے نیچے اتار لیں۔ اور اس میں دواؤں کا سفوف تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور ڈوئی سے ملاتے جائیں جب تمام سفوف مل جائے، مصطگی کو گھی کے ساتھ کڑچھے میں آگ پر پگھلا کر اس میں ڈالیں اور ڈوئی سے اچھی طرح ملا کر شیشے کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

مقدار: ۱۰۔۱۰ گرام یہ نوشدارو صبح و شام کھائیں۔

فوائد: معدے اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ دستوں کو روکتی ہے۔

نوشدارو ئے لولوی

نسخہ: اود قرنفلی ۲۰ گرام بالچھڑ ۲ گرام جنسلوجی ۱۰ گرام تخم فرنجمشک سیاہ ۲۰ گرام ساذج ہندی (تیز پات) ۲۰ گرام سعد کوفی (ناگرموتھا) ۲۰ گرام عود ہندی (اگر) ۲۰ گرام گل ارمنی ۲۰ گرام گل سرخ ۲۰ گرام بسد احمر محلول ۲۰ گرام مروارید محلول ۱۰ گرام یشب سبز محلول ۲۰ گرام ابریشم مقرض ۲۰ گرام آملہ خشک ۷۰۰ گرام شہد ۷۰۰ گرام قوام شکر ۷۰۰ گرام زعفران بھاری ۶ گرام عنبر ۲ گرام زعفران ۱۰ گرام عرق گاؤزبان ۲ لیٹر مصطگی رومی ۲۰ گرام گھی ۵ گرام ورق نقرہ ۸ گرام۔ بطریق معروف نوشدارو تیار کریں۔

مقدار: ۵۔۵ گرام یہ نوشدارو صبح و شام کھائیں۔

فوائد: دل، دماغ، جگر، معدہ اور آنتوں کو طاقت دیتی ہے۔ دل کی گھبراہٹ کو دور کرتی اور دستوں کو روکتی ہے۔

یاقوتی بارد

نسخہ: زعفران، عنبر اشہب، ورق طلا، مشک خالص ہر ایک ۲ ماشہ، مروارید، صندل سفید، سنبل الطیب، طباشیر، چھالیہ، صندل سرخ، ورق نقرہ ہر ایک ۹ ماشہ، مرجان، کہربا، یاقوت، سرطان بحری ہر ایک ساڑھے ۴ ماشہ، مغز تخم کدو شیریں، تخم کاہو مقشر، مغز تخم تربوز، مغز خیارین، ابریشم مقرض سوختہ، بہمن سرخ، سفید، گل گاؤزبان، گل سرخ، شقاقل مصری، دانہ الائچی خورد، دارچینی ہر ایک ۱۱ ماشہ، تخم خرفہ مقشر ڈیڑھ تولہ، آملہ منقی ۱ تولہ ساڑھے دس ماشہ، آب سیب شیریں، آب بہی، آب امرود، شربت خشخاش شیریں، شہد مصفی، گلاب ہر ایک ساڑھے سات تولہ، مصری ۳ تولہ قوام کرکے ادویات باریک کرکے ملائیں۔

مقدار خوراک: ساڑھے ۳ ماشہ سے ساڑھے ۴ ماشہ تک۔

فوائد: گرم مزاجوں کو مفید ہے۔ بیماری کے بعد کی کمزوری کو دور کرتی ہے۔ مقوی اعضاء ہے۔

یاقوتی بارد علوی خانی

نسخہ: ورق طلا ۳ ماشہ، لعل بدخشانی، زمرد سبز، عنبر اشہب ہر ایک چار ماشہ، یاقوت رمانی، مروارید ناسفتہ، کہربا، ورق نقرہ ہر ایک ۹ ماشہ، طباشیر، صندل سفید، کشنیز مقشر ہر ایک ۱ تولہ، آملہ منقی ڈیڑھ تولہ، شہد مصفی ۱۵ تولہ، آب سیب، آب انار، آب بہی ہر ایک پاؤ بھر، نبات سفید آدھ سیر قوام کرکے ادویات کوٹ چھان کر شامل کریں۔

مقدار خوراک: ساڑھے تین ماشہ۔

فوائد:

یاقوتی حار

نسخہ: یاقوت رمانی، سنبل الطیب، تخم الائچی خورد و کلاں، حجر الیہود مغسول، مشک ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، پودینہ کوہی، درونج عقربی، اسطوخودوس ہر ایک ۷ ماشہ، کندر، پوستہ ۹ ماشہ، زرنباد، زعفران، عود ہر ایک ساڑھے دس ماشہ، تیزپات، دارچینی ہر ایک چودہ ماشہ، بادرنجبویہ ۱ تولہ ۵ ماشہ، کہربا، پوست آملہ ہر ایک پونے دو تولہ، گاؤزبان، گل گاؤزبان، گل سرخ ہر ایک دو تولہ ۱۱ ماشہ، مروارید ناسفتہ ۷ ماشہ، عنبر ۹ ماشہ، شہد سہ چند ادویہ۔

مقدار خوراک: ساڑھے ۳ ماشہ۔

یاقوتی معتدل

نسخہ: مغز تخم خیار، طباشیر ہر ایک ۳ تولہ، یاقوت، ورق طلا، ورق نقرہ، نشاستہ، تخم خرفہ ہر ایک ۲ تولہ، لعل، بیخ مرجان، مروارید ساییدہ، عنبر اشہب، صندل سفید، سرخ، مصطگی، پوست درون پستہ، دارچینی، کشنیز ہر ایک ۱ تولہ، مشک چار ماشہ، کافور، عرق گلاب ۳ تولہ، شہد ۳ تولہ، مصری ۳ تولہ ادویہ کوٹ کر قوام میں ملائیں۔ مقدار ۳ ماشہ۔

حکومتِ پاکستان کا منظور شدہ

ضابطہ اخلاق

جسے طبی بورڈ نے اردو کا مہیا کر اطبا کے فائدہ کے لیے شائع کیا ہے۔ طبی بورڈ کے دفتر واقع ۳۰ م راوی روڈ لاہور سے، بقیمت ایک روپیہ دستیاب ہو سکتا ہے۔ ڈاک کا خرچ اسی پیسے، اس کے علاوہ ہوگا۔

(حکیم ملک عبدالحفیظ)
رجسٹرار بورڈ آف یونانی اینڈ
آیورویدک سسٹم آف میڈیسن